THE HINDUSTANI ACADEMY.

हिन्दुस्तानी एकेडेमी, पुस्तकालय
इलाहाबाद

वर्ग संख्या.....

पुस्तक संख्या.....

क्रम संख्या.....

48

Hindustani Academy
Regt. No. .....
Date. 24. 9. 57
FILE No. .....

ادب و تحقیق مسائل

مصنفہ

مولینا مولوی محمد عبد الحلیم صاحب شرر مدظلہ

فہرست مضامین شرر

جلد چہارم

ادب و تحقیق مسائل

مضمون	صفحہ
فلسفہ تصوف اور اسلام	۱
سکۂ اسلام میں	۸
عربی سے فارسی و اردو کے تعلقات	۱۶
جناب شہر بانو	۲۱
اسلام اور تھیٹر نمبر ۱	۲۳
اسلام اور تھیٹر نمبر ۲	۳۳
عنقاء	۴۰
گریک فائر یا نفطہ	۴۶
ریش مقدس	۵۶
ختنہ	۶۶
مسلمانوں اور عیسائیوں میں امتیاز لباس	۷۰
شاہد بحر	۷۳
کہانت	۷۸
معراج	۸۶
توحید	۹۲
موسیقی	۹۹
ہندوؤں کے علوم	۱۱۳
چیچک کا ٹیکہ اور لیڈی مانٹیگو	۱۱۹
عربی رسم خط	۱۲۴
رقص	۱۳۲
رحم اللہ من ہدانی الی عیوبی	۱۳۶
سچا عاشق کون ہے؟ مرد یا عورت؟	۱۳۷
زبان اردو کی شامت	۱۴۲
کیا واقعی انسان سب سے افضل ہے؟	۱۴۷
چلتے پھرتے باغ و مکان	۱۵۳
حمام کی تاریخ	۱۵۵
رقص موریق	۱۶۱
دنیا میں ناول نویسی کی ابتداء ...	۱۶۲
دہلی اور لکھنؤ کی اردو	۱۶۴
رقص	۱۷۲
گلستان	۱۷۵
العادۃ کالطبیعۃ الثانیہ	۱۷۸
خط پیکانی	۱۸۴
تاج	۱۹۰
دنیا و آخرت	۱۹۶
علامات اوقاف	۲۰۰
ریختی گوئی	۲۰۳
بدقسمت زبان اردو	۲۰۷
اردو لٹریچر	۲۱۳
اردو لٹریچر	۲۲۱
عذر گناہ بدتر از گناہ	۲۲۵
ناول	۲۲۸
عربی زبان اور اس کی نحو و صرف	۲۳۳
اہل زبان و زباندان کا فرق اور زبان اردو کا معیار	۲۳۸
اردو اور ہندی	۲۴۰
مصحف عثمانی	۲۴۵
اردو لٹریچر اور محکمہ قوانین	۲۵۱
ہمارا جدید ناول	۲۵۵
ہمارا لٹریچر	۲۵۹

تمت بالخیر

فہرست مطبوعات ایس عبدالرشید اینڈ برادرز

تاجران کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

تصنیفات خان احمد حسین خان

صاحب چیف ایڈیٹر شباب اردو لاہور

سیرۃ احمدی } حضور سرور عالم کے حالات میں یہ کتاب علامہ شبلی کی سیرت کے بعد مانی گئی ہے۔ قیمت قسم اعلےٰ (۳ روپے) قیمت قسم دوم دو روپے ... ... (عہ)

حسرت قیمت ...	عہ	گیتی آرا قیمت	۱۲ر
شمع سحر	۱۲ر	گلبدن	۱۲ر
سرخ حرف	۱۲ر	مکافات عمل	۱۲ر
اسرار امرت سر..	۹ر	ابلیس و جمیلہ ...	۱۲ر
پری بانو	۱۲ر	واہ قیمت	عہ
وہ عورت جس نے کر کے دکھایا قیمت			۱۲ر
نظیر بیگم قیمت	عہ	سوز قیمت ...	عہ
آپ بیتی	۱۲ر	آہ	عہ
نازنین مہ جبین ..	۹ر	آئینہ روزگار ...	عہ
پارۂ دل	۱۲ر	درد	عہ
کوہ شملہ	۸ر	سادھو کی کرتوت	۸ر

مولانا محمد عبدالحلیم صاحب شرر لکھنوی کے

وہ مضامین جو دلچسپ دلکش اور بے نظیر ہیں

مضامین شرر یعنی عاشقانہ و شاعرانہ حصہ اول (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت ... ... (عہ)
تاریخی و جغرافی مضامین حصہ اول قیمت ... (عہ)
حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت .. (عہ)
سیر رجال مشہور اکابر کے حالات قیمت (۳ روپے)
نامور خاتونوں کے سوانح عمری قیمت حصہ اول ایک روپیہ دس آنے (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ)
جلد دلگداز ۱۸۸۷ء قیمت صرف ..... (عہ)
جلد دلگداز ۱۸۸۹ء قیمت صرف .... (عہ)

تصنیفات پنڈت سدرشن صاحب

صبح وطن قیمت	عہ	بنگال پہلی حصہ اول	عہ
بے گناہ مجرم	عہ	؍؍ ؍؍ حصہ دوم	۱۲ر
عورت کی محبت	عہ	من کی موج	۱۲ر
دیجے سنگھ ...	عہ	سدا بہار کے پھول	۱۲ر

نہایت عجیب و غریب متفرق لاثانی قابل دید نادر کتابیں

مختصر تاریخ اسلامی } مسلمان لڑکوں خاصکر لڑکیوں کے لئے اپنے آباؤ اجداد کی اسلامی تاریخ کا بنیادی پتھر قیمت حصہ اول ۸ر حصہ دوم ۹ر حصہ سوم ۱۰ر حصہ چہارم (عہ) ؛

سیرۃ النعمان } مصنفہ علامہ شبلی نعمانی رح مرحوم جیسی یہ کتاب علامہ مرحوم نے اعلےٰ درجہ کی تصنیف فرمائی ہے اور کروڑوں حنفی مذہب مسلمانوں کو امام اعظم اور ان کے نامور اور ممتاز شاگردوں کے حالات اور مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ ویسی نہ رہی تھی کیونکہ مختلف مطابع نے چھاپ کر ایسی ردی کر دی تھی کہ دیکھ کر دماغ پریشان ہوتا تھا۔ ہم نے اس کی نہایت عرقریزی سے صحت کی اور اس پر حاشیہ بھی تحریر کئے۔ اور دو قسم کے کاغذ پر چھپوائی۔ قسم اول دو روپے (عہ) قسم دوم ... . (عہ)

بیاض آزاد } مشاہیر شعرائے ہند کے کلام کا انتخاب لاجواب (مسلم آزاد مرحوم کا کیا ہوا) نہایت خوشخط شعر ترچھے لکھے ہوئے جلی قلم معلوم ہوتا ہے کہ شنگرف سے لکھی ہوئی۔ کتاب سامنے رکھی ہے۔ مولانا کا فوٹو بھی شامل ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ..... (عہ)

مستقبل اسلام..	عہ	تصویر عبرت	۱۲ر
اسیفو یا مہدی ...	۹ر	ذکر فتح اندلس...	۱۲ر
حسنیہ	۶ر	یوسف پاشا	عہ

سمرنا کا چاند } مصنفہ مصور غم مولانا راشد الخیری دہلوی۔ اس کتاب کی مقبولیت اس سے ظاہر ہو سکتی ہے کہ پہلی بار چھپتے ہی اتنی جلد ختم ہوئی۔ کہ چھ ماہ کے اندر اندر دوسری مرتبہ طبع کرانے کی دقت اٹھانی پڑی۔ اب پھر تھوڑی سی جلدیں ہیں جلد طلب فرمایئے قیمت ..... (عہ)

ملنے کا پتہ:- ایس عبدالرشید اینڈ برادرز تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

مضامین شرر - جلد چہارم

ادب و تحقیق مسائل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فلسفۂ تصوف اور اسلام

اگرچہ دُنیا اپنی رفتار ترقی میں سابق کے بہ نسبت بہت آگے نکل آئی مگر اس وقت تک اس امر کا پتہ نہ لگا کہ انسان کی کمالی حالت کا منتہا کس مقام پر ہے مختلف فلسفیوں کے قائم کیے ہوئے اصول پر ایک سرسری نگاہ ڈالنے کے بعد مختلف مذاہب کے اصول کا انداز دیجیے تو طبیعت ایک مخمصہ میں پڑ جاتی ہے شاید اسی لیے بانیان مذہب کی طرف سے یہ حکم دیا گیا ہوگا کہ اُن عقلی نازک مباحث سے کم تعلق رکھنا چاہیے جو انسان کے خیالات پر کوئی نہ کوئی جدید اثر ڈال دیا کرتے ہیں - اگرچہ ایک تقلیدی طرز پر اس عہد سے پیشتر کے علما بھی فلسفیانہ مباحث پر نظر ڈالا کرتے تھے مگر تعلیم کے لیے جو طریقہ مغربی یورپین سررشتۂ تعلیم نے ایجاد کیا ہے اُس کا یہ لازمی اور حکمی اثر ہے کہ انسان اپنے عالم خیال میں بالکل آزاد ہو کے مذہب اور فلسفے پر غائر نظر ڈالتا ہے اور دونوں کے درمیان میں ایک عمدہ فیصلہ کرنے والا بن جاتا ہے - اسی کا اثر ہے کہ بہ نسبت عربی تعلیم کے انگریزی تعلیم نے

زیادہ دہریے پیدا کیے۔ عربی کورس میں فلسفہ و منطق کی کتابیں انگریزی سے زیادہ ہیں مگر پھر بھی اُس سے طبیعت پر اتنا اثر نہیں پڑتا۔ یہ ہم نہیں کہتے کہ عربی تعلیم سے کوئی دہریہ نہیں ہوا۔ نہیں ضرور ہوئے۔ مگر یہ اندھیر نہیں ہو گیا کہ ایک سرے سے گویا دُنیا میں مذہب کی واجبی اور ضروری حکومت اُٹھتی جاتی ہے۔

اگرچہ ہم مذہب کے احکام کو اعتقاداً ضرور مانتے ہیں مگر ہم نے فلسفے کی طرف سے آنکھیں بند بھی نہیں کرلی ہیں۔ ہم خود بھی پسند کرتے ہیں کہ فلسفیانہ اصول کا مذہب سے مقابلہ کیا جائے۔ لیکن مذہب کی طرف توجہ کرنے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ خود فلسفہ کے دو مختلف اور متضاد فریقوں کا جھگڑا چکا دیا جائے۔ اس لیے کہ جب تک اُن دونوں کے مباحث طے نہ کر دیے جائیں فلسفے میں اتنی صلاحیت ہی نہیں ہو سکتی کہ وہ مذہب کے مقابل میں لا کے قائم کیا جائے۔ متقدمین سے متاخرین تک اہل فلسفہ کے دو گروہ رہے۔ ایک وہ لوگ جو نظام عالم کو معقولی استدلالات کے ساتھ وابستہ کرتے ہیں۔ دوسرے وہ جو نتائج عقلی کو چھوڑ کے صرف روحانیات کی طرف جھکتے ہیں۔ پہلوں کو عربی فلسفے کی اصطلاح میں مشائین کا خطاب دیا گیا ہے اور پچھلے اشراقیین کہلاتے ہیں۔ یا یوں کہا جائے کہ فلسفۂ مادی اور تصوف۔ اور اس نے اسلام میں آکے دو اصول دینی پیدا کر دیے با شریعت اور طریقت۔

بے شک اس امر کا تصفیہ ہو جانا ضروری ہے کہ آیا مشائین کی پیروی کیجائے یا اشراقیین کی؟ پہلے فرقے والے تو خیر اسکے قائل ہیں کہ اُنکے اصول سے کچھ کی جائے۔ اس لیے کہ وہ استدلال کے عمدہ طریقوں سے کام لے کے کسی ایسے شخص کو سمجھا دینے کی کوشش کرتے ہیں جو سمجھنا چاہتا ہو۔ مگر اشراقیین یا صوفیہ نے ایسا طریقہ اختیار کیا ہے کہ جب تک سالہا سال کوشش کر کے اُن کے اشراق نوری اور مکاشفات سے اطلاع نہ حاصل کیجیے اُسوقت تک ممکن نہیں کہ آپ سمجھ سکیے یا وہ سمجھا سکیں۔ جن لوگوں نے اتنی ہی بات پر صوفیہ کے دعووں کو باطل قرار دیدیا اس میں شک نہیں کہ اُنھوں نے غلطی کی۔ اس لیے کہ مادیین اور صوفیہ کے دعوے ہی بتا رہے ہیں کہ پہلوں کا اصول قال ہے اور پچھلوں کا مدار صرف حال پر ہے

تصوف کیا چیز ہے؟ جن لوگون نے یہ سمجھ رکھا ہو کہ صوفیہ کی بڑی بڑی
تابون مین جو کچھ لکھا ہوا ہے وہی تصوف ہے تو اصل یہ ہے کہ وہ ایک عظیم الشان
غلطی مین مبتلا ہین - تصوف صرف ان اثرون کا نام ہے جو واقعات کار صوفیہ کی
ائی ہوئی ریاضتون سے دل پر پڑ جاتے ہین جنھین وجدانیات کہنا چاہیے انسان
ن سے لطف یا بدمزگی حاصل کر لیتا ہے مگر زبان سے نہین ادا کر سکتا کہ اصل
ن کیا چیز ہین - جیسے ذوق و شوق کہ ان کی کیفیت کسی سے پوچھیے تو بیان نہین
ر سکتا مگر ہان دل ہی دل مین لطف اٹھاتا ہے - لہذا جب تک کوئی اُن
لیفیتون سے نہ واقف ہوا ہو جو تصوف کی عملی ریاضتون سے دل مین پیدا ہوتی
ین ہرگز اس قابل نہین ہو سکتا کہ اہل مادہ کے ظاہری استدلالات کو سُن کے
نھین یکطرفہ ڈگری دیدے - ہم زمانے مین اکثر لوگون کو اس غلطی مین مبتلا
تے ہین -

آج کل ایک ہمارا سا شخص اگر اوپر کی سطح سے دیکھے تو معلوم ہوتا ہے کہ
تصوف کا مدار مجرد خیالات پر ہے اور اُس کے مقابل مین دوسرا فلسفہ خیالات
ی کا پابند نہیں ہے - لیکن یہ بحث بھی چل سکتی ہے تو ایک اور امر کا فیصلہ کر لینے کے
بعد - اس لیے کہ وہ فلسفہ جو تصوف کے مقابل میں ہے اُس میں بھی بہت بڑے
ڑے تغیرات ہو گئے - ایک قدیم اور اگلے زمانے کا فلسفہ تھا جس کی ترتیب و
نظام میں زیادہ دخل ارسطو کو تھا - اور دوسرا جدید مغربی فلسفہ ہے جسکے اصول کو
ڈ بیکن وغیرہ متاخرین حکمائے یورپ نے قائم کیا ہے - پہلا یونانی فلسفہ جس کا
یادہ نہیں کل حصہ عربی مین موجود ہے بلکہ اسلامی زمانے جس کو اُسکی یونانی حالت
ے مقابلے مین بہت کچھ ترقی دلا دی اُس کا مبنی بھی صرف خیالات ہی پر تھا -
صوف سے اگر فرق تھا تو اس قدر کہ مقلدین ارسطو عقل کے عام محاکمات پر مسائل
ی بنا قائم کرتے تھے - اور ہر طالب علم کو اُس کی عقل کے موافق تمام اصول حکمت
اطمینان دلا دیا کرتے تھے - بخلاف اس کے اہل تصوف ریاضات کے ذریعون
سے اپنے خیالات پر خلوت مین بیٹھ بیٹھ کے غور کرتے تھے اور اُن سے جو کیفیتین
نکے دل پر طاری ہوا کرتی تھین اُن پر اپنے فلسفے کی جو اُن کا مذہب تھا بنا قائم

کرتے تھے - لیکن اس پچھلے عہد مین صوفیہ تو اپنی اسی حالت اور انھیں اصول پر قائم ہین مگر اہل مادہ جنھون نے پہلے ارسطو کے فلسفے کو ترمیم و تنسیخ کرکے نئے اصولون پر قائم کرلیا ہے وہ گذشتہ اور موجودہ عربی مقلدین ارسطو کی طرح صرف زبانی جمع خرچ کے پابند نہین ہین بلکہ اُنھون نے دنیا کے فنون پیشون اور تمام عملی مسائل کو سمیٹ کے اپنا بنا لیا ہے - وہ عقلی طور پر بحث کرتے ہین - مگر اُن کے مباحث کا موضوع صرف خیال نہین ہوتا بلکہ دُنیا پر اس حیثیت سے نظر ڈالتے ہین کہ اُس کی ہر چیز سے کون سا عملی مسئلہ نکل سکتا ہے - اور کون بات پیدا ہوسکتی ہے جو دنیا کے لیے بکار آمد ہو - یہ کلین اور یہ تمام آلات اُس عہد قدیم ہی مین پیدا ہوکے مروج ہو جاتے مگر نہ ہوے - اس کی وجہ یہ تھی کہ اُن اگلے فلسفیون نے اشراقیین کو تو خیر آج تک بحث نہین مقلدین ارسطو نے بھی اپنے خیالات کو اس جانب متوجہ ہی نہین کیا - ان دونون اکثر لوگ ڈھونڈتے پھرتے ہین کہ اپنے گذشتہ لوگون کی کوئی علمی کارستانی نکال کے زمانے کے سامنے پیش کرکے سُرخرو بنین مگر ہم بتائے دیتے ہین کہ اُنکی یہ جستجو بالکل بیکار ثابت ہوگی - اور اگر کوشش کرکے وہ کوئی ایسی بات نکال کے پیش بھی کردین گے تو یہ خوب جان لینا چاہیے کہ اُسکی ایجاد بحیثیت فلسفہ ہرگز نہ ہوئی ہوگی - بلکہ بحیثیت پیشہ یا تجارت کے کسی کاریگر کا ذہن لڑ گیا ہوگا اور اُس نے کوئی ایسی چیز تیار کردی ہوگی - اُس زمانے مین اس طرف کسی فلسفی کا خیال متوجہ ہی نہین ہوا تھا - ایسے نتائج ظاہر ہوتے تو کیونکر؟

خیر اب ہم پھر اس بحث کی طرف متوجہ ہوتے ہین کہ تصوف کے مقابل یہ دونون قدیم و جدید عقلی فلسفے کیسے ہین؟ یہ ظاہر ہوگیا کہ اگرچہ غرض متحدہ تھی مگر تصوف اور فلسفۂ قدیم دونون کا مدار صرف خیالات پر تھا - لہذا ہم کیا کرین ہمارا نفس ہمین مجبور کیے دیتا ہے کہ ہم تصوف کو ترجیح دین - اس لیے کہ ایک مسئلے کے حل کر لینے پر علم خیال مین انسان کو جو مسرت ہو جایا کرتی ہے اُس مین دونون شریک ہین - اور تصوف کو اس قدر ترجیح ہے کہ خیالی ریاضتون سے وہ از قسم التذاذ بہت سے عمدہ کمالات حاصل کرسکتا ہے - بخلاف اُس قدیم فلسفہ کے

ارسطو کے جو سوا اسکے کہ انسان اپنے دل ہی مین آپ اپنے اوپر ناز کرے کسی کے کام آسکتا نہ اپنے لیے کوئی دنیاوی نفع حاصل کر سکتا ہے۔ رہا دوسرا جدید فلسفۂ یورپ جس نے بہت کچھ کمالات تھوڑے ہی دنون مین دکھا دیے۔ دنیا نے اپنی وسیع مقدار عمر مین اتنی شان و شوکت نہ حاصل کی تھی جتنی اس فلسفے کی وجہ سے پچھلی دو ایک صدیون مین حاصل کر لی۔ ہر انسان اُس فلسفے کے ذریعے سے ایک ممتاز ترقی کر سکتا ہے اور بہت کچھ نفع حاصل کر سکتا ہے اور ثابت کرتے سکتا ہے کہ ایک تھوڑی محنت سے انسان کس پائے پر پہونچ جاتا ہے اور اُس سے کیسے کیسے اہم کام ظاہر ہو جایا کرتے ہین۔ بخلاف تصوف کے کہ اُسکے معتقد جس طرح افلاطون کے مدرسۂ الٰہیات مین بیٹھ کے مراقبہ کیا کرتے تھے اُسی طرح آج بھی اپنی خانقاہون اور کوہستان کی گھاٹیون مین سر جھکائے بیٹھے ہین۔ صوفیہ کو شاید یہ خبر بھی نہ ہوئی ہوگی اور فلسفۂ مادی نے عدالت کی کرسیون تک پر قبضہ کر کے یہ فیصلہ کر دیا کہ صوفیہ کے کشف و کرامات اور تمام وہ روحانی خوارق عادات جو تصوف کے ذریعے سے حاصل ہوا کرتے ہین سب خلافِ تجربہ اور غیر قابل اعتبار ہین۔ بے شک تصوف کو اس جدید مادی فلسفے کے سامنے دب جانا پڑا۔ اور ہم کو بھی تمام نظام عالم کے دیکھتے موجودہ فلسفے ہی کے حق مین فیصلہ کرنے کی جرأت ہوتی ہے۔ اسکو سب تسلیم کرتے ہین کہ تصوف ایک ایسی چیز ہے جسکے اصول کو اگر عقل نہ بھی قبول کرے تو اُس کے سراپا ذوق جرئی خیالات کو ضرور اور بہت جلد قبول کر لیتی ہے۔ اور یہی وجہ تھی کہ زمانۂ قدیم مین اگرچہ مشائین کا فلسفہ تصوف کی بیخ کنی مین اپنی پوری قوت صرف کرتا رہا مگر ہرگز کامیابی نہ حاصل ہو سکی۔ اُس عہد کے علما اگرچہ ہر فن اور ہر قسم کے علوم فلسفیہ مین کمال حاصل کر لیا کرتے تھے مگر اعتقادی حیثیت سے تصوف اُنکے دعوون پر بالکل حاوی ہو جاتا تھا۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ تمام وہ مذاہب جن کو حضرت ابراہیمؑ کے خاندان کے سلسلہ وار پیغمبرون سے کوئی علاقہ نہین اور جن کی بنا بہ ظن غالب عقلی فلسفے پر تھی سب کے اصول تصوف ہی کی زمین پر قائم کیے گئے۔ یہ سب باتین اس امر کا ثبوت دے رہی ہین کہ فلسفۂ ارسطو کو تصوف اور اشراقی فلسفے کے مقابل مین بالکل کامیابی نہ ہو سکی۔ اس عظیم الشان

فلسفے کے خیالات صرف چند مدرسون کی دیوارون کے اندر محدود تھے۔ مسلمانون نے اپنے عہد مین اگرچہ اُس فلسفے کو یہان تک ترقی دلائی کہ خاص مقامات سے نکل کے عام بازارون تک پہونچ گیا۔ مگر پھر بھی اشراق کے دلچسپ اثر نے علما مین جو ذوق تصوف پیدا کیا وہ صرف بحث و مباحثہ کی حیثیت سے نہین رہا بلکہ مذہب کا ایک جزو بن کر اعتقادون مین گھس گیا۔ ہاں تصوف کے اس جہانگیر اثر کو اگر مٹایا تو اس جدید فلسفے نے۔ جس نے دکھا دیا کہ ہمارے خیالات تصوف اور نیز قدیم فلسفۂ ارسطو کی طرح صرف دماغ مین چکر کھانے کے لیے نہین ہین بلکہ ان سے اگر غور کیا جائے تو بڑے بڑے نتائج پیدا ہو سکتے ہین۔ اس فلسفے کے حامیون نے یہ دعوی ہی نہین کیا بلکہ کر کے دکھا دیا۔ اُنھون نے ثابت کر دیا کہ ہمارے اصول اور ہماری کوششون نے دنیا کو کسی طالب علمانہ بحث مین اٹکائے نہین رکھا۔ بلکہ دنیا کے لیے عمدہ عمدہ کلین قسم قسم کے سامان مہیا کر دیے۔ الغرض یہ ایسے دلفریب دعوے ہین کہ اب دنیا تصوف کی دلخوش کُن باتون کو بھول گئی اور بھولتی جاتی ہے اور جدید فلسفہ فلسفۂ قدیم۔ تصوف بلکہ مذہب تک کو مٹا کے اپنا قبضہ کرتا جاتا ہے۔ اور درپردہ اسکے ساتھ ہی ساتھ مذہب کو بھی نقصان پہونچتا جاتا ہے۔ تصوف کے حامیون کی بعض پارٹیان قائم ہین اور کوشش کر رہی ہین کہ افلاطونی اصول کو اس جدید فلسفیانہ تہذیب کے دور مین مضرتون سے بچائین۔ مگر موجودہ عصر کے نامور فضلا اور یورپ کے بڑے بڑے فلسفی انکی باتون کو اُسی طرح سنتے ہین جس طرح کوئی سن رسیدہ شخص بچون کی بھولی بھولی باتون کو سنتا ہو۔ ہمارا خیال ہے کہ اگر یہی طریقۂ تعلیم کچھ دنون اور چلا گیا تو تصوف کو دنیا مین بالکل شکست ہو جائیگی۔ ہمارے مشہور اہل طریقت اپنی خانقاہون مین اور ہندو جوگی کوہستانی نشیبون مین یونہین بیٹھے رہ جائینگے اور زمانہ وہ پہلا ورق اُلٹ کے تصوف کو دنیا سے ناپید کر دے گا۔

اب ہمین دیکھنا چاہیے کہ مذہب کیا چیز ہے؟ اگر ہم طبی اصطلاحون سے کام لین تو کہہ سکتے ہین کہ مذہب ایک مزاج کا نام ہے جو فلسفۂ اشراقی و مشائی کے باہمی امتزاج سے پیدا ہو گیا ہے۔ یہ تعریف زیادہ عام نہین ہو سکتی۔ اس لیے

کہ بعض مذہب اپنی اصلی حالت میں صرف تصوف پر قائم کیے گئے ہیں۔ مثلاً دینِ عیسوی جسکو سوا اعتقادات کے اور کسی عملی مسئلے سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہے۔ اسلام نے دنیاوی انتظامون اور احکام معاشرت کو دیگر مذاہب کی بہ نسبت بہت زیادہ لیا۔ لیکن اس پر سب مذہب متفق ہیں کہ اصلی چیز اعتقادات ہیں جن کو صرف تصوف ہی سے تعلق ہے اور جو اہل میں تصوف ہی ہیں۔ لہذا جن بناؤن کے باعث فلسفۂ جدید سے تصوف کو نقصان پہونچ رہا ہے اُنھیں بناؤن کے مطابق مذاہب کو بھی ضرر پہونچ رہا ہے۔ اور اسی وجہ سے اہل مذاہب کو ضرورت ہے کہ لازمی طور پر تصوف کے روحانی مسائل کو سنبھالیں ورنہ یہ جدید مادی فلسفہ مذاہب کو جڑ سے اُکھاڑ کے پھینکدے گا۔

شاید یہ جملہ ہم تیز کہہ گئے۔ اس لیے کہ اہل مذاہب کو نہایت ناگوار گذرا ہوگا۔ اُنکے اعتقاد کے مطابق مذہب کی حفاظت کرنے والا خود خدا ہے۔ اور جب خدا نے حفاظت کا وعدہ کرلیا تو ممکن نہیں کہ کوئی مخالفانہ کوشش کارگر ہو سکے۔ ہان یہ بے شک صحیح ہے اور ممکن نہیں کہ کوئی مذہب کی بیخ کنی کرسکے مگر ہم اتنا ضرور کہیں گے کہ اسباب زمانہ دیکھ کے آپ کو اُس کی حفاظت ضرور کرنا چاہیے۔ عیسائی ایک حد تک کوشش کر رہے ہیں۔ اگرچہ مذہب اُن کے اصلی وطن سے جلا وطن ہوتا جاتا ہے۔ لیکن جتنی یورپ میں کمی ہوتی ہے اُتنا ہی نقصان وہ یون پورا کرلیتے ہیں کہ ایشیا کے دیگر اہل مذاہب کو کسی نہ کسی طرح اپنا ہم خیال بنالیتے ہیں۔ مگر ہان دیگر مذاہب کو صاف نظر آرہا ہے کہ روز بروز نقصان ہوتا جاتا ہے۔

یہ بڑی غلط کارروائی ہے کہ ایشیا کے مذاہب باہم لڑ لڑ کے اپنی ساری قوت آپس ہی میں تمام کیے دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اُن میں اور ضعف ہوتا جاتا ہے اور تعلیم جو جدید فلسفیانہ خیالات بچپن سے دماغون میں پیدا کرتی ہے وہ سب کو اُڑا کے بخوبی تمام غالب آجاتے ہیں۔ ایسے وقت میں تمام دُنیا کو آپس میں مل کے ایک ایسا مشن قائم کرنا چاہیے جو اتحاد کے ساتھ اس فلسفے کا زور توڑنے پر کمر باندھے۔ اور یہی مشن اگر کامیاب ہو سکا تو مذاہب کے بچنے کی اُمید ہو سکتی ہے۔ ورنہ آیندہ ایک ایسا زمانہ ضرور آجائے گا جب مذہب کی حفاظت انسانی قوت

کے دائرے سے خارج ہو جائے گی۔

ہم کو بالکل اُمید نہین کہ مذہب اپنی موجودہ حالت سے فلسفے کے حملون کو روک سکین۔ اور جب تک جملہ مذاہب کی متحدہ قوت ایک عام مشن مذکورہ غرض کے لیے اور مندرجہ بالا اصول پر نہ قائم کرے گی اُسوقت تک ممکن نہین کہ دنیا اُس آفت سے محفوظ رہ سکے جو فلسفے کی صورت مین نمایان ہوئی ہے۔ عیسائی بھی اس خیال سے غافل نہ رہین۔ اُن کی کوششین ایشیا مین جو ظاہری ترقی کی صورت دکھا رہی ہین یہ صرف چند روز کے لیے ہے۔ ایشیا بھی اب تھوڑے دنون مین ایشیا نہ رہے گا۔ وہ یورپ ہوتا جاتا ہے۔ اور جو جو ایشیا یورپ کی صورت اختیار کرے گا وہ وہ عیسائیون کی کوششین بیکار ہوتی جائین گی۔ لہذا ہم تمام مذہبون کو اس طرف متوجہ کرتے ہین۔ اور درخواست کرتے ہین کہ اب وہ تمام باہمی نزاعون کو چھوڑین اور اُن نوجوانون کی طرف متوجہ ہون جو دہریت کا وعظ کہتے پھرتے ہین۔

اگست ۱۸۹۳ء

سکہ اسلام مین

یہ امر ابھی واضح طور پر نہین بتایا گیا کہ اسلام مین سکے کا رواج کیونکر اور کس وقت سے شروع ہوا۔ حالانکہ اسکے جاننے کی بہت کچھ ضرورت ہے۔ عوام مین اسکے متعلق طرح طرح کے خیالات پھیلے ہوے ہین۔ اور اُن غلط فہمیون کے مٹانے کی بالکل کوشش نہین کی گئی جو شرعی دینار و درہم کے نام سے عوام کے ذہن مین مرتکز ہین۔ ابھی تک اس بات پر یقین کرنے والے کثرت سے موجود ہین جو چار یاری روپے کو خلفاے راشدین کے عہد کا سکہ تصور کرتے ہین۔ یورپ مین فی الحال یہ مذاق عام ہو گیا ہے کہ قدیم زمانون کے سکے جہم پہونچا پہونچا کے جمع کیے جاتے ہین ان کوششون کا یہ نتیجہ ضرور ہوا کہ خلفاے بنی اُمیہ و عباسیہ و عبیدین مصر کے بعض سکے ہاتھ آگئے۔ لیکن اس امر پر بغیر تاریخی ثبوت کے یقین نہین کیا جا سکتا کہ اسلام مین سب سے پہلے کس عہد مین ٹکسال قائم ہوئی اور کس ضرورت نے مسلمانون کو اسپر آمادہ کیا۔

اس مین کوئی شک نہین کہ مسلمان فاتحون نے جس وقت ممالک عالم کو زیر

کرنا شروع کیا اُسوقت فتوحات کے خیال اور دُھن مین وہ اس قدر ڈوبے ہوے تھے کہ بہت سی ضروری باتون کی طرف اُن کا خیال بھی نہین گیا۔ اور جب دنیا کا مرقع اُلٹ پلٹ کے اُنھون نے اپنی طرف دیکھا تو سمجھے کہ ہم کس قدر آگے بڑھ آئے ہین اور ہمین کیا کیا کرنا تھا جس کی طرف ہماری توجہ مبذول ہی نہین ہوئی۔ اگرچہ اس بے پروائی کا زیادہ تر باعث اُن کا جوش جہاد تھا۔ مگر عرب کی سادگی اور اُن کی بدویانہ صحرائی زندگی جسکو تمدن سے بہت کم لگاؤ تھا زیادہ تر اسکی معین ہوئی۔ انھین اسباب نے جہان اُن سے اور بہت سے امور نظر انداز کرادیے وہان اُنکو سکّے کی طرف بھی متوجہ نہ ہونے دیا۔

جاہلیت مین عرب کے ایک کونے کو روم سے اور ایک کونے کو ایران سے تعلق تھا۔ ان تعلقات کی وجہ سے عرب کے شہرون مین عموماً ایرانی اور رومی سکون کا رواج تھا۔ کچھ سکّے ملوکِ حمیر نے بھی عرب مین ایام جاہلیت مین بنائے تھے جو اُنھین رومی و عجمی سکّون مین ملے ہوے کبھی کبھی نظر آجایا کرتے تھے۔ آنحضرت صلعم کے بعد چاروں خلافت ہاے راشدہ گذر گئین۔ جناب امام حسن علیہ السلام نے خلافت سے دست بردار ہوکے امیر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ معاویہ کا دَور بھی ابتدائی شان و شکوہ دکھا کے آخر ہوگیا۔ یزید کی سلطنت وہمی و برہمی پیدا کرکے ختم ہوئی۔ مروان خلیفہ ہوا اور مر بھی گیا۔ یہ سب ہوگیا سکّے وہی رومی ایرانی اور حمیری مروج تھے۔

پھر اُن سکون مین بھی یہ خرابی تھی کہ اس قدر مختلف اوزان اور قیمت کے تھے کہ تجارت و کاروبار اور خصوص بیت المال کا انتظام روز بروز اُلجھتا جاتا تھا۔ مسلمانون کو مفروضہ زکوٰۃ و صدقات کے ادا کرنے مین دقت لاحق ہوئی تو جناب عمر فاروقؓ کو مجبوراً یہ انتظام کرنا پڑا کہ شرعی اغراض کے واسطے اُن تمام سکّون مین سے ایک خاص سکہ مقرر کردیا جو قیمت مین سب سے متوسط اور چلن مین سب سے زیادہ مروج تھا۔ لیکن اسپر بھی ٹھیک انتظام نہ ہوسکا اس لیے

عہ دیکھو فتوح البلدان بلاذری۔

عہ دیکھو مقدمۂ ابن خلدون۔

اکثر لوگون نے کھوٹے سکے بنا بنا کے ملک مین پھیلا دیے جن کی وجہ سے خزانۂ خلافت کو معمولاً نقصان اُٹھانا پڑتا تھا اور مروجہ سکے اُس قیمت سے بدرجہا زیادہ گھٹتے جاتے تھے جس پر کہ چل رہے تھے۔ ان دقتون کے پیدا ہو جانے کی وجہ سے آخر یہ نتیجہ ہوا کہ عرب مین سکے کی کچھ قیمت نہین باقی رہی تھی جو کچھ قیمت تھی سونے چاندی کی۔ بلکہ قریب قریب سونا چاندی ہی وہان کا سکہ بن گئے تھے۔ اور سونے چاندی ہی کے پرکھنے پر مروجہ سکون کی قیمت قائم کی جاتی تھی۔

بعض مورخین کہتے ہین کہ انھین مشکلون سے عاجز ہو کر عبداللہ بن زبیر کے چند روزہ عہد خلافت مین اُنکے بھائی مصعب بن زبیر کے حکم سے حارث بن عبداللہ بن ابی ربیعۂ قزومی نے ۷۲ھ مین سکے بنانا شروع کر دیے۔ یہ سکے بالکل ایرانی سکون کی وضع پر بنائے گئے تھے فرق اتنا تھا کہ اُن پر الفاظ "برکۃ" اور "اللہ" بڑھا دیے گئے تھے۔ مگر عام مورخین اور کل محققین کو عبداللہ بن زبیر کے عہد مین سکہ بننے سے انکار ہے۔ حیرت ہے کہ ناسخ التواریخ مین لکھ دیا ہے کہ ۲۱ھ خلافت جناب فاروق اعظم مین اسلامی سکے کے درہم و دینار مروج ہوے جن مین سے بعض پر "لا الہ الا اللہ" بعض پر "الحمد للہ" بعض پر "قل ہو اللہ احد" اور بعض پر اوپر "اللہ" اور اُسکے نیچے جناب عمرؓ کا نام منقوش تھا۔ ہم نہین سمجھ سکتے کہ اس بیان کے صحیح ہونے کا گمان بھی کرین تو کیونکر؟ افسوس ہے کہ ناسخ التواریخ جس قدر مبسوط لکھی گئی ہے اُسی قدر جمع روایات مین بے احتیاطی سے کام لیا گیا ہے۔ حضرت عمرؓ کے عہد مین سکہ بننا بالکل بے اصل ہے۔ اگر کسی قدر اسکی اصلیت ہو سکتی ہے تو اس قدر کہ اُنکے عہد خلافت عہد مین ایک کسرویہ سکہ مروج تھا جس کا نام آخر مین نقلیہ ہو گیا۔ نقلیہ اس لیے کہ اس پر ایک جانب خچر کا سر بنا تھا اور دوسری طرف کسرے کی تصویر مع اُسکے تخت کے تھی۔ اور تخت کے نیچے لکھا تھا "نوش خور" (یعنی خوشی کے ساتھ نوش کر) اس بیان کی نسبت اول تو یہی نہین کہا جا سکتا کہ کہان تک قابل اعتبار ہے اور اگر مان بھی لیا جائے تو اُسکی نسبت یہ نہین کہہ سکتے

ف دیکھو فتوح البلدان۔

ف دیکھو حیوۃ الحیوان مصنفہ دمیری شافعی۔

کہ جناب فاروق کے حکم سے بنا - پھر یہ بھی سمجھ مین نہین آتا کہ اُس پر خنجر کی صورت کیون بنائی گئی - لیکن اس مین شک نہین کہ بطلیہ نام کا ایک سکہ خلافت راشدہ کے زمانے سے بنی اُمیہ کے دَور تک دنیاے اسلام مین مروج تھا - جس بات پر مورخین کو اتفاق ہے وہ یہ ہے کہ اسلام مین ترویج سکہ کے فخر کا مستحق عبد الملک بن مروان ہے جو بنی امیہ مین سب سے زیادہ نامور خلیفہ اور دولت مروانی کا دوسرا نامور ہے -

ترویج سکہ[عہ] کا تفصیلی حال ہارون رشید نے اپنے دربار مین ایک موقع پر کسائی نحوی سے بیان کیا تھا جو بقابلہ دیگر بیانون کے زیادہ واضح ہے - وجہ یہ ہوئی کہ ایک مرتبہ مخصوصین دربار پر تقسیم کرنے کے لیے رشید کے سامنے توڑے لاکے رکھے گئے - ایک تھیلی پھٹی تھی اُس مین سے ایک دینار نکل کے باہر گر پڑا - اُسکے نقش خوب اُبھرے ہوے تھے اور حروف نہایت واضح طور پر پڑھے جا سکتے تھے - رشید نے اُس دینار کو جھک کے اُٹھا لیا اور اُلٹ پلٹ کے اُسکے نقوش کو حیرت سے دیکھنے لگا - دیکھتے دیکھتے کسائی کی طرف جو حاضر دربار تھے متوجہ ہو کے کہا "جانتے ہو یہ کس عہد مین بنے تھے؟" کسائی نے عرض کیا "جی ہان عبد الملک بن مروان کے عہد مین" - رشید نے پوچھا "اور یہ بھی جانتے ہو کہ انکے بننے کا سبب کیا تھا؟" کسائی نے کہا "نہین مجھے اس کی خبر نہین" - تب رشید نے یہ واقعہ بیان کیا کہ درہم و دینار عبد الملک کے عہد تک نہین بنائے گئے تھے - عرب مین ایرانی درہمون اور رومی دیناروں کا رواج تھا - عبد الملک نے جو یک بیک ٹکسال قائم کر دی اسکی وجہ یہ ہوئی کہ فرامین وغیرہ لکھنے مین جو کاغذ کام آتے تھے وہ مصریین بنائے جاتے تھے (یہ گویا ایک قسم کے فارم تھے جنے بنانے والے لکھتے تھے) بنانے والے حسب رواج قدیم اُن کی پیشانی پر بطور نشان تجارت کے رومی زبان مین کچھ الفاظ لکھدیا کرتے تھے - یہی الفاظ مصر کے بنے ہوے حریر کے تھانون اور ظروف وغیرہ پر بھی لکھے ہوتے تھے - اسلام مین بعد فتح مصر کبھی ان الفاظ کی طرف توجہ نہین کی گئی اور نہ یہ پوچھا گیا کہ ان کا مطلب کیا ہے - عبد الملک ایک متجسس طبیعت کا آدمی تھا - فرمان کے اُن نامون مین سے اتفاقاً ایک اُسکی نظر سے گذرا

عہ دیکھو جوق الجوان -

تو اس نے اپنے مترجم سے پوچھا "یہ کیا لکھا ہے؟" مترجم نے کہا "باپ بیٹا روح القدس" اتنا سنتے ہی عبدالملک سناٹے میں آگیا۔ اور پھر بولا "یہ کلمۂ کفر اب تک مروج چلا آیا۔ اور حیرت ہے کہ کسی کا خیال اسکی طرف نہ گیا"۔ اسکے بعد اُس نے فوراً اپنے بھائی عبدالعزیز بن مروان کو جو والی مصر تھا لکھا "مصر کے تمام کاریگرون کو حکم دیدیا جائے کہ آیندہ سے تمام فارمون کی پیشانیون۔ تھانون اور ظروف پر ان الفاظ کی جگہ کلمۂ توحید "اشہد انہ لا الہ الا ہو" لکھا کرین۔ اور منادی کردی جائے کہ جو کوئی اسکے خلاف کرے گا سخت سزا پائے گا"۔ اس حکم پر فوراً عمل درآمد شروع ہوگیا۔ اس عہد کے بنے ہوے بعض فارم قیصر روم (جسٹینین دوم) کی نظر سے گذرے تو اُسے نہایت ناگوار ہوا۔ قیصر نے بہت سے قیمتی ہدایا کے ساتھ عبدالملک کے دربار مین ایک سفارت بھیجی اور خط مین یہ مضمون لکھا "ان الفاظ کا رواج تمام گذشتہ خلفا کے عہد سے چلا آتا ہے یا تو وہ سب غلطی پر تھے یا آپ غلطی پر ہین۔ مجھے بتایئے کہ ان دونون مین سے کون بات ہے"۔ اس کے بعد درخواست کی تھی کہ ان ہدایا کو قبول فرمایئے اور ان کے معاوضے مین اُس رسم قدیم کو جاری رہنے دیجیے۔ عبدالملک کو اس خط پر بڑا غصہ آیا۔ مگر اُس نے ضبط کیا۔ سفارت مع اُن ہدایا کے واپس کردی اور خط کا کچھ جواب نہین دیا۔ قیصر کی طرف سے وہ ہدایا دُونے کردیے گئے اور پھر سفارت آئی کہ شاید یہ ہدایا آپ کی نظر مین کم اُترے۔ لہذا اب اضافت کرکے روانہ کیے جاتے ہین۔ مگر سفارت پھر اُسی طرح بے نیل مرام واپس گئی۔ تیسری مرتبہ قیصر نے ہدایا کو اور بڑھایا اور خط مین مذکورہ مضامین کے بعد لکھا بلکہ یون کہنا چاہیے دھمکی دی کہ "اگر اس رسم کے پھر جاری ہونے کا حکم نہ دیا جائے گا تو مین اپنے ہان سکے مین تمھارے پیغمبر (صلعم) کے نام کے ساتھ ایسے الفاظ نقش کرادونگا جو تم کو نہایت ناگوار ہون گے۔ اُس وقت تمھارے بنانے کچھ نہ بنے گی اور وہ سکے تمھارے وہان گھر گھر مین اور ساری دنیاے اسلام مین پھیل جائین گے۔ یہ تم کو معلوم ہے کہ عرب اور سارے مسلمان ہمارے سکے سے کام لینے پر مجبور ہین"۔ یہ دھمکی عبدالملک بن مروان پر اثر کرگئی۔ وہ انتہا سے زیادہ پریشان ہوا۔ اور گھبرا کے کہہ اُٹھا "اب کیا کیا جائے؟" اہل دربار نے مشورہ دیا کہ اس

اس امر میں آپ خالد بن یزید بن معاویہ سے رائے لیں وہ کوئی نہ کوئی تدبیر نکالیں ہی گے۔ خالد سے پوچھا تو اُنھوں نے کہا "کوئی مضائقہ نہیں۔ آپ اپنے سکے خود بنا کے مروج کر دیجیے۔ اور ممانعت کر دیجیے کہ رومی سکوں کا چلن قلمرو خلافت کے اندر نہ باقی رہے"۔ غرض اسی رائے کے مطابق اسلامی سکوں کے لیے جناب فاروقؓ کے معین کیے ہوئے اوزان قائم کیے گئے۔ ٹکسال جاری ہوئی اور یوں اسلام کو غیر ممالک کے سکوں سے آزادی حاصل ہوئی۔

اس واقعے کی تصدیق کسی حد تک انگریزی مورخوں کے بیان سے بھی ہوتی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ۷۳ھ (۶۹۲ء و ۶۹۳ء) میں جسٹینین دوم قیصر روم اور عبدالملک کے بھائی محمد بن مروان سے لڑائی ہوئی۔ محمد نے ابتداءً تو برابر رومیوں کو شکستیں دیں۔ لیکن آخر صلح ہوگئی۔ اس صلح کے بعد ۷۵ھ یا ۷۶ھ میں خلیفہ عبدالملک کی طرف سے قیصر مذکور کے پاس ایک خط گیا جس میں ایسے الفاظ تھے جن سے قیصر کو اپنی توہین کا گمان ہوا۔ اُس نے وہ صلح توڑ دی اور اسکے ساتھ عبدالملک کو دھمکی دی کہ میں ایسے سکے مروج کروں گا جن پر اسلام کی توہین کے کلمات کندہ ہوں گے۔ اسلام میں اسوقت تک سکے نہیں جاری کیے گئے تھے۔ ایرانی اور رومی) سکوں سے کام چلایا جاتا تھا۔ غرض اُسوقت عبدالملک سکہ بنوانے کی طرف متوجہ ہوا۔ اور اُس کے حکم سے تیماء کے ایک یہودی سُمیر نامے نے ٹکسال قائم کی۔

ع۵ تمام معتبر اور مستند مورخوں کی رائے ہے کہ عبدالملک نے خالد بن یزید کی ہدایت کے مطابق سکہ بنوایا۔ خالد بنی امیہ میں بہت بڑا عالم و فاضل اور گویا اسلام کا پہلا فیلسوف ہے۔ یہ یزید بن معاویہ کا بیٹا تھا۔ مگر سب کے خلاف دمیری شافعی نے بیہقی سے جو روایت کی ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ خالد نہیں بلکہ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کی ہدایت کے بموجب عبدالملک نے سکے بنوائے۔ یہ روایت تمام مورخین کے بیان کے خلاف ہے۔ اور اسی لیے ہم نے جمہور کے بیان کا تتبع کیا ہے جو قرین قیاس ہے۔

ع۶ دیکھو انسائیکلو پیڈیا برٹانکا۔

انگریزی مورخون کا یہ عام قاعدہ ہے کہ مسلمانون کے عہد کی تمام ترقیون کو کسی نہ کسی طریقے سے حتی الامکان اپنی طرف اور نہین تو کسی غیر قوم کی طرف منسوب کرنے کی کوشش کرتے ہین۔ مگر افسوس کی بات ہے کہ اس کوشش میں کبھی اپنی امکانی قوت مین تھک کے زبردستی اور غلط بیانی سے بھی کام لینے لگتے ہین۔ سکے کی ایجاد جو سُمیر کے نام کے ساتھ منسوب کی جاتی ہے یہ بھی ایک اسی قسم کا واقعہ ہے۔ بعض قدیم تاریخون سے اتنا تو معلوم ہوتا ہے کہ اُن دنون ایک قسم کے درہم یا دینار سُمیریہ کے نام سے مشہور تھے۔ اور سمیریہ اسی لیے کہلاتے تھے کہ اُنکے بنانیوالے کا نام سمیر تھا۔ مجرد اتنے بیان تک یہ واقعہ مبہم معلوم ہوتا ہے مگر علامہ ابن اثیر نے اپنی تاریخ مین صاف کرکے کھول دیا۔ جسکے بعد شبہہ کی بالکل گنجایش نہین باقی رہتی۔ وہ سنہ ۷۶ ہجری کے واقعات میں جہان عبد الملک بن مروان کے حکم سے اسلامی سکہ بنائے جانے کا واقعہ بیان کرتے ہین وہان لکھتے ہین کہ حجاج نے اپنے سکے مروج کرنے کے بعد قطعی ممانعت کردی کہ رعایا مین سے کوئی شخص سکہ بنانے کی جرأت نہ کرے۔ اس حکم کے خلاف سُمیر نامے ایک یہودی سکہ زنی کے جُرم کا مرتکب ہوا۔ جب اُسے گرفتار کرکے حجاج کے سامنے لائے تو اُس نے کہا میرے بنائے ہوے سکے شاہی سکے سے زیادہ خالص اور کھرے ہین۔ اور جب مین نے دراصل سکہ بنا کے نقصان کی جگہ رعایا کو فائدہ پہونچایا تو پھر آپ مجھے کیون قتل کرنا چاہتے ہین؟ حجاج نے اُس کی اس حجت کو نہ مانا۔ اس مین شک نہین کہ سُمیر ایک ذہین آدمی تھا۔ اُس نے مقیدی ہی کی حالت مین تولنے کے بٹے ایجاد کیے۔ اس لیے کہ اُس زمانے مین دینار و درہم کی طرح بٹے بھی غیر منتظم حالت مین تھے۔ ممالک مین کوئی عام وزن نہین قائم ہوا تھا۔ سُمیر نے بٹے بنا کے حجاج کی خدمت مین پیش کیے اور رہائی کے لیے ملتجی ہوا۔ مگر حجاج نے اسپر بھی نہ مانا۔ تاہم اس مین کوئی شک نہین کہ سُمیر کے بنائے ہوے بٹے مروج ہوگئے اور رعایا کو تاجرون اور بازارون کے غبن سے بہت کچھ نجات مل گئی۔ سُمیر کی نسبت اس سے زیادہ پتہ نہین لگتا کہ حجاج کی قید مین اُس کا کیا حشر ہوا۔ غالباً قتل کیا گیا ہوگا۔ کاش اگر یہ کہا جاتا کہ سُمیر نے مسلمانون کو بٹے دیے تو ہمین بے شک تسلیم کرنا پڑتا کہ دنیاوی

انتظام مین ایک حد تک خلافت اُسکی زیر بار احسان تھی۔ مگر یہ تو بالکل لغو ہے کہ سمیر نے سکہ بنا دیا۔ جو سکّے سمیریہ کے نام سے مشہور تھے غالباً وہ وہی تھے جن کو سمیر نے مجرانہ طور پر بنا کے پھیلا دیا تھا۔

بعض مورخین اسلام نے پہلے پہل سکہ بننے کا حال یون لکھا ہے کہ عبدالملک کی طرف سے جو خطوط قیصر کے پاس جاتے تھے اُنکی پیشانی پر لکھا ہوتا تھا۔ "قل ہو اللہ احد" اسکے بعد محمد صلعم کا نام مبارک اور اُس کے نیچے تاریخ لکھی جاتی تھی۔ قیصر کو یہ ناگوار ہوا۔ اُس نے جواب مین لکھا "اس وضع کو چھوڑ دو ورنہ مین دینارون پر تمھارے پیغمبر کی نسبت ایسے کلمات نقش کراؤن گا جو تمھین ناگوار ہون گے"۔ یہ امر عبدالملک کو بہت ہی دشوار معلوم ہوا۔ اُس نے لوگون سے مشورہ کیا۔ خالد بن یزید نے راے دی کہ آپ خود اپنا سکہ جاری کرین"۔ عبدالملک نے حجاج کو ٹکسال قائم کرنے کا حکم دیا۔ حجاج نے اس حکم کے مطابق درہم و دینار بنانا شروع کیے اور اُن پر یہ عبارت نقش کرائی "اللہ احد اللہ الصمد" یہ سکہ عام اہل اسلام کے خلاف ہوا اس لیے کہ یہ قرآن کی عبارت تھی جس کو بے طہارت و وضو مس کرنا حرام ہے۔ تاہم اس ناراضی کی طرف توجہ نہیں کی گئی۔ یہ سکہ ۷۴ھ مین بنا اور ۷۵ھ مین تمام ممالک مین پھیلا دیا گیا۔

چند روز بعد یہ خیال پیدا ہوا کہ یہ سکہ خالص نہین ہے۔ چنانچہ یزید بن عبدالملک کے عہد مین جب ابن ابی ہبیرہ والی عراق مقرر ہوا تو اُس نے اس سکے کے خالص کرنے کی کوشش کی۔ پھر ہشام کے زمانے مین خالد قسری نے اور خالص کرنا چاہا۔ ان دونون کے بعد یوسف بن عمر نے سب سے بڑھ کر اس مین اہتمام کیا اور ٹکسال کا اچھی طرح امتحان کرکے اپنے عہد کا سکہ بالکل خالص بنا دیا۔ اسی وجہ سے ہبیری۔ خالدی۔ اور یوسفی سکے عہد بنی اُمیہ کے سب سے خالص اور کھرے سکے تصور کیے جاتے تھے۔ یہی خیال تھا جس نے بنی عباس کے دوسرے خلیفہ ابو جعفر منصور کو حکم عام دینے پر آمادہ کیا کہ خراج مین مذکورہ تین سکون کے سوا اور کوئی سکہ نہ لیا جائے۔

قبل اسلام سلاطین ارض کا عام قاعدہ تھا کہ سکوں پر مختلف قسم کی تصویریں بنایا کرتے تھے۔ کبھی تو بادشاہ کی تصویر کندہ ہوتی تھی۔ کبھی کسی قلعے کا نقشہ بنایا جاتا تھا۔ کبھی کوئی جانور بنا ہوتا تھا کبھی کوئی اور چیز بنی ہوتی تھی۔ مسلمانوں نے جب سکہ بنایا تو تصویریں بنانا چھوڑ دیں اور اُنکے عوض پُرزور کلمات کندہ کرائے۔ زیادہ تر اس کی وجہ تو یہ تھی کہ شریعت اسلامیہ میں تصویروں کی ممانعت ہے۔ مگر قطع نظر اسکے ایک اور بھی خیال تھا جس نے انکو تصویروں کی جگہ الفاظ کندہ کرانے پر آمادہ کیا۔ عرب فصاحت و بلاغت کو اپنا قدیمی تمغہ خیال کرتے تھے۔ انکو دعوے تھا کہ شوکتِ الفاظ میں کوئی ہمارا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اور اسی وجہ سے الفاظ و کلمات ہی کو اُنھوں نے اپنا معرکہ قرار دیا۔ یہ سکہ مدوّر وضع کا تھا۔ ایک رخ پر تو اللہ جل شانہٗ کا نام منقوش ہوتا تھا اُسکے نیچے رسول مقبول صلعم پر درود کندہ ہوتا تھا۔ اور دوسرے رخ پر تاریخ اور بادشاہِ وقت کا نام لکھا جاتا تھا۔ آیات قرآنی لکھنے کا سلسلہ حجاج کے بعد سے موقوف ہو گیا۔ اسلامی سکہ بنی اُمیہ عباسیہ اور عُبیدیین مصر کے زمانوں میں اسی قطع کے مدور رہے۔ لیکن مغرب میں جب دولت موحدین قائم ہوئی تو مہدی نے لوگوں کے لیے مربع قطع کے سکے مسکوک کیے جن کا برابر اُسی خاندان میں رواج رہا۔

یہاں پر ہم سکے کے بیان کو ختم کرتے ہیں اور آخر میں اتنا اور لکھتے ہیں کہ وہی سکہ جو عبدالملک کے عہد میں مروج ہوا وہی شرعی سکہ کہلاتا تھا اس لیے کہ جناب فاروقؓ کے قائم کیے ہوئے اوزان پر بنایا گیا تھا۔

عربی سے فارسی و اُردو کے تعلقات ستمبر ۹۳ء

بعض لوگوں کو اندیشہ ہم اس خیال میں محو پاتے ہیں کہ فارسی یا اُردو زبان میں سے عربی کے الفاظ بالکل نکال ڈالے جائیں۔ یہ خیال کچھ ان مشرقی زبانوں ہی کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ ہم انگریزی میں بھی دیکھتے ہیں کہ ایسی کوشش ایک عرصہ سے جاری ہے۔ انگریزی زبان میں بے انتہا لاطینی (رومی) الفاظ ملے ہوئے ہیں۔

جو انگریزی قوم پر سے رومیون کی غلامی کا داغ کسی طرح مٹنے نہین دیتے - اور کوئی تعجب نہین کہ لاطینی الفاظ کے نکالنے پر جو چیز آمادہ کر رہی ہے اُس مین زیادہ حصہ اسی خیال کا ملا ہو -

فارسی اور اُردو مین جو عربی الفاظ ملے ہوے ہین وہ بھی اس امر کا ثبوت دیتے ہین اور ہمیشہ دین گے کہ ایران و ہندوستان کو کسی زمانے مین اسلام کی غلامی نصیب ہوئی تھی - جو لوگ ان الفاظ کو نکالنا چاہتے ہین غالباً اُن کا بھی یہی خیال ہوگا کہ اپنی زبان کو عربی یا دوسرے الفاظ مین یون کہا جائے کہ اسلام کی قید سے آزاد کرانا چاہتے ہین - مگر شاید ایسی کوششین ہمارے خیال مین بڑی مشکل سے کامیاب ہو سکین - فردوسی نے ایک شاہنامہ لکھا جسکی نسبت کہا جاتا ہے کہ عربی الفاظ سے بچنے کی پوری کوشش کی تھی - لیکن اب شاہنامے کے دیکھنے والے بتا سکتے ہین کہ فردوسی کو اس ارادے مین کہان تک کامیابی ہوئی - بڑی تحقیق کے بعد جو کچھ فیصلہ کیا جا سکا وہ اسی قدر ہے کہ شاہنامے مین عربی الفاظ بہت کم ہین - یہ کوئی نہین کہہ سکتا کہ عربی الفاظ اُس مین بالکل نہین - ادھر آخر زمانے مین ناصرالدین شاہ ایران کے چچا نے نثر مین ایک تاریخ بنام نامۂ خسروان لکھی - اس مین بھی عربی الفاظ بالکل متروک کر دیے ہین - اور بے شک وہ اسوجہ سے بہت کچھ قابل تعریف ہین کہ اپنی وضع کو آخر تک نباہ لیجا سکے - لیکن اگر یہ پوچھا جائے کہ اُسکی عبارت مروجہ فارسی سے کہان تک موافق رہی ہے اور محاورات کی کسوٹی پر کس قدر پوری اُترتی ہے تو شاید اُنکو جواب دینا دشوار ہوگا - زبان کی اصلاح وہین تک جائز ہے جہان تک کہ محاورہ اور اہل زبان کی پیروی سے ہو - جب ایرانیون کی زبان پر ہزارہا ایسے عربی الفاظ چڑھے ہوے ہین جن کی جگہ پر کوئی ٹھیٹھ فارسی لفظ بولنے والون کو روزمرہ کے استعمال کے لیے نہین ملتا تو اُنکے نکالنے کی کوشش کرنا زبان کی اصلاح نہین بلکہ ایک قسم کا جنون ہے - دری زبان کے الفاظ ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے استعمال کرنا کوئی مشکل کام نہین ہے اگر دشواری ہے تو یہ کہ اُنکے استعمال مین محاورے کا لحاظ رکھا جائے -

تاہم یہ کتابین تاریخ مین ہین کسی علم و فن کی دنیا مین قدم رکھتے وقت

نسان کو معلوم ہو سکتا ہے۔ فارسی زبان کس قدر بے مایہ ہے۔ بغیر اسکے کہ عربی الفاظ سے مدد لی جائے کوئی شخص ایک علمی مسئلہ بھی فارسی مین نہین بیان کر سکتا۔ جو صاحب اس قسم کی کوشش کرنا چاہتے ہین اُن کا کام ہے کہ زبان کو اپنے ہنون سے درست کریں۔ آج تک کسی نے اتنا تو کیا نہین کہ فارسی کی صرف و نحو ہی درست کی ہوتی۔ آج تک جس کسی نے نحو مین کوئی کتاب لکھنے کا ارادہ کیا اس نے وہی عربی کے قواعد عربی ہی اصطلاحات کے ساتھ فارسی میں بیان کر دیے۔ حالانکہ سمجھنے والے خوب جانتے ہین کہ گو ہزارہا عربی الفاظ فارسی مین مستعمل ہین مگر زبان اپنے طرز سے ایسی علیحدہ واقع ہوئی ہے کہ عربی کے قواعد فارسی پر ٹھیک منطبق نہین ہو سکتے بلکہ عربی کی جگہ اگر انگریزی نحو و صرف سے فارسی مین کام لیا جائے تو زیادہ مناسب ہوگا۔ بہرحال فارسی کے ہمدرد آج تک اُسکے لسانی قواعد تو درست ہی نہین کر سکے عربی کی غلامی سے اُسے کیا خاک آزاد کرا لین گے؟

ایک پارسی صاحب نے ایک انگریزی اخبار مین ابھی اس خیال پر زور دینا چاہا تھا جو ماشاء اللہ نہ فارسی ہی جانتے ہین اور نہ عربی ہی۔ اُنھون نے محض اپنے حسن عقیدت سے یہ دعوے کر دیا کہ فارسی اس قدر مکمل زبان ہے کہ بعض موقعون پر عربی کو اُسکے خزانے سے الفاظ عاریت لینا پڑے۔ چنانچہ انھون نے شاید کسی سے سُن کے لگام کے لفظ کو پیش کیا ہے جسکو عربون نے مغرب کے لجام کر لیا۔ اور آج تک مروج ہے۔ یہ خیال بعض ایرانی صاحبون مین بھی معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ وہ ایک عجمیون کی زبان سے ہم نے خود بھی سنا ہے۔ وہ کہتے ہین کہ جاہلیت مین سیف بن ذی یزن کی فریاد پر جب ایرانیون نے ملک یمن پر قبضہ کر لیا تو اُس زمانے مین فارسی کے بہت سے الفاظ عربون کی زبان پر مروج ہو گئے۔ قطع نظر اسکے عرب کے حصۂ حیرہ وغیرہ پر مدتون سے ایران کی حکومت تھی۔ یہ بھی ایک کافی ذریعہ عربی مین فارسی الفاظ کے جانے کا تھا۔ لیکن یہ خیال ایک جاننے والے کے نزدیک بالکل لغو اور بے سروپا ہے۔ اول تو جہان عرب کے حصہ حیرہ وغیرہ کی حکومت ایرانیون کے ہاتھ مین تھی وہان سرحد شام سے ملے ہوئے اطراف عرب پر روم کی حکومت تھی۔ علیٰ ہذا القیاس یمن پر جہان چند

روز کے لیے ایرانیون کی حکومت رہی وہان اُن سے پہلے یا ساتھ نجاشی ہوتے تک روم کی بھی حکومت رہی - کوئی وجہ نہین کہ عربی نے ایرانیون سے اُنکی زبان کے الفاظ تو لیے ہون اور رومی زبان کے الفاظ یونہیں چھوڑ دیے ہون -

قطع نظر اسکے شاید اس خیال والون کو یہ نہیں معلوم کہ اضلاع عرب پر غیر ممالک کی حکومت تھی بھی تو کس طرح کی - سیف بن ذی یزن کے عہد مین جو ایرانیون نے ملک یمن کو فتح کیا اُس کی یہ حالت تھی کہ یمن پر بادشاہ حبشہ نے متصرف ہوکے جب وہان کے شرفا کی آبروریزی شروع کردی تو سیف بن ذی یزن نے کسریٰ کے دربار مین جاکے فریاد کی اور بہت دنون تک پڑا رہا - آخر کسریٰ نے ایک فوج دے کے اپنے ایک افسر کے ساتھ اُسے یمن پر روانہ کیا - اس فوج نے حبشہ والون کا قلع و قمع کیا اور سیف بن ذی یزن کو بادشاہ بنایا - اس مین شک نہین کہ ملک کو ایرانیون نے فتح کیا مگر حکومت سیف بن ذی یزن کی رہی جو عربی نژاد تھا - بس اتنا تھا کہ وہ ایران کے آگے سر جھکائے ہوئے تھا - ورنہ یہان کے انتظامات اور معاملات سے شہنشاہ ایران کو کوئی تعلق نہ تھا - باقی رہے اضلاع حیرہ وغیرہ یہان کی بھی یہی حالت تھی - ان مقامات پر نعمان بن منذر کا خاندان حکمران تھا - سیف بن ذی یزن کی طرح یہان کے فرمانرواؤن نے بھی یہی کیا کہ تاج ایران کے آگے سر جھکائے رہے - غرض ایرانی رعایا سے عربی رعایا کے تعلقات کبھی اتنے نہین بڑھنے پائے کہ الفاظ و خیالات کا باہم تبادلہ ہوتا یا عجمی الفاظ عربی مین پہونچتے -

دوسرے سب سے زیادہ جس بات نے عربی زبان کو خارجی اثرون سے بچایا وہ یہ تھی کہ عرب مین سب سے زیادہ مستند اور قابل تتبع قریش کی زبان تھی جن کو خدا نے ہمیشہ غیر قومون کی اطاعت سے بچایا - قریش نے کبھی کسی کے آگے سر اطاعت نہیں جھکایا - اور نہ اُن کو سوا خاص تاجرانہ سفرون کے غیر زبان بولنے والون سے ملنے کی ضرورت لاحق ہوتی تھی - لہذا اُنکی زبان ہمیشہ ان خارجی اثرون سے محفوظ رہی - اور عربی زبان مین کوئی لفظ شامل ہی نہ ہو سکتا تھا جب تک کہ قریش کے لوگ اُسکو تسلیم نہ کرلین - غرض ان وجو

سے کبھی قیاس ہی مین نہین آسکتا کہ فارسی کے الفاظ عربی مین شامل ہوئے ہون۔
ہان بعد اسلام البتہ عربی مین فارسی کے بعض الفاظ مستعمل ہو گئے جس کی وجہ یہ ہوئی کہ خلافت عباسیہ نے اپنا مستقر بغداد کو قرار دیا جو دراصل ایک ایرانی شہر تھا۔ صرف اتنا ہی نہین ہوا بلکہ عجمی خاندان وزارت کے درجے کو پہونچ گئے۔ جس کی وجہ سے عربون کو ایرانیون سے ملنے جلنے کی بہت ضرورت ہوئی اُسپر طرہ یہ ہوا کہ خلفا اور اُن کی وجہ سے تمام امرائے عرب عیش و عشرت کے سامانون کی طرف متوجہ ہو گئے۔ جن کے لیے مملکت ایران اگلی دنیا مین مشہور تھی۔ یہ وہ سامان تھے جو کبھی اہل عرب کے خواب و خیال مین نہ گزرے تھے۔ اور ان مین بہت سی ایسی چیزین تھیں جن کے لیے عربی زبان کو فارسی ہی سے الفاظ لینا پڑے۔ ہمنے عربی زبان مین "شمعدانات" کا لفظ بھی دیکھا ہے جو اسی عہد مین عربون کی زبان پر جاری ہوا۔ بلکہ حکومت کی وجہ سے اس سے پیشتر بھی تعلقات قائم ہو گئے تھے کہ بنی اُمیہ ہی کے دور مین عربون کی زبان پر فارسی کے الفاظ چڑھ گئے۔ بنی اُمیہ کے ابتدائی زمانے کا شاعر ابن مفرغ جو زیاد کے بیٹے عباد کے ہمراہ سیستان کے جہاد پر آیا تھا۔ شہدا سندھ کے مرثیے مین کہتا ہے۔ ؎

کم بالجرُوم وارضِ الہند مِن قَدَمٍ
وَمِن سَرَانَکَ قتلی لا ہم قبرُوا

(ممالک گرم مین اور ارض ہند مین بہت سے نقش قدم ہین اور بہت سے سرہنگان قوم ہین جو شہید ہوئے اور دفن نہین کیے گئے)

اس شعر مین اول تو "جرُوم" جرم کی جمع ہے جو لفظ گرم کا معرب ہے۔ دوسرے مصرعے مین سرانک ہے جو فارسی لفظ سرہنگ کو بگاڑ کے بنایا گیا ہے۔ بہرحال فارسی الفاظ اگر عربی مین آئے تو فتوحاتِ اسلام کے بعد آئے۔

مگر ان الفاظ کے عربی مین مروج ہو جانے سے یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ عربی ان الفاظ کی محتاج تھی۔ عربی زبان کے خزانے مین اس کثرت سے الفاظ موجود ہین کہ یہی زبان تھی کہ تمام علوم فلسفیہ و طبیہ یونانی و رومی زبانون سے لیے بغیر اس کے کہ اسے ایک اصطلاح کے لیے بھی ان زبانون کا زیر بار احسان ہونا پڑا ہو۔

جناب شہربانو

ہم نے ایک مضمون "خاندان نبوت" کے متعلق لکھا تھا۔ بادی النظر مین ہمارا خطاب انگریزی مورخون کی طرف تھا۔ مگر افسوس ہے کہ مسلمان بھی ہم سے خفا ہو گئے۔ سنتے ہیں ہماری تکفیر کے لیے فتوے لیے گئے۔ مگر کسی نے اتنی عنایت نہ کی کہ اُن فتوون کو ہمارے پاس بھی بھیجدیا ہوتا کہ دیکھتے آخر ہماری خطا کیا ہے؟ اور کون کون صاحب ہین جو ہماری تکفیر فرماتے ہین؟

لاؤ تو قتل نامہ مرا مین بھی دیکھ لون
کس کس کی مہر ہے سر محضر لگی ہوئی

تاہم ہمکو بجائے خود اطمینان ہے۔ اور ہم بہت خوش ہین کہ اس مضمون مین ہمنے جو کچھ لکھا اُس مین سے ایک لفظ بھی بے اصل نہین۔ بعض احباب کی زبانی معلوم ہوا کہ ہم نے جو جناب شہربانو کے زبید کے نکاح مین آنے کا حال لکھا تھا اُسی پر لوگون کو غصہ آگیا۔ اگر یہی ہے تو افسوس کی بات ہے۔ یہ امر تو ایسا ہے کہ مستند مورخین مین سے کسی کو انکار نہین۔ ہم دو کتابون کی عبارتون کا ترجمہ کیے دیتے ہین۔ اور کتابین بھی کون؟ جن سے زیادہ مستند تاریخین تاریخ کی دنیا مین نہین مل سکتین۔

محمد بن جریر طبری کی تاریخ مطبوعہ لیڈن کے صفحہ ۲۴۷۸ مین ہے "علی بن حسین بن علی بن ابی طالب۔ آپ کی والدہ غزالہ تھین جو اُم ولد تھین۔ بعد امام حسینؑ کے زبید اُنکے غلام نے اُنکو اپنے عقد نکاح مین لیا۔ تب عبداللہ بن زبید پیدا ہوے جو علی بن حسین کے بھائی (اخیافی) ہین"۔

معارف ابن قتیبہ مطبوعہ لیڈن کے صفحہ ۱۱۰ مین مندرج ہے "اور علی بن حسین اصغر امام حسین کی نسل آپ ہی سے چلی۔ بعض کہتے ہین آپ کی والدہ سندیہ تھین۔ جن کا نام بعض سلافہ اور بعض غزالہ بتاتے ہین۔ بعد امام حسینؑ کے اُنکو امام حسینؑ کے غلام زبید نے اپنے عقد مین لیا۔ اور عبداللہ بن زبید پیدا ہوئے جو علی بن حسین کے اخیافی بھائی ہین"۔

آغانی جو باعتبار اسناد اسی پایے کی کتاب ہے اُس مین بھی یہی واقعہ مندرج ہے - قدیمی تاریخین جن پر کہ اعتنا و اعتبار کا دارومدار ہے وہ یہی ہین - اور یہی اصلی سرچشمہ ہین جن سے لے لے کے متاخرین نے مصنف بننے کا فخر حاصل کیا - ابتداءً ہم نے اس واقعے کو ابن خلکان سے نقل کیا تھا - جو نہایت متداول کتاب ہے - اور غالباً ہر جگہ دستیاب ہو سکے گی - جن صاحب کو اطمینان حاصل کرنا ہو اُس کے ورق اُلٹین اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے حالات مین دیکھ لین ابن خلکان نے شاید غلطی سے جناب شہربانو کے دوسرے شوہر کا نام زید لکھ دیا ہے - اگرچہ یہ بتایا ہے کہ وہ جناب امام حسین کے غلام تھے - مگر اب ہم کو بعد تحقیق معلوم ہو گیا کہ اُن بزرگ کا نام زید نہین رُبید تھا -

سب سے بڑھ کر لطف کی یہ بات ہے کہ جو خدشہ اس معاملے مین معترضون کو گذرا ہے یہی خدشہ انکی طرح خاص اُسی زمانے مین عبدالملک بن مروان کے دل مین بھی گذرا تھا - لہذا ہم بھی اُنکو وہی جواب دینا مناسب خیال کرتے ہین جو عبدالملک مذکور کے مقابلے مین جناب امام زین العابدین کی زبان فیض ترجمان سے ظاہر ہوا تھا - مذکورۂ بالا کتاب معارف ابن قتیبہ مین ہے "علی بن حسین (رضی اللہ عنہ) نے اپنی والدہ کا عقد اپنے غلام سے کر دیا - اور اپنی ایک لونڈی کو آزاد کر کے خود اپنے عقد نکاح مین لے لیا - یہ سُن کے عبدالملک بن مروان نے اُنکو ایک خط لکھا - جس مین اس معاملے پر شرم دلائی تھی - علی بن حسین نے جواب مین تحریر فرمایا - قد کان لکم فی رسول اللہ اُسوۃٌ حسنۃٌ - رسول اللہ صلعم نے صفیہ بنت حیی کو آزاد کر کے اپنے نکاح سے مشرف فرمایا تھا - اور زید بن حارثہ کو آزاد فرمایا اور اپنی چچا زاد بہن زینب بنت جحش کو اُن کے نکاح مین دے دیا اب اس سے بڑھ کے کیا شافی جواب ہو سکتا ہے جو یہ متاخر الذکر واقعہ بھی ابن خلکان مین موجود ہے -

اس موقع پر ہمین ایک اور امر کا جواب دینا ہے - ایک صاحب نے دلگداز کے اُس مضمون پر بھی جو فتح قسطنطنیہ کے متعلق ہے ایک اعتراض کیا ہے - اور اس اعتراض کو اودھ پنچ کے صفحون پر شایع کیا ہے - دلگداز کے مضمون مین ہے کہ

قسطنطنیہ پر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد مین جو حملہ ہوا تھا اُس مین جناب امام حسین علیہ السلام بھی شریک مجاہدین تھے۔ اُس مضمون کے نیچے فٹ نوٹ مین تصریح کردی گئی ہے کہ گبن کا تتبع کیا گیا ہے۔ ہمارے دوست پہلے گبن ملاحظہ کرلیتے تب اعتراض کرتے۔ شہادت جناب امام حسین علیہ السلام کے بیان مین وہ دیکھین معلوم ہو جائیگا۔ باقی رہا کہ کسی اسلامی تاریخ سے ثابت کیا جائے اسکے ہم مکلف نہین۔ اس لیے کہ مضمون مین گبن کے تتبع کی تصریح کردی گئی ہے۔

اس موقع پر ہمین معزز ہمعصر اتحاد کا شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ ایسے نازک وقتون پر وہ ہماری مدد پر آمادہ ہو جاتے ہین۔ لیکن اُنکو ایسی فضول بحثون مین نہ پڑنا چاہیے۔ جواب کسی لائق آدمی کے مقابلے مین ہو تو ایک بات بھی ہے۔ اور یون ہزاران کی چھیڑ چھاڑ پر اُنھیں اپنے قلم کو زحمت دینے کی ضرورت نہین ہے۔

اسلام اور تھیٹر

(۱)

فی الحال یہ بحث پیش ہے کہ اسلام کو تھیٹر سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ اور برگزیدگان دین کا ہر روپ بھر کے ایکٹرون کا ناٹک کے اسٹیج پر آنا اسلامی پبلک کی نظر مین کیسا ہے۔ یہ منحوس بحث تو جہان تک نہ چھیڑی جاتی وہین تک اچھا تھا۔ اس لیے کہ کوئی مسلمان اس بحث پر کچھ لکھنے کے لیے قلم ہاتھ مین لینے کے بعد اپنے ہوش مین نہین رہ سکتا۔ ہم اسوقت لکھ رہے ہین اور ہماری آنکھون مین خون اُترا آرہا ہے۔ جو جو ہمارا قلم آگے بڑھتا جاتا ہے وہ وہ ہمارے دماغ سے نیک و بد کے تمیز کرنے کی حس زائل ہوتی جاتی ہے۔ بعض پنجابی ہمعصرون نے اس معاملے مین نہایت قیمتی اور پُرجوش مضامین لکھے ہین۔ اور ان جاہلون کو اسلامی دینی حمیت کا نہایت اچھا سبق دیا ہے جو حیرت سے پوچھتے تھے کہ مسلمانو

کو اس پر کیون طیش آگیا -

تھیٹر کیا چیز ہے ؟ اس سے پہلے تو ہم اسی قدر جانتے تھے کہ روساء کی شادیون اور اکثر عام خوشی کی تقریبون مین ذلیل بھانڈ کسی خوبصورت لڑکے کو لاکے نچاتے ہین - اور اُس کے ناچ کے درمیان مین کبھی کبھی خود سامنے آکے کوئی مسخرے پن کا واقعہ بیان کرکے یا کسی کا بہروپ بھر کے اوچھی طبیعت والے رؤسا اور بچون کو ہنسی کے مارے لٹا لٹا دیتے ہین - ہمارے قدیم اسٹیجون کے اصلی ایکٹر یہی لوگ تھے - یہ عام ہندوستانی سوسائٹیون مین نہایت ذلیل سمجھے جاتے تھے - اور کوئی مہذب شخص اُن لوگون کو اپنے پاس بٹھانا بھی جائز نہ سمجھتا تھا - لیکن باوجود اس ذلت کے انکا جوش مذہبی مشہور تھا - چند روز پیشتر کے مسلمان بھانڈون کا یہ واقعہ ہندوستان کے ہر ہر بچے کو یاد ہے کہ ایک مرتبہ کسی غیر مذہب رئیس کے ہان کوئی خوشی کی تقریب تھی - بھانڈون کا فائدہ ہے کہ جسکے ہان جاتے ہین پہلے اُسی کی نقل کرتے ہین - شاید اسی امر سے ناراض ہوکر یا خدا جانے کس وجہ سے صاحب خانہ رئیس نے اُن لوگون سے فرمایش کی کہ "اپنے پیغمبر اور اُنکے دوستون کی نقل نہین کرتے" - اسلامی حمیت ان نقالون کے دل میں بھی کسی نہ کسی قدر ضرور ہونا چاہیے تھی - اُنکو یہ متعصبانہ فرمایش سُن کے ملال بھی ہوا ہوگا - لیکن اس ملال کو اُنھون نے نہایت خوبصورتی سے مخفی رکھکے تیور نہ پہچاننے والے متعصبون سے عرض کیا کہ "بہتر - آپ کچھ تلوارین اور نیزے منگوا دیجیے" - خود فراموش رئیس اس پر بھی نہ سمجھا - اور اُس نے اسلحہ منگوا دیے - اس سامان کے ملتے ہی بھانڈون نے اپنا دلی جوش پورا کرنے کے لیے نہایت ہی خونخوار پارٹ شروع کردیا - ایک شخص (معاذ اللہ) محمد رسول اللہ صلعم بنا - باقی سب اُنکے جان نثار اور وفادار صحابی بنے - مصنوعی پیغمبر آخر الزمان نے تبلیغ رسالت کرکے اپنے پیرؤون کو حکم جہاد سنایا - اتنا سنتے ہی سب تلوارین کھینچ کھینچ کے اُٹھ کھڑے ہوے - جسکے بعد اُن بنے ہوے پیغمبر صاحب نے حملے کا آخری حکم دے دیا - اور وہ اسلامی (مصنوعی) لشکر جو اُسوقت تک ایک شام فائٹ (جنگ مصنوعی) کا تماشا دکھا رہا تھا سچے

مجاہدین کا گروہ بن گیا - سبھون نے چارون طرف سیر دیکھنے والے اہل مجلس پر حملہ کیا اور دم بھر مین مع اہل خانہ رئیس کے سب کو کاٹ کے ڈال دیا گذشتہ برس ایک اسٹیج پر پیغمبر آخرالزمان کا بہروپ دکھنے کی فرمایش کی گئی تھی اُس کا یہ نتیجہ ہوا - اور اسی لیئے ہم کہتے ہین کہ ہمارے متعصب انگلش دوستون کو اگر پیغمبر آخرالزمان کا ناٹک دیکھنا ہے تو خود ہم سے بُلا کے کہین اور دیکھین کہ ہم کیسا اچھا اور کسقدر سچا پارٹ کرتے ہین - ایسا پارٹ جسکو دیکھ کے اُنھین کچھ مزہ بھی آئے - اور وہ اُنیسوین صدی کا ناٹک صرف لندن والون کی تفریح گاہ ہی نہ رہے بلکہ خود محمدؐ صاحب کی لائف کی طرح ایک تاریخی یادگار کی بھی حیثیت حاصل کر سکے

اب ہم یہ بتاتے ہین کہ ڈراما کی ابتدا کس وقت اور کیونکر ہوئی - انگریزی مورخین کے نزدیک اسکے بانی اور موجد یونانی بت پرست ہین - اگرچہ ہندوؤن کو بھی اپنی جگہ پر اسکی ایجاد کا دعوٰی ہے - مگر چونکہ یونانیون کے ڈراما کا حال زیادہ تفصیل کے ساتھ معلوم ہو سکتا ہے - لہذا ہم پہلے یونانیون سے بحث کرتے ہین - پھر ہندوؤن کا ذکر کرین گے -

مسلم ہے کہ سب کے پہلے جمہوری سلطنت یونان مین قائم ہوئی تھی جمہوری رپبلکن اصول کا اصلی مقتضا یہ ہے کہ عام اہل ملک خوش رکھے جائین - یہ غرض بغیر ڈراما کے اور کسی طرح حاصل نہین ہو سکتی تھی - بس انھین ضرورتون کی وجہ سے ڈراما یونان مین پیدا ہوا - اور برابر ترقی کرتا گیا - اگرچہ ڈراما کو زیادہ عروج خاص اتھنس والون کے ہاتھون حاصل ہوا مگر اسکے اصلی موجد ڈوریا والے ہین - جنھون نے پہلے پہل اس کی بنا ڈالی - اور ابتداء اس کی دونون قسمین ٹریجڈی (حسرت) اور کامڈی (خوشی) ڈوریا والون کی ریاستون پلاپونی تنس (جو مقام فی الحال موریا کے نام سے مشہور ہے) مین مروج تھین اور اسی وجہ سے آنیکا کی ٹریجڈی مین گانے والوں کی چوکیان جو ڈراما کی اصلی بنا تھین - ڈوریا والون ہی کی لغت مین لکھی جاتی تھین - یہین سے پتہ لگتا ہے کہ اہل اتھنس نے ڈراما کو ڈوریا والون ہی سے لیا تھا -

ابتدائی عہد مین دونون مذکورہ اقسام ڈراما کی ایجادیون ہوئی کہ

انہیں کے ذریعے سے ڈایونی سس (شراب کے دیوتا) کی پرستش کی جاتی تھی اور دونوں میں ایسا فرق نہ تھا۔ جیسا آج ہے۔ بلکہ اس عہدہ فرق ایسا تھا کہ گانوں اور دیہاتوں میں ڈایونی سس کی پوجا کامڈی نے ذریعے سے کیجاتی تھی۔ اور شہروں میں ٹریجڈی کے ذریعے سے۔ مگر اس ٹریجڈی میں کوئی غم و حسرت کی بات نہ ہوتی تھی۔ ٹریجڈی میں ایک قسم کے ایکٹر بنا کرتے تھے جو ستائرس کہلاتے تھے۔ اور وہ بکریوں کی قطع اور وضع میں اسٹیج پر آکے ڈایونی سس کے بھجن گاتے تھے اور ناچتے تھے۔ اسکے خلاف کامڈی میں جو ایکٹر اسٹیج پر آتے تھے وہ مسخرہ پن کرتے تھے اور ہنستے ہنساتے تھے اور تماشا دیکھنے والوں پر پھبتیاں کستے اور آوازے کستے تھے۔ اسکے بعد دونوں قسم کے ڈراما کو تدریجاً ترقی ہوتے گئی۔

ٹریجڈی کو اُسوقت سے ترقی ہوئی جب سے اُس میں غزلیں گائی جانے لگیں ان غزلوں میں اکثر مضامین حسرت ہوتے تھے یعنی ڈایونی سس دیوتا کے مصائب کا دکھڑا رویا جاتا تھا۔ اور اسی وقت سے حسرت واندوہ کے خیالات ٹریجڈی کا جزو ررہی ہوگئے۔ غزلیں اس طرح گائی جاتی تھیں کہ پچاس آدمی اس کے ڈایونی سس کی قربان گاہ کے گرد کھڑے ہوتے تھے اور آوازیں ملاکر گاتے تھے۔ اس عہد کے بعد گارنتھ میں ایک شخص پیدا ہوا اریان اُس نے اُن غزلوں میں اور ترقی پیدا کی

ہوتے ہوتے وہ زمانہ آیا کہ پانی سس ٹرٹیس بادشاہ کے زمانے میں تھس پس نے اسی ڈراما کو ترقی دلانے میں ناموری حاصل کی۔ معمولی ایکٹر جو پیشتر سے معین چلے آتے تھے۔ اُنکے علاوہ تھس پس نے ایک نیا ایکٹر ایجاد کیا اور یہ طریقہ ہوگیا کہ تین ٹریجیڈیاں ایک ہی عرض سے کیجاتی تھیں اور اُنکے بعد ایک نقل ہوتی تھی۔ اور ڈراما انھیں اصول پر چلا آتا تھا۔ یہاں تک کہ قبل مسیح ۵۲۵ میں اسکیلس پیدا ہوا۔ اس شخص نے ڈراما میں بہت زیادہ ترمیم کی اور اُس نے گویا ڈراما کی ایجادہ کا وصف دوریا والوں سے چھین کے انتھنس والوں کو دیدیا۔ اسکیلس اتھینس کی ٹریجڈی کا موجد مانا گیا ہے۔ اس نے

اول تو تھس پس کی طرح ایک نیا ایکٹر اضافہ کیا - علاوہ برین ڈراما کی حیثیت کذائی جو آج ہمین نظر آتی ہے یہ اسکیلس ہی کی ایجاد ہے - اس لیئے کہ رنگ آمیز پردے اور ایکٹرون کا بیش قیمت اور فوق البشر لباس اُسی کی ایجاد ہے - جسکی وجہ سے ڈراما مین رونق کے علاوہ اثر کو بہت کچھ ترقی ہوگئی - پھر حضرت مسیح سے ۴۹۵ برس پہلے سفاکلیز پیدا ہوا - اس نے بھی اپنی یادگار مین ایک ایکٹر اور بڑھایا اور گویا یونانی ڈراما کی تکمیل کردی - قبل مسیح ۴۸۰ مین پوری پائنڈیز پیدا ہوا تھا - اُسنے مذہب اور پوجا کے اغراض سے عام کرکے ڈراما میں اخلاقی معاملات شامل کئے تھے - جس سے بیان کیا جاتا ہے کہ ڈراما خراب ہوگیا تھا - مگر اتنا ضرور ہوا کہ جذبات اور اثر کو بہت کچھ ترقی ہوگئی -

یہ نوٹر یجڈی کا حال تھا - اب کامڈی کا حال سنئے - قدیم کامڈی کو ابتداءً کریٹینس نے ترقی دلائی جس نے شاہ پری سیس کے زمانے میں شہرت پائی تھی اسکے بعد آرسٹونی نیز نے جو کامڈیان مرتب کیں تھیں وہ یا پولیٹکل تھیں - اور ان کے ذریعے سے ممتاز اور سربرآوردہ لوگون کی نقلین کی جاتی تھیں - جن میں ظرافت کا بہت زیادہ حصّہ ہوتا تھا - یونان کے عہد وسطیٰ مین جو کامڈی مروج تھی - اس میں گانے والون کی چوکیان مدار دکردی گئیں تھین اور شخصی نقلین بھی اڑادی گئی تھیں - یونانی کامڈی اسی وضع پر رہی اور یونان کے عروج کا زمانہ آخر ہوگیا - یہاں تک کہ فل من (جو ۳۶۰ برس قبل مسیح پیدا ہو تھا) اور من اینڈر (جو قبل مسیح ۳۴۲ میں پیدا ہوا تھا) ترقی کے اسٹیج پر نظر آئے - ان میں پچھلا شخص مقدونیہ کے زمانہ عروج کا بہت بڑا نامور شخص تھا - ان دونون نے مضر سلطنت سمجھ کے ڈراما میں پولیٹکل واقعات دکھانا ممنوع کردیا -

اس کے بعد رومیون کا دور شروع ہوا - چونکہ اُنھون نے اپنی ترقی کی بنا یونانی تہذیب کے کھنڈرون پر قائم کی تھی لہذا ڈراما ان مین بھی مروج ہوا - اور انکی بُت پرستی اور دیوتاؤن کی پرستش میں برابر کام آتا رہا -

رومی اور یونانی لوگون کے علاوہ ادھر ہندوؤں کو دعوے ہے کہ ہمنے اپنے زمانہ عروج مین ڈراما کو بھی بہت کچھ ترقی دلائی تھی اور بیشک یہ دعوے صحیح ہے

ہندوؤن کی مذہبی تقریبون مین اب بھی ہمین اُن ڈرامون کے بگڑے ہوے سین کبھی کبھی نظر آجاتے ہین - دسہرے مین رام لیلا اور بعض موقعون پر کرشن لیلا دیکھ کے ہم سمجھ جاتے ہین کہ ہندوؤن کو قدیم عہد مین ڈراما کا ضرور شوق تھا - بعض مورخین نے تو ڈراما کا موجد ہندوون ہی کو قرار دیا ہے - جو بیان کرتے ہین کہ بہت قدیم زمانے مین جبکہ ہندوستان اپنے تمام رسوم کے اعتبار سے وید کی پابندی کرتا تھا اور پورانو کے اجتہاد اور ریفارم نہین ظاہر ہوے تھے اُس عہد مین سادی سادی نقلین جن مین زبان سے کچھ نہین کہا جاتا اور صرف اشارون سے مافی الضمیر ظاہر کیا جاتا ہے ہندوستان مین مروج تھین - اور انھین نقلون سے ڈراما نکلا ہے - سنسکرت مین بعض ناٹک موجود ہین لیکن انکی تصنیف یونان کے زمانۂ ترقی کے بعد ہوئی ہے - ہندوستان کی اس مقدس زبان مین ڈراما کے متعلق جتنے تصانیف ہیں سب ایک سو برس قبل مسیح سے لیکے آٹھوین صدی عیسوی تک لکھے گئے - اس سے پیشتر ہندوستان مین کسی ڈراما کا پتہ نہین لگتا - گو اصول ڈراما یا اسباب ظہور ڈراما بہت پہلے پائے گئے ہون - سنسکرت ناٹک (ڈراما) کا بہت بڑا باکمال موجد کالی داس شاعر ہے - اور یہی پہلا شخص ہے جس نے سنسکرت مین پہلے پہل ڈراما لکھے - اُس کا نہایت مشہور ڈراما سکنتلا ناٹک ہے - اس مین دربار وغیرہ کے سین نہایت عمدہ دکھائے گئے ہین - کالی داس حضرت مسیح سے ۵۷ برس قبل اُجین کے مشہور علم دوست راجہ بکرماجیت کے ممتاز مشیرون مین تھا -

سنسکرت کے ناٹکون مین مرچھ کٹک (کھلونا گاڑی) بھی قیمتی اور قابل قدر ہے جو دس حصّون پر تقسیم کیا گیا ہے - اس کے علاوہ سنسکرت کا ایک اور ڈراما ہے - نل دمنتی (شاہین جواری اور وفادار بیوی) اس ناٹک کی بھی نہایت قدر کی گئی اور زمانے نے اسکو بہت زیادہ شہرت دی - خصوصاً اس وجہ سے کہ فارسی کے معجزبیان اور فاضل شاعر فیضی فیاضی نے اس کا ترجمہ نظم فارسی مین اس خوبصورتی اور عمدگی سے اور ایسے شاندار الفاظ مین کیا کہ تمام فارسی مثنویان اُسکے سامنے دب گئین -

باوجود ان سب قصون کے اس امر کے خیال کر لینے کا نہایت آسان

موقع ہے کہ ہندوؤن نے بھی ناٹک کی بنا ابتداءً مذہبی پیرائے ہی سے کی ہوگی۔ اس لیے کہ رام لیلا اور کرشن لیلا جو ہندوون کے قدیم مذہبی کھیل بلکہ ذرائع عبادت ہین یقیناً انکی بنا کالیداس اور دیگر شعرا سے پہلے پڑی ہے۔ کالی داس اور جن شاعرون نے جو کچھ لکھا ہے اگرچہ اُسکے پلاٹ مصنفون کی ذہانت کے شاہد ہین مگر ماخذ سب کا وہی مذہبی ڈراما ہین جو ہندوون کی عبادت مین داخل تھے۔ اور جن کے ذریعے سے قدیم نامورون کی زندہ مورتین بناکے ہند مین پرستش کی جاتی تھی

رومیون نے بھی ڈراما کو یونانیون سے سیکھ کے اپنی بت پرستی رسوم مین شامل کرلیا تھا اور ایطالیہ مین بھی حضرت مسیح سے پہلے یہ ڈراما بتون کی عبادت کا کام دیتے تھے۔ بہرحال اس مین کوئی شک نہین کہ ڈراما کی ایجاد جہان کہین ہوئی ہو خواہ یورپ مین یا ایشیا مین لیکن اُس کی بانی بت پرست قومین اور اسکی غرض بت پرستی تھی۔

ان قدیم عہد کی ترقی یافتہ قومون اور موجودہ یورپ کے درمیان مین صرف ایک مسلمان تھے۔ جنھون نے پہلی قومون سے اصول ترقی کو حاصل کیا تھا۔ لیکن مسلمانون کے خیالات ہر عصر اور ہر عہد مین دین کے تابع اور پابند رہے۔ نیز اُس وقت جب وہ تلوارین ہاتھ مین لیے فتوحات کا سیلاب بہا رہے تھے۔ اور نیز اُسوقت جب وہ علوم کو اپنی مذہبی زبان مین لا رہے تھے اور ترقی وتہذیب کے دریاؤن کی شناوری مین مشغول تھے۔ اُس حالت مین بھی جب وہ مفلس اور محتاج تھے اور اُس حالت مین بھی جب وہ دولتمند تھے اور عیش وعشرت کے جام اطمینان کے ساتھ نوش کر رہے تھے۔ اُنھون نے کسی وقت اور کسی حالت مین دین کو نہ چھوڑا۔ لہذا یونانیون اور اپنے سے پہلی تمام ترقی یافتہ قومون سے اُنھون نے جو کچھ حاصل کیا وہ وہی تھا جو دین اسلام کے خلاف نہ تھا۔ مصوری اگرچہ ایک عمدہ اور دلچسپ فن تھا انھون نے اُسکو بالکل چھوڑ دیا۔ موسیقی جو بت پرستون کے عبادات مین داخل تھی اور جو بت پرستوں ہی کی تقلید مین اب چرچ آرگن (گرجے کا باجا) اور ہوشون کی تانون کے پیرائے مین نمودار ہوئی ہے اُس کی طرف بھی مسلمانون نے توجہ نہین کی۔ محض اس لیے کہ اُنکے ہادی

برحق نے انھین اس فن سے قطعاً روک دیا تھا -

بخلاف عیسائیون کے جنھون نے شریعتِ عیسوی کی کبھی قدر نہین کی اور ہمیشہ انکے اعتقادات مین بت پرستون کی رسمین حضرت مسیح کی تعلیمات پر غالب آگئین - خود آنحضرت صلعم کے عہد مین عیسائیون نے اپنے کلیساؤن کو بتخانون کی نقل بنا دیا تھا - جس طرح منروا کی مورت ایتھنس کے بڑے مندر مین تھی - اور جس طرح رادھکا جی کی مورت ہندوؤن کے اکثر دیوہرون مین ہوتی ہے اُسی طرح حضرت مریم کی مورت اُنکے کلیساؤن مین تھی یورپ کے مسیحیون نے ترقی یافتہ غیر قومون کی کوئی لغویات نہ تھی جو نہ حاصل کرلی - اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ یونانیون اور رومیون کی دیومالی جس پر اُنکے کفر اور بت پرستی کی بنا تھی اُسکو بھی مسیحیون نے نہ چھوڑا - ایلیڈ اور آڈسی ہومر (جو اصل مین یونانیون کا ویدیکی ہے) کے تصانیف بھی آج مسیحی دنیا کے قیمتی ہی نہین واجب التعظیم شے ہین - لندن کے بازارون مین جوکی جو یونانیون کا دیوتا ہے آج قسمین کھائی جاتی ہین -

بیشک مسیحیون اور مسلمانون مین یہ بڑا تبین اور قابل غور فرق ہے کہ پہلون کا مسلک ما قال (کیا کہا) تھا اور آخر الذکر فریق کا مسلک صرف تقلیدی طور پر من قابل (کس کا قول ہے) رہا - خود پیغمبر عرب (بابی انت وامی یارسول اللہ) نے باوجودیکہ مشرکین کے رسوم کے مقابلے مین ہمیشہ اہل کتاب کی رسمون کو ترجیح دی لیکن اہل کتاب کی بھی لغو اور شہرت پسندی کی باتین ہمیشہ چھوڑ دین - جو بلی جو یہودیون کی لغو رسم تھی اور جس سے اُن کا بہت بڑا اوچھاپن ظاہر ہوتا تھا اُسکا نام بھی مسلمانون مین مروج نہ تھا مگر یورپ کے مسیحیون مین یہان تک مروج ہوئی کہ خود روم کے بعض پوپون کی جوبلی یورپ کی تاریخ مین موجود ہے -

جس طرح یہ سب باتین یورپ کے مسیحیون نے لین اُسی طرح ڈراما کو بھی انگلستان کے مسیحیون نے علمی نہین خاص مذہبی حیثیت مین یونانیون اور رومیون سے حاصل کرلیا - حالانکہ مسلمانون نے اُسکی طرف توجہ بھی نہین کی تھی -

یورپ کی تاریخ بتا رہی ہے کہ مسٹری یعنی راز کی باتون اور خون ریزی کے واقعات کے تماشے ایڈورڈ (بادشاہ انگلستان) کے عہد سے مدتون تک انگلستان

کے گرجوں [illegible] ان پر برابر نظر آیا کرتے تھے - اور اُنکے ذریعے سے عموماً انجیل کے قصے دکھائے جاتے تھے - اور تسلیم کر لیا گیا تھا کہ مذہبی تاریخ بتانے کا یہ نہایت [illegible] جس سے صریحاً ثابت ہوگیا کہ ڈراما کو ابتداءً انگلستان کی علمی سوسائٹی نے نہین بلکہ مذہبی مقدس گروہ نے لیا تھا - انگلستان کے ان پہلے ڈراموں مین پھر اتنا تغیر ہوا کہ اخلاقی معاملات پر اثر ڈالنے کے لیے الیگری کا رواج ہوا - الیگری یہ چیز ہے کہ خاص قوتین جو محسوس چیزین نہین ہین وہ استعارۃً مشخص کرلی جائین اور کوئی ایکٹر اُن کا بہروپ بھرے - مثلاً ایک شخص وفا کے نام سے نامزد کیا جائے - اور ایک دغا کے نام سے - اور دونون کی رفتار علٰحدہ علٰحدہ دکھائی جائے - ان الیگری ڈراموں مین پنچ اور مذاق کی باتین زیادہ ہوتی تھین - سب سے پہلے اس قسم کا ڈراما آٹھوین ہنری کے عہد مین نکولس یوڈل نے تصنیف کیا جو آخر مین وسٹ منسٹر اسکول کا ماسٹر تھا - یہ ڈراما کامڈی تھا اور "رالف رائسٹر ڈائسٹر" کے نام سے نامزد تھا - ممدوح ماسٹر صاحب نے یہ ڈراما لکھ کے اپنے شاگردون کو دیا کہ وہ بہروپ بھر بھر کے اُس کا تماشا دکھائین - جسکے ذریعے سے لنڈن کے بہادرون اور عام باشندون کا طرز تمدن نظر آسکتا تھا - ملکہ ایلزبتھ کے زمانے مین ڈراما کا ذوق لوگون کے دل مین بڑھ گیا - اور اُسی زمانے مین تھیٹر کی عمارتین قائم ہوئین - اور اصول ڈراما کی تعلیم کا ایک اسکول بھی تیار ہوگیا - اس عہد کے تعلیم پائے ہوے لوگون مین سے بعض لوگون نے اصول ڈراما مین بہت کچھ وقعت اور شہرت حاصل کی مگر آخر شیکسپیر کے آگے جو اسی عہد کا بلکہ انگریزون کے نزدیک تمام اگلے اور پچھلے عہدون مین ڈراما کا سب سے بڑا مصنف تھا - سب کی شہرت مٹ گئی - لنڈن کے محلے بنک سائڈ مین جو ملکہ ایلزبتھ کے عہد کا بہت بڑا تھیٹر مشہور بہ گلوب تھیٹر تھا - اور ۱۵۹۴ء مین قائم ہوا تھا اسکے مالکون مین ایک شیکسپیر بھی تھا - شیکسپیر نے انگلستان مین ڈراما کو بہت ترقی دلائی تھی - اور اُسکے بعد سے انگلستان کے اخلاق عموماً تھیٹرون کے ساتھ وابستہ ہوگئے - لیکن اس سے انگلستان کے اخلاق کو سخت ضرر پہونچا - انگلستان کی یہ اخلاقی خرابیان ہماری ہی نظر مین نہ تھین بلکہ خود انگلستان نے بعض اوقات

اس کا اعتراف کر لیا - چنانچہ کرامول کے عہد مین کامڈی کے ڈرامون کی سخت ممانعت کر دی گئی - اُس لیے نہین کہ اُن مین ظرافت اور مذاق نہ تھا بلکہ مجرد اس وجہ سے کہ انکی وجہ سے اخلاق پر بہت بُرا اثر پڑ گیا تھا اور سوسائٹی کی حالت نہایت ذلیل اور شرمناک ہو گئی تھی -

اگرچہ آج اہل انگلستان کو اپنی سوسائٹی کے نہایت اعلیٰ ترقی پر ہونے کا دعوے ہے لیکن دیکھنے والے سمجھ جاتے ہین کہ وہان کی تہذیب کیسی ہے - ڈراما کی دونون قسمین وہان آج مروج ہین - فی الحال کی کامڈی مین عموماً وہ عشق و شوق کی داستانین ہوتی ہین جن کا نتیجہ حسرت و غم اور مایوسی ہے - کامڈی کا یہ اثر صاف ظاہر ہے کہ واقعات عشق و محبت مین جیسی آزادی اور بزرگون کی مخالفت انگلستان کے نوجوان مردون اور عورتون مین ہے ویسی آزادی دنیا کے پردے پر اور کسی ملک مین نہین - جو لوگ انگلستان ہو آئے ہین اور نیز وہان کے حالات سے ظاہر ہو رہا ہے کہ دوشیزہ لڑکیان جس قدر وہان خراب ہو جاتی ہین اُس قدر اور کہین نہین خراب ہوتین - زنا جتنا وہان مروج ہے ویسا کہین ڈھونڈھے نہ ملے گا - وحشی اور ناتربیت یافتہ بلکہ جنگلی لوگون مین عصمت و عفت ہے اور نہین ہے تو اُس تربیت یافتہ اور مدعی تہذیب قوم مین - یہ تو کامڈی کا اثر تھا - اب ٹریجڈی کا حال سُنیے - خودکشی جو ہر مذہب اور ہر فلسفی کی نظر مین انتہا سے زیادہ نالائق بزدلی اور بدنام کرنیوالی چیز ہے وہ انگلستان مین دنیا کی اکثر قومون سے زیادہ مروج ہے - خودکشی کے جیسے نئے اور عجیب و غریب حادثے انگلستان مین ظاہر ہوے ہین ویسے اور کہین نہین ظاہر ہوے - بلکہ اسی مین وہان ہر خود اپنی جان دینے والا ایک نئی جدت دکھا کے دنیا سے رخصت ہوتا ہے - یہ ظالم بدخلقی صرف ٹریجڈی سے نمایان ہوئی ہے - ٹریجڈی نوجوانون کے دل مین اُس ناموری کی موت کا شوق پیدا کر دیتی ہے جو کسی ناکام اور مایوس عاشق کو نصیب ہوئی تھی اور تھیٹر کے اسٹیج پر نظر آئی - یہ فائدے ہین جو انگلستان نے اور اسکے ساتھ یورپ کی دوسری تربیت یافتہ قومون نے تھیٹر سے حاصل کیے - اور یہ وہ ناموریان ہین جو مغرب زمین کو ڈراما کی بدولت نصیب ہوئین - کیا اسکے بعد بھی کوئی کہہ سکتا ہے

کہ ڈراما کوئی عمدہ چیز ہے؟ سچی اور نہایت ہی حق پر ہے شریعت اسلامیہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ) جو بتاتی ہے کہ تمام اس قسم کی لغو چیزین اور کل بیہودہ کھیل ناجائز اور خدا کو۔ اُس خلاق عالم کو نہایت ناپسند ہین۔

افسوس! اور صد ہزار افسوس!! کہ وہی پیغمبر برحق۔ وہی ہادی مطلق۔ جسنے ان لغو افعال کو حرام اور ناجائز بتایا۔ ایک چھچھورا نقال۔ ایک ذلیل ناچنے والا اُس کی صورت بن کے اسٹیج پر آئے! اُسکی زبان کٹ جائے اگر وہ ایسا دعوے کرے! وہ مقام دھنس جائے جہان اُسکے منحوس قدم آئین!

علاوہ برین اس ڈراما مین صرف اتنی ہی خرابی نہین کہ اُس مین ایک ذلیل شخص پیغمبر عرب کی صورت بن کے اسٹیج پر آئے گا۔ نہین بلکہ اسکے ساتھ ہمارے پیغمبر محمد صلعم کی توہین بھی کیجائے گی۔ وہ واقعات دکھائے جائینگے جنکی نہ کوئی اصلیت ہے اور نہ جنکو ذرا بھی محمد رسول اللہ صلعم کی شان سے کوئی مناسبت ہے

ابھی تک صاف صاف نہیں معلوم ہوا کہ اس ڈراما کا اصلی پارٹ کیا ہو مگر ہان جس قدر اشارۃً معلوم ہو سکا اُسکا ماحصل یہ ہے کہ ایک ایکٹر محمد صلعم بن کے آئے گا اور ایک ایکٹرس آن حضرت کی پیاری بی بی جناب عائشہ صدیقہ کا پارٹ کریگی۔ مصنوعی آن حضرت دعوی کرینگے کہ مین افضل الناس۔ افضل البشر بلکہ افضل الخلق ہون۔ عائشہ صدیقہ دعوی کرینگی کہ نہین یہ جوہر خاص جناب مسیح کا ہے۔ اور فضیلت کا تاج اُنھین کے سر پر ہے۔ آنحضرت مین اور جناب صدیقہ مین بہت دیر تک بحث ہوگی اور وہ بحث بہت طول کھینچے گی آنحضرت ہر پہلو سے اپنی فضیلت و فوقیت ثابت کرینگے۔ اور صدیقہ ہر پہلو سے اس کی تردید کر دینگی۔ آخر وہ فرضی آن حضرت صاحب ہر امر مین عاجز آکر خودکشی کر لینگے اور اس ٹریجڈی کی حیثیت سے یہ ڈراما تمام ہوگا۔

یہ مضمون ابھی ناتمام ہے۔ باقی حصہ دسمبر کے پرچے مین شائع ہوگا۔ اس وجہ سے یہ مضمون دو نمبرون پر تقسیم کر دیا گیا۔ پہلا نمبر ہم یہیں پر تمام کرتے ہین۔ دوسرا نمبر ناظرین آیندہ دیکھینگے۔

بعض مسیحیون نے یہ اعتراض کیا ہے کہ "اہل اسلام بزرگان دین کا ڈراما بحیثیتِ مذہب دکھایا کرتے ہین"۔ زیادہ ضرورت ہے کہ اس امر پر ہم ذرا تفصیل سے بحث کرین۔ مسلمانون مین دو بہت بڑے فریق ہین۔ ایک سُنّی (یعنی پابندانِ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم) دوسرے شیعہ (یعنی محبان اہلبیت رسالت علیہم السلام) اسلام کی ایک پولیٹکل نزاع نے یہ دونون گروہ پیدا کیے۔ ان دونون مین وہ جھگڑا ایک جزئی امر پر مبنی تھا۔ روز افزون تعصّبات کی وجہ سے بڑھتا گیا۔ اور بڑھتے بڑھتے اس درجے کو پہونچا۔ کہ ہزارہا علما تہ تیغ ہوئے۔ ہزارہا مدارس و معابد مین آگ لگی اور صدہا شہر تباہ و برباد ہوئے۔ خلاصہ یہ کہ اسلام کی موجودہ تباہیون کا اصلی سبب یہی اختلاف تھا۔ گو کہ اسلام مین اور بھی فرقے ہین مگر زیادہ صاحب اثر یہی دو فرقے ہین۔ ایک تیسرا فرقہ اس عہد مین جدید نظر آتا ہے جو وہابی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اصل مین یہ فرقہ جدید نہین ہے۔ ہر عہد مین ایسے لوگ موجود تھے جنھون نے اسلام مین سے پیدا ہو جانے والے رسوم کو سرگرمی سے مٹانا چاہا۔ اور کوشش کی کہ اسلام اپنی قدیم اصلی حالت پر کھنچ جائے۔ گذشتہ اسلامی سلطنتون نے ایسے لوگون کو کبھی اُبھرنے نہ دیا۔ اور اسی وجہ سے اُن عہود سابقہ مین اس فرقے کے عقائد مخفی خیالات کی حیثیت سے کسی خاص شخص کے سینے مین مخفی رہے۔ جو زیادہ ہم خیال رہنے کی وجہ سے اپنے عقائد کو دل ہی مین چھپاتے رہے۔ اور اگر کسی نے ظاہر بھی کیا تو مخالف پولیٹکل قوتون کے خوف سے کوئی اور شخص اُس کا ہم خیال نہ ہو سکا۔ انگریزی دَور نے آزادی دی اور اسی کا یہ نتیجہ ہوا کہ وہ خیالات یک بیک اُبھر پڑے۔ اور اب روز افزون غلبہ حاصل کرتے جاتے ہین۔ یہان تک کہ اسلام مین ایک جدید قومی فرقہ پیدا ہو گیا۔

ان تینون فرقون مین اہل حدیث لوگ جنھون نے متعصب دشمنون کی طرف سے وہابی کا خطاب پایا ہے وہ تو اُن تمام باتون کے مخالف ہی نہین دشمن ہین جو اسلام کے زمانۂ ابتدائی مین نہ پائی گئی ہون۔ اُن سے یہ اُمید رکھنا کہ وہ کوئی ایسی کارروائی جائز رکھین جو ڈراما کی قسم سے ہو، بڑی غلطی ہے۔ باقی رہے عام اہل سنت اور امام اثنا عشریہ جو عرف عام مین شیعہ کے لفظ سے مشہور ہین۔ جہان تک ہماری واقفیت

ہے دونون مین سے کوئی فریق بھی کسی ایسی کارروائی کو جسکے ذریعے سے بزرگان دین کے واقعات کی نقل دکھانا مقصود ہو جائز نہین سمجھتا - ایسے امور کی اجازت سے دونون معتبر و مستند کتابین خالی ہین - اگر کسی کو شک ہو تو دونون مذہبون کے علما سے بذریعۂ استفتا دریافت کرلے -

باقی رہی تعزیہ داری - جو واقعی ایک قسم کا ڈراما ہے اور جسکے موجد سُنی ہین اور حامی شیعہ خیال کیئے جاتے ہین - اول تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ تعزیہ داری کی ایجاد کیون اور کیونکر ہوئی - سارا زمانہ جانتا ہے کہ پیغمبر آخر الزمان - اُس نبی برحق، اُس شفیع المذنبین کے چھوٹے نواسے کو یزید بن معاویہ کی فرمان بردار اہل کوفہ نے غدر و فریب کے ہجرت کے ساٹھ برس بعد ارض کربلا مین شہید کیا تھا - اس شہادت سے اسلام کو ایک ایسا سخت صدمہ پہونچا جو اُسے ہمیشہ یاد رہے گا - اور جسکو یاد کرکے مسلمان اگر مسلمان ہین تو ہمیشہ روئین گے - یہ غم چاہے کتنا بڑا ہو مگر سچ یہ ہے کہ اُس عہد مین جزو دین اور جزوِ ایمان نہین خیال کیا گیا تھا - مسلمانون کو اگر صدمہ ہوا تو اسی قدر جتنا کسی قوم کو ایک عہد کے سب سے بڑے نامور اور مقتدا کے مارے جانے کا غم ہو لیکن جو جو زمانہ گذرتا گیا یہ غم زیادہ باعث درد و الم خیال کیا جانے لگا - ایک طرف سُنی یعنی متبعین سنت کے خیالات مین یہ غم ہمیشہ ایسا ہی سمجھا گیا جیسا کہ ابتدا مین خیال کیا گیا تھا - لیکن دوسری طرف یعنی متبعان اہل بیت نے اسکو جزو ایمان تسلیم کرلیا اور آخر الامر اُنکے خیال مین یہ غم عملاً عقائد اسلامیہ پر غالب آگیا -

اہل سنت مین بھی اکثر اوقات ایسے لوگ پیدا ہوے جو تمام عقائد مین تو پورے سُنی تھے لیکن حضرت امام حسین علیہ السلام کا غم اُنکو معمول سے زیادہ تھا - چنانچہ اسی قسم کے سُنیون مین تیمور لنگ تھا جو ہندوستان کے مغلیہ خاندان کا بانی ہے - اسکو حضرت سید الشہداء علیہ السلام سے نہایت محبت تھی - اُسی محبت نے یہ نتیجہ پیدا کیا کہ ہر وقت غم کے تازہ رکھنے کے لیے اُس نے روضۂ حضرت امام حسین کی ایک نقل بنوا کے رکھ لی جو اسلام مین ایک بالکل نئی مثال تھی - سُنیون نے اُسکو ایک معمولی امر خیال کیا لیکن شیعون نے جو محبت اہل بیت کے سب سے بڑے مدعی ہین اس رسم کو بڑی دلچسپی کے ساتھ اُٹھا لیا - تیمور مر گیا اور اُسکی یہ ایجاد شیعون مین رواج

پا گئی - جو زیادہ جدتون کے ساتھ آج تک اسلام کے اس فرقے مین تعزیہ داری کے نام سے مروج ہے - اور جس کی وجہ سے آج یورپ کے متعصبون کو اسلام کا ڈراما بنانے کے لیئے ایک سند ہاتھ لگی -

ہم اوپر بیان کر چکے ہین کہ شیعون کی مذہبی کتابین اس رسم کی بابت بالکل ساکت ہین - اور اسی وجہ سے اُنکے علما بھی اگرچہ خود تعزیہ داری کم کرتے ہین مگر اسکے جواز و عدم جواز مین ساکت نظر آتے ہین - مگر چاہے کچھ ہو اس سے عیسائیون کو کسی قسم کے استدلال کا موقع نہین مل سکتا -

اول تو یہ دیکھنا چاہیے کہ شیعہ تعزیہ داری مین کیا کارروائی کرتے ہین - وہ ایک عمگدے کا نقشہ بنا کے سامنے رکھتے ہین - چونکہ رسول اکرم کے نواسے کی طرف وہ منسوب ہے لہذا اُسکی تعظیم اور اُس کا ادب کرتے ہین - اُسکو دیکھ کے ایک اسلامی سب سے بڑی مصیبت کو یاد کرکے روتے ہین اور ثواب جنت کے مستحق ہوتے ہین - وہ کسی کی توہین نہین کرتے - کسی کے ساتھ تمسخر نہین کرتے - اور نہ اُس قسم کی کوئی بات ظاہر کرتے ہین جسکو ڈراما سے تعلق ہو -

دوسری بہت بڑی بات یہ ہے کہ وہ کسی شخص کی صورت اور تصویر نہین بناتے وہ تو ایک عمارت ایک مقبرے یا ایک تربت کی نقل بناتے ہین - وہ ہرگز پسند نہین کرتے کہ اس زمانے کا ایک فاسق و فاجر اُنکے سامنے آکے کھڑا ہو اور معاذ اللہ یہ زبان سے نکالے کہ "مین امام حسین ہون" اگر کوئی ایسا کہے تو اُسکو روکنے اُس کا منہ بند کرنے کے لیے شیعہ اُسی سرگرمی، اُسی طیش، اُسی غصے سے موجود ہو جائین گے جس سرگرمی سے اسوقت شیعہ اور سُنّی دونون اُس شخص کو جو محمد صلعم کا بہروپ بھر کے تھیٹر مین آئے ٹانگ کھینچ کے ذلت سے اسٹیج کے نیچے گرا دینا چاہتے ہین -

بیان کیا جاتا ہے کہ کربلا اور ایران مین کربلا کا ڈراما دکھایا جاتا ہے - شاید ایسا ہو - لیکن ہمارے نزدیک اُن لوگون پر یہ بہت بڑی تہمت ہے - اگر کسی حالت کے پُرجوش دور مین دکھایا گیا ہو تو اور بات ہے مگر بحیثیت مذہب اگر آج کوئی شخص شیعہ مقدس مجتہدین کے سامنے کھڑا ہو کے یہ دعوے کرے کہ مین نے امام حسین علیہ السلام

کا بہروپ بھرا ہے تو شاید اُسکی تکفیر مین کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھا جائے گا - اور شیعون کی دنیا مین اُسکو کسی جگہ ٹھہرنے کا موقع نہ ملے گا -

یہ بھی دعوی کیا گیا ہے کہ بعض شیعہ اُن خلفا کی تصویرین بنا کے توہین کرتے ہین جو اُنکے خیال مین غاصب تھے - لیکن ایسا امر سوا عوام شیعہ کے خواص اور مہذب پارٹی کی جانب سے کبھی وقوع مین نہین آیا - جو لوگ ایسے امور کے مرتکب ہوے اور جنھون نے ایسے رسوم کو جائز رکھا وہ شیعون کی سوسائٹی مین کبھی قدر کی نگاہون سے نہین دیکھے گئے - علاوہ برین سب سے زیادہ غور طلب یہ امر ہے کہ جب کبھی جن لوگون نے ایسی کارروائیان کین اُن کا نتیجہ کیا ہوا؟ نتیجہ یہ ہوا کہ بلوے ہوے - فوجداریاں ہوئین - خون کے سیلاب بہے - سُنیون اور شیعون کی طرف سے خونریز مذاق کے لوگ اُٹھے اور اُنھون نے کوئی امر بد انتظامی اور بے امنی کا نہ تھا جو اُٹھا رکھا ہو - ہزارہا عورتون کی بے عزتی ہوئی - صدہا خاندان برباد ہو گئین - بہت سے بچے یتیم - اور بہت سے باپ لاولد ہوے - مدارس مین آگ لگائی گئی مسجدین مسمار کی گئین - کتابین دریا مین غرق ہوئین - قبرین کھود کھود کے لاشین نکال لی گئین اور اُنکی بے عزتی و توہین مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا گیا - کلیسا کی تاریخ کی طرح مسلمانون کی تاریخ مین قتل و خونریزی اگر پیدا ہوئی تو انھین اسباب کی وجہ سے - اور انھین خیالات کی بنا پر -

تو کیا یہ پسند ہے اور گوارا ہے یا انگریزی دور مین اُن قدیمی تعصبات کا پُرجوش اور پُرخروش سین دیکھنا مقصود ہے جو کوشش کیجاتی ہے کہ تھیٹر کے اسٹیج پر پیغمبر عرب کی توہین کیجائے اور اسلام کے تمام فرقے آپس مین اتفاق کرکے وہی فساد اور وہی آفت پیدا کردین جو پہلے آپس میں پیدا کیا کرتے تھے ؟ اور کیا گورنمنٹ جو پبلک بد تمیزیون کو نفرت کی نگاہ سے نہین دیکھتی ہے بلکہ اُنکے نام سے ڈرتی ہے ایسی کارروائیون کو جائز رکھے گی ؟

اس مین کوئی شک نہین کہ قدیم زمانے مین تعصبات بہت بڑھے ہوے تھے - اور اُن دنون ایک مذہب کے تبع دوسرے مذہب کی توہین کے لیے نئے اصول اور طریقے ایجاد کیا کرتے تھے - اُنھون نے جو کچھ کیا اُسکو اُس عہد کی پُرشور دنیا پبلک نے

دلچسپی کے ساتھ قبول کر لیا۔ علیٰ ہذا القیاس دوسرے مذہب والون نے اُس کا بدلہ لینے کے لیے بھی ویسی ہی کارروائیان کین اور اپنے ہاتھ پاون اور اپنے جوش و خروش سے کام لے کے اپنا کلیجا ٹھنڈا کر لیا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ زمانۂ سابق کی گورنمنٹون نے دو اصول معین کیے تھے۔ ایک جو سب سے مقدم تھا وہ یہ کہ غیر باشندون کے حملے روکنے کی قوت ترقی کے ساتھ قائم کی جائے۔ دوسرے یہ کہ سلطنت اپنی مالگذاری رعایا سے وصول کرلے۔ اسکی طرف بہت کم توجہ کی جاتی تھی کہ رعایا کے حقوق کی حفاظت اور حمایت گورنمنٹ کرے۔ اور اس سبب سے اکثر ایسا ہوتا رہتا تھا کہ کہ دو مذہبون مین لڑائی ہوئی اور گورنمنٹ نے اُسکے فرو کرنے کی کوشش نہ کی۔ دونون طرف کے لوگون نے خوب جی کھول کے اپنے دلون کا بخار نکال لیا۔ لہذا اُس زمانے مین اگر گورنمنٹ ایسی کارروائیون کو روکتی نہ تھی تو اُن لوگون کو جو اپنی مذہبی توہین کا انتقام لینا چاہتے تھے اپنے اسلحہ اور اپنی قوت سے کام لینے کا بھی پورا موقع دیتی تھی۔ ہمارے وہ دوست جو اس وقت اس قسم کی باتون کے لئے گذشتہ توہین مذہبی کرنے والی کارروائیون کو بطور حجت پیش کرتے ہین وہ بخوبی سمجھ لین گے کہ اگر گورنمنٹ اُنکو اجازت دیگی اور نبی برحق پیغمبر عرب صلعم کا بہروپ بھرنے کا موقع دیگی تو لازمی طور پر گورنمنٹ کا یہ بھی فرض ہو جائے گا کہ مسلمانون کو بھی انتقام لینے اور اُس منحوس تھیٹر مین آگ لگا دینے کا حق دے۔ اور اگر حق نہ دے تو شاید مسلمانون کے دل کا جوش اور اپنی توہین مذہبی کا انتقام لینے کا جنون دل مین ایسی اُمس پیدا کرے گا کہ دل بے اختیار ہو جائے گا۔ اور شاید گورنمنٹ کو اپنا انتظام متعلقہ امن و امان قائم رکھنے مین کسی قدر دقتین لاحق ہونگی۔

بالفرض شیعہ بلکہ ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہین کہ تمام مسلمان اپنے مذہبی معاملات کو ڈراما کی حیثیت سے بنا کے دکھایا کرتے ہین لیکن پورے مراتب تعظیم و تکریم کے ساتھ۔ یہ نہین ہوتا کہ ہم کسی کے مذہبی مقتداؤن کی اپنے ڈراما مین توہین کرتے ہون۔ ہمارے دوست ہندو رام چندر جی اور سری کرشن جی کے ڈرامے بڑی آداب کے ساتھ دکھاتے ہین لیکن اُنکے ویسی اسٹیجون پر نہ کوئی موسیٰ آتا ہے نہ کوئی عیسیٰ آتا ہے اور نہ کسی محمد کی صورت نظر آتی ہے اور نہ اُس کی توہین کیجاتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس ہمارے

شیعون کے ڈراما مین مظلوم سید الشہدا علیہ السلام کی مصائب دکھائے جاتے ہین۔ نہ وہ مریم بتول کو بے عزتی کی وضع مین نکالتے ہین اور نہ کسی اور عیسائی پیشوا کی وضع مین کسی کو لاکے ذلیل کرتے ہین۔ ہمارا ڈراما اپنا دُکھڑا رونے کے لیے ہوتا ہے۔ ہم اورون کی توہین کرنے سے کوئی غرض اور کوئی مطلب نہیں رکھتے۔

جب ہمارے یہ خیالات ہین تو ہم کیونکر دیکھ سکتے ہیں نہین۔ کیونکر سُن سکتے ہین کہ کوئی اور بیہودہ شخص ہمارے مذہبی مقتداؤن کی توہین کرے۔ جہان تک ہمارا دسترس ہوگا ہم اُسکو روکین گے۔ اُسکی ناجائز اور بیہودہ اور لغو خواہشون کو پوری ذلت کے ساتھ خاک مین ملانے پر آمادہ ہونگے اور ہرگز موقع نہ دین گے کہ دنیا بھر مین کوئی شخص ایسے تعصبات کا ظاہر کرنے والا نظر آئے۔

انگلستان کے پولیٹیکل تعلقات زیادہ تر مسلمانون ہی کے ساتھ ہین۔ ہندوستان مین مسلمانون کی بہت زیادہ آبادی ہے۔ افغانستان اُسکی حمایت مین اپنے تئین سینہ سپر ثابت کر رہا ہے۔ ایران مین روس کے مقابل مین اپنی پالیسیون کے کامیاب کرنے کی ابھی اُسے بہت ضرورت ہے۔ ترکون سے اسکے تعلقات قدیم سے چلے آتے ہین اور اب تک انگلستان ترکون کا ہمدرد ہے۔ اسکے علاوہ بھی پالیسیون کا ایک بہت بڑا میدان افریقہ ہے۔ جس مین انگلش گورنمنٹ کو ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔ اُسے مصر کو اپنے موافق کرنا ہے۔ زنجبار کو اپنا مطیع بنانا ہے۔ اور سب سے بڑی بات جسکی تکمیل مسلمانون ہی کی یاری اور اعانت سے ہوسکتی ہے وہ بردہ فروشی ہے۔ انسداد بردہ فروشی کے لیے انگلستان بڑی بڑی کوششین کر رہا ہے وہ چاہتا ہے کہ یہ ظالم رسم دنیا سے اُٹھ جائے۔ اور سب سے بدتر تجارت انسانی کو دنیا مین زوال ہو۔ اس تجارت کے حامی اسوقت مسلمان ہی ہین۔ اور اسی وجہ سے افریقہ مین اکثر انگلستان کے خلاف جوش و خروش پیدا ہو جاتا ہے۔ عربی پاشا کا جوش، مہدی کی فوج کشیان ان سب کی اصلی بنا انسداد بردہ فروشی تھی۔ انگلستان اپنی دھمکیون سے اور اپنی فوجی قوت دکھا کے تمام بازارہاے بردہ فروشی واقع افریقہ کو بند نہین کرا سکتا۔ ہان اگر وہ بند کرا سکتا ہے تو اسی طرح کہ انگلستان کی انسانیت اُن لوگون کے ذہن مین مرتکز ہو جائے جو بردہ فروشی کے حامی ہیں

اور انکو یقین آجائے کہ انگلستان مین کوئی تعصب اور کسی قسم کی بدنیتی نہین ہے۔ وہی سب لوگ جو اب بڑی مصیبتون سے راضی کیے گئے ہین کہ انگلستان کی صلاح نیک پر عمل کرین۔ جب یہ سنین گے کہ انگلستان کے دارالسلطنت کے تھیٹر مین ڈراما کے ذریعے سے محمد صلعم کی توہین کی جاتی ہے تو کیا کہین گے؟ اور خود انگلستان بھی سمجھ سکتا ہے کہ برٹش پالیسی کو کتنا بڑا ضرر پہونچ جائے گا۔

بیشک ملکۂ معظمہ نے نہایت عمدہ کارروائی کی جو اُس ڈراما کو موقوف کرادیا۔ اور اگر خدانخواستہ ایسا امر وقوع مین آجاتا تو انگلستان کو بارہ کروڑ مسلمانون کی دل آزاری سے جن مین بیشتر جنگجو خود مختار والیان ملک سلطان، شاہ، رئیس، اور عوام بھی شامل ہین ایسی صورت مین کہ جب وہ اس ڈراما پر نہایت شد و مد سے اعتراض کر چکے ہین بہت بڑا پولیٹیکل نقصان پہونچتا۔

عنقاء

عربی۔ فارسی۔ اور اُردو لٹریچر مین عنقاء کی بے انتہا شہرت ہے۔ وہ یک ایسا طائر ہے جو کبھی دنیا مین نہین دیکھا گیا صرف شعرا کے خیال مین رہتا ہے۔ متقدمین نے اسکے بہت کچھ حالات بھی لکھے ہین۔ مگر وہ سب عموماً اُن روایتون سے اخذ کیے گئے ہین جو انسانی تمدن کے بچپن اور میتھالوجی یعنی دیومالا کے زمانے کی ہین فی الحال عنقاء سے عموماً ہر ایسی چیز مراد لی جاتی ہے جو صرف وہم و گمان مین ہو مگر کبھی ظہور مین نہ آتی ہو۔

ہر ملک اور ہر قوم کی تاریخ کا ابتدائی اور اقتصامی زمانہ اُس کی دیومالا سمجھا جاتا ہے۔ جس مین عموماً ایسی باتین ہوتی ہین جو بعید از عقل اور انسان کے بچپن کے خیالات و اوہام کا نمونہ ہوتی ہین۔ ایک عجیب بات یہ ہے کہ ہر قوم کی دیومالا مین اِس قسم کا کوئی نہ کوئی جانور بیان کیا گیا ہے۔ ابتداءً اُسے دیوتاؤن کی ایسی وقعت دی گئی۔ بعد والون نے اُسکے وجود سے انکار تو نہین کیا مگر اُس کے طرح طرح کے حالات بیان کیے۔ اور کہا اُن مقامات مین رہتا ہے جہان انسان کا گذر نہین ہوتا۔ لیکن اب جبکہ محققین اور خاصۃً علم حیوانات کے

ماھرین نے ساری دُنیا چھان ڈالی تو سب کو تسلیم کر لینا پڑا کہ وہ محض ایک خیالی چڑیا ہے جسے خدا نے نہین بلکہ قدما کے وہم و گمان نے پیدا کیا تھا۔

غور طلب یہ ہے کہ عنقاء کا خیال اصل مین عربون کا ایجاد کیا ہوا ہے یا اِسے اُنھون نے کسی قوم سے اخذ کیا؟ اگر خود لفظ کو دیکھا جائے تو "عنقاء" کا لفظ خالص عربی ہے۔ اور کسی عجمی زبان سے نہین لیا گیا ہے۔ عربی مین "عنق" گردن کو کہتے ہین۔ اور حیوٰۃ الحیوان مین دمیری شافعی نے عنقاء کی وجہ تسمیہ دو باتین بتائی ہین۔ ایک یہ کہ عربون کے خیال کے مطابق اِس عظیم الشان اور خیالی طائر کے گلے مین ایک سفید طوق سا بنا ہوتا ہے۔ اور دوسری یہ کہ اسکی گردن بہت لمبی ہوتی ہے۔ غرض انھین دونون مین سے کسی خیال کی بنیاد پر اس کا نام "عنقاء" قرار دیا گیا۔

لیکن یہ صرف نام کی بنا پر ہے۔ ورنہ یہ خیال اور اس قسم کا کوئی نہ کوئی طائر ہر قوم کی دیو مالا مین موجود ہے۔ قدیم مصریون نے اس قسم کے ایک خیالی طائر کی تصویرین اپنی عمارتون پر بنائین اور اُس کی بڑی بڑی عظیم الشان مورتین تراشی تھین۔ جس کا سر کہین آدمی کا سا کہین مینڈھے کا سا اور کہین عقاب کا بنایا تھا دھڑ شیر کا اور اُس مین عقاب کے ایسے دست و بازو لگائے تھے۔

اسی طرح نسروس نام ایک طائر کی صورت اہل بابل کی دیو مالا مین تھی جسے وہ اپنا ایک زبردست دیوتا خیال کرتے تھے۔ اُنکے مذاق مین نسروس کا دھڑ آدمی کا تھا۔ اور چونچ اور پر عقاب کے ایسے تھے۔ یونانیون اور رومیون کے عقائد مین بھی اسی قسم کا مجتمع الاضداد طائر موجود تھا جسے وہ گرِفون کہتے تھے۔ اُس کا دھڑ شیر کا اور چونچ اور بازو عقاب کے تھے۔ ہندوؤن کے اعتقاد مین بھی اسی قسم کا ایک زبردست طائر موجود ہے جسے وہ گرُڑ کہتے ہین۔ اُن کی دیو مالا مین اگرچہ اس طائر کے متعلق چوپاؤن یا انسان کا دھڑ تو نہین تجویز کیا گیا۔ مگر صرف عظمت و قوت کے لحاظ سے اُسے بہت کچھ ترقی دی گئی۔ بتایا گیا کہ سری کرشن جی مع تمام خاندان کے اُس پر سوار ہو کے سیر کرتے تھے۔ اور مہابھارت ملکے نامور سورما اُسی پر سوار ہو کے میدان رزم مین آئے تھے۔ اسکے ساتھ اُس کا یہ بھی روحانی

کمال بتایا گیا کہ اُڑتے وقت اُس کے پَرون سے مقدس وید کے اشلوک سُنے جاتے ہین۔ ایرانیون مین بھی سیمرغ موجود تھا جسنے رستم کے باپ زال کی پرورش کی تھی اور وقتاً فوقتاً رستم کی مدد کو آیا کرتا تھا۔

اس بات کا پتہ لگانا مشکل ہے کہ عربون مین اس وہمی طائر کا خیال کس قوم سے آیا۔ ظہور اسلام سے پیشتر اُن کا تمدن تین قومون کے خیالات کا مجموعہ تھا۔ اول عرب عاربہ جو آل قحطان کہلاتے تھے اور جن کا اصلی وطن ملک یمن تھا۔ اور دراصل یہی لوگ اصلی عرب تھے۔ دوسرے یہود جو حضرت اسماعیلؑ کے زمانے ہی سے یہان آنا شروع ہو گئے۔ جن سے اور قحطانیون کے امتزاج سے ایک نئی نسل پیدا ہوئی جو عرب مستعربہ کے نام سے مشہور تھی۔ اور اس گروہ کے قائم ہو جانے کے بعد بھی موسوی آداب و تمدن کا بہت کچھ اثر عربون پر پڑا ہوا تھا اور تیسرے ایرانی جو قدیم الایام سے اہل عرب کے ساتھ تعلقات رکھتے آئے تھے اور جن سے پیشتر اُنھین کے ملک یمن سے صابئین جو حقیقۃً قدیم بابلی مذہب کے پیرو تھے سارے عرب مین پھیل چکے تھے۔ ایرانیون اور صابئین مین کسی ایسے طائر کا خیال موجود ہونا خود اُن کی کتابون سے ثابت ہوتا ہے۔ یہود کے مسلمات مین بھی کوئی نہ کوئی ایسا طائر ضرور موجود ہوگا۔ اس لیے کہ گو اُن کی کتابون مین ڈھونڈھنے کی ہمین نوبت نہین آئی مگر عربی کہانیان جو اسرائیلی روایتون سے ماخوذ ہین اس کی شہادت دے رہی ہین۔ باقی رہے اصلی عرب اور قحطانی اُن کے زمانے کی کوئی کتاب یا تحریر موجود نہین ہے۔ مگر زیادہ تر قیاس اسی طرف جاتا ہے کہ عربون مین عنقاء کا خیال اُنھین لوگون سے شروع ہوا۔ اس لیے کہ عنقاء کے جتنے خالص عربی قصے کتب عربیہ مین نقل کیے گئے ہین سب ملک یمن اور صنعاء ہی سے علاقہ رکھتے ہین۔

اتنی تاریخی تنقید کے بعد اب ہمین بتانا چاہیے کہ اہل عرب کے نزدیک عنقاء کیا چیز ہے؟ اُس کی صورت کیسی ہے؟ اور وہ کب اور کہان پایا گیا؟ ربیع الابرار سے صاحب حیوٰۃ الحیوان نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے جو یقیناً بنی اسرائیل کی روایتون اور کہانیون سے ماخوذ ہے کہ "اللہ جل شانہ نے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے مین ایک چڑیا پیدا کی جس کا نام عنقا تھا۔ اسکے جسم مین چارون طرف چار بازو تھے۔ چہرہ آدمی کا سا تھا۔ اور خدا نے اُسے ہر چیز مین سے کچھ نہ کچھ ضرور عطا فرمایا تھا۔ اور اُسکے لیے اُسی کا سا ایک نر بھی پیدا کیا۔ پھر جناب موسیٰ پر وحی نازل کی کہ مین نے دو عجیب و غریب چڑیاں پیدا کی ہین اور اُن کا رزق اُن وحشی جانورون کو قرار دیا ہے جو بیت المقدس کے گرد رہتے ہین۔ اسکے بعد اُن کی نسل بڑھنا شروع ہوئی۔ مگر جب حضرت موسیٰ کا انتقال ہو گیا تو یہ طیور ارض فلسطین چھوڑ کے نجد مین چلے آئے۔ جہان وحشی درندون کو کھاتے اور بچون کو اُٹھالے جاتے تھے۔ یہان تک کہ حضرت رب العزت نے بنی عبس مین سے خالد بن سنان عبسی کو پیغمبر بنا کے مبعوث کیا۔ لوگون نے اُن کی خدمت مین حاضر ہو کے فریاد کی تو اُنھون نے درگاہ خداوندی مین دعا کی۔ جس کا یہ اثر ہوا کہ اس جانور کی نسل ہی فنا ہو گئی"۔

یہ تو وہ روایت ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ عنقا کا خیال اہل عرب مین بنی اسرائیل سے آیا۔ مگر دوسری روایتین جن سے اس طائر کا وجود عرب عاربہ اور بنی قحطان مین مین ثابت ہوتا ہے۔ عربون مین زیادہ مشہور ہین۔ اور اُن روایتون کے ذریعے سے قوم رس کے زمانے مین اِس طائر کا ظاہر ہونا بتایا جاتا ہے۔ سہیلی نے لکھا ہے کہ قوم رس کا مرکز شہر عدن تھا۔ اور جو قوم وہان آباد تھی وہ قوم ثمود کی باقیماندہ یادگارون مین تھی۔ انھین لوگون کے زمانے مین عدن والون کے لیے پانی کے وہ قابل حیرت عظیم الشان حوض اور کنوین بنائے گئے جو آج تک موجود ہین اور جن مین بارش کا پانی پہاڑون سے اُتر کے جمع ہوتا اور برس بھر تک اہل شہر اور دیگر مخلوق کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اِسی سرزمین مین اور اسی مذکورہ قوم کے زمانے مین علامۂ عکبری طائر عنقا کا ظہور بتاتے ہین۔ وہ لکھتے ہین کہ اُنکے علاقے مین ایک پہاڑ تھا جو مخ کہلاتا تھا اور اُس کی چوٹی زمین سے ایک میل اونچی تھی (غالباً اس سے وہ مقام مراد ہے جہان آج کل شہر مخا آباد ہے) اس پہاڑ پہ انواع و اقسام کے طیور رہا کرتے تھے جن مین عنقا بھی تھا۔ یہ بہت بڑا قوی ہیکل طائر تھا جس کا چہرہ آدمی کا ایسا تھا۔ اور دنیا مین جتنے جاندار ہین اُن سب کی

اُس مین کوئی نہ کوئی چیز ضرور موجود تھی - باوجود اس عظمت کے یہ نہایت خوبصورت چڑیا تھی - اور اس پہاڑی پر ہر سال میں ایک مرتبہ آیا کرتی تھی - اور اسکے تمام طیور کا شکار کر لیا کرتی تھی - ایک سال یہ اتفاق پیش آیا کہ پہاڑ کی چڑیان اُسکے لیے کافی نہ ہوئین اور بھوک نے ستایا تو انسانون کی طرف متوجہ ہوئی - پہلے ایک لڑکے کو جھپٹ لے گئی - پھر ایک لڑکی کو اُٹھا لے گئی - ان دنون حضرت حنظلہ بن صفوان علیہ السلام موجود تھے جو قوم رس پر مبعوث ہوے تھے - لوگون نے اُن کی خدمت مین جا کے شکایت کی - حنظلہ نے بارگاہِ خداوندی مین دعا کی - جس کی مقبولیت یون ظاہر ہوئی کہ عنقاء پر بجلی گری اور وہ جل بھن کے خاک ہو گئی -

اسی مضمون کو تھوڑے اختلاف کے ساتھ علامہ قزوینی نے عجائب المخلوقات مین بھی بیان کیا ہے - وہ لکھتے ہین کہ "عنقاء سب سے بڑا طائر ہے - ہاتھی کو اس طرح اپنے پنجے مین اُٹھا لے جاتا ہے جس طرح کہ چیل چوہے کو اُٹھا لے جاتی ہے - اگلے دنون یہ چڑیا آدمیون مین رہتی تھی جنھین اُس سے اذیت پہونچنے لگی - یہان تک کہ ایک دن وہ ایک دولھن کو جبکہ وہ زیور سے آراستہ و پیراستہ بیٹھی ہوئی تھی اُٹھا لے گئی - یہ حالت دیکھ کے حضرت حنظلہ نبی نے بارگاہ الٰہی مین دعا کی - اور خدا نے اُسے وہان سے اُڑا کے بحر اعظم کے کسی جزیرے مین پہونچا دیا جو خط استوا کے اُس پار ہے آدمیون کا وہان تک گذر نہین ہوتا - اور بڑے بڑے وحشی جانور اور درندے وہان کثرت سے ہین جن کو شکار کر کے وہ اپنی زندگی بسر کرتی ہے عنقاء جس وقت اُڑتا ہے اُسکے پرون سے گرج اور پانی کے دھڑ دھڑا کے گرنے کی سی آواز نکلتی ہے - اُسکی عمر دو ہزار برس کی ہوتی ہے - اور پانچ سو برس کا پٹھا بالغ ہوتا اور انڈے دیتا ہے - اور انڈا دینے کے وقت اُسے نہایت سخت تکلیف ہوتی ہے - عرب لوگ عنقا، کو عنقاء مغرب کہتے ہین - جسکی وجہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ انکے خیال مین اس کا اصلی وطن سرزمین مغرب ہے -

یونانیون مین ہم بیان کر آئے ہین کہ اس قسم کا ایک طائر مشہور ہے جو گرفون کہلاتا ہے - غالباً اسی کا حال ارسطو نے اپنی ایک کتاب مین بیان کیا ہے - جس سے عربی مصنفین کو اپنے خیال کی تصدیق ہو گئی - اور اُن واقعات کو اُنھون نے عنقاء

کے تذکرے مین نقل کر لیا۔ ارسطو طالیس نے سب سے بڑھ کے یہ کمال کیا ہے کہ کہتا ہے "اس طائر کا شکار بھی کیا جاتا ہے۔ اور اُسکے پنجون سے پانی پینے کے نہایت نفیس اور بڑے بڑے کاسے بنائے جاتے ہین" پھر خود ہی اُس کے شکار کی یہ تدبیر بتاتا ہے کہ "لوگ دو بیل لاکے کھڑے کرتے ہین اور اُن کے درمیان مین ایک بڑا بھاری تھیلا رکھتے ہین جو دونون جانب اُن مین باندھ دیا جاتا ہے اور اُسکے اندر بہت بڑے بڑے وزنی پتھر بھر دیے جاتے ہین۔ جن کا وزن بہت زیادہ ہوتا ہے اور اُس تھیلے کے سامنے ایک کوٹھری بنائی جاتی ہے جس مین کوئی آدمی چھپ کے بیٹھ رہتا ہے۔ اور وہ اپنے پاس آگ تیار رکھتا ہے۔ عنقا اوپر سے گرتا ہے کہ اُن بیلون کو جھپٹا مار کے اُڑا لے جائے۔ مگر وہ بیل اُن پتھرون کی وجہ سے نہین اُٹھ سکتے۔ اور اُسکے پنجے اُن کے جسم مین پیوست ہو جاتے ہین۔ یہ دیکھتے ہی آدمی کوٹھری سے آگ لیے ہوے نکلتا ہے اور اُسکے پرون مین آگ لگا دیتا ہے" ارسطو اس جانور کا حلیہ یہ بتاتا ہے کہ "اُس کا پیٹ بیل کے مثل ہوتا ہے اور ہڈیان درندون کی ایسی ہوتی ہین"

ارسطو نے تو اس کے شکار ہی کی تدبیر بتائی تھی۔ مسلمان مصنفین مین سے بعض بزرگون نے اُسے دیکھا بھی تھا۔ چنانچہ علامہ ابن خلکان کہتے ہین احمد بن عبد اللہ بن احمد فرغانی نے (جو ارض مصر مین آکے اقامت گزین ہو گئے تھے) اپنی تاریخ مین لکھا ہے کہ "خلفاء بنی فاطمہ مصر کے خاندان والون مین سے عزیز بن نزار بن معز نے اپنے یہان طرح طرح کے زندہ جانورون کا ایک عجائب خانہ قائم کیا تھا۔ جس مین ایسے ایسے عجیب جانور لاکے جمع کیے گئے تھے جیسے کہ شاید اُس سے پیشتر کبھی نہ جمع کیے گئے ہون گے۔ انھین مین عنقا بھی تھا۔ جو بلندی مصر کے علاقون سے لایا گیا تھا"

عربون مین اسی حیثیت و شان کا ایک جانور رُخ کے نام سے بھی مشہور ہے۔ جس کا الف لیلہ مین ذکر آیا ہے۔ اور شاید وہ الف لیلہ ہی کی ایسی کہانیان تھین جن سے اخذ کرکے اُسکے حالات عجائب المخلوقات اور حیوۃ الحیوان مین درج کر دیے گئے ہین۔ مگر اب عنقا، سیمرغ، اور رُخ، ان تینون نامون کا مفہوم ایک

ہی خیال کیا جاتا ہے جو گولر کے پھول یا کسی ایسی چیز کے مترادف ہے جسکا وجود صرف خیالات مین ہو۔ اور ظاہری و مادی دنیا مین اُس کا کبھی پایا جاتا نہ ثابت ہوتا ہو۔

تخلیق عالم اور نیچرل ہسٹری کے موجودہ محققین کی راے اب یہ قائم ہوتی جاتی ہے کہ انسان کی پیدایش سے پیشتر اور اُس کے ابتدائی دور مین کرۂ زمین ایسے ایسے عظیم الشان، عجیب و غریب اور خوفناک پرندون، چوپایون اور چھپکلی کے ایسے جانورون سے بھرا ہوا تھا جن کی نسلین باہمی لڑائیون اور خلقت کی کشمکش سے فنا ہوگئین۔ اُن مین سے بعض کی ہڈیون کے ڈھانچے بھی برفستانی مقامات مین پڑے مل گئے جو دُنیا کے بڑے عجائب خانون مین لاکے رکھے گئے ہین۔ ممکن ہے کہ اس قسم کی کوئی چڑیا اُس زمانے مین اور نوع انسانی کے بچپن مین موجود ہو۔ جس مین وہ پوری شان پائی جاتی ہو جو عنقاء یا رُخ یا سیمرغ کی بتائی گئی ہے۔ فی الحال انسان نے زمین کے ہر ہر کونے کو چھان ڈالا اور ایسے کسی طائر کا پتہ نہین لگا۔ لہذا تجربہ اور مشاہدہ ہمین یہی کہنے پر مجبور کرتا ہے کہ عنقاء خارج مین نہین بلکہ صرف ہمارے ذہن اور ہمارے خیال مین ہے۔

گریک فائر یا نفطہ

جن دنون لڑائی کے میدانون مین توپون اور بندوقون کی آوازین نہین گونجتی تھین۔ اور جان باز سپہگرون کو بارود کا استعمال نہین معلوم تھا۔ شمشیر و خنجر اور نیزون اور تیرون سے دشمن پر حملہ کیا جاتا تھا۔ اور گُرز و تبر کے ذریعے سے بہادر سورما اور سر کف نبرد آزما جوش شجاعت ظاہر کیا کرتے تھے اُن دنون یکایک آتش باری کی ایک نئی اور نہایت ہی خوفناک ترکیب ظاہر ہوئی۔ اور لوگ گھبرا اُٹھے۔ اس آگ کا نام یورپ والون مین "گریک فائر" یا آتش یونان مشہور ہوا۔ اور عربون مین "نفطہ" یا روغن نفط"۔

اس بارۂ خاص مین یونان سے مراد پُرانا یونان نہین ہے جبکہ اُنکے ابتدائی تمدن اور اُنکے فلسفہ و حکمت کا عروج تھا۔ اور اُن مین لئی کرغوس و سوکن کے سے

مقتن - افلاطون اور ارسطو کے ایسے فلسفی اور فیلقوس و اسکندر کے ایسے بادشاہ پیدا ہو رہے تھے - نہین بلکہ یہ اُس یونان کا ذکر ہے جب قسطنطنیہ مین مشرقی سلطنت روم کے بعد یونانی مشرقی سلطنت قائم تھی جو کلیسیاے یونان کی حامی اور کلیسیاے روم کی دشمن تھی - جبکہ پوپ کو ان یونانی سلاطین سے عداوت تھی - اور یونانی پوپ کی عظمت و حرمت کو نہ مانتے تھے - غرض ان دنون اور ظہور اسلام کے بعد قسطنطنیہ مین پہلے پہل اس کا رواج مورخین یورپ کو نظر آیا - خود یونان والے اس آگ کو آتش یونان نہین کہتے تھے بلکہ وہ ایسے الفاظ سے یاد کرتے تھے جن کا ترجمہ ہے "آتش سیال" اور "آتش بحری" مگر مورخین یورپ نے اسے "آتش یونان" کہنا شروع کیا - اس لیے کہ یورپ کو اس کا پتہ پہلے پہل قسطنطنیہ کی مشرقی سلطنت ہی مین لگا - پھر اسکے بعد صلیبی لڑائیون کے موقع پر جب یورپ کی تمام قومین لڑائی اور جہاد کے لیے شام - ارض فلسطین اور مصر مین آئین تو اُنھون نے ان ممالک کے قابض مسلمانون کو اس آگ کے برسانے مین نہایت ہی باکمال اور مشاق پایا -

نفطہ کا استعمال خشکی کی لڑائیون اور نیز بحری معرکہ آرائیون مین یکسان طریقے پر کیا جاتا تھا - اور اسکے استعمال کے طریقے یہ تھے کہ قلعون اور شہرون کی فصیل پر سے تانبے اور سیسے کی پچکاریون مین بھر کے پھینکتے تھے یا لوہے اور پتھر کی دیگچیان بھر بھر کے دشمن کی طرف پھینکتے تھے - جہازون مین عموماً تانبے کی پچکاریون کا رواج تھا - جو چارون طرف لگا دی جاتی تھین - اور اُنکے دہانے دشمن پر ہیبت ڈھالنے کے لیے اژدھون، اگرمچھون، شیرون اور دیگر مہیب جانورون کے ایسے بنے ہوے ہوتے تھے - چند روز بعد اِس مین یہ ترقی کی گئی کہ یہ آگ بن جانے والا رقیق روغن لاکھ یا موم ملا کے موم سا بنا لیا جاتا - اور حملے کے وقت تیرون اور برچھون کے پھلون مین چپکا دیا جاتا - پھر جب تیر پھینکے جاتے اور نیزے گھما کے مارے جاتے تو حرکت کی گرمی اور ہوا کے اثر سے فوراً مشتعل ہو جاتے اور کسی کے بدن مین چبھو بھی جاتے تو جلا کے خاک کر دیتے

ہوا مین پھینکنے سے اسے جو حرکت خط قوسی کی وضع پر ہوتی وہی اس کے

مشتعل کر دینے کے لیے کافی تھی۔ ہوا مین چڑھتے ہی بڑے زور سے پھٹنے کی ایک آواز بلند ہوتی۔ سخت غلیظ دھوان نمودار ہوتا۔ اور ساتھ ہی شعلہ پیدا ہو جاتا۔ ژوآن ویل مورخ جو فرانس کے بادشاہ لوئی نہم کے ساتھ صلیبی جہاد کے لیے ارض مقدس مین آیا تھا اُسکے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ صلیبیون پر سب سے بڑی آفت یہی نفطہ تھا۔ جس سے وہ بالکل آشنا نہ تھے۔ وہ لکھتا ہے "یہ آگ رات کو برسائی جاتی تو سارا کیمپ روشن ہو جاتا۔ لوگ گھبرا گھبرا کے اوندھے منہ گر پڑتے۔ آستینون سے منہ چھپا لیتے۔ یعنی اس ہولناک منظر کے دیکھنے کی جرأت نہ ہو سکتی۔ اور دعا کرتے کہ خدایا بچا۔ ہوا مین اس وضع و شان سے اُڑتی دکھائی دیتی کہ معلوم ہوتا جیسے کوئی پردار اور لمبی دُم کا آتشین اژدہا اُڑتا چلا آتا ہے۔ رعد کی کڑک اور بجلی کی چمک دونون چیزین اُس مین موجود ہوتین۔ اور اندھیری رات مین ایک ہیبت ناک روشنی عالم پر چھا جاتی۔

فرانسیسی مورخ جوزف فرانسوا مشو اپنی تاریخ صلیبی مین لکھتے ہین "صلیبیون کو اس مہیب آگ کی صورت پہلے پہل نظر آئی تو نائٹ لوگ بدحواسی کے ساتھ دوڑے کہ اپنے چوبی برجون کو بچائین۔ بعض نے اپنے مددگارون کو پکارنا شروع کیا۔ دوسرے لوگ زمین پر گر پڑے یا گھٹنون پر جھک کے درگاہ الٰہی مین التجائین کرنے لگے۔ خود لوئی نہم بھی اپنے اُمرا اور نائیٹون سے کم مرعوب و ہیبت زدہ نہ تھا۔ اور جیسے ہی اُس نے گریک فائر کے پھٹنے کی گرج سُنی آنکھون سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور چلا اُٹھا "خداوندا! اے عیسیٰ مسیح! مجھے اور میرے ساتھیون کو بچا!"

مسٹر گبن کے بیان کے مطابق اُسی زمانے کا ایک نائٹ جو مسلمانون کی سپہگری کا نہین قائل تھا اور اُنکے اسلحہ کی نہایت توہین و تحقیر کیا کرتا تھا مگر آتش یونان کی نسبت نہایت سادگی کے ساتھ اعتراف کرتا ہے کہ "جن منجنیقون سے نفطہ کی پچکاریان ماری جاتی تھین اُنکی صورت دیکھ کے یا اُن کی آواز سُن کے میرا اور میرے تمام ساتھیون کا دل دہل جایا کرتا تھا"

مگر یونانیون کی مشرقی سلطنت قسطنطنیہ مین اس کا رواج اس سے بہت پیشتر تھا۔ اس لیے کہ گبن اور دیگر مورخین بیان کرتے ہین کہ قسطنطنیہ پر عربون نے جو

ابتدائی دو حملے جناب معاویہ اور ولید بن عبدالملک کے عہد میں کیے تھے اُن میں اسی آتش یونان کی وجہ سے مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ اور مشرقی قیاصرہ کے زمانے میں اُنھیں حوصلہ شکن ناکامیاں ہوئی تھیں۔ لہذا یورپ کے مورخین مسرت ظاہر کرتے ہیں کہ مسیحیوں کی اُنھیں دو فتحوں کی بدولت یورپ عربوں کی اطاعت سے محفوظ رہ گیا۔ صرف اسی قدر نہیں بلکہ عربوں کو مغلوب کرنا یا انکی رفتار ترقی کو روک دینا اُس زمانے میں اتنی بڑی حیرت انگیز اور خلاف اُمید کامیابی تھی کہ سارے فرنگستان اور کل مغربی ممالک یورپ میں قسطنطنیہ کی مشرقی سلطنت کی دھاک بیٹھ گئی۔ اور سب اُس سے ڈرنے اور کانپنے لگے۔ جس رعب کا اصلی اور قوی باعث یہی آتش یونان تھی۔

چونکہ قسطنطنیہ کی عظمت کا سارا دارومدار اسی پر قرار پا گیا تھا لہذا اس کے نسخے اور اسکے استعمال کی ترکیب کو وہ لوگ ایک نہایت ہی مخفی راز سلطنت کی طرح چھپاتے تھے۔ قرب وجوار کی دوست اور معاہد سلطنتوں کو ضرورت کے اوقات میں بڑی بڑی منجنیقیں، فوجیں، اور بہت سے جہاز عاریۃً دیدیے جاتے تھے مگر یہ ممکن نہ تھا کہ گریک فائر کی پچکاریاں یا اس کا سامان کسی قریب سے قریب دوست کو بھی عاریت دیا جائے۔ اس رازداری پر مذہب نے اپنا رنگ جمایا۔ اور مقتدایان دین سے روایتیں تصنیف کرلیں۔ چنانچہ خود سلطنت مشرقی یہ ظاہر کرتی تھی کہ "گریک فائر کا راز ایک فرشتے کے ذریعے سے خاص قسطنطین اعظم کو بتایا گیا تھا۔ اور بتانے سے پہلے اُس سے شرط کرائی گئی تھی کہ اس برکت ربانی اور رحمت خداوندی سے کوئی اور شخص عام اس سے کہ دوست ہو یا دشمن ہرگز نہ مطلع کیا جائے"۔ نتیجہ یہ تھا کہ بادشاہ اور رعایا سب کے سب مذہبی احکام کے ذریعے سے مجبور کیے گئے تھے کہ اس بارۂ خاص میں اپنی زبان کو ہمیشہ کے لیے بند رکھیں۔ اور اگر کوئی اس حکم سے انحراف کرتا تو اُسکے لیے دینی اور دنیاوی دونوں طرح کی سخت سزائیں تجویز کی گئی تھیں۔ بلکہ اس سے بھی بڑھ کے یہ اندیشہ دلایا جاتا تھا کہ اگر کوئی شخص اس جرم کے ارتکاب کا ارادہ بھی کرے گا تو ملک و قوم پر خدا کا غضب نازل ہو جائے گا۔ الغرض رازداری

کی ان تاکیدون کا یہ اثر تھا کہ کچھ اوپر چار سو برس تک یہ راز قسطنطنیہ والون ہی مین محفوظ اور قسطنطنیہ کی چار دیواری کے اندر محدود رہا۔

اس کا نسخہ اگرچہ مکمل طور پر نہین بتایا گیا ہے مگر انسائیکلوپیڈیا اور نیز گبن کی تحریرون کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اُس کا جزو کامل تو یہی روغن نفط ہے جسے ہم مٹی کا تیل کہتے ہین اور جو اب ہمارے گھرون مین اور ہمارے لیمپون مین کثرت سے جلا کرتا ہے۔ اس مین کچھ حصہ گندھک کا ملایا جاتا تھا۔ صنوبر کا گوند بھی پڑتا تھا۔ اور غالباً کچھ اور اجزا بھی ہون۔

یورپ والون کا عام خیال ہے کہ اس کا نسخہ سب کے پہلے گیارہوین صدی عیسوی کے آخر مین شہر پیسا والون نے جو اُن دنون سب سے بڑے جہاز ران خیال کیے جاتے تھے یونان والون سے چُرا کے حاصل کر لیا۔ اور اسی کے قریب زمانے مین مسلمانون نے بھی خواہ چُرا کے معلوم کیا یا خود ہی ایجاد کر لیا۔ اور صلیبی لڑائیون مین اسے اس کمال کے ساتھ کام مین لانے لگے کہ جس حربے سے معاویہ اور ولید کے زمانون مین اُنھون نے قسطنطنیہ کی دیوارون کے نیچے شکست کھائی تھی اُسی حربے سے حملہ آور صلیبیون کو پسپا کیا

مگر غور کرنے اور تحقیق و تنقید سے کام لینے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس بارے مین محقق مورخان مغرب سے سخت غلطی ہوگئی ہے۔ اول تو انسائیکلوپیڈیا کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ "گریک فائر کا استعمال زیادہ قدیم زمانون مین بھی پایا جاتا ہے۔ برٹش میوزم مین اسیریا والون کی جو یادگارین موجود ہین اُن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ لوگ بھی اس کا استعمال جانتے تھے"۔ کتاب "لیٹن کنگڈم آف جروسلیم" کے مصنف مسٹر کانڈر بھی لکھتے ہین کہ "آتش باری کی یہ ترکیب وسط ایشیا کے مغلون اور یونانیون کو مدت ہائے دراز سے معلوم تھی"۔

لیکن اس مین شک نہین کہ قدیم الایام والون کی اس سخت آتش باری کے مفصل و مشرح حالات بالکل ہمین نہین معلوم ہو سکتے اور نہ ہمین یہ متیقن ہو سکتا ہے کہ وہ اسی نفطے کے ذریعے سے آتشباری کرتے تھے یا کسی اور طریقے سے۔ قرون وسطیٰ اور تحقیق و تنقید کے زمانے مین یورپ والے اسے قسطنطنیہ ہی کے محاصرون مین

بتاتے ہین -

غور طلب یہ امر ہے کہ یونانیون کو اس کا نسخہ کیونکر معلوم ہوا - آیا اُنھون نے اسے ایجاد کیا یا کسی اور شخص سے حاصل کیا ؟ اس سوال کا جواب مسٹر گبن سے یہ ملتا ہے کہ کالی نیکوس نام ایک شامی نژاد شخص جو شہر بعلبک کا رہنے والا اور مسیحی المذہب تھا خلیفۂ اسلام کی ملازمت چھوڑ کے قسطنطنیہ چلا گیا - اور شہنشاہِ یونان کی ملازمت اختیار کرلی - اُس شخص سے پہلے پہل یونانیون کو یہ نسخہ ہاتھ لگا - جس نے یا تو خود ایجاد کیا تھا ، یا کسی اور سے سیکھا - یہ خیال غالباً غلط ہے - کالی نیکوس کو عرب لوگ لوقا بن قسطا کے نام سے یاد کرتے ہین جو سلیمان بن عبدالملک کے عہد مین قلمرو اسلام سے ناراض ہو کے چلا گیا تھا -

میسو مشو نے اپنی تاریخ کے ضمیمہ جات مین سوانحعمری سلطان صلاح الدین مصنفہ "ریغو دہ" کے ایک قلمی نسخے سے نفطے کے حال مین کچھ کیفیت نقل کی ہے - اُس مین بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ پُرانے یونانیون مین ایک ایسی ہی چیز موجود تھی مگر اُسکو اس آخر وقت کی آتش یونان سے کوئی علاقہ نہین - جو قسطنطنیہ مین عربون کے محاصرے کے وقت ظاہر ہوئی - مسیحی لوگ صرف اس بنیاد پر اسے آتش یونان کہنے لگے کہ تاثیر اور کیفیت میں دونون ملتی جلتی تھین - اس مین کالی نیکوس کا صرف اتنا حال بتایا گیا ہے کہ قسطنطین پوگوناتوس کے عہد مین اُس نے اسکے استعمال کی کلین اور منجنیقین تیار کرائین - اور تانبے کی پچکاریان بنائین - جن کے ذریعے سے یہ دشمنون پر پھینکی جا سکتی تھی - اسکے بعد وہ اُسی مین لکھتا ہے کہ "ابن المجاس نام ایک شخص نے (جو بالکل مسلمانون کا سا نام ہے) اسے بالکل نئی صورت سے ایجاد کیا - افسوس کہ ہم کو عربی اور انگریزی دونون زبانون کی کتابون سے پتہ نہین لگ سکا کہ یہ ابن المجاس کون شخص ہے - مگر میسو ریغو دہ نے جس طرح ابن المجاس کا نام بتایا ہے اُسی طرح یہ بھی نئی بات کہی ہے کہ "اس کے نام کے متعلق مختلف قومون کو سخت دھوکا ہوا - یعنی یونان والے تو اسے مسلمانون کی آگ کہتے تھے - لاطینی مسیحی اسے یونانیون کی آگ کہتے تھے - اور اہل مشرق نفطہ کہتے تھے - ابن المجاس کا پتہ لگانے سے تو ہم عاجز ہین - مگر دیکھنا یہ ہے کہ یہ کالی نیکوس

کون شخص تھا اور کس عہد مین تھا۔ بیٹن کی بیاگرفیکل ڈکشنری مین اسکا صرف اتنا حال لکھا ہے کہ "وہ فن عمارت کا ایک قدیم ماہر تھا۔ جس نے آتش یونان کو ایجاد کیا۔ اور اس کا نسخہ راز کے طریقے پر قسطنطین ثالث ملقب بہ پوگوناطوس کو بتا دیا۔ جس نے اس کے استعمال سے عربون کے جہازون کے بیڑے کو ۶۷۳ء مین جلا دیا۔ وہ قلمر و مصر کے شہر ہلیوپولی مین پیدا ہوا تھا"۔ ہلیوپولی ارض شام کے شہر بعلبک کو کہتے ہین۔ اس لیے یہ غلط ہے کہ وہ مصر کا رہنے والا تھا۔ بلکہ دیگر مصنفین اور خود شہر بعلبک دونون تصدیق کر رہے ہین کہ کالی نیکوس ایک شام کا مسیحی المذہب شخص تھا۔ مسٹر گبن لکھتے ہین اور یہی انسائیکلو پیڈیا مین بھی ہے کہ وہ خلیفۂ اسلام کی ملازمت چھوڑ کے قسطنطنیہ چلا گیا تھا اور قسطنطین ثالث کی ملازمت اختیار کی تھی جو ۶۶۸ء مین مشرقی سلطنت کے تخت پر بیٹھا تھا۔ یہ زمانہ خلافت اسلامی کی تاریخ مین جناب معاویہ کا تھا۔ لہذا یہ سمجھنا چاہیے کہ کالی نیکوس حضرت معاویہ کی نوکری چھوڑ کے کیا ہوگا۔ اور گریک فائر کی ایجاد بھی اسی دور مین ہوئی۔ مسلمان مورخین اپنی تحریرون مین کہین اس بات کا پتہ نہین دیتے کہ انھین قسطنطنیہ کی دیوارون کے نیچے یا اُس کے قریب کے سمندر مین جو شکستین ہوئین اُن مین دشمنون کی طرف سے آتشباری کی گئی تھی۔ اور وہی آتشباری باعث شکست ہوئی۔ تاہم مغربی مورخین مین یہ واقعہ انتہا سے زیادہ مشہور ہے۔ اور ہم اُسے تسلیم کیے لیتے ہین۔

لیکن یہ کیونکر تسلیم کیا جائے کہ کالی نیکوس ہی نفطے کا موجد تھا؟ کیا یہ ممکن نہین ہے کہ بعلبک مین اُس نے نفطے کو مسلمانون سے سیکھا ہو؟ اور قسطنطنیہ پہونچ کے جب دیکھا ہو کہ تمام لوگ اس سے ناواقف ہین تو موجد کی حیثیت سے اُسنے لوگون کو اسکی تعلیم کی ہو؟

یورپ والے سمجھ رہے ہین کہ اُسکے بعد بہت صدیون تک نفطہ کا استعمال قسطنطنیہ والون مین ایک راز سربستہ رہا۔ کسی کو اسکی خبر نہ تھی۔ اور مسلمانون مین بھی اس کا استعمال پہلے پہل صلیبی لڑائیون کے وقت دیکھا لیا۔ لیکن ہمارے پاس اسکی کافی شہادتین موجود ہین کہ کالی نیکوس کے زمانے کے قریب ہی مسلمان لوگ کامیابی کے ساتھ نفطہ کا استعمال کر رہے تھے۔

چچ نامہ اور میر معصوم بھکری کی تاریخ سندھ مین صاف طور پر بتایا گیا ہے کہ ۷۱۲ء مطابق ۹۲ھ کے قریب یعنی جناب معاویہ کے ۳۹ برس بعد جب سندھ مین محمد بن قاسم اور راجہ داہر سے مقابلہ ہوا تو مسلمانون کی طرف سے نفطہ کے ذریعے سے آتش باری کی گئی۔ راجہ داہر جس ہاتھی پر سوار تھا اُس پر عربون نے حقہ ہائے آتش بازی (آگ کے بھرے ہوئے ظروف) برسائے۔ چچ نامے کے دو نسخون مین یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ "محمد بن قاسم کے ہمراہ نو سو تیرانداز تھے جو تیرون کے ذریعے سے حریف پر نفطہ برسا کے آگ لگاتے تھے"۔ میر معصوم کی تاریخ کا ممکن ہے کہ اعتبار نہ کیا جائے۔ مگر چچ نامے کے بیان پر شبہہ نہین کیا جا سکتا۔ اسلیے کہ مسٹر ایلیٹ کے نزدیک بظن غالب وہ کتاب ۷۵۳ء مطابق ۱۳۶ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔

اُسی زمانے اور اُسی پایے کی ہم ایک اور شہادت بھی پیش کر سکتے ہین۔ جس سے یہی ثابت نہین ہوتا کہ عرب لوگ نفطہ کے استعمال کو اُن دنون جانتے تھے بلکہ اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ صرف وہی اپنے آپ کو اس فن کا مالک خیال کرتے تھے۔

تاریخ یعقوبی مطبوعہ لیڈن مین ہے کہ جنید بن عبد الرحمٰن مری نے (جسے خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے عہد ۱۰۵ھ (۷۲۶ء) مین بصرے کے گورنر جنرل خالد قسری نے والی سندھ مقرر کر کے بھیجا تھا) چین[عہ] کے ایک مضبوط قلعے کا محاصرہ کیا۔ ایک زمانے تک سرگرمی دکھانے مین جب کامیابی نہ ہوئی تو اُس نے روغن نفط برسانا شروع کیا۔ لیکن اُسے یہ دیکھ کے حیرت ہوگئی کہ اس آگ اور روغن کے شعلون کو قلعے والے فوراً بجھا دیا کرتے تھے۔ جنید نے ذرا تأمل کر کے کہا معلوم

عہ چین سے مراد ہنری ایلیٹ کی تحقیق مین شہر چیناپت ہے جہان کنشک نے اپنے چینی کنفیلوں کو رکھا تھا۔ یہ شہر پنجاب مین دریاے بیاس سے مغرب جانب دس میل کے فاصلے پر تھا چینی سیاح ہوئین ٹسانگ نے ۶۴۵ اور ۶۹۹ کے درمیان مین اسے دیکھا تھا۔ اور چودہ مہینے تک وہ یہان رہا۔ سر ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر کے خیال کے مطابق حملۂ عرب کے زمانے مین یہان ایک حکومت قائم تھی جس کے فرمان روا کو عرب بادشاہ چین کہتے تھے۔

ہوتا ہے اس قلعے مین کچھ عرب لوگ بھی موجود ہین - اس لیے کہ بغیر انکی تعلیم کے یہ آگ نہین بجھ سکتی - اس شبے کی وجہ سے اُس نے محاصرے مین اور سختی کی - آخر قلعے والون نے عاجز آکے پیغام صلح دیا - اور اطاعت قبول کی - بعد تکمیل معاہدہ جنید قلعے مین داخل ہوا اور ہر طرف تلاش کرنا شروع کیا تو واقعی دو عربی الاصل شخص ملے - اور تفتیش سے ثابت ہوگیا کہ اُنھین کی حکمت سے وہ آگ بجھائی گئی تھی - ان دونون کی اس قومی نمک حرامی پر جنید کو سخت غصہ آیا - اور اُنھین قتل کر ڈالا "

اب اس تصدیق کے دیکھنے کے بعد شبہ نہین کیا جا سکتا کہ عرب لوگ اس فن مین اپنے آپ کو یکتا اور فرید عصر خیال کرتے تھے - اور اُنکے علم مین بھی نہ تھا کہ نفطہ کا استعمال اُنکے سوا کوئی اور بھی جانتا ہے - اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ یونانیون کی طرح اُنھین بھی اسکے مخفی رکھنے مین اہتمام تھا - چنانچہ سر ایلیٹ کو بھی اپنی تاریخ ہند مین یہ لکھ دینا پڑا کہ " اگر یہ سچ ہے تو داہر کی لڑائی (۷۱۲ء) پہلا موقع ہے جبکہ عربون نے نفطہ یا آتش یونان کا استعمال کیا -

ان تمام واقعات کے ملانے سے نفطہ کی ایجاد کے متعلق جو سچی اور قابل وثوق رائے قائم کی جا سکتی ہے یہ ہے کہ روغن نفطہ کے کنوؤن کے گرجستان اور عراق مین موجود ہونے کے باعث اس کا نسخہ قدیم بابلیون اور مغلون کو مدت ہاے دراز سے معلوم تھا - اُن سے مسلمانون نے اپنے ابتدائی عہد مین اخذ کیا اور ترقی دینے لگے - اسی اثنا مین اُنکے ملک کا ایک مسیحی شخص اِس نئی چیز کا حال دریافت کرکے قسطنطنیہ مین بھاگ گیا - اور وہان کی حکومت کو اُس سے مطلع کردیا - قسطنطنیہ والے اسے اُسی کی ایجاد سمجھے - اور ایک نعمتِ ربانی تصور کرکے اُسے چھپانے لگے -

عربون نے چند روز بعد اُسے اپنے فوجی حربون مین شامل کرلیا - اور دشمنون کے مقابل کام مین لانے لگے - یورپ والون کو جو اُن دنون مشرقی دنیا کے حالات سے بالکل ناواقف تھے اسکی خبر نہ ہونے پائی - اور سمجھتے رہے کہ یہ چیز قسطنطنیہ والون ہی کے اندر محدود ہے - مگر جب صلیبی لڑائیون کے زمانے مین اُلوالعزمی سے کام لے کے شام و فلسطین مین آئے تو مسلمانون کو نفطہ کے ذریعہ سے آتش باری کرتے دیکھ کے ہکا بکا

رہ گئے۔

عربون کا سب سے بڑا کمال اس بارہ خاص مین وہ تھا جسے ہم اس سے پیشتر دلگداز کے ایک نمبر مین بتا چکے ہین کہ عکہ کے محاصرے کے وقت اُنھون نے اسکی قوت اتنی بڑھا دی کہ جو چیزین آگ نہین پکڑتین اُن میں بھی اس کے خوفناک اثر کو قائم کر دیا۔ اور وہ بُرج جلا کے خاک کر دیے جو بڑے اہتمام کے ساتھ فائر پروف بنائے گئے تھے اور جن پر آگ سرایت ہی نہ کر سکتی تھی۔ نفطہ مین قیامت کی یہ بات تھی کہ اسکی آگ پانی سے بجاے بجھنے کے اور مشتعل ہوتی تھی۔ سمندر اور تالاب کی سطح پر وہ اسی طرح مشتعل رہتا تھا جس طرح کسی لکڑی کی چیز پر مشتعل ہو۔ اور اس کی بجھانے والی صرف تین چیزین تھین۔ بالو۔ پیشاب اور سرکہ۔ جن لوگون کو یہ اجزا نہ معلوم ہوتے وہ اس کے بجھانے سے عاجز تھے۔

مغربی یورپ والون اور فرنگیون کو اس کا نسخہ یونانیون اور قسطنطنیہ والون سے نہین حاصل ہوا۔ بلکہ صلیبی لڑائیون کی بدولت اُنھین یہ چیز مسلمانون سے ہاتھ لگی۔ مسٹر کانڈر اپنی کتاب لٹین کنگڈم آف جروسلیم مین لکھتے ہین کہ فرانس کا بادشاہ فلپ دوم تھوڑا سا روغن نفطہ عکہ سے واپس جاتے وقت اپنے ساتھ لیتا گیا تھا۔ جس کی مدد سے وطن پہونچ کے اُس نے شہر ڈی اپ کی لڑائی مین انگریزون کا پورا بیڑا تباہ کر دیا۔ مگر پھر بھی مدت ہاے دراز تک فرانسیسیون کو اس کے بنانے کی ترکیب نہین معلوم تھی۔ اور انسائیکلو پیڈیا برٹانکا مین ہے کہ ۱۷۵۵ء مین دو فرانسیسی شخصون نے جن کے نام گوبر اور ڈوپرے تھے اس آتش سیال کا از سر نو پتہ لگا لیا تھا۔ مگر وہ بھی اُس کے شایع کرنے سے روکے گئے۔

لیکن اسی نفطہ کے نسخے اور استعمال نے انسان کو بارود کا نسخہ بتا دیا جسکے ظاہر ہوتے ہی دنیا کا فن جنگ ہی بدل گیا۔ اور وہ آتش سیال اسکے مقابل دشوار اور دقت طلب ہونے کے باعث ایسی مٹی کہ آج دنیا مین شاید کوئی صحیح نسخہ جاننے والا بھی نہ موجود ہوگا۔ بارود کے متعلق ہم کسی اور موقعے پر بحث کرین گے۔ لہذا اس بحث کو یہیں پر ختم کرتے ہیں۔

ریش مقدس

انسان کی متلون مزاجیون کی جس قدر مکمل تصویر ڈاڑھیون کو دیکھ کے نظر آتی ہے ہم اور کسی جگہ نہیں دیکھ سکتے۔ تمام حیوانات خاص کر طیور میں پوری طرح نمایاں ہے کہ قدرت نے نر و مادہ مین کچھ نہ کچھ امتیاز ضرور رکھا ہے۔ نر کو بعض قسم کے پر و بال زیادہ دیے ہین۔ جن مین طرح طرح کی رنگ آمیزی اور حیرت انگیز چمک دمک ہوتی ہے اور مادہ کی دلفریبی اور دلکشی مین چاہے کتنا ہی جذب و اثر ہو مگر غیر جنس کی نظر مین نر کی زیبائی و رعنائی مادہ سے کہین زیادہ ہے۔ ہم اپنے شوق اور اپنے تقاضائے نفس سے عورتون کو زیور پہناتے اور اُنھین ہر قسم کے سامانِ زینت سے آراستہ کرتے ہین۔ مگر قدرت نے اپنا خوشنما اور نظر فریب زیور نر ہی کو پہنایا ہے۔ اسی قدرتی زیور مین سے ایک ڈاڑھی بھی ہے جو قدرت کی جانب سے مرد کو دی گئی ہے۔ لیکن مرد نے بجائے قدر کرنے کے اس زیور مین ایسی ایسی قطع و برید کی اور اُس مین ترمیم و تغیر کر کے ایسی ایسی دھجین بنائین کہ حیرت معلوم ہوتی ہے۔

ابتدائی زمانے مین جبکہ انسان نے زیادہ ہاتھ پاؤن نہین نکالے تھے اور جب تک نہ اُسترا ایجاد ہوا تھا نہ قینچی نہ کنگھی تھی نہ آئینہ۔ ڈاڑھیان اپنی اسی اصلی حالت پر رہین۔ جیسا کہ خدا نے اُنھین بنایا تھا۔ توراۃ کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے منہ پر اچھی خاصی ڈاڑھی تھی۔ جو نطن غالب جھنڈولی اور ہر طرف پھیلی ہوئی تھی۔ پاپایان روم کے ایوان مین حضرت آدم کا ایک پُرانا سنگی تابوت رکھا ہے جس پر آپ کی ایک تصویر بھی ترشی ہوئی ہے۔ اُس مین بھی سنگتراش نے آپ کی اسی وضع کی ڈاڑھی تراشی ہے۔ روایت توراۃ کی بنا پر یہود نے اس سنتِ آدمی کو اپنا اخلاقی قانون بنا لیا تھا۔ اور ہر یہودی کے منہ پر لمبی چوڑی مقدس ڈاڑھی ضرور ہوا کرتی تھی۔ اور اُنکا اعتقاد تھا کہ ڈاڑھی کی جس قدر خدمت کی جائے اُسی قدر ثواب ہوتا ہے۔ کیونکہ ڈاڑھی خدا کی ایک متبرک ودیعت ہے۔ یہود کو اپنی داڑھیون سے جس قدر محبت تھی اُس کا پتہ اس سے لگ سکتا ہے کہ مصر مین باوجودیکہ فراعنہ اور قبطی ڈاڑھی مُنڈاتے تھے اُن لوگون

کو گویا ڈاڑھی سے عناد سا تھا مگر یہود نے اُنکی وضع کو ہرگز اختیار نہ کیا۔ اور صدیوں کی غلامی کے بعد بھی اپنی ڈاڑھیاں بچا کے نکل آئے۔ یہود ہی پر منحصر نہیں۔ اگلے زمانے کے اکثر شریف قوموں میں ڈاڑھی شرافت و عزت کا مرکز خیال کیجاتی تھی۔ سچے آدمی کے لیے ایک متبرک و محترم چیز اور مرد کی مردانگی کا تمغہ اور اُس کی شرافت و عزت کا مظہر خیال کی جاتی تھی۔ سچے آدمی کے لیے راست بازی کی نمایاں علامت ڈاڑھی ہی تصور کی جاتی تھی۔ کوئی شخص کسی بڑے کام کا حوصلہ کرے اور کسی دشواری کے مقابلے پر جائے تو اپنی ڈاڑھی پر ہاتھ پھیر کے کہتا "انشاءاللہ!" کوئی کسی سے پناہ مانگے اور اپنے آپ کو امان میں دینا چاہے تو اُس کی ڈاڑھی کو ادب و نرمی سے چھو لیتا۔ چنانچہ تاریخ توراۃ کا بہادر یوآب اپنے حریف امسا کے سامنے گیا تو فریب کی راہ سے اس کی ڈاڑھی چومی اور کہا "بھائی اچھے ہو؟" امسا اس فقرے میں آکے غافل ہو گیا اور یوآب نے اپنی تلوار اُسکے سینے میں بھونک دی۔ بچے۔ عزیز و اقارب۔ اور دوست احباب اپنے محترم عزیز یا دوست کی ڈاڑھی کو تعظیماً آہستہ سے ہاتھ لگاتے تو سمجھا جاتا کہ وہ نہایت ہی محبت و عزت سے پیش آئے۔ لیکن اگر کوئی شخص گستاخانہ حیثیت سے کسی کی ڈاڑھی پر ہاتھ ڈال دے تو سمجھا جاتا کہ اُس نے اُس کی سخت توہین کی۔ مصر میں فراعنہ اور امرائے قبط اگرچہ سب کے سب ڈاڑھیاں منڈاتے تھے مگر معلوم ہوتا ہے کہ اُنکے ذہن میں ڈاڑھی کی قدر و منزلت کا خیال ضرور موجود تھا چنانچہ بڑی عیدوں اور خاص تیوہاروں میں فراعنہ مصنوعی ڈاڑھیاں منہ پر لگا لیا کرتے تھے جیسا کہ اُن کی تصویروں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور مرد دیوتاؤں کے چہروں پر بھی نوکیلی ڈاڑھیاں بنایا کرتے تھے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ حضرت موسیٰ کے زمانے والے فرعون کی ڈاڑھی موتیوں سے گندھی رہتی تھی۔

ادھر مشرق میں بھی ڈاڑھی کی قدر تھوڑی نہ تھی۔ شاہان فارس ڈاڑھی کے اوپر جو فولادی ریش پوش لگاتے اُسے سونے کے تاروں سے کستے تھے۔ اور زبردست تاجداران نینوا اپنی گھونگھر دار ڈاڑھیوں میں تیل ڈال کے اور کنگھی کر کے بڑے بناؤ سے گھر سے باہر نکلا کرتے تھے۔ اگلے دنوں یہ بھی نظر آتا ہے

کہ بعض ملکون اور سلطنتون مین محض ڈاڑھی کے باعث لڑائی چھڑ گئی اور بڑی بڑی خونریزیان ہوئین۔ تاتاریون اور ایرانیون اور چینیون اور تاتاریون مین صرف اس اختلاف کے باعث لڑائی ہوئی کہ ایک قوم کہتی تھی ڈاڑھی مونڈی جائے اور دوسری کا دعوے تھا کہ مونڈی نہ جائے بلکہ اُسکے بال اُکھاڑے جایا کرین۔

یونانیون اور رومیون مین بھی ابتداءً سب کے مُنہ پر ڈاڑھی ہوتی تھی۔ اُنکے تمام فلسفی اور بڑے بڑے مشاہیر ڈاڑھی والے تھے۔ مگر حضرت مسیحؑ سے تین سو برس پیشتر جب صقلیہ (سسلی) کے نائی وہان پہونچے تو لوگون نے ڈاڑھیون کو خیرباد کہنا شروع کیا۔ لیکن اب جو ڈاڑھیون کے مُنڈنے کا رواج ہوا تو اس شدت سے کہ "باربرس" کا لفظ جسکے معنی ڈاڑھی والے کے ہین تمام وحشی قومون اور اُن جماعتون کی نسبت استعمال کیا جانے لگا جو اُنکے حلقۂ اثر سے باہر تھین۔ مگر پھر بھی اُن مین ڈاڑھی کی عزت کا اس قدر خیال ضرور موجود تھا کہ جو شخص عاقل و بالغ ہوتا اور اُسے مرد آدمی کہنا چاہتے تو "باریٹوس" یعنی صاحب ریش کہتے۔ اور اسی کا اثر تھا کہ اُنکے نوخیز امرد لڑکے روز ٹھڈی مین تیل ملا کرتے کہ جلدی ڈاڑھی نکلے۔ اور ہمارا شمار قوم کے بڑون مین ہو۔ زمانۂ مابعد کے بعض قیاصرہ اور سلاطین کے مُنہون پر بھی ڈاڑھیان تھین۔ اُنکے مصنفین ہومر۔ ورجل پلینی پلوٹارک۔ اسٹرابو۔ ڈیوڈورس۔ جوڈنل۔ اور پرسیوس نے ڈاڑھی کے متعلق اسقدر مباحث لکھے ہین کہ اگر اُنکو جمع کیا جائے تو اچھا خاصہ لٹریچر تیار ہو جائے۔ سیب تو ڈاڑھی رکھنے کے مؤیدین مین تھے مگر قیصر روم جولین نے ڈاڑھی کی مذمت مین بھی ایک کتاب لکھ ڈالی۔ لیکن باوجود اس مخالفت کے خود اُسکے منہ پر اگلے فلسفیون کی تقلید مین جھنڈولی ڈاڑھی تھی۔ اور گو اُسکے سارے جسم پر بال تھے مگر اُسترا سوا سر کے کہین نہین لگنے پاتا تھا۔ پرسیوس کہتا ہے کہ دانائی ڈاڑھی سے وابستہ ہے۔

یہ خیال اگلے دنون لوگون کے دماغ مین اس قدر بسا ہوا تھا کہ کسی بادشاہ نے ایک بے ریش و بروت لڑکے کو ایلچی بنا کے کسی دوسرے بادشاہ کے دربار مین بھیجا۔ اس امرد سفیر کی صورت دیکھتے ہی اُس نے سخت برہمی کے ساتھ کہا

"میرے دربار میں ایک بے ریشے لونڈے کو سفارت پر بھیجا ہے"۔ یہ سُن کے نوعمر ایلچی بولا "میرے آقا کو اگر یہ معلوم ہوتا کہ حضور کے نزدیک ڈاڑھی کی اس قدر ضرورت ہے تو میرے عوض ایک بکرے کو بھیج دیتا"۔

اسکندر اعظم کے عہد میں معلوم ہوتا ہے کہ یونانیوں اور مقدونیہ والوں میں ڈاڑھی کا عام رواج تھا۔ مگر سکندر نے یہ بدعت ایجاد کی کہ سپاہیوں کی ڈاڑھیاں مُنڈوا دیں۔ اور اس کارروائی کا محرک یہ خیال ہوا کہ ایسا نہ ہو دشمن ان سپاہیوں کی ڈاڑھیاں پکڑ پائیں اور بے بس کر کے مغلوب کریں لیکن اسکے بعد یورپ میں ڈاڑھیوں کا پھر رواج ہوگیا۔ جس کا حال ہم آگے بیان کریں گے۔

قوم عرب میں مدت ہائے دراز سے ڈاڑھی رکھنے کا رواج چلا آتا تھا۔ جسکو اسلام نے بھی شرافت و مردانگی کا تمغہ تسلیم کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ظہور اسلام کے زمانے تک یہ بات اہل عرب کے وہم و گمان میں بھی نہ تھی کہ کوئی شریف قوم ڈاڑھی مُنڈاتی ہے۔ صرف عجمیوں اور مجوس کی نسبت اتنا جانتے تھے کہ اُن کی ڈاڑھیاں مُنڈی ہوتی ہیں۔ جب دارائے ایران خسرو پرویز کے سفیر یمن سے مدینے میں آئے۔ اور حضرت رسالت کے مہمان ہوئے تو اُن کی مُنڈی ہوئی ڈاڑھیاں دیکھ کے آپ نے پوچھا "تم لوگ ڈاڑھی کیوں مُنڈاتے ہو؟" انھوں نے کہا "ہمارے مالک یہی حکم ہے"۔ یہ سُن کے آپ نے ارشاد فرمایا "مگر میرے مالک (خدا) نے مجھے داڑھی کے چھوڑنے اور مونچھوں کے کٹوانے کا حکم دیا ہے"۔ اسی واسطے آپ نے صحابہ کو تعلیم فرمائی "فطرت (انسانی یا ایمانی اس لیے کہ اسلام میں دونوں متحد ہیں) کا تقاضا یہ ہے کہ ڈاڑھی چھوڑ دی جائے اور مونچھیں کٹوائی جائیں"۔ حضرت رسالت کے اس ارشاد نے ڈاڑھی کا مرتبہ اور بڑھا دیا۔ صحابہ کی عام وضع یہ تھی کہ لمبی ڈاڑھیاں اور کتری ہوئی مونچھیں۔ حضرت ابن عمر اور بعض دیگر صحابیوں کا معمول تھا کہ مُٹھی سے ڈاڑھی کو ناپتے اور جتنی بڑھتی نظر آتی اُسے کاٹ ڈالتے۔ اور چاروں طرف سے برابر کرنے کے لیے بھی کاٹتے تھے۔ مگر یہ بھی خاص خاص لوگوں کی وضع تھی ورنہ عموماً سب کی ڈاڑھیاں مطلقاً چھوٹی ہوئی تھیں۔ اور مونچھیں اس قدر کتری ہوئی کہ

جلد نظر آئے۔ اسلام اس وضع و حلیہ کی اشاعت کرتا ہوا عرب کی حدود سے باہر نکلا۔ اور جہان جہان پہونچا وہان ڈاڑھی کی قدر و منزلت بھی زیادہ ہوتی گئی اور چند روز مین شام و مصر۔ ایران و توران۔ اور افریقہ و اندلس مین جہان دیکھیے نورانی ڈاڑھیون کا جلوہ نظر آرہا تھا۔ اور حریف پر جتنا رعب لمبی ڈاڑھیونکا پڑتا تھا کسی چیز کا نہ پڑ سکتا تھا۔

مسلمانون کی یہ عام وضع تھی کہ لمبی داڑھیان ہوتین۔ اُن مین تیل ڈالا جاتا۔ کنگھی کی جاتی۔ اور سن رسیدہ شہسوارون کی ڈاڑھیون پر مہندی کی سرخی اور کبھی نیل کی سیاہی اپنا جلوہ دکھاتی۔ ڈاڑھی کو اپنی عزت سمجھتے۔ اور ساتھ ہی خیال کیا جاتا کہ ڈاڑھی چونکہ مردانگی کا فطری زیور ہے لہذا عورتین بھی بالطبع ڈاڑھی والے مرد کو بے ڈاڑھی والے سے زیادہ محبوب رکھتی ہین۔ ڈاڑھی کی شرم سب سے بڑی شرم ہوتی۔ اور ڈاڑھی کی عزت کرنا سب سے بڑی خاطرداری خیال کی جاتی۔ یہان تک کہ بچون کے ساتھ اظہار شفقت منظور ہوتا تو بڑے بوڑھے اُن کی ٹھڈیون کو اپنے ہاتھ مین لیتے۔ اور سمجھتے کہ گو ان کے ڈاڑھی نہیں مگر ڈاڑھی نکلنے کی جگہ پر ہاتھ لگانا اُنکی عزت بڑھانا ہے۔

اب بعد کا زمانہ آیا۔ اور مسلمان دیگر اقوام مین مل جل کے اُنکی وضع و قطع اختیار کرنے لگے۔ پہلا تغیر تو بطن غالب عباسیہ کے آخری دور مین یہ ہوا کہ بعض مسلمان ایرانیون کی تراش خراش سے متاثر ہوئے اور ڈاڑھیان کٹوانے اور چھوٹی کرانے لگے۔ اور ڈاڑھی کی اُس اگلی عزت و حرمت مین کمی ہونے لگی۔ یہان تک کہ عرب کے ہاتھ سے حکومت ہی نکل گئی۔ اور تاج و تخت کی وارث ترکی قوم ہوئی۔ جس نے مختلف ممالک مین مختلف سلطنتین قائم کین۔ اور ہر سلطنت کے مسلمان اپنی قلمرو کے لوکل اثرون سے متاثر ہونے لگے۔ اُدھر دولت عثمانیہ کے وارث تاج و دیہیم سلطان سلیم اول نے (جس کا زمانہ ۱۵۱۲ء سے ۱۵۲۰ء تک تھا) غالباً مسیحیون کی وضع پسند کرکے سب کے پہلے ڈاڑھی کو خیرباد کہی۔ ادھر دولت مغلیۂ تیموریہ کے وارث شہنشاہ جلال الدین اکبر نے (جسکا عہد ۱۵۵۶ء سے ۱۶۰۵ء تک تھا) اپنے سالے سُسرون کے اثر سے متاثر ہو کے

ڈاڑھی کا صفایا بول دیا۔ ہندوستان مین اکبر کے اس فعل کو مسلمان سوسائٹی نے گو ناپسند کیا مگر سب نے ایسی خاموشی اختیار کی کہ نہ کسی نے مخالفت کی آواز بلند کی اور نہ کسی نے بادشاہ کی وضع اختیار کی۔ مگر سلطان سلیم کی مخالفت نے ذرا زیادہ جوش دکھایا۔ گو سلطان کے سامنے کسی کو زبان کھولنے کی مجال نہ تھی مگر شیخ الاسلام نے جی کڑا کرکے پوچھا "حضور نے ڈاڑھی کیون مُنڈا ڈالی" سلیم نے ہنس کے مسخرے پن سے کہا "ناکہ وزیر کے ہاتھ مین میری کوئی ایسی چیز نہ آسکے جسے پکڑ کے وہ مجھے جدھر چاہے کھینچ لیجائے"

مگر اسلام کی گرفت ایسی نہ تھی کہ اسلامی ممالک مین یورپ کی طرح بادشاہ کی وضع کا اثر عام سوسائٹی پر پڑ جاتا۔ نہ اکبر کی وجہ سے مسلمان شرفا و اُمرا نے اپنی ڈاڑھیان مُنڈائین۔ اور نہ سلیم کی وجہ سے ترکی امرا و ارکان دولت نے۔ بلکہ خود اُنکے جانشینون مین بھی یہ وضع نہ قائم رہ سکی۔ اکبر کے بعد جہانگیر نے تو البتہ ڈاڑھی مُنڈائی تھی مگر بعد جو دیکھا گیا تو ساری دنیا کے مسلمان تاجدارون کے مُنہ پر لمبی اور نورانی ڈاڑھیان تھین۔

اب موجودہ مسلمانون کی ڈاڑھیون کی طرف توجہ کرنے سے پہلے ہمین یہ بتانا چاہیے کہ ظہورِ نیر اسلام کے بعد یورپ کی سرزمین مین غریب ڈاڑھی پر کیسی کیسی آفتین نازل ہوئین۔ اور وہان اُسے کن کن مصیبتون کا سامنا کرنا پڑا۔ ڈاڑھی نے نشیب و فراز عالم اور انسانی تلون مزاجیون کے جیسے جیسے کرشمے اس مغربی حصۂ زمین مین دیکھے کہین نہین دیکھے تھے۔ کبھی تو بڑی بڑی لمبی ڈاڑھیان تھین اور کبھی صفاچٹ۔ مذہب عیسوی اگرچہ یہود مین سے نکلا تھا۔ اور حضرت مسیح اور آپ کے حواری سب ڈاڑھی والے بزرگ تھے مگر مذہب نے اسکی کچھ پروا نہ کی۔ کلیسائے روم و کلیسائے یونان مین جہان اور اختلافات ہین وہان یہ بھی ہے کہ کلیسائے یونان ڈاڑھی کا موید و حامی ہے اور کلیسائے روم غالباً رومیون کے آخری مذاق کی پابندی مین ڈاڑھی کے خلاف۔ بلکہ مغربی مقتدا ڈاڑھی کو عیب خیال کرتے ہین۔ اسوقت خود پوپ اور اُنکے تمام کارڈنل (جن مین سے پوپ منتخب ہوتے ہین) سب کی ڈاڑھیان خوب مُنڈی

ہوتی ہین - لیکن شاید یہ آخر عہد کے پاپاؤن کا بنایا ہوا قانون ہے - کیونکہ قدم الایام کے اکثر پاپا ڈاڑھی والے تھے - نیپلز مین قدیم پاپاؤن کی مورتین پرانے ہی زمانے کی ترشی ہوئی رکھی ہین - جن مین پوپ کلیمنٹ سابع (۱۵۲۳ء) سے لے کے پوپ اسکندر ہشتم (۱۶۸۹ء) تک کی مورتین ترتیب وار نظر آتی ہین - اور موجودہ پوپون کی منڈی ہوئی ڈاڑھی موچھون کے بعد اُنکے چہرون پر نظر ڈالیے تو حیرت معلوم ہوتی ہے - آخر عہد مین جب پوپ نے ڈاڑھی منڈانے کا فتوی دیا تو ہر طرف ڈاڑھیون پر ظلم ہونے لگا - یہان تک کہ بلجیم کے ریفارمرون نے خواہش کی کہ ڈاڑھی والے مسیحی لامذہب اور دین عیسوی سے خارج کیے جائین -

تیرہوین صدی عیسوی تک انگلستان مین بھی ڈاڑھی رکھنے کا عام فیشن تھا - مگر پندرہوین صدی مین ڈاڑھیون پر ایسے ہاتھ صاف ہونے لگے کہ ڈاڑھی والے چند ہی چہرے باقی رہ گئے تھے - ہنری ہشتم کے عہد مین لنکنز ان کے معزز و محترم ارکان نے یہ قاعدہ جاری کیا کہ جس کے منہ پر ڈاڑھی ہو وہ بغیر دونی فیس ادا کیے بڑے میز پر نہ بیٹھ سکے - لیکن ابھی تک اکثر لوگون کو ڈاڑھیان اس قدر عزیز تھین کہ باوجود ان جابرانہ قواعد کے ڈاڑھیون سے دست بردار نہ ہوتے تھے - چنانچہ ۱۵۵۵ء مین ملکہ میری نے اپنے چار معزز اُمرا کو روس کے دربار مین سفیر بنا کے بھیجا تو اُن چارون کے چہرون پر ڈاڑھیان تھین - خصوصاً اُن مین سے ایک شخص جارج کلنگ وِتھ کی ڈاڑھی پانچ فٹ دو انچ لمبی تھی - اُس کی صورت دیکھتے ہی شہنشاہ روس ایوان مہیب" کو بیساختہ ہنسی آگئی - جارج کی ڈاڑھی گھنی چوڑی اور دراز تھی - اور کھانے کے بعد ایوان اُس سے کھلونے کی طرح کھیلنے لگا -

لیکن انگلستان مین اُنکے بعد جب ملکہ ایلزبتھ کا زمانہ (۱۵۵۸ء سے ۱۶۰۳ء تک شروع ہوا تو ڈاڑھیون پر قیامت ہی ٹوٹ پڑی - اس لیے کہ اس اقبالمند مگر درشت مزاج ملکہ کے حکم سے ڈاڑھیون پر محصول لگایا گیا - اور حکم جاری ہوا کہ ہر ڈاڑھی والا شخص اپنی ڈاڑھی کی طرف سے سالانہ ۳ شلنگ ۴ پنس محصول ادا کرے - اور جس کسی کے چہرے پر پندرہ دن اُسترا نہ پھرے لینے

اُس کا خط پندرہ دن کا ہوگیا ہو اُسکے ذمے یہ محصول واجبی ہو جائے۔ ہم نہین جانتے کہ اُن دنون انگلستان مین نائیون کو ڈاڑھی مونڈنے کی کیا اُجرت دینی پڑتی تھی۔ لیکن اس مین شک نہین کہ یہ سرکاری ٹکس نائیون کی سالانہ اجرت سے زیادہ ہی دینا پڑتا ہوگا۔ کیونکہ انگلستان مین اُن دنون زندگی بسر کرنا اس قدر گران نہ تھا جس قدر کہ اب ہے۔ اور اس مین شک نہین کہ انگریزون مین جو رواج ہوگیا ہے کہ ہر شخص صبح کو منہ دھوتے وقت اپنی ڈاڑھی آپ مونڈ لیا کرتا ہے یہ اُسی دَور کی برکت ہے۔ تاہم بہت سے لوگون نے اب بھی ڈاڑھی نہ منڈائی۔ بلکہ سرکاری محصول ادا کرنے سے اور زیادہ خوش ہو ہو کے اپنی ڈاڑھیون پر ہاتھ پھیرتے کہ محصول دینے پر بھی انکی محبت ہمارے دل مین باقی ہے۔

اسکے تقریباً نوے برس بعد پیٹر اعظم نے روس مین بھی ڈاڑھیون پر محصول لگا دیا۔ مملکت ہسپانیہ مین جو دو صدی پیشتر عروج پر تھی غالباً عربون کے اثر سے ڈاڑھی کی اچھی داشت ہوتی تھی۔ اور کل معززین کے چہرون پر ڈاڑھیان ہوا کرتی تھین۔ لیکن ۱۷۰۰ء مین فلپ پنجم کی تخت نشینی کے ساتھ ڈاڑھیون کی قسمت بھی پلٹ گئی۔ انکی بدنصیبی سے فلپ مذکور خوسا تھا یعنی قدرت ہی نے اُسے ڈاڑھی کے زیور سے محروم رکھا تھا۔ ڈاڑھی والون کی سوسائٹی مین اپنے اس پیدائشی نقصان کو وہ برداشت نہ کرسکا۔ اور اپنی خفت مٹانے کے لیے حکم دیدیا کہ تمام امرائے دربار ڈاڑھی مُنڈا ڈالین۔ اور گو شاہی اثر نے ڈاڑھی مُنڈانے کو اسپین کا فیشن بنا دیا۔ مگر پھر بھی بہت سے لوگ ڈاڑھی کو حسرت سے یاد کرتے اور ایک آہ کے ساتھ کہتے تھے "ہماری ڈاڑھیون کے ساتھ ہماری جانین بھی چلی گئین"

پرتگیزون مین اس سے پیشتر ڈاڑھی کی بڑی قدر تھی۔ اور وہ بھی عربون کی سنت پر چل رہے تھے۔ مگر جب زمانے کی ہوا بگڑی تو وہ بھی یورپ کے عام فیشن کے گرویدہ ہوے۔ اور اس قوم نے بھی ڈاڑھیون کو حرف غلط کی طرح مٹا دیا

فرانس مین غالباً یورپ کے دیگر مقامات سے پہلے ہی ڈاڑھیان مُنڈ گئی تھین۔ مگر مغرب ہی مین "روسکولنی کی" نام ایک مسیحی مبتدع فرقہ نے دعوٰی کیا

کہ خدا کی "ربانی مودّت ڈاڑھی مین ہے" تاہم پوپ صاحب کا مُنڈانے کا فتویٰ سب پر غالب تھا۔ لیکن وہاں ڈاڑھیان مُنڈتے ہی منڈتے ایک ایسا زمانہ آگیا کہ یکایک ڈاڑھی کا نصیبہ چند روز کے لیے از سر نو جاگ اُٹھا۔ فرنسیس اول جو فرانس کے رائل کالج اور رائل لائبریری کا بانی ہے ۱۵۵۱ء مین تخت پر بیٹھا۔ اُسکی ٹھوڑی پر ایک زخم کا داغ تھا جو نہایت ہی بدنما معلوم ہوتا تھا۔ اس عیب کے چھپانے کے لیے اُس نے ڈاڑھی رکھ لی۔ چند روز مین سارے دربار کا یہی فیشن ہوگیا۔ اور جسے دیکھیے اُسکے چہرے پر ڈاڑھی تھی۔ مگر فرنسیس کے بعد پھر وہان زمانے نے ڈاڑھی کے ساتھ سرد مہری کی۔

چند روز پیشتر آخری شہنشاہ فرانس نپولین نے ایک نئی وضع کی ڈاڑھی رکھی یعنی دونون طرف کلّے مُنڈے ہوے اور ٹھوڑی پر داڑھی۔ کچھ دنون کے لیے فرانس کی یہی وضع رہی۔ جس کا اثر اب بھی کسی قدر باقی ہے۔ اس کے بالکل برعکس جرمن کے بوڑھے شہنشاہ اور نیز روس و آسٹریا کے شہنشاہون نے دونون جبڑون پر ٹھیکے رکھوائے اور درمیان مین ٹھڈی منڈا ڈالی۔ یہ وضع یورپ کے بعض فوجی افسرون کو زیادہ پسند آئی۔ اور غالباً اُنھین کی دیکھا دیکھی ہندوستان کے بعض اُمرا نے بھی ٹھیکے رکھوالیے۔ جس وضع کا زیادہ مشہور نمونہ فی الحال حضور نظام حیدرآباد میر محبوب علی خان بہادر کی ڈاڑھی ہے۔

فی الحال یورپ مین ہر جگہ ڈاڑھی مُنڈانے کا عام رواج ہے۔ اور جو ڈاڑھی رکھے اُسکی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ اُسکے مزاج مین صفائی نہین ہے۔ آج کل یورپ مین سب جگہ سے زیادہ ڈاڑھیان جرمنی مین نظر آتی ہین۔ اور اسکا کچھ رواج باقی بھی ہے تو اُس قوم مین جو اکثر موقعون پر سلطان کی طرفداری کرتی ہے۔

ابھی چند روز ہوے جرمنی نقاش (مصوّر) "جوہان ٹایو" کی ڈاڑھی دُنیا بھر مین سب سے بڑی ڈاڑھی تصور کی جاتی تھی۔ اور واقعی اتنی بڑی داڑھی الف لیلہ کی پری بانو کے قصے کے سوا اور کہین نہین نظر آسکتی۔ اُسکی ڈاڑھی کی نسبت کہا جاتا ہے کہ اتنی لمبی تھی کہ کھڑے ہونے مین بھی زمین پر

لوٹا کرتی - اور اکثر مجبور ہوکے وہ اُسے کمر مین لپیٹ لیا کرتا -

لیکن ہمارے موجودہ فرمان روا قیصر ہند حضور ایڈورڈ ہفتم نے اپنے زمانہ ولیعہدی ہی سے ایک نئی وضع کی چھوٹی اور نوکیلی ڈاڑھی ایجاد کی جو مسلمانون کے شرعی حدود کے اندر آجاتی ہے - اور اگر قوم مین "من تشبہ بقوم فہو منہم" کے مرض تفرق اتصال کا اندیشہ نہ پیدا ہوا اور اس حدیث کا حکم صرف امور دینی تک محدود رکھا جائے تو یقین ہے کہ اس دور کی فیشن ایبل ڈاڑھیان خلاف شرع نہ سمجھی جائین گی -

یہ ڈاڑھی اب یورپ مین بھی رواج پاتی جاتی ہے اور ہندوستان مین بھی یہان تک کہ شہنشاہ روس نے بھی اپنے آبا و اجداد کی وضع کے خلاف اس وضع کی ڈاڑھی رکھ لی - اکثر شاہزادگان یورپ کے چہرون پر اس ڈاڑھی کا جلوہ نظر آرہا ہے - ابھی چند روز ہوے ہمارے ولیعہد سلطنت پرنس آف ویلز بہادر ہم مین اور ہمارے ملک مین تھے - اور اُن کا خوبصورت چہرہ بھی اسی ڈاڑھی کی خوشنمائی کا ثبوت دے رہا تھا -

ہم تو سمجھتے ہین کہ اسلام کو ہمارے شہنشاہ کا شکر گذار ہونا چاہیے - کیونکہ اسلام ڈاڑھی کا سب سے زبردست حامی ہے اور یورپ کی موجودہ دست برد سے امید نہ تھی کہ کسی شخص کی بھی داڑھی بچنے پاتی - ہمارے شہنشاہ کی توجہ سے یہ غریب اُنکے زیر حمایت آگئی - ورنہ دوسری قومیں درکنار مسلمانون کے چہرون پر بھی شاید اتنی ڈاڑھیاں نہ ہوتین جتنی کہ اب نظر آتی ہین - سلیم اور اکبر کا ڈاڑھی مُنڈانا تو مسلمانون پر کچھ اثر نہین ڈال سکا تھا مگر مغربی تہذیب کے عروج اور یوروپین اقوام کے میل جول سے اکثر ترقی یافتہ ممالک کے مسلمان اپنے قومی کیرکٹر اور اپنے پُرانے طُلیوں کو بھول گئے - سب نے ایک سرے سے ڈاڑھی کو خیر باد کہدی - اُدھر ترکون نے بے تکلف ڈاڑھیان منڈانی شروع کردین - ادھر ایرانیون نے - اور چونکہ یہ دونون ملک فی الحال مسلمانون کی سوسائٹی کے مرکز خیال کیے جاتے ہین لہذا دیگر ممالک کے مسلمان بھی انکو دیکھ کے اور نیز مغربی حکام کی وضع و قطع پسند کرکے عموماً ڈاڑھیان منڈانے لگے -

ہندوستان کے مسلمانون مین سنیون کے مقابل شیعون نے ڈاڑھیون کی

کی طرف سے پہلے بے پروائی کی۔ اُنکے مقتدایان دین نے بھی فتویٰ دیدیا کہ کوئی لمبی ڈاڑھی رکھنے پر مجبور نہین بلکہ قصر بھی جائز ہے۔ بس اتنی داڑھی ہونی چاہئے کہ دُور سے کوئی دیکھے تو یہ نہ سمجھے کہ مُنڈی ہوئی ہے۔ مگر اُنکے پیرو اس حد سے گذر گئے۔ بے تکلف مُنڈانے لگے۔ اور لکھنؤ کا فیشن ہو گیا کہ ڈاڑھی ندارد اور موچھین بڑی۔ تقریباً کچھ کم ایک صدی سے ہندوستان مین یہ امتیاز چلا آتا تھا۔ کہ شیعونکی ڈاڑھی منڈی ہوئی اور سنیون کے مُنہ پر ڈاڑھیاں۔ یہان تک کہ انگریزی تعلیم اور علی گڑھ کالج کے جدید فیشن نے یہ امتیاز بھی اُٹھا دیا۔ اور اب سنی و شیعہ سب ایک وضع کے ہیں۔

ختنہ

یہ رسم قدیم الایام سے بعض پُرانی قومون مین چلی آتی ہے۔ اور اس کے سب سے بڑے حامی یہود اور مسلمان ہین۔ مسیحی اگر سچے پیرو مسیح ہوتے تو اُن مین بھی ضرور اس کا رواج ہوتا۔ مگر انھون نے غیر مختون یونانیون اور رومیون کے اثر سے جہان سُور کو جائز کیا۔ ہیکل سلیمانی یعنی مسجد اقصیٰ کی تعظیم ترک کی وہاں ختنے سے بھی آزاد ہو گئے۔

دنیا کی مختلف اقوام کے حالات پر نظر ڈالی جائے تو نظر آتا ہے کہ اگلے زمانے کی بہت سی اور قومین بھی بغیر اسکے کہ مذکورہ ختنہ کرنے والی قومون سے متاثر ہوتی ہون ختنہ کرتی تھین۔ قدیم اہل مصر فراعنہ کے دور مین ختنہ کراتے تھے۔ مصر مین قرناق کی ہیکل جنسو کے کھنڈرون مین ایک دیوار پر تصویر بنی ہے کہ دو لڑکون کا (جو بہ ظاہر اسباب فرعون رامیس دوم کے بیٹے معلوم ہوتے ہین) ختنہ کیا جا رہا ہے۔ ان لڑکون کی عمرین چھ سال اور دس سال کے درمیان ہیں اور ختنہ کرنے والا مقتدائے اعظم ہے۔ وسط امریکہ کی بعض شایستہ و متمدن پرانی قومون مین بھی ختنہ کا رواج تھا۔ دریائے آمیزن کے علاقے مین ٹیکا اور مناؤ قوموں میں یہ طریقہ آج بھی مروج ہے۔ اس قدیم دُنیا کے جنوبی جزائر مین بھی بہت سی مختون قومیں آباد ہین۔ آسٹریلیا کے اکثر اقوام بھی ختنہ کراتے ہین

پاپون لوگون نیو کلیڈ دنیا والون اور نیو ہیریڈس کے رہنے والون مین بھی ختنہ مروج ہے۔

براعظم افریقہ پر اگرچہ فتوحات عرب کا بے انتہا اثر پڑا مگر وہان بھی بعض ایسی وحشی اور غیر اثر پذیر قومون مین ختنہ کیا جاتا ہے کہ اُسے عربی اثر کا نتیجہ بتانا ذرا دشوار ہے یہاں یہ کافر لوگون مین مروج ہے۔ بچوانا قوم میں یہ حالت ہے کہ مختون لڑکے اپنی صحبت الگ قایم کرتے ہین اور غیر مختونون کو اُس مین شریک نہین ہونے دیتے۔ بعض مورخین سمجھتے ہیں۔ کہ ختنہ دراصل قوم عرب کا شعار تھا یہودنے اُن سے سیکھا۔ اور بعض سمجھتے ہین کہ یہود سے یہ طریقہ عربون میں مین آیا۔ غرض یہ بہت پُرانا رسم ہے جس کی نسبت یہ پتہ لگانا کہ کس سے نکلا اور کس سے کس مین پہونچا نہایت دشوار بلکہ غیر ممکن ہے۔

یہ معلوم کرنا بھی مشکل ہے کہ دنیا مین اس عجیب رسم کا رواج کس غرض سے ہوا۔ مصر والون اور نیز شام کے فینقیین مین یہ مشرکانہ مقولہ پھیلا ہوا تھا کہ "را (سورج) دیوتا جب اپنے عضو کے کاٹنے کی خواہش کرتا تو اُس سے خون بہنے لگتا"۔ علیٰ ہذا القیاس یہ دیو مالا بھی اس سے تعلق رکھتی ہے کہ "ہیل نے اپنے باپ اُرانوس کا یا خود اپنا ختنہ کیا۔ اور خون چشمون اور ندیون مین بہنے لگا"۔ مگر ختنہ کو بت پرستی کے ان افسانون سے متعلق کرنا غلطی ہے۔ یونان کا پُرانا مورخ ہروڈوٹوس کہتا ہے کہ "مصر والون میں ختنہ کا رواج صفائی کے خیال سے تھا"۔ یون تو حفظ صحت کے اصول سے بھی ختنہ کو تعلق ہے مگر سچ یہ ہے کہ اس رسم کی بنیاد دُنیوی مصالح کے مقابل دینداری پر زیادہ ہے۔ اصل مین یہ ایک قسم کی قربانی تھی۔ جس سے مقصود یہ تھا کہ اپنی خواہشِ نفسانی کا خون کرکے خدا کی حکومت اپنے اوپر تسلیم کی جائے۔ یا ایک حصہ جسم فدیہ مین دے کے باقی جسم کے محفوظ رکھنے کی اُمید رکھی جائے۔

مورخین ان باتون کی چھان بین چاہے جہاں اور جس قدر بھٹکتے پھرین مگر اس مین شک نہین کہ مذہبی روایات نے قطعی طور پر فیصلہ کردیا کہ ختنہ کا آغاز حضرت ابراہیم خلیل اللہ سے خدا کے ایک عہد کیطرح سے ہوا۔ توراۃ

کی کتاب تخلیق کے ۱۷ باب مین آیات ذیل اِس مضمون کو صاف طور پر بتا رہے ہین
"(۹) پھر خدا نے ابرہام (ابراہیم) سے کہا کہ تو اور تیرے بعد تیری نسل پشت
در پشت میرے عہد کو نگاہ رکھین۔ (۱۰) اور میرا عہد جو میرے اور تمھارے درمیان
اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان ہے جسے تم یاد رکھو سو یہ ہے کہ تم مین سے ہر
ایک فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔ (۱۲) تمھاری پشت در پشت ہر لڑکے کا
جب وہ آٹھ روز کا ہو ختنہ کیا جائے گا۔ کیا گھر کا پیدا کیا پڑوسی سے خریدا ہوا۔
(۱۴) اور وہ فرزند نرینہ جس کا ختنہ نہیں ہوا وہی شخص اپنے لوگون مین سے
کٹ جائے کہ اُس نے میرا عہد توڑا"

اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت ابراہیم سے یہ خدا کا ایک عہد تھا جس کی پابندی
پوری نسل ابراہیم نے کی اور آج تک ہو رہی ہے۔ ایک طرف بنی اسرائیل سختی سے
پابند تھے حتیٰ کہ خود جناب مسیح کا بھی ختنہ ہوا۔ اور دوسری طرف بنی اسمٰعیل مین اسکا
پورا رواج تھا۔ جن کی کوشش سے چند ہی روز مین ایسا زمانہ آگیا کہ کوئی خطۂ زمین
نہین جہان مختون خدا پرست نہ موجود ہون۔

توراۃ سے پتہ چلتا ہے کہ خدا اس رسم کو اپنے پوجنے والون اور اپنے خاص
بندون کے لیے نہایت اہم جانتا تھا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ جب بی بی بچون کو لے کے
مصر کی طرف واپس چلے تو راستے مین اُنھین خدا ملا۔ اور چاہا کہ موسیٰ کو ہلاک
کر ڈالے (اس کا سبب سیاق عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُنھون نے اپنے
بیٹے کا ختنہ نہین کیا تھا) تب آپ کی بی بی صفورہ نے ایک تیز پتھر سے بیٹے کا ختنہ
کر کے کٹی ہوئی کھال خدا کے قدموں پر پھینکی اور کہا "تو بیشک خون کے سبب سے
میرے سسرے کی جگہ ہوا۔ تب اُس نے (خدا نے) اُسے (موسیٰ کو) چھوڑ دیا"[ع]

ع یہ واقعہ مسلمانون کے عقائد کی رو سے نہایت لغو اور موحدین کی جگہ مشرکین کے مذاق کا
ہے۔ اور یقیناً ترجمے نے یہ خرابیان پیدا کر دین۔ عبرانی زبان کے محاورات پر حکومت رکھنے والا
ہی سمجھ سکتا ہے کہ اصل الفاظ کا مفہوم کیا تھا۔ محاورات کا لفظی ترجمہ ہمیشہ ایسی خرابیان پیدا
کر دیا کرتا ہے۔ "عربی میں" بَیْنَ یَدَیْہِ" کے لفظی معنی ہین اُسکے دونون ہاتھون کے درمیان۔ مگر اسکا
عملی الہوم مفہوم یہ ہوتا ہے کہ اُسکے سامنے۔ اب فرض کیجیے کہ خدا نے کسی جگہ فرمایا ہو بین یدیّ

حضرت مسیحؑ کے زمانے زمانے مین پولوس نے مسیحیون کی گنتی بڑھانے کی بے نگان دُھن مین جب ہر قسم کے مشرکانہ رواج کو گوارا کر لیا تو ختنہ کی ضرورت بھی اُٹھا دی۔ جس کے باعث یروشلیم کے اصلی مسیحی اور خاص حضرت مسیح کے صحبت یافتہ لوگ اُسکے دشمن اور خون کے پیاسے ہوگئے۔ لیکن مغرب کی آزاد مسیحیت بڑھتی گئی اور اصلی مسیحیت جو ارض مقدس مین تھی کمزور ہوکے فنا ہوتی رہی۔ یہان تک کہ سچا مسیحی فرقہ جو "ناصری" کہلاتا تھا دُنیا سے ناپید ہوگیا۔ اور حضرت رسول آخرالزمان علیہ السلام کو مبعوث ہوکے پکارو دنیا پڑا کہ اصلی مسیحیت نہین باقی رہی۔

اب مسیحیت یہود کے ساتھ مختونیت کا بھی استیصال کر رہی تھی۔ اور قریب تھا کہ رومی بت پرستی جو مسیحیت کے جامے مین نمودار تھی اس ابراہیمی عہد کو خدا کے بندون سے تڑوادے کہ حضرت سرور کائنات کی بعثت سے عرب کا دور شروع ہوا۔ اور بنی اسماعیل جو اب سنتِ ابراہیمی کے سچے حامی تھے توحید کی صدا بلند کرتے ہوے دنیا مین پھیلے۔ اور چند ہی روز مین یہ معجزہ دکھا دیا کہ خدا کا یہ عہد صرف ارض فلسطین مین نہین بلکہ ہر جگہ پورا ہو رہا تھا۔

مگر یہود کے اور اسلام کے ختنے مین تھوڑا فرق ہے۔ یہود لازمی طور پر ہر بچے کا ختنہ اُسکی ولادت کے آٹھوین دن کیا کرتے تھے۔ اور مسلمانون مین اسکی پابندی نہیں۔ وہ ولادت سے بلوغ تک جب چاہین ختنہ کرا سکتے ہین۔ بلکہ قدیم زمانے مین عربون کے ختنے کا زیادہ تر رواج بالغ ہونے کے وقت تھا۔

لیکن تعجب یہ ہے کہ بعض قومون مین عورتون کا ختنہ بھی مروج تھا۔ اُنکی شرمگاہ سے گوشت کا کچھ زائد حصہ کاٹ لیا جاتا تھا۔ اور بعض خاص عورتین تھین جن کے ہاتھ سے اس رسم کی تکمیل ہوتی تھی۔ قدیم اسٹرابو کے زمانے مین یعنی اسلام سے بہت پہلے مصر اور عرب کی عورتون مین عموماً ختنہ ہوا کرتا تھا۔ مسرّلین تصدیق کرتے ہین کہ خلیج فارس کے دونون جانب یعنی بحرین عمان۔ عراق اور فارس مین یہ عموماً عام بھی ہوا۔ اس کا مطلب یہی سمجھین گے کہ میرے سامنے۔ مگر محتاط لفظی ترجمہ کرنے والا کہے گا۔ "میرے دونون ہاتھون کے بیچ مین" ایسی خرابیان توراۃ مین کثرت سے پیدا ہوگئی ہیں۔ اور چونکہ عبرانی زبان مردہ ہوگئی اس لیے اصلی راز کا کھلنا میرے نزدیک امکان سے باہر ہوگیا۔

مروج ہے۔ افریقہ کے بعض مغربی اضلاع مین بھی عورتین مختون کی جاتی ہین۔ چنانچہ ڈھومی قوم بھی اس کی پوری طرح پابند ہے۔

مسلمانون اور عیسائیون مین امتیاز لباس

عام مسلمانون مین یہ بے بنیاد واقعہ کثرت سے مشہور ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حکم دیا تھا کہ نصاریٰ چھوٹے دامنون کے کپڑے پہنین اور گھوڑون کی دُمین کٹوا ڈالین۔ حالانکہ جہان تک کتب تواریخ کا تتبع کیا جائے خلافتِ راشدہ کے پُرامن و عدل عہد مین کسی ایسی تفریق کا ہرگز پتہ نہین لگتا۔ گھوڑون کی دُمین کاٹنے کا ایک عجیب واقعہ صحابہ ہی کے آخر دور مین ہندوستان کی سرحد پر پیش آیا جسے علامہ بلاذری نے فتوح البلدان مین بیان کیا ہے۔ یعنی حملہ آور عربون نے حریف کے چند سوارون کے گھوڑون کی دُمین کٹی ہوئی دیکھین۔ روشن خیالی اور وسیع النظری اُن دنون مسلمانون مین اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ اس وضع کو عربون نے پسند کیا اور کہا "ہم لوگ ان لوگون سے زیادہ اس بات کے مستحق ہین کہ اپنے گھوڑون کی دُمین کاٹ دین"۔ یا تو اُنھین مسلمانون کا یہ مذاق تھا کہ دشمنون اور مخالفون کی ہر اچھی اور مفید بات کے اخذ کرنے کو تیار رہتے۔ اور یا یہ زمانہ ہے کہ ادنیٰ ادنیٰ معاشرتی امور پر "من تشبہ بقوم فھو منھم" کا اصول پیش کرکے کفر و الحاد کا فتوے دے دیا جاتا ہے۔

رہا لباس کا فرق۔ اس بارے مین قرون اولیٰ کی کوئی ایسی شہادت ہمارے پاس موجود نہین ہے جس سے یہود و نصاریٰ اور مسلمانون کے وضع و لباس کی تفریق کے متعلق اسلامی حکومت کا کوئی خاص حکم ثابت کیا جا سکے۔ ہان مصر کے خلفاے بنی فاطمہ مین سے جنھین اکثر مورخین "عبیدیین" کے لفظ سے یاد کرکے بدنام کرتے ہین "حاکم بامر اللہ" نے ایک مرتبہ یہ بھی حکم جاری کر دیا تھا کہ حمام کے اندر بھی اور باہر سڑکون پر بھی عیسائیون کا لباس مسلمانون کے لباس سے جدا ہوا کرے۔ مگر حاکم بامر اللہ کے احکام و افعال کا ذمہ دار نہ اسلام ہے اور نہ مسلمان ہین۔ وہ ایک مجنون سا خلیفہ تھا اور روز ایک نیا اور انوکھا حکم جاری کیا کرتا تھا۔ اگر

اُس کی حالت اور اُسکے احکام کو دیکھیے تو بڑی حیرت معلوم ہوتی ہے۔
۳۹۵ھ مین اُس نے حکم جاری کیا کہ شہر مصر کے گلی کوچون مین اور کل عالیشان مسجدون اور مکانون کے در و دیوار پر صحابۂ کرام کے نامون کے ساتھ (معاذ اللہ) گالیان لکھی جائین۔ اسی قدر نہین۔ ساری مملکت اور قلمرو مین یہ حکم جاری کر دیا کہ علانیہ صحابہ کے نامون کی توہین کی جایا کرے۔ اسکے بعد ۳۹۷ھ ہجری مین کچھ ایسی مت پلٹی کہ یکایک فرمان خلافت جاری ہوا کہ جو کوئی صحابۂ کرام کے محترم نامون کے ساتھ کوئی سخت لفظ استعمال کرے یا اُنکے نامون کی توہین کرے اُس کو فوراً سر اُڑا دیا جائے اور سخت سزا دی جائے۔ ایک مرتبہ بیٹھے بیٹھے یہ فرمان واجب الاذعان نافذ ہو گیا کہ تمام کُتے مار ڈالے جائین۔ گلی کوچون مین جو کُتا ملا فوراً مار ڈالا گیا اور یہ حالت ہو گئی کہ سارے شہر مین کہین کتون کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ ایک بار حکم ہوا کہ کھیر کی قفلیان ہرگز نہ بکنے پائین۔ پھر یہ فرمان جاری ہوا کہ کشمش ہرگز نہ بکنے پائے۔ جو کوئی کشمش تھوڑی ہو یا بہت ہو بیچتا نظر آئے واجب التعذیر ہے۔ یہ مالیخولیا اس قدر بڑھا کہ پانچ سو دینار صرف کر کے جتنی کشمش ملی خرید کے جلا دی گئی۔ اسکے بعد یہ حکم قضا شیم جاری ہوا کہ انگور ہرگز نہ بکنے پائے۔

انہین احکام کے ذیل مین ایک یہ حکم بھی تھا کہ یہود و نصاریٰ مسلمانون کا لباس نہ پہنین۔ نہ حمام کے اندر اور نہ حمام کے باہر سڑکون اور راستون مین۔ جو اُسکا جوش زیادہ بڑھا تو ایک حمام یہود کے لیے، ایک نصرانیون کے لیے، اور ایک مسلمانون کے لیے الگ الگ تعمیر کر دیا گیا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیون کے ساتھ اُسکا تعصب روز بروز بڑھتا ہی گیا۔ لباس کی تفریق کے بعد یہ حکم ہوا کہ آراستہ و پیراستہ زین پر یہود و نصاریٰ نہ سوار ہوا کرین۔ اُنکے گھوڑون کی زین لکڑی کی ہوا کرے کسی مسلمان کو وہ خدمتگاری پر نوکر بھی نہ رکھین۔ مسلمان گدھے والے کے گدھے پر کرایہ دے کے سوار بھی نہ ہون۔ جس کشتی کے ملاح مسلمان ہون اُس پر بھی سوار نہ ہوا

ان احکام سے مین یہ جانتا ہون کہ امتیاز و تفاخر تو بعد کی چیزین ہین شہر کے مسلمانون، گدھے والون، اور کشتیبانون کا نقصان پہلے ہوا ہوگا۔ اسکے بعد

مین اُس نے حکم دیا کہ بلاد مصر مین عیسائیون کے جتنے کنیسے ہین سب منہدم کر ڈالے جائین اور اُن کا مال و اسباب مسلمانون کو دیدیا جائے۔ اور چونکہ بیت المقدس بھی اُس کی قلمرو مین شامل تھا اس لیے حکم دیا کہ وہان کا عظیم الشان کنیسہ القیامہ ڈھا دیا جائے۔ پھر حکم ہوا کہ خبردار کوئی شخص علم نجوم سے تعلق نہ رکھے۔ اور جتنے نجومی ہون سب اُس کی قلمرو سے نکال دیے جائین۔ پھر حکم ہوا کہ جتنے گبّے ہین سب خارج البلد کر دیے جائین۔ اسکے بعد مصداق نزلہ بر عضو ضعیف می ریزد حکم ہوا کہ خبردار عورتین چاہے دن ہو یا رات اپنے گھرون کی دہلیز سے باہر قدم نہ نکالین۔ اور جس قسم کی جوتیان پہن کے عورتین آمد و رفت کیا کرتی تھین اُنکے بنانے کی موچیون کو قطعی ممانعت کر دی گئی۔ عورتین مصر مین اور تمام ممالک اسلامیہ مین ہمیشہ سے باہر آمد و رفت کرتی ہین اور اپنے دوستون اور عزیزون کے گھرون مین عموماً پیدل جایا کرتی ہین۔ مگر اس حکم کی بدولت سات برس تک وہ اپنے گھرون مین قید رہین اور کسی عورت کی مجال نہ تھی کہ گھر سے باہر نکلے۔ یہان تک کہ سات برس بعد اُس کے جانشین الظاہر نے اُنھین اُنکی پُرانی آزادی دی۔ پھر اسکے بعد یکایک عیسائیون کے حال پر مہربانی ہوئی اور حکم جاری ہوا کہ اُنکے جتنے معبد اور کنیسے کھودے گئے تھے سرکاری روپیہ سے پھر تعمیر کرا دیے جائین۔ اور اُن کا جو مال لوٹا گیا تھا وہ لوگون سے چھین کے پھر اُنکے حوالے کیا جائے۔

غرض یہ تھے وہ احکام جن کے سلسلے مین ایک بار تفریق لباس کا حکم بھی جاری ہو گیا تھا۔ لیکن اس کو اسلام کا کوئی فعل خیال کرنا اگر مسلمانون کی بیوقوفی ہے جو اسے اپنا فخر و ناز سمجھ کے بیان کیا کرتے ہین تو اُن لوگون کی بھی بڑی بیوقوفی ہے جو اس کی بنا پر خلافت اسلامیہ کو تعصب کا الزام دیتے ہین۔

اس الحاکم کی موت کا واقعہ بھی حیرت انگیز ہے۔ اُس کا ایک عمدہ سفید گدھا تھا جس کا نام "قمر" رکھا گیا تھا۔ ۱۷۔ شوال ۴۱۱ھ ہجری کو دوشنبے کی رات تھی کہ وہ اُس گدھے پر سوار ہو کے سیر کو نکلا۔ اور چونکہ تنہائی پسند کرتا تھا اس لیے ہمراہیون کو ساتھ آنے سے منع کیا۔ مصر کی آبادی کے باہر رات بھر پھرتا رہا صبح کو حلوان کا رُخ کیا جو دارالسلطنت سے ۵ میل کے فاصلے پر ایک چھوٹا شہر تھا جسکی زہت گاہین نہایت ہی

دلکش و روح افزا تھین - اسوقت دو سوار ہمراہ رکاب تھے - ایک ایک کرکے اُن دونون کو بھی رخصت کردیا اور آگے کی راہ لی - بس اُسوقت سے اُس کا پتہ نہ چلا کہ کیا ہوا اور کہان گیا - زمین کھا گئی یا آسمان؟ ماہ شوال کی ۲۰ - تک لوگ روز جلوس کا سامان اور سواری کے گھوڑے لے کے شہر کے باہر نکلتے اور شام کو ناکام واپس آتے - آخر ۲ - ذیقعدہ کو اُسکے غلامون اور ترک سپاہیون کا ایک گروہ اُسکی جستجو مین نکلا - جب ڈھونڈھتے ہوے پہاڑون کے درون مین گھسے تو اُسکی سواری کا گدھا قمر ملا - مگر اس حالت مین کہ اُسکے چارون پاؤن تلوار سے کٹے ہوے تھے - مگر زین و چارجامہ بدستور اُس کی پیٹھ پر تھا - اس سے آگے بڑھے تو ایک گدھے کے اور اُسکے آگے پیچھے دو پیدل آدمیون کے نقش قدم نظر آئے - اُنکو دیکھتے ہوے وہ سب ایک تالاب پر پہونچے جو حلوان کے مشرق جانب تھا - تجسس کرنیوالون مین سے دو شخص پانی کے اندر اُترے تو اُس کا پورا شاہی لباس بھی مل گیا جس مین سات جُبے تھے اور پاجامہ بھی اس وضع مین ملا کہ گویا کھول کے اُتارا نہین گیا تھا - مگر چھریون کی ضرب سے کپڑے کٹے نظر آئے - بہرتقدیر اُسکے کپڑے محل مین لائے گئے - اور سب کو یقین ہوگیا کہ وہ دشمنون کے ہاتھ سے مارا گیا - اور بعض لوگون کا خیال تھا کہ یہ خود اُسکی بہن کی سازش کا نتیجہ تھا - لیکن بہت سے ایسے بے قوف ایسے بھی پیدا ہوگئے جو حلف اُٹھاتے تھے کہ الحاکم مرا نہین صرف غائب ہوگیا ہے اور اس غیبت کے بعد عنقریب ظاہر ہوگا -

انہار بحر

قدرت نے دنیا مین عجیب و غریب چیزین پیدا کی ہین - موجودہ زمانے کی سائنس کی ترقیان اور بڑے بڑے شاندار تجربات ہر چیز کے وجوہ اور اسباب دریافت کرتے جاتے ہین مگر اب بھی بہت سی چیزین ایسی ہین جن مین عقل انسانی حیران ہے - انھین مین سے ایک انہار بحر ہین جنکے متعلق کوئی قطعی طور پر نہین کہہ سکتا کہ کیون جاری ہین - قرآن مجید مین خداوند جل و علا فرماتا ہے "مرج البحرین یلتقیان بینہما برزخ لا یبغیان" - اس کی پوری اور سچی تفسیر سچ پوچھیے تو ان انہار بحر کا پتہ لگنے سے پہلے

دنیا مین کسی کو نہین معلوم ہو سکتی تھی - لیکن اب موجودہ تحقیقون اور جستجوؤن کے بعد دیکھتے ہین کہ سمندر ہی کے اندر کس طرح نہرین جاری ہین اور کیونکر بغیر کسی حجاب و برزخ کے ایک پانی خاموش و متحرک رہتا ہے اور دوسرا زور و شور سے جاری ہے

انہار بحر سمندر کے دریا ہین - ہمارے بہت سے ناظرین حیران ہونگے کہ سمندر مین دریا کیسے ؟ مگر خدا کی قدرت ایسے ہی معجزات دکھاتی رہتی ہے - جس طرح خشکی پر ہزارہا ندیان بہہ رہی ہین بالکل اُسی طرح سمندر مین بھی ہین - اس بارے مین کہ یہ سمندر مین کیونکر جاری ہین بہت سی رائین قائم کی گئی ہین - مگر اُن مین سے کوئی توجیہ ایسی نہین جو دل مین جم کے بیٹھ جائے - پہلی وجہ تو یہ بتائی جاتی ہے کہ آفتاب کی تمازت سے خط استوا اور اُس کے آس پاس کا پانی گرم ہو جاتا ہے - اور چونکہ عام قاعدہ ہے کہ گرم چیز پھیلتی ہے اس لیے یہ گرم پانی بھی پھیلتا ، اپنی سطح سے کسی قدر اونچا ہو کے بہتا ، اور قطبین کی طرف چلتا ہے - جہان کا پانی ٹھنڈا اور خط استوا کے پانی کی سطح سے کسی قدر نیچا ہے - اس طریقے سے پانی کا ایک بہاؤ قائم ہو جاتا ہے اور گرمی کے اُبھارسے جو جوف پیدا ہوتا ہے اُس کی جگہ بھرنے کے لیے قطبین کے پاس سے سرد پانی نیچے ہی نیچے بہ کر خط استوا کی طرف آتا رہتا ہے - یہی سمندر کی بالائی اور اندرونی نہرین ہین - قطبین کی طرف سے جو نہرین خط استوا کی طرف آتی ہین وہ اکثر سطح آب کے نیچے ہوتی ہین اور دکھائی نہین دیتین - مگر بعض سطح آب کے اوپر بھی ہوتی ہین - اگر سطح زمین پر ہر جگہ ایک ہموار گہرائی کا سمندر ہوتا تو اُس کے دَور کی وجہ سے سب جگہ کے پانی کی حرارت ایک ہی درجے پر رہتی - مگر سمندر کی گہرائی کہین کم ہے کہین زیادہ - کہین اُسکی سطح کے اوپر زمین بھی نکل آئی ہے - لہذا اس پانی کی رفتار کے خاص خاص راستے مقرر ہو گئے ہین جو عظیم الشان نہرون کی طرح سمندر ہی مین بہتے بہتے قطبین کی طرف جاتے ہین اور وہان سے سطح آب کے اندر ہی اندر خط استوا تک آتے ہین -

اس پانی کے دَور کے خاص راستے مقرر ہو جانے کے مختلف وجوہ ہین ایک تو یہ وجہ پیش کیجاتی ہے کہ جس طرف سطح آب پر ہوا چلتی رہتی ہے اُسی طرف ان نہرون کا بھی رُخ ہو جاتا ہے - اور بعض زمانۂ حال کے جغرافیہ دان اسی کو

ان انہار کے جاری ہو جانے کا اصلی سبب بتاتے ہیں کہ اور اصل بھی یہی ہے کہ ہوا سمندر کی سطح پر بہت بڑا اثر کرتی ہے۔ اور بہت سی سمندر کی چھوٹی چھوٹی نہریں محض ہوا کی رفتار سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ بحر ہند میں چونکہ ہوا کا رخ موسم کے ساتھ بدلتا رہتا ہے لہذا جس طرف کی ہوا ہوتی ہے اُسی طرف ان نہروں کا بھی رُخ ہو جاتا ہے لیکن سمندر کی اندرونی یعنی سطح آب کے نیچے کی نہروں کے لیے یہ وجہ نہیں ہو سکتی۔ سمندروں کے بعض حصوں میں ہوا ہمیشہ شمال و مغرب کی طرف چلا کرتی ہے اور بعض مقامات پر جنوب و مغرب کی طرف۔ بس ان حصوں میں سب سے بڑی بڑی نہریں ہمیشہ مغرب ہی کی جانب بہتی ہیں۔ بعض مقامات پر نہریں مشرق کی جانب بھی جاری ہیں۔ مگر وہاں ہوا کا رخ بھی مشرق ہی کی طرف ہوتا ہے۔

عام قاعدہ ہے کہ زمین کی گردش کی وجہ سے کوئی چیز اگر کرۂ زمین پر حرکت کرتی ہو تو اگر وہ خط استوا سے شمال میں ہو تو داہنی جانب اور اگر جنوب میں ہو تو بائیں جانب کسی قدر ہٹ جائے گی۔ اسی وجہ سے یہ سمندر کی نہریں بھی جو مغرب کی جانب بہتی ہیں کسی قدر اپنے داہنے یا بائیں جانب مڑ جاتی ہیں۔ یہاں تک کہ کوئی زمین کا حصہ ملتا ہے جو روک کے اُن کا رُخ بالکل پلٹ دیتا ہے۔ اور وہ بجائے مغرب کی طرف جانے کے بالکل مشرق کی طرف منہ کر کے بہنے لگتی ہیں۔ بحر اٹلانٹک کی بڑی نہر مغرب کی طرف چلتی ہے۔ یہ اتنی بڑی ہے کہ چوڑائی میں خط استوا کے شمال اور جنوب دونوں جانب ہوتی ہے جو خط استوا کے شمال میں ہے وہ کسی قدر اپنے داہنے جانب ہٹ جاتی ہے۔ اور وہ بھی ساحل امریکہ سے ٹکرا کے اور دوسری طرف سے مڑ کے مشرق کی طرف واپس ہوتی ہے۔

اگر کرہ زمین پر تمام سمندر ہی سمندر ہوتا تو غالباً ان سب نہروں کا رخ قریب قریب مغرب ہی کی جانب ہوتا۔ لیکن خشکی کے بڑے بڑے حصے سمندر کی سطح کے اوپر نکلے ہوئے ہیں جن کی وجہ سے یہ نہریں شمال اور جنوب کی طرف مڑ جاتی ہیں کی طرح سے ایک دَور قائم رہتا ہے تاکہ قطبین کا سرد پانی خط استوا کے قریب آ کر یہاں کے پانی کی حرارت کو کم کرتا رہے اور خط استوا کے پاس کا گرم پانی وہاں جا کے کسی قدر حرارت پیدا کر دے۔

بحر اٹیلانٹک کی شمالی نہر جب ساحل امریکہ سے ٹکرا کے اور خلیج میکسکو مین سے گھوم کے نکلتی ہے تو انگریزی جغرافیہ دان اسکو گلف اسٹریم یعنی خلیج کی نہر کہتے ہین یہی نہر بہتے بہتے برطانیہ کے جزائر اور شمالی یورپ کے ساحلون سے گذرتی ہوئی بحر منجمد شمالی مین پہونچ کے غائب ہو جاتی ہے۔ ملک ناروے کے بندرگاہ اسی کی وجہ سے سال بھر جہازون کی آمد و رفت کے لیے کھلے رہتے ہین۔ اگر اس کا گرم پانی وہان سے نہ گذرتا تو یقیناً سال کے زیادہ حصے مین وہان برف ہی برف ہوتی۔ کیونکہ بحیرۂ بالٹک کا دہانہ جو اس سے ۱۰۰ سال خط استوا کی طرف ہٹا ہوا ہے سال کے زیادہ حصے مین برف برف سے بند رہتا ہے اور بحیرۂ اسود جو اس سے بھی زیادہ خط استوا کی طرف ہٹا ہوا ہے وہ بھی جاڑون مین اکثر جم جاتا ہے۔ مگر ناروے کے بندرگاہ ہمیشہ کھلے رہتے ہین اور اُن کا سمندر کبھی نہین جمتا۔

اچھا اب اُس نہر کو دیکھو جو بحر منجمد شمالی کی طرف سے بہتی ہوئی ملک لیبریڈر کے ساحل کے پاس سے گذرتی ہے۔ لیبریڈر اور انگلستان قریب قریب ایک ہی خط مین واقع ہوے ہین۔ یعنی خط استوا سے دونون کا فاصلہ قریب قریب برابر ہے اور اس لحاظ سے دونون جگہ سردی اور گرمی برابر ہونی چاہیے تھی۔ مگر انگلستان کے سواحل ہمیشہ برف سے صاف رہتے ہین اور لیبریڈر کے ساحل سال مین ۹ مہینے سے زیادہ برف کی وجہ سے بند رہتے ہین۔

بعض جگہ سمندر مین ٹھنڈی اور گرم نہرین مل جاتی ہین یہان اکثر کہرا پڑا کرتا ہے اور وہان کے پانی مین تلاطم بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔

عام سمندر کے پانی مین اور ان نہرون کے پانی مین اکثر اختلاف بھی ہوتا ہے۔ اگر نہر خط استوا کی طرف سے آتی ہے تو اُس کا پانی سمندر کے پانی سے زیادہ گرم ہوگا اور رنگ مین بھی کسی قدر زیادہ سیاہی مائل ہوگا۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جہاز کے ایک طرف تو سمندر کا پانی ہے اور دوسری جانب نہر کا پانی۔ ایک طرف ڈول ڈال کے پانی نکالا جائے تو ٹھنڈا نکلے گا اور دوسری جانب اُس سے زیادہ گرم اور زیادہ سیاہی مائل۔ مگر ایسے مقامات سے جہاز کو بہت جلد نکال لے جاتے ہین کیونکہ وہان جہاز مین غیر معمولی حرکت ہونے لگتی ہے۔

یہ سمندر کی نہریں جن ملکوں میں ہو کے گذرتی ہیں وہاں کی آب و ہوا پر بھی بہت بڑا اثر ڈالتی ہیں۔ مثلاً انگلستان کے موسم میں اسی گلف اسٹریم کی بدولت ایک خوشگواری پیدا ہو گئی ہے ورنہ وہاں سردی بہت زیادہ ہوتی۔ تجارت کو بھی ان نہروں سے بڑی مدد ملتی ہے۔ ہم اوپر بتا چکے ہیں کہ بہت سے مقامات کی بندرگاہیں محض انھیں کے اثر سے جہازوں کی آمد و رفت کے لیے سال بھر کھلی رہتی ہیں ورنہ برف سے بند رہتیں۔ بعض مقامات پر جہاز کو اپنی رفتار میں ان سے مدد ملتی ہے۔ مثلاً جو جہاز افریقہ کے جنوبی راس امید کے پاس سے ہو کر گذرتے ہیں اگر وہ انگلستان سے آسٹریلیا کی طرف جاتے ہوئے تو وہ ساحل سے بہت دور ہٹ کے نکل جاتے ہیں تاکہ اُن کو اُس نہر میں ہو کے چڑھاؤ نہ کاٹنا پڑے جو وہاں ساحل کے قریب جاری ہے۔ اور جو جہاز انگلستان کی طرف جاتے ہیں وہ ساحل سے قریب قریب جاتے ہیں تاکہ اُنکو اپنی رفتار میں اُس کے بہاؤ سے مدد ملے

یہ نہریں خشکی کی چھوٹی چھوٹی ندیوں کی طرح نہیں ہیں بلکہ بہت لمبی چوڑی ہوتی ہیں۔ گلف اسٹریم کی چوڑائی تقریباً ۴۰ میل ہے اور ۳۰۰۰ فٹ سے زیادہ گہری ہے بعض جگہ اس کی چوڑائی اس سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔ پانی کے رنگ میں بھی ایک بہت ہی نمایاں اختلاف ہے کیونکہ اس کا پانی گہرے نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

جاپان کے قریب سے جو نہر بہتی ہے اُس کا رنگ سیاہ ہے اور اسی وجہ سے وہاں کے لوگ اُسے "کوروسیوا" یعنی کالی ندی کہتے ہیں۔ یہ نہر بھی جاپان کو وہی سب فائدے پہونچاتی ہے جو گلف اسٹریم انگلستان اور ناروے کے موسم اور سواحل کو پہونچاتی ہے۔

غرضیکہ تمام دنیا کے سمندروں میں اسی طرح کی ہزاروں نہریں جاری ہیں جو ہمیشہ بہتی رہتی ہیں اور تمام جہان پر اپنا اثر ڈالتی ہیں۔

دنیا کا سب سے بڑا اسٹیمر ٹائٹانک جو سال ڈیڑھ سال قبل تباہ ہو گیا تھا محض انھیں انہار بحر میں سے ایک کی بدولت تباہ ہوا جو برف کا ایک بہت بڑا پہاڑ جو بیس بائیس میل لمبا چوڑا تھا اسکو گلف اسٹریم قطب شمالی سے بہا کر بحر اٹلانٹک میں لے آئی اور جہاز مذکور اُس سے ٹکرا کر تباہ و برباد ہو گیا۔

الغرض یہ سمندر کی نہریں عجائباتِ قدرت میں سے ہیں جن سے دنیا بے انتہا فائدہ اُٹھا رہی ہے۔

کہانت

کہانت کے لُغوی معنی فال گوئی کے ہیں۔ اور اسی لیے اُس شخص کو جو غیب کی باتیں بتائے اور اپنے آپ کو مخفی اسرار سے واقف ظاہر کرے "کاہن" کہتے ہیں۔ اسلام سے پہلے تمام مذاہب کے حالات پر غور کیجیے تو صاف نظر آتا ہے کہ دینی پیشوائی اور مقتدائی کے لیے کہانت لازمی تھی۔

مصریوں کے مقتداؤں نے اپنے آپ کو نامعلوم اسرار و رموز کا خزانہ بنا رکھا تھا قوم بتوں، مگرمچھوں، بیلوں، پروانوں وغیرہ کی پرستش کرتی تھی۔ لیکن الٰہیات کے مسائل رموزِ باطنی کی طرح صرف مقتداؤں تک محدود تھے جو آداب مذہبی کی تعلیم کے ساتھ غیب کی باتیں بھی بتا دیا کرتے۔ بابل والوں نے رمل اور نجوم کے فن کو ہندوؤں کی طرح جزوِ دین بنا لیا تھا۔ جس کی مدد سے وہ ہر امر میں آیندہ کی بابت حکم لگایا کرتے۔ اُن کی اسی دینی جستجو نے علم ہیئت کو مدوّن کیا۔ کواکب کے اثرات اور اُنکے افعال و خواص مقرر کیے۔ اجرام فلکی کے نام رکھے۔ انکی حرکتوں کا پتہ لگایا اور باور کرا دیا کہ نجوم کے ذریعے سے جو الٰہیات سے وابستہ تھا انسان غیب کی باتوں کو بتا دیا کرتا ہے۔ ہندوؤں اور بابلیوں کے قدیم مسائل بہت ملتے جلتے ہیں۔ اور نجوم و الٰہیات کے لحاظ سے ضرور ماننا پڑتا ہے کہ یا تو نجوم و ہیئت کو بابلیوں نے ہندوؤں سے لیا یا ہندوؤں نے بابلیوں سے حاصل کیا۔ لیکن چونکہ یہ امر تاریخ کا ایک طے شدہ مسئلہ ہو گیا ہے کہ آریہ لوگوں نے سمٹک لوگوں (بنی سام) کے بعد ترقی کی اس لیے زیادہ قرینِ قیاس یہ ہے کہ بابل والوں کے علوم ہیئت و نجوم بعد کے زمانے میں پورے پورے ہندوؤں میں منتقل ہو آئے۔ اور اسی وجہ سے دونوں کی کہانت بھی ایک ہی قسم کی ہے۔ ہندو پنڈت پتّرہ دیکھ کے اور زائچہ کھینچ کے جس طرح بعد والی باتیں بیان کیا کرتے ہیں اسی طرح بابل کے پوجاری اور

مرتاض لوگ بھی بتایا کرتے تھے - آتش پرستون مین بھی کہانت تھی - اور غالباً اُسی قسم کی ہوگی جیسی کہ اہل بابل مین تھی - اگرچہ اُن کی کہانت کے زیادہ مشرح حالات ہمین نہین معلوم ہوسکے -

یونانیون مین بھی کہانت تھی مگر بابل والون کی کہانت سے بہت ادنی درجے کی - اگرچہ انھون نے بھی ہیأت و نجوم کو حاصل کرلیا تھا مگر جہان تک پتہ لگایا جاتا ہے یہ فنون اُن کے دین کے اصلی عنصر نہین بننے پائے تھے - اُن کے کاہن بڑے بڑے مندرون کے پوجاری تھے - اور اُن کی کاہنہ عورتیں وہ کنواری لڑکیان تھین جن کی زندگی بتخانون اور مندرون کی نذر ہوجاتی - اپالو کے مندر مین جو قدیم یونانیون کا سب سے بڑا مندر تھا لوہے کی ایک تپائی پر یہ لڑکیان برہنہ کرکے بٹھائی جاتین اور نیچے کچھ بخور سلگا دیے جاتے - تھوڑی دیر کے بعد اُس لڑکی کے دماغ پر کچھ ایسا اثر پڑتا کہ حواس مختل ہونے لگتے - اور بیہوشی کے عالم مین وہ بکنا شروع کرتی - اُس کے الفاظ پر مجذوبون کی بڑ کی طرح غور کیا جاتا اُن مین طرح طرح کے معنی پھانے جاتے - اور اُنھین سے اپنی آرزوؤن اور مرادون کے موافق یا مخالف جواب حاصل کرلیا جاتا - یہی یونانیون کی وہ فالین تھین جنکا اگلے دنون بڑا شہرہ تھا - اور جنکے سچ ثابت ہونے اور پورے اُترنے پر اکثر قدیم مورخین عقیدتمندانہ حیرت ظاہر کرتے ہین -

رومی چونکہ علوم و فنون کی طرح مذہب مین بھی یونانیون کے پیرو تھے اور اپنے دیوتاؤن کی کہانیون - اُنکے حالات و خیالات اور واقعات کو یونانی دیوتاؤن کے موافق ثابت کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے اس لیے اُن کی کہانت بھی یونانیون کی کہانت سے ملتی ہوئی تھی - یہ بات لطف سے خالی نہین ہے کہ مشرق و مغرب کی کہانت مین ایک نمایان فرق تھا - مشرق مین بابل والون ایرانیون اور ہندوؤن سب مین کہانت کا دارومدار ایک با ضابطہ فن نجوم پر تھا - اور کسی برکت و نعمت کے حاصل کرنے یا کسی مصیبت و آفت کے دور کرنے کی تدبیرین بھی یہ مشرقی لوگ انھین فنون کے اصول کی پابندی مین کیا کرتے تھے - بخلاف اسکے یونانیون اور رومیون کی کہانت کو مجذوب پرستی سے زیادہ وقعت نہین حاصل تھی -

بنی اسرائیل مین بھی کہانت تھی۔ مگر اُنکی کہانت بالکل جداگانہ تھی۔ اُن مین حضرت ابراہیمؑ اور جناب موسیٰؑ کی تعلیمات نے نبوت کی ایک خاص شان پیدا کردی تھی۔ حضرت موسیٰ کے بعد سے اُن مین نبیون کے پیدا ہونے کا ایک سلسلہ قائم ہوگیا تھا۔ جو عابد وزاہد تک نفس و پاک باطن لوگ ہوتے اور ریاضت و اتقا کے ذریعے سے تزکیۂ نفس کیا کرتے۔ ان لوگون کو مراقبے مین مکاشفہ ہوتا۔ اور جو باتین اُن سے پوچھی جاتین اُن کا جواب گویا وہ خدا سے پوچھ کے دیا کرتے۔ اور اپنے آپ کو اسرار باطن اور رموز ربانی سے واقف ظاہر کرتے۔ انھین انبیا کا طریقہ اُن کے کاہنون نے بھی اختیار کیا۔ اور جب انبیا نہ ہوتے یا بعد کے ایام مین جب نبیون کے مبعوث ہونے کا سلسلہ موقوف ہوگیا تو ہر جگہ اور ہر زمانے مین اُن کے مرتاض و نفس کش مقتدا آنکھین بند کرکے عالم ملکوت کی سیر کرتے۔ اور قوم کو اُس کے خیالات و عقائد کے مطابق عجیب قسم کے تحکمانہ لہجے اور انوکھے دلچسپ الفاظ مین بتا دیا کرتے کہ اس معاملے مین یہ ہوگا۔ اور یہ بات یون ہونے والی ہے۔

اس قسم کی کہانت دوسری قدیم قومون مین بھی تھی۔ بلکہ یون کہنا چاہیے کہ ساری مشرقی و مغربی قومون مین اسی قسم کے غیب دان اور اسرار باطنی کے جاننے والے کاہن ریاضت و مجاہدۂ نفس کے ذریعے سے پیدا ہوا کرتے تھے۔ ادھر بابلیون اور ہندوؤن مین بھی جہان نجومیون اور اجرام فلکی کے اثر جاننے والے پنڈتون کا زور تھا وہان ایسے مرتاض اور تارک الدنیا اشخاص بھی موجود تھے جن کے لہجے اور طرز گفتگو سے ظاہر ہوتا کہ مبدأ فیاض کی طرف سے غیب کی باتین اور مشکل سے مشکل مسائل کے حل اُن کے دلون پر القا ہوجاتے ہین اور الہام کے ذریعے سے انکو معلوم ہوجایا کرتا ہے کہ آیندہ یہ ہونے والا ہے۔ اور فلان شخص کی قسمت مین یہ لکھا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس یونانیون اور رومیون مین بھی مندرون کے معمولی پوجاریون کے علاوہ اس قسم کے رموز باطن جاننے والے راہبون اور عزلت گزینون کا پتہ چلتا ہے۔ لیکن سچ یہ ہے کہ اس قسم کی کہانت کا آغاز تاریخی طور پر بنی اسرائیل کے انبیا اور کاہنون ہی سے

شروع ہوا۔ اگرچہ آخر مین یہ معلوم ہوتا ہے کہ بابل کے صابئی لوگون کی کہانت بنی اسرائیل پر غالب آگئی تھی۔ اسی کا ایک کرشمہ یہ تھا کہ سحر بابل کی ساری دُنیا مین شہرت ہوگئی اور عیسائی حضرت مسیح کی پیدائش سے پیشتر ہی اُنکی آمد کا منتظر اور اُنھین ایک ستارے کے ذریعے سے پہچان کے ایمان لانے والا چند بابلی کاہنون ہی کو بتاتے ہین جیسا کہ اناجیل مین مذکور ہے۔

یہ کہنا کہ یہ زاہد و مرتاض لوگون کی کہانت کس قوم سے شروع ہوئی اور کس ملک نے کس سے لیا فضول ہے۔ اس لیے کہ یہ ایک فطرتی چیز تھی۔ انسان کی فطری کرشمہ پرستی اُسے ہر جگہ پیدا کر لیتی تھی۔ یہ پُرانا خیال ہے کہ روح چونکہ لطیف اور مخفی شے ہے اس لیے وہ ہر مخفی راز کا پتہ لگا سکتی اور اسرار سرمدی کے ہر حرم مین پہونچ سکتی ہے بشرطیکہ اُس کا تزکیہ کیا جائے جسمانی تقاضون سے مبرا کرلی جائے اور اُس مین خلوص پیدا ہو جائے۔ اسکے ساتھ انسان کی فطرت ہے کہ وہ جس جگہ اپنی تدبیرون مین عاجز آتا ہے نامعلوم ذرائع ڈھونڈنے لگتا ہے۔ اور بڑی بے صبری کے ساتھ جویا ہوتا ہے کہ کوئی اس مشکل کا دفعیہ بتا دے۔ لہذا ہر وحشی سے وحشی قوم مین نوع انسانی کے اس فطری تقاضے نے کہانت کو کسی نہ کسی عنوان سے ضرور پیدا کرا دیا۔

عرب کے بت پرستون سے جاہل کون ہوگا جنکی بت پرستی نہایت ہی مزخرف اور بے اصول طریقے کی تھی۔ مگر اُن مین بھی ہر جگہ کاہن موجود تھے۔ پھر اُس کے بعد جزیرہ نمائے عرب مین بیرونی مذاہب کا ہجوم روز بروز بڑھتا گیا پارسی بھی تھے، یہودی بھی تھے، عیسائی بھی تھے۔ اور تو اور بابل کے مہذب بت پرست جو اپنے آپ کو سب سے بڑا موحد خیال کرتے ساری دنیا مین فنا کر دیے گئے تھے اور عراق مین اُن کا نام و نشان بھی نہین باقی رہا تھا مگر ارض حجاز مین وہ بھی موجود تھے۔ اور اُن سب کے کاہن عرب مین ہر جگہ موجود تھے اور کہانت کا کام اختیار کرتے ہی وہ مذہب کی طرف سے کچھ ایسے غیر متعصب ہو جاتے کہ سب قومین عام اس سے کہ کسی مذہب سے وابستہ ہون بلا لحاظ مذہب اپنی مشکلین لے کے اُنکے سامنے آتین اور وہ اُنکو ایسے جواب دیتے کہ اُنکی تسلی

و تشفی ہو جاتی - اور اپنے نزدیک کامیاب اور بامراد ہو کے اپنے گھر دن کو واپس جاتین - اُن دنون عرب کی اصلی حکومت اگر سچ پوچھیے تو اُنھین کاہنون کے ہاتھ مین تھی - جنکے سامنے نہ کسی سردار قبیلہ کی چلتی اور نہ کسی تاجدار و فرمانروا کی -

جاہلیت عرب کے کاہنون کے احکام و الفاظ اگر ایک جگہ جمع کر دیے جائین تو ایک عجیب قسم کا پُر لطف لٹریچر بن جائے گا - جن کے الفاظ مین غیر معمولی لطافت معنی خیزی - فصاحت و بلاغت - قافیہ بندی - اور پیغمبرانہ حکومت ہوتی - اور ایسا معلوم ہوتا کہ جس شخص کی زبان سے وہ الفاظ سنے جاتے ہین وہ نہین بول رہا ہے بلکہ اُس کے جسم کے اندر سے کوئی فرشتہ باتین کر رہا ہے - اس قسم کے صدہا کاہن اور صدہا کاہنہ عورتین ارض عرب کے مشہور مقامات مین پھیلی ہوئی تھین جن کے پاس دُور دُور سے بڑے بڑے قافلے اپنی آرزوئین اور تمنائین لے کر آیا کرتے اور شادکام و مطمئن واپس جاتے - جس طرح یونانی مندرون کی فالون کی نسبت بتایا جاتا ہے کہ وہ ہمیشہ پوری اُترین اُس سے زیادہ حیرت سے ہم دیکھتے ہین کہ عرب کے کاہنون اور کاہناؤن کے احکام پورے اُترا کرتے تھے - اور بعض موقعون پر تو اُنھون نے ایسے سچے حکم لگائے اور اس طرح غیب کی باتین بیان کر دین کہ اگر ان واقعات کو سچ تسلیم کر لیا جائے تو اُن غیب کی باتین بتانے والون کی غیب دانی کی کوئی توجیہ نہین ہو سکتی -

اگلی دنیا چونکہ اُن تمام واقعات کو باور کرتی تھی لہذا ادنیٰ و اعلیٰ - جاہل و عالم سب نے تسلیم کر لیا کہ انسان کسی ذریعے یا کسی ریاضت سے ایسا کمال حاصل کر لیا کرتا ہے کہ غیب کی باتین بتا دے - اور جب یہ مان لیا گیا تو ہر شخص اپنے مذاق و خیالات کے مطابق اس کی توجیہین بھی کرنے لگا -

چنانچہ یونانیون اور رومیون نے باوجود فلسفہ و منطق مین اعلیٰ نمود حاصل کرنے کے اس امر کو قبول کر لیا کہ انسان غیب کی باتین بتا سکتا ہے - بعض نے اسکی یہ توجیہ کی کہ نفوس انسانی تصفیۂ باطن کے ذریعے سے اسرار فطرت سے واقف و آگاہ ہو جاتے ہین - اور جیسا وہ چاہتے ہین ویسا ہی ہو جایا کرتا ہے - اس لیے کہ اُن کے خیال مین تمام اشیا کی صورتین مثل افلاطون کی رو سے عالم کلی مین موجود تھین

جہان تک بار پانے کے بعد انسان اُن پر تصرف بھی کر سکتا تھا۔ یہ تو اعلیٰ درجے کے نازک خیال علماے روحانی کا خیال تھا۔ مگر بعض نے کہدیا کہ روحین جو جسمون کے قفس سے آزاد ہین اور نیز اجنہ اُن کے بس مین ہو کے اُن کے مؤکل بن جاتے ہین اور وہی اُنھین رموز غیب سے آگاہ کر دیتے ہین۔

عیسائیون نے جو قرون وسطیٰ مین کہانت کے تماشے اور ولایت کے کرشمے سب سے زیادہ دکھایا کرتے تھے اپنے کاہنون کی غیب دانی اور اُنکے تصرفات باطنی کا یہ اصول قرار دیا کہ حضرت مسیح خدا ہونے کی وجہ سے غیب کی باتین جانتے تھے۔ لہذا اُن کا نفس ربانی جس پر اثر کرے وہ بھی اُن رموز باطنی سے واقف ہو جاتا ہے۔ قطع نظر اسکے مسیحیون مین علم کا دیوتا یا خدا روح القدس ہے۔ اور جسے کچھ بھی معلوم ہو یا کسی قسم کا علم حاصل ہو اُس کی نسبت سمجھا جاتا ہے کہ اُسپر روح القدس نے آکے اپنا کمال دکھایا ہے۔ اور اگلے دنون چند روز تک سچے اور خالص العقیدہ مسیحیون پر روح القدس کے آنے کی یہی شان رہی جو شان کسی کے سر پر کسی جن یا پریت کے آنے کی ہوتی ہے۔ اس لیے غیب کی باتین بھی مسیحیون کے خیال کے مطابق روح القدس آکے مقدس لوگون کی زبان سے ظاہر و آشکارا کر دیا کرتا تھا۔

صابئی لوگون مین غیب دانی و کہانت کی یہ تھیوری تھی کہ ازدیمیس اور اوالس اول و دوم جن سے مراد ہرمس اور اغاثیمون ہین اصلی دانایان غیب تھے۔ انکو صابئی لوگ اپنے مذہب کے پیغمبر بتاتے تھے۔ انھین کی توجہ و برکت سے اور لوگ بھی غیب کی باتین جانتے ہین۔ خلاصہ یہ کہ یہی لوگ اُنکے روح القدس تھے جنکا فیض بعد والون کو بھی غیب دان بنا دیا کرتا۔ اس سے اُن کو قطعاً انکار تھا کہ اجنہ یا مؤکل روحین آکے انسان کو غیب کی باتین بتاتی ہین۔ بلکہ اُن کا خیال تھا کہ مذکورہ پیغمبرون کو مجاہدہ و تزکیۂ باطن کے ذریعے سے ایسی صفاے قلب حاصل ہو گئی تھی کہ اسرار غیب سے مطلع ہو گئے تھے۔

کہانت کا سکہ قدیم الایام مین اس قدر بیٹھا ہوا تھا کہ اُس عہد کے فلسفی اور علماے طبیعی بھی کاہنون کی غیب دانی کے قائل تھے۔ اور اس کی توجیہ یہ

یہ کرتے کہ کہانت ایک لطیف جذبۂ نفسانی ہے جو صفائی قلب اور نفسانی قوت اور جس کی لطافت سے انسان مین پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض نے اُسے علم نجوم اور آثار فلکی سے وابستہ کرکے کہا جو بچہ ایسے طالع مین پیدا ہو کہ عطارد محل شرف پر ہو۔ اور باقی سیارات ستہ بھی اچھے عقد مین ہون اور عمدگی سے ایک دوسرے کی طرف ناظر اور متواضع واقع ہون وہ لڑکا ان ستارون کے اثر سے لازمی طور پر کاہن اور غیب دان ہوتا ہے۔

سب سے زیادہ اسکے طرفدار اور ماننے والے علماے روحانیین تھے۔ جن کا بیان تھا کہ نفس ناطقۂ انسانی جب قوی اور زبردست ہوتا ہے تو وہ طبیعت کو مغلوب کرکے دبا دیتا ہے۔ اور انسان پر لطیف راز کو آشکارا کرکے ہر رمز معنوی سے واقف کر دیتا ہے۔ یہ کہتے ہین کہ انسان مین دو چیزین ہین روح اور جسم۔ جسم بغیر روح کے کوئی چیز نہین۔ جب روح نہ ہو تو اُس مین نہ قوت ہوتی ہے اور نہ عقل و فہم۔ جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حس و حرکت اور ادراک و فہم سب چیزین روح مین ہین۔ اور روحون کی مختلف حالت ہے۔ بعض مین حس زیادہ ہوتی ہے۔ بعض مین دانائی زیادہ ہوتی ہے بعض مین جلاء اور روشن ضمیری بڑھی ہوتی ہے۔ لہذا جس روح مین روشن ضمیری زیادہ ہو اُس پر عجیب عجیب انکشافات ہوتے ہین۔ اور اسرار غیب کو وہ معلوم کر لیتی ہے۔

بہر حال دُنیا اُنھیں اختلافات مین پڑی ہوئی تھی۔ اور اُس کے ساتھ طرح طرح کے خرافات بڑھتے اور پھیلتے چلے جاتے تھے جن کو انسانی عقل کی کمزوری اور بڑھا رہی تھی۔ اور بجاے اسکے کہ تحقیق و تنقید سے کام لے کے کوئی نتیجہ حاصل کیا جائے لوگ اُس کی توجیہین کرتے اور طرح طرح کے معنی پیچھا کے کہانت کو اور چمکاتے جاتے تھے۔

یہان تک کہ دنیا مین نور اسلام چمکا۔ اور خدا نے ہر چیز کو ایک نئی روشنی مین دکھا کے تمام اگلی غلط خیالیون کو دُور کر دیا۔ اسلام نے صاف کہدیا کہ غیب کو سوا خدا کے کوئی نہین جانتا۔ اور غیب دانی کے جو کچھ دعوے کیے جاتے ہین سب لغو۔ مہمل اور بے سر و پا ہین۔ اس طریقے سے اسلام نے اپنے ظہور کے

ساتھ ہی نجوم و کہانت کا چراغ گل کر دیا۔ اور اس قسم کے مدعیان غیب دانی کا زور کلیۃً توڑ دیا گیا۔ یہ اصلاح سچ یہ ہے کہ اسلام کے اوّلیات مین سے ہے یعنی ایسے وقت مین جبکہ سارے عالم پر کہانت کی حکومت تھی اور دینی پیشوائی کا لازمی جوہر غیب دانی تھا اور دنیا مین کسی کی نظر اُسکے ابطال کی طرف نہین گئی تھی۔ یک بہ یک اسلام کی طرف سے اس بات کا ڈھنڈھورا پٹ گیا کہ عالم الغیوب سوا خدا کے کوئی نہین اور جو کوئی اس کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے۔

بے شک خود جناب سرور کائنات صلعم نے چند غیب کی باتین یا بعض پیشین گوئیان فرمائین لیکن اُن کی نسبت صاف طور پر بتا دیا گیا کہ خدا نے فرشتے کو بھیج کر اپنے پیغمبر کو اُن سے آگاہ کر دیا۔ در اصل وہ خدا کی غیب دانی کا جلوہ تھا اُسے حضرت رسالتؐ کی غیب دانی ہرگز نہین کہہ سکتے۔ اور جب آنحضرتؐ کی وفات کے بعد جبریلؑ کے آنے کا سدباب اور سلسلۂ نبوت کا اختتام ہو گیا تو پھر کوئی وجہ ہی نہین باقی رہی کہ دنیا مین کوئی شخص اسرار غیب سے واقف ہونے اور آیندہ کی باتین بتانے کا دعوے کر سکے۔

بہرحال اسلام نے نجوم و کہانت کو بیخ و بنیاد سے اُکھاڑ کے پھینک دیا۔ مگر افسوس چند روز بعد اسلام کے زہاد و عباد نے اسلامی مذاق کے سادے بے ریا اور غیر مضر زہد و تقویٰ کو چھوڑ کے قدیم مذاق کے متصوفانہ زہد و عبادت کو اختیار کر لیا۔ ولی اللہ کا عام لفظ جو ہر دیندار کے لیے تھا عباد و زہاد کے ایک خاص گروہ کے لیے مخصوص کر دیا گیا۔ اور اُن مین نیک نفسی و اتقا اور اعمال و افعال کے بدلے کرامات اور غیب دانی کے کرشمے ڈھونڈھے جانے لگے۔ اور مجذوبون کے الفاظ مین معنی پنہائے جانے لگے تو وہی کہانت جس کے استیصال کے لیے اسلام آیا تھا خود اسلام مین پیدا ہو گئی۔ اور جاہل تو جاہل اکثر پڑھے لکھے مسلمان بھی صوفی سالکون اور مجذوبون کے پاس اُنھین مقاصد و اغراض کو دل مین لے کے جانے لگے جن کے واسطے اگلی قومین اپنے کاہنون۔ نجومیون۔ اور تجانون کے پجاریون کے پاس جایا کرتی تھین۔

اصل یہ ہے کہ بعد کی آمیزشون نے نہ اسلام ہی کو وہ اسلام باقی رکھا

جسے حضرت رسالت (روحی فداہ) لائے تھے۔ اور نہ اُسکے مقتداؤن ہی کو ویسا رہنے دیا جیسے مقتدا کہ اسلام کے لیے ہونے چاہیے تھے۔ افسوس۔

معراج

+ مسلمانون مین سرور کائنات صلعم کی معراج کا تسلیم کرنا نہایت ہی اہم عقیدۂ دینیہ مین ہے۔ جس مین آنحضرت صلعم کو خدا کے فرشتے جبرئیل نے مکۂ معظمہ سے بیت المقدس تک کی اور پھر وہان سے آسمانون کی۔ سارے ملاء اعلیٰ کی اور جنت و دوزخ کی سیر کرائی تھی۔ آپ نے جنت کی نعمتین اور دوزخ کے عذاب اپنی آنکھون سے دیکھے تھے۔ اور آسمانون پر انبیاے سلف۔ فرشتون اور حورون سے ملے تھے۔ اس معراج کے مفصل و مشرح حالات احادیث مین موجود ہین۔ صحابہ کے زمانے مین بہت سے مستند و معتبر لوگون کے نزدیک یہ معراج روحانی تھی۔ یعنی آپ کا جسد انور اسی دُنیا مین رہا اور روح اطہر ملاء اعلیٰ کی سیر کو گئی تھی۔ مگر بعد کے زمانے مین معراج کے روحانی ہونے کا خیال کم ہوتا گیا اور عام اہل اسلام معراج جسمانی کے قائل و معتقد ہوتے گئے۔ یہان تک کہ آخری صدیون مین یہ حال ہوگیا کہ جو مسلمان معراج کو روحانی بتائے وہ ملحد و بے دین ہے۔ چنانچہ سرسید نے جب بعض اکابر صحابہ کی پیروی مین معراج کے روحانی ہونے کا مسئلہ چھیڑا تو ہر طرف سے اُن کے کافر و بے دین ہونے کی صدائین بلند ہوئین۔ مگر معراج روحانی ہو یا جسمانی اس مین شک نہین کہ اُس نے دنیا مین بڑا کام کیا۔ اور آنحضرتؐ کے ذریعے سے گویا سارے مسلمانون کو عالم بالا اور واقعات مابعد الموت کا مشاہدہ ہوگیا۔

ہم اس موقع پر معراج کی تفصیل اور اُس کی شرعی حیثیت سے بحث کرنا نہین چاہتے۔ ہمین اس وقت اس بات پر غور کرنا ہے کہ ظہور اسلام سے پہلے معراج کا خیال کسی اور قوم مین بھی تھا یا نہیں۔ یا آنحضرت صلعم کے بعد کون لوگ معراج کے مدعی ہوے ہین۔ اسلام کی زیادہ باتین اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ سے ملتی جلتی ہین۔ جسکی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلعم کسی نئے دین کے لانے کے مدعی

نہ تھے۔ بلکہ آپ کا دعوے یہ تھا کہ دین حق جس کی تبلیغ آدمؑ و نوحؑ اور ابراہیمؑ و موسیٰؑ و عیسیٰؑ اور دیگر پیمبران سلف کرتے آئے تھے وہی دین اسلام ہے۔ اصل دین مین کسی قسم کی ترمیم نہین کی گئی بلکہ بعد والون نے دین مین جو رد و بدل کر دیا تھا اور جو بدعات بعد کو رواج پا گئے تھے اُن کا استیصال کیا گیا۔ الغرض اس مین شک نہین کہ شریعت اسرائیلی کی زیادہ باتین اسلام مین موجود ہین۔ مگر توراۃ و انجیل مین جہان تک ہمارا خیال ہے اور کسی پیغمبر کو معراج ہونے کا ذکر نہین ہے۔

دیگر مذاہب سلف کی کتابون مین بھی اس قسم کی کسی آسمانی سیر کا تذکرہ نہین۔ روم و یونان کے بت پرستون کو سچ یہ ہے کہ معراج کی ضرورت ہی نہ تھی۔ اس لیے کہ اُن کے عہد اولین کے دیوتا (وہ انسان جو دیوتا بنا دیے گئے) ایسی زبردست روحانی قوت رکھتے تھے کہ جب جی چاہتا بام فلک پر چڑھ جاتے اور سروشتان والون سے مل آتے۔ مصر اور بابل و اسیریا والون مین ہمین اس قسم کی کوئی معراج نہین ملتی۔ ممکن ہے کہ اُن مین کسی کو معراج ہوئی ہو مگر افسوس کہ ہم کو اُنکے مذہب و عقائد اور اُن کی قومی روایات کا بہت ہی محدود حصہ معلوم ہے۔ لیکن اس مین شک نہین کہ معراج کا خیال پہلے پہل اسی سرزمین مین سنا گیا۔

زرتشت کی نسبت اکثر کہا جاتا ہے کہ اُسے معراج ہوئی تھی۔ مگر معراجِ زرتشت کا واقعہ اس قدر مختصر بتایا گیا ہے کہ اُسکی تفصیل کے متعلق کوئی رائے نہین قائم کی جا سکتی۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ بعد کے زمانے مین آتش پرستون کے مذہب مین اس خیال کو بہت اہمیت دی گئی۔ یہان تک کہ سکندر کے بعد مملکت عجم مین جو طوائف الملوکی قائم ہو گئی تھی اُسے جب اردشیر بابکان نے دفع کر کے سارے ملک کو اپنے زیر نگین کیا اور اصلی مذہب زرتشتی کا پتہ لگانا چاہا تو اُسے بھی معراج ہی کی زبان لگا کے عالم بالا کے حالات معلوم کرنا پڑے۔

طوائف الملوکی کے زمانے مین دین زرتشتی غارت ہو گیا تھا۔ سلطنت کے ساتھ مذہبی اتحاد بھی مٹ گیا تھا۔ ہر شہر اور ہر گروہ کا نیا مذہب تھا۔ اور سب اپنے عقائد کو زرتشت کا اصلی مذہب خیال کرتے تھے۔ چونکہ مباحثہ اور استدلال

کے ذریعے سے سب مین اتحاد پیدا کرنا دشوار تھا اس لیے اردشیر بابکان نے یہ نیا طریقہ ایجاد کیا کہ اپنی ساری قلمرو کے شہرون اور اضلاع مین حکم جاری کیا کہ ہر ضلع اپنے کسی ایسے شخص کو منتخب کرکے اُس کے دربار مین بھیجے جو سب سے زیادہ متقی و پرہیزگار ہو۔ اس طریقے سے ملک کے ایک سو منتخب اور مسلم الثبوت عابد و زاہد اُس کے دربار مین جمع ہوے۔ تب اُس نے کہا کہ تم سب اپنے مین سے ایسے دس آدمی منتخب کردو جن کو اپنے گروہ مین سب سے زیادہ پاک اور عبادت گزار جانتے ہو۔ اور جب یون دس عابد چن لیے گئے تو اُن دسون سے کہا کہ اب تم اپنے مین سے کسی شخص کو چنو جو سب سے اعلیٰ و افضل اور سب سے بڑا خدا شناس و خدا پرست ہو۔ اس طریقے سے ایک ایسا شخص منتخب ہوگیا جو اردشیر بابکان کے خیال کی ساری دنیا سے زیادہ افضل اور زہد و تقویٰ مین بے مثل و بے نظیر تھا۔ اس شخص کا نام ویراف تھا۔

اس انتخاب کے بعد اردشیر نے ویراف سے کہا "مین چاہتا ہون کہ تمھین اُس دوسرے عالم مین بھیج کے وہان کے سچے حالات اور سچا دین آپکی معلوم کرون"۔ ویراف نے طالب حق بادشاہ کی خواہش قبول کی۔ اور اُس کے روحانی سفر کی تیاریان ہونے لگین۔ ایک بڑے حلقے مین آگ روشن کی گئی۔ اُس کے درمیان مین ایک تختہ بچھایا گیا۔ اور اُس تختے پر ویراف بھنگ یا اور نشیلی دوا کھلا کے لٹا دیا گیا اور وہ سو عابد جو سارے ملک سے منتخب ہوکے آئے تھے اور نیز ویراف کی پارسا بہنین گرد بیٹھ کے خدا سے دعا کرنے لگین کہ ویراف کے ذریعے سے دنیا کو عالم آخرت اور سروشستان کا حال معلوم ہوجائے۔ یہ سب لوگ تین شبانہ روز تک یونہین دعا و عبادت مین مشغول رہے۔ اور ویراف آگ کے درمیان مین غافل و مدہوش پڑا رہا۔ آخر تیسرے چوتھے دن اُس نے بیدار ہوکے سر اُٹھایا۔ سب نے دوڑ کے اُسے آگ کے حلقے سے باہر نکالا اور بے صبری کے ساتھ پوچھنے لگے کہ "آپ نے کیا دیکھا؟" اُس نے کہا کہ "پہلے مجھے کھانا کھلا دو پھر بیان کرون گا۔ اس لیے کہ بھوک کی شدت سے مین بے دم ہو رہا ہون۔ فوراً کھانا سامنے لاکے رکھ دیا گیا۔ اور جب وہ کھا پی کے بیٹھا اور اُسکے حواس ذرا

ٹھکانے ہوے تو اردشیر کی طرف مخاطب ہوکے کہنے لگا "اے بادشاہ میری آنکھ بند ہوتے ہی عالم بالا کا ایک سروش (فرشتہ) آیا اور مجھے ہاتھ پکڑکے اوپر لے گیا۔ جہان اُس نے دوزخ وجنت کی سیر کرائی۔ اور دکھایا کہ نیکوکارون کو اعمال نیک کے ثواب مین کس طرح اور کیسی کیسی نعمتین اور لذتین حاصل ہو رہی ہین اور بدکارون کو بدکاری کی پاداش مین کس کس طرح اور کیسی کیسی سخت ایذائین اور تکلیفین پہونچ رہی ہین۔ اسی سلسلے مین اُس نے مذہب زرتشتی کی صحت اور اُس کے باعثِ نجات اخروی ہونے کے ثبوت دیے ہین۔ ساری نیکیون کے ثواب اور جزا کی صورتین اور اُسکے مقابل ساری بدکاریون کی سزائین بتائی ہین۔ الغرض مذہب زرتشتی کی تمام چیزین جو عالم آخرت سے تعلق رکھتی ہین سب بہ تفصیل ظاہر کردی ہین۔

ویراف کا یہ روحانی سفرنامہ بڑی تفصیل کے ساتھ پہلوی زبان کی ایک کتاب مین درج ہے جو "ویراف نامہ" کہلاتی ہے وہ اصلی پہلوی خط مین مع انگریزی کے ساتھ لندن مین چھپی ہے۔ اور پارسیون مین بہت مقبول ہے۔ یہ کتاب اگر صحیح روایات سے اور سند کے ساتھ اسلام سے پیشتر کی ثابت ہو جائے تو اس بات کے کہنے کی گنجایش ہے کہ اسلام مین حضرت سرور کائنات صلعم کی معراج اسی ویراف نامے سے ماخوذ یا آپ کی سیر عالم بالا ویراف کے سفر افلاک کی نقل ہے۔ لیکن ویراف نامہ ایک ایسی کتاب ہے جو آج سے چھ سات صدیون پیشتر بالکل مجہول اور نامعلوم تھی۔ پہلے پہل اُس کا ایک نسخہ ہندوستان کے شہر نوساری مین جسے پارسیون نے اپنا مرکز قرار دے لیا تھا کسی پارسی موبد کے پاس ملا۔ اُس سے پیشتر نہ کسی کو اس کا نام معلوم تھا اور نہ کبھی قدیم الایام مین کسی کی زبان سے اسکا تذکرہ سُنا گیا تھا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح ان کی کتاب دساتیر کو بعد والے پارسیون نے تصنیف کرکے اپنی پرانی آسمانی کتاب بتادیا اُسی طرح اس کتاب کو بھی کسی شخص نے تصنیف کرلیا۔ لہذا بجاے اسکے کہ آنحضرت کی معراج اُس سے ماخوذ ہو یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ کتاب ہمارے پیغمبر عربی کی معراج سے حاصل کی گئی ہے۔

لیکن بڑے لطف کی یہ بات ہے کہ تیرہوین صدی عیسوی یعنی ساتوین یا آٹھوین

صدی ہجری مین ایطالیہ کے ایک رومی شاعر ڈینٹ نے الیگری میں اپنی معراج کا واقعہ منظوم کیا ہے جس مین معراج سرور کائنات سے فائدہ اُٹھا کے شاعرانہ طبع آزمائی کی اور خیال آرائی کی گئی ہے - اور اُس سے دین مسیحی کو فائدہ پہونچایا گیا ہے - یورپ مین اس نظم کی بہت تعریف کی جاتی ہے - اور اُسے لوگ اعلیٰ ترین طباعی وخیال فرینی کا نمونہ بتاتے ہین -

اس نظم مین ڈینٹ کہتا ہے کہ انسانی دانائی (ورجل شاعر) کی صورت مین آکے میری رہبر ہوئی - جسے آسمانی دانائی (بیٹرس دیوی) نے میری مدد پر آمادہ کیا در نور بخشنے والی حور (لوشیا) کے ذریعے سے ورجل کے پاس یہ حکم بھیجا - اور لوشیا کو (رحمتِ الٰہی) نام ایک دیوی نے بیٹرس کے پاس اسی غرض کے لیے بھیجا تھا -

الغرض ڈینٹ کو ایک روحانی خواب مین ورجل اس عالم سے باہر نکال لیگیا - بہت دور تک ادھر اُدھر پھرنے کے بعد وہ ایک تیرہ و تار جنگل مین جا پھنسا جہان کی ہر چیز سے وحشت ہوتی تھی اور مہیب درندون اور وحشی جانورون کو دیکھ دیکھ کے وہ انپ رہا تھا - اب اُسے دوزخ کی حالت دکھائی گئی - جسے اُس نے اپنے خیال مین دامن کوہ صیہون مین ایک بڑے بھاری غار کی صورت مین دیکھا - اسکے کنارے چکنے اور آسانی سے گذرنے کے قابل نہین ہین بلکہ چارون طرف زینون کے حلقے پھیلتے چلے گئے ہین جو جس قدر نیچے ہوتے جاتے ہین اُسی قدر تنگ بھی ہوتے جاتے ہین - زینون کا ہر حلقہ اس قدر وسیع اور دوسرے سے الگ ہے کہ بجاے خود ایک طبقۂ جہنم ہے - اور انھین اسباب سے اس غار میں اُترنا یا اُس سے نکلنا بغیر اسکے کہ تائید ایزدی رفیق حال ہو غیر ممکن ہے -

پہلا حلقہ "لمبو" کہلاتا ہے - اس مین وہ تمام لوگ ہین جنکو بپتسمہ نہین نصیب ہوا اور جو حضرت مسیح سے پیشتر تھے - باقی تمام حلقے گنہگارون کے عذابون کے نمونے پیش کر رہے ہین - جس گنہگار کا جتنا بڑا گناہ ہے وہ اُتنے ہی زیادہ گہراؤ اور زینے کے نشیبی حلقے مین ہے - اور جس قدر زینے تنگ اور گہرے ہوتے جاتے ہیں اُسی قدر عذاب بڑھتا جاتا ہے - ان مبتلاے عذاب گنہگارون مین ڈینٹ نے بہت سے

پرانے تاریخی مجرمون کو دیکھا جو طرح طرح کے عذاب بھگتتے نظر آئے۔

اس دوزخ میں اُس نے خون کی ندیان دیکھین۔ خوفناک عفونتون کو برداشت کیا۔ قیر کی ایک جھیل دیکھی۔ مبتلاے عذاب روحون کے غول دیکھے جن مین سے بعض ہوا مین معلق ہین۔ بعض برف مین دفن ہین۔ بعض درختون مین مقید ہین۔ نا امیدی کی آہین۔ اور درد و تکلیف کی چیخین کانون مین گونج رہی ہین۔ بہت سے مجرم مختصر الفاظ مین اپنی دہشت ناک سزائین اور اپنے گناہون کی سرگذشتین بیان کر رہے ہین۔ اور عجیب عجیب قسم کی حسرتناک داستانین اور خدا کی عظمت و کبریائی کی باتین سننے مین آرہی ہیں۔

اس غار کے انتہائی نشیب مین شیطان ہے۔ جو ایک خونخوار موذی ہے اُسکے تین سر ہین۔ اور ہر منہ سے کسی گنہگار آدمی کی ہڈیان چبا رہا ہے۔ یہ کوئی حیرت کی بات نہین ہے کہ یہودا اسخریوطی (وہ حواری جس نے دغا بازی کرکے حضرت مسیحؑ کو دشمنون کے ہاتھ مین گرفتار کرادیا تھا) اُنھیں دوزخیون مین ہے جنھین شیطان چبا رہا ہے۔ مگر اس پر البتہ تعجب ہوتا ہے کہ رومی برطوس اور قاسیوس (قاتلین جولیس قیصر) بھی اُسے اُنھین لوگون مین نظر آئے۔

اب ڈینٹ اور ورجل دونون شیطان کے جسم پر چڑھ گئے اور بڑھتے بڑھتے کوہ صیہون کے دوسرے پہلو پر جا اُترے جہان کوہ مذکور ایک مخروطی شکل مین نمایان ہے۔ جنوبی سمندر کے ایک جزیرے مین قائم ہے اور عالم برزخ کا پہاڑ کہلاتا ہے۔ اس پہاڑ کے گرداگرد نیچے سے اوپر تک زینے بنتے چلے گئے ہین جو مندرجۂ ذیل سات فانی گناہون کے مجرمون کی جاے فرار ہین۔ غرور۔ حسد۔ غصہ۔ کاہلی حرص۔ جوع البقر اور شہوت۔

اس پہاڑ کی چوٹی پر پہونچ کے شاعر سے بیٹرس دیوی سے ملاقات ہوئی جو اُسے اپنے ساتھ لے کے آسمان پر چڑھ گئی۔ اور یکے بعد دیگرے اُسے چاند اور دیگر سیارون مریخ۔ زہرہ۔ آفتاب۔ مشتری۔ عطارد اور زحل سے ملایا۔ یہان سے چڑھ کے وہ بیٹرس کے ہمراہ اُس عالم بالا مین پہونچا جو ثوابت کا مرکز ہے۔ اور آخر کار اصلی فردوس برین مین پہونچ گیا۔ جہان اُسے عیسیٰ مسیح اور مریم عذراء کے

جلوے نظر آئے اور آخر ایک جھلک دیدار الٰہی کی بھی نصیب ہوگئی۔

اسی دیدار الٰہی پر ڈینٹ کی معراج اور اسکے ساتھ اُس کی مثنوی ختم ہوگئی ہے۔ لیکن اس روحانی سیر کے سلسلے مین اُس نے جیسے تاریخی واقعات پیش کرکے اپنی تاریخ دانی کا اعلیٰ ثبوت دیا ہے اور اُنکے اظہار مین جیسی کامل درجے کی قادر الکلامی ظاہر کی ہے اہل یورپ کی نظر مین بہت ہی قابل تعریف ہے۔ اگرچہ اسکی شاعری کی ہم بھی تعریف کرین گے مگر یہ کہے بغیر نہین رہ سکتے کہ مضمون سرقہ کا ہے۔ اور سوا اسکے کہ اُسے مسیحی خیالات کا جامہ پہنا دیا گیا ہو اُس مین کوئی جدت نہین ہے۔ اُس سے بہت زیادہ جدت آفرینی ملٹن نے اپنی پیراڈائز لاسٹ (فردوس گم شدہ) مین کی ہے۔ اگرچہ وہ بھی ایک مذہبی نظم ہے اور حضرت آدمؑ و حوا کے جنت سے نکالے جانے کے واقعے سے ماخوذ ہے لیکن اس مین شاعری نے اپنے عقائد کی نگہداشت کے ساتھ بہت ہی انوکھی اور پُر لطف باتین پیدا کی ہین۔

توحید

اس موقع پر نہ ہم نے اپنے کرم فرما مولانا حسن نظامی کے اخبار توحید پر ریویو لکھنے کے لیے قلم اُٹھایا ہے اور نہ وحدت باری تعالیٰ کی تعلیم و تلقین کے لیے۔ بلکہ ہم اس وقت مسئلۂ توحید کی تاریخ کے متعلق اپنے چند خیالات ظاہر کرنا چاہتے ہین۔

خدا کے ایک جاننے اور ایک ہی خدا ماننے کو توحید کہتے ہین۔ ظاہر مین دیکھیے تو کس قدر سادی اور کتنی سیدھی بات ہے کہ ہمارا اور سارے عالم کا پیدا کرنے والا ایک ہی خدا ہے۔ اُس کا کوئی شریک و ہمتا نہین۔ کل موجودات اُسی کے بنائے ہوے اور اُسی کے تابع فرمان ہین۔ مگر پھر بھی اس سیدھے سادے مسئلے مین انسانی جہالت نے (جسے وہ حماقت سے عقل آرائی خیال کرتا ہے) ایسے اُلجھاؤ ڈال دیے ہین کہ اگر مذاہب اور مقتدایان مذاہب کے دعوؤن کو دیکھیے تو ایک بھی موحد نہین نظر آتا۔

اس مین شک نہین کہ توحید کوئی ایسی اچھی چیز ہے کہ جی سب کا یہی چاہتا ہے کہ ہم موحد ہون اور ہمارا خدا ایک ہو۔ فطرت انسانی کی کمزوریون نے سیکڑون

ہزارون باطنی قوی اور روحانی پہلوان تسلیم کرلیے - انسان جس سے مغلوب ہوا - جس سے دبا - جس سے ڈرا - یا جس کا معترف ہوا اُس کے آگے سر جھکا کے کھڑا ہو گیا - اُس نے سنسان بیابانون - خاموش جنگلون - سراپا عظمت پہاڑون - خوفناک گھاٹیون - ناپیدا کنار سمندرون اور ہمیشہ بہنے والی ندیون مین مرعوبیت کی آنکھون سے دیو اور دیوتا دیکھے - پریان اور دیویان دیکھین - جسمانی عالم مین اپنے خیال کی مدد سے اُن کے تشخصات پیدا کرلیے - اور اُنکے آگے سجدے کرنے لگا - یہ سب ہے لیکن زبان سے یہی کہے جاتا ہے کہ "ہم موحد ہین" اور "ہمارا خالق ایک ہی ہے"

باوجود ان مشرکانہ حرکات کے وہ مانتا ہے کہ خدا کو ایسا ہونا چاہیے کہ کوئی چیز اور کوئی طاقت اُس کی حکومت و قوت سے باہر نہ ہو - کوئی طاقت اُس کی مزاحم نہ ہو سکے - اور جب ایسا خدا ہوگا تو لازم ہے کہ کوئی دوسرا خدا نہ ہو - کیونکہ دوسرا ہوا تو اگر وہ پہلے کی قدرت و حکومت سے باہر ہوا تو پہلے خدا کی خدائی مین فرق آجائے گا اور وہ پورا خدا ہی نہ باقی رہے گا - اور اگر وہ پہلے خدا کا تابع فرمان او مخلوق ہوگا تو وہ دوسرا خدا خدا نہ باقی رہے گا - کہنے کو تو کہہ دیا جا سکتا ہے کہ دو کی قلمرو جدا ہوگی - انکے حدود و اختیارات مقرر و معین ہون گے - اور اپنی اپنی قلمرو پر دونون پوری قوت کے ساتھ قابض و متصرف ہون گے - لیکن اس کا کیا علاج ہے کہ اس طرح دونون خدا خدا باقی نہ رہین گے - اس لیے کہ پہلے خدا کی حکومت سے دوسرے کی قلمرو باہر ہوگی - اور دوسرے کی حکومت سے پہلے کی قلمرو - اور جس کی حکومت سے کوئی چیز باہر ہو وہ خدا نہین -

اسی ضرورت اور اسی شبہے کی وجہ سے دنیا مین شاذ و نادر ہی کوئی ایسا شخص ملے گا جو دو خداؤن کو اپنی زبان سے تسلیم کرتا ہو - ایسے لوگ مل جائین جو خدا کے منکر ہون اور بخت و اتفاق کو اپنا خالق بنا کے کسی قادر و توانا خدا کے ماننے ہی سے انکار کردین - لیکن ایسے لوگ چراغ لے کے ڈھونڈھیے تو بھی نہ ملین جو دو برابر کے خدا مانتے ہون - یا توحید کے ماننے مین تردد اور پس و پیش کرتے ہون تاریخ پر نظر ڈالیے تو ہر قوم اپنے آغاز مین بت پرست نظر آئے گی - لیکن اُ

دنون کے حالات اس قدر کم معلوم ہین کہ ہم ہر پرانی قوم کے اصلی عقائد سے واقف نہین - اس بات کو ہم مانتے ہین کہ انسان نے جب حیوانیت چھوڑ کے انسانیت کا جامہ پہنا تو اپنی عقل کی کمزوری سے ہر اُس چیز کو جو مہیب یا باعظمت نظر آئی اس کے آگے سر جھکانے اور اُس کی پرستش کرنے کو تیار ہوگیا - لیکن اُسکی اس ضعیف الاعتقادی سے ہم یہ نتیجہ نہین نکال سکتے کہ کبھی وہ ایک سے زیادہ خداؤن کا بھی قائل تھا -

اگلی دنیا کے بعض بادشاہون نے بھی خدا بننے کی کوشش کی - جیسا کہ نمرود و فرعون کے طرز عمل سے ظاہر ہوتا ہے - لیکن سچ یہ ہے کہ وہ پولیٹکل خدا تھے - دل مین اپنی مجبوریون اور کمزوریون کے معترف تھے مگر اپنی رعایا کے مطیع فرمان رکھنے کے لیے چاہتے تھے کہ خدا ہی نہین بلکہ ہم اپنی قوم کے معبود بن جائین - تاریخ ہی بتا رہی ہے کہ ایسے دنیوی خدا جہان خدائی کا دعویٰ کرتے تھے وہان بتخانون مین جاکے بتون کی پرستش بھی کیا کرتے تھے

تاریخ کی جستجو میں اگر قرائن سے مدد لی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان نے پہلے اُن چیزون کی پرستش کی جن سے خائف و مرعوب ہوا - پھر اُن لوگون کی جو قوت مین سب سے غالب تھے - اور اسی سلسلے مین اپنے بزرگون مورثون اور معزز نامور لوگون کو پوجنے لگا - لہذا جیسے معبود وہ بزرگ اور نامور لوگ تھے ویسے ہی معبود بادشاہ بھی بن جایا کرتے تھے - مگر اس معبودیت کے ساتھ قومی دیوتاؤن کے آگے بادشاہ اور رعایا - راجہ اور پرجا سب سجدے کیا کرتے تھے -

یہود کی تاریخ بہت پرانی ہے - اُن کی تاریخ سے بابل و نینوا اور مصر و یمن کی تاریخون پر بھی روشنی پڑتی ہے - وہ اپنے آپ کو موحد اور باقی تمام اقوام عالم کو بت پرست بتاتے ہین - مصر میں بڑے بڑے دیوتا تھے - بابل مین ہر جگہ بت تھے - یہود کے قریب ہی فنیقیون اور کنعانیون مین دیوتاؤن کی پرستش ہوتی تھی - اور اسرائیلی اُن سب کو بت پرست اور اپنے آپ کو موحد و حق پرست بتاتے تھے - لیکن جس طرح اُن قومون کی بت پرستی کے پردے میں توحید تھی ویسے اسرائیلیون کی توحید بھی ہمین مغشوش نظر آتی ہے - اس لیے کہ اسرائیلیون کا خدا "یہوا" اُنکے بیان سے خدا نہین بلکہ اُن کا قومی دیوتا

نظر آتا ہے - جو اور قومون کا نہین صرف اُن کا خدا تھا - جو اورون کے خداون پر غالب
تھا - اور اُن سے وعدہ کرتا تھا کہ مین تمھین سب قومون پر غالب اور سب سے
برگزیدہ بنا دون گا -

اس کے بعد یونانیون اور رومیون کا زمانہ ہے - یونانی بھی توحید کے قائل تھے
اگرچہ اُن کا خدا صرف علت تخلیق تھا اور جملہ صفات سے معرا تھا - اور رومیون کا
خدا بھی ایسا ہی تھا - دونون کے نزدیک عالم تخلیق مین دیوتاؤن اور دیویون کی
حکومت تھی - نامور انسان - زبردست سپاہی اور بلند حوصلہ بادشاہ بھی دیوتا بن
جاتے اور اپنے روحانی اقتدارات سے دنیا پر اپنے اپنے علاقون مین حکومت کرتے
اور دنیا والون کو مدد دیتے -

مسیحیت نے دنیا مین آکے ابتداءً بڑے زور و شور سے توحید کا نعرہ بلند کیا اور
تمام مروج و معاصر مذہبون کو شرک بتایا - مگر سچ یہ ہے کہ یونانی ہون یا رومی اُنکے
افعال مشرکانہ تھے عقیدہ مشرکانہ نہ تھا - اس لیے کہ وحدت باری تعالی مین اُنھین
ہرگز شک نہ تھا -

سب سے بڑا الزام شرک کا مجوس کو دیا گیا جن کا مذہب ہزار سال سے فارس
اور خراسان وغیرہ مین جاری تھا - لیکن اس الزام دینے مین زیادہ دخل مسیحیون
کی تحقیق کو نہین بلکہ تعصب کو تھا - مسلمانون مین بھی آتش پرستی کو "ثنوی المذہب"
یا دو خداؤن کا ماننے والا مذہب کہا جاتا ہے - خود زرتشتی اپنے آپ کو اس الزام
سے بری بتاتے ہین - اور اگر غور سے دیکھیے تو جیسا الزام اُن کو دیا گیا ہے حقیقت مین
وہ ویسے ملزم نہین ہین - اس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے کہ دنیا مین نیکی و بدی
دو متضاد چیزین ہین جن کو اُنھون نے نور و ظلمت سے تعبیر کیا - خدائے تعالی چونکہ
صرف صفات حسنہ سے متصف ہے اس لیے نور کو اُنھون نے اُس کا جلوہ بتایا
اور شیطان چونکہ ضلالت و بدی کا مجموعہ ہے - لہذا اُس کا مظہر ظلمت کو قرار دیا - یہ وہ
مانتے ہین کہ خدا سب پر غالب ہے اور شیطان و ظلمت پر بھی وہ غالب آئے گا -
فی الحال خدا کی مرضی کے خلاف ظلمت موجود ہے اور شیطان لوگون کو گمراہ کرتا
رہتا ہے - ایسا نہین ہے کہ شیطان و ظلمت اُس کی حکومت و قدرت سے باہر ہو

گرہان نافرمان اور اُسکے حکم سے باہر ضرور ہین - ایک دن آنے والا ہے جب شیطان پکڑکے مارا جائے گا اور ظلمت دُور ہوگی - اگر غور سے دیکھیے تو اس مسئلے مین حقیقت کا دعوا کرنے والے دیگر مذاہب سے وہ اچھے ہی ہین لیکن اس کا کیا علاج کہ اُنکو الزام دے کے دو خداؤن کا ماننے والا اور مشرک بتا دیا گیا -

فرق اتنا ہے کہ عیسائیون اور مسلمانون مین شیطان کی تخلیق کا ایک واقعہ بیان کر دیا گیا ہے اور زرتشتیون مین کوئی ایسا قصہ نہین جس سے پتہ چلتا ہو کہ اہرمن (اُن کے شیطان) کو یزدان (اُن کے خدا) نے پیدا کیا تھا - اُن کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتداے آہرمن اسی شان سے چلا آتا ہے ہان آخر مین البتہ مفتوح ہوکے مارا جائے گا - لیکن جب وہ اُسے فانی مان رہے ہین تو اُسکے آغاز کا پتہ نہ لگنے سے یہ لازم نہین آتا کہ اُنکے نزدیک وہ ازلی وابدی خداے شر ہو -

اس مین شک نہین کیا جا سکتا کہ ابتداءً مسیحیت کی توحید غیر مغشوش اور مکمل تھی - لیکن چند ہی روز مین نظر آگیا کہ بعوض اسکے کہ وہ اپنی توحید کا اثر دوسرون پر ڈالے خود ہی دوسرون کے شرک سے متاثر ہوکے مغشوش ہوگئی - ایک ہی صدی گذری تھی کہ اُس کی توحید مین تثلیث کا جوڑ لگ گیا - اور زرتشتیون کو یہ کہنے کا موقعہ مل گیا کہ خیر ہم تو ثنوی (دو خداؤن کے ماننے والے) تھے مگر تم تثلیث والے ہو - اب پھر ساری دنیا مین توحید برائے نام تھی - اور ظاہری صورت مین جسے دیکھیے مشرک تھا -

عرب کے جہلا علم و فضل سے محروم اور متمدن و مہذب قومون سے دور ہونے کے باعث اب تک پُرانے مذاق کی بت پرستی مین مبتلا تھے - اُن مین درخت، جانور اور بت سب ہی طرح کے معبود تھے - ظاہر مین معلوم ہوتا ہے کہ وہ پورے پورے مشرک ہون گے لیکن قرآن مجید جو اُن کے مذہب کے استیصال کے لیے آیا تھا وہی بتا رہا ہے کہ ایک سے زیادہ خداؤن کے وہ قائل نہ تھے - اور اگر اُن سے پوچھا جاتا کہ تمھارا خالق کون ہے تو جواب دیتے کہ "خداے وحدہٗ لاشریک" - اسکے بعد جب الزام دیا جاتا کہ "پھر تم ان بتون کو کیوں پوجتے ہو؟" تو کہتے "اس لیے کہ یہ بُت خدا کی درگاہ مین ہماری شفاعت کرین گے" -

اس بیان سے یہ تو ثابت ہوگیا کہ اسلام سے پیشتر کے تمام مذاہب بت پرست ہون یا خدا پرست توحید کے سب قائل تھے۔ شرک صرف عبادت اور پرستش مین تھا عقائد مین نہین۔ یہ بھی نظر آگیا کہ پرانے مذاہب حقہ بھی مشرکون کے اثر سے متأثر ہوکے اپنی اصلی توحید کو بھول بیٹھے تھے۔ عقائد مین اکثر شرک تھا بھی تو اُسے وہ ایک متشابہ عقیدہ خیال کرتے۔ مثلاً عیسائیون نے تثلیث کو مانا بھی تو توحید کے لفظ کو نہ چھوڑا۔ اور تثلیث کے ساتھ ہی یہ بھی کہتے رہے کہ ہم ایک خدا کو مانتے ہین اور جب "تثلیث و توحید کے باہم متضاد ہونے کی نسبت سوال کیا گیا تو سینٹ گرگین نے کہدیا کہ "یہ مسئلہ اس لیے ہے کہ دنیا مین مانا جائے اور آخرت مین جاکے سمجھا جائے"۔ اسی طرح زرتشتیون کو ساری دنیا ثنوی المذہب کہتی تھی۔ وہ خود بھی اہرمن (شیطان) کو اتنی وقعت و عظمت دیتے اور اُس سے اس قدر ڈرتے تھے کہ اُن کے طرز عمل سے دھوکا ہوتا کہ شاید یہ اہرمن کو خدا ہی کے برابر کی قوت مانتے ہین۔ لیکن اگر اُن سے پوچھا جاتا تو یہی جواب دیتے کہ ہمارا خدا ایک ہے۔ اور اہرمن تو ایک دشمن حق برائی ہے جو فانی ہے۔

الغرض عقیدۂ خدا کے ایک ماننے مین سب متحد ہین۔ شرک کا جو کچھ اظہار ہوتا ہے عبادات اور طرز عمل سے۔ اس راز تک سب سے پہلے بنی اسرائیل پہونچے جو قدیم الایام مین بت پرستی کے سب سے بڑے دشمن تھے۔ مگر سچ یہ ہے کہ توحید کی اس اصلی شان کو مکمل طریقے کو پہلے پہل اسلام نے سمجھا اور اُس نے بتایا کہ زبان اور عقیدے سے ہم چاہے کتنے ہی خداے واحد کے قائل ہون ہمارا طرز عمل ہمارا طریقۂ عبادت اور ہماری معاشرت مشرکانہ ہو تو توحید باطل ہو جاتی ہے اور ہم اس قابل نہین رہتے کہ اپنے آپ کو موحد کہین۔

اسلام نے کسی مافوق قوت یا کسی اپنے سے بالادست شخص کے ماننے میں حفظ مراتب کے درجے قائم کیے۔ اُس نے حکم دیا "اعبدوا الہکم واکرموا اخاکم (اپنے خدا کی عبادت کرو اور اپنے بھائی کی تعظیم کرو) پھر اسکے بعد عبادت و تعظیم کا فرق بتایا۔ نماز اور حج میں جن جن طریقوں سے خدا کی عظمت ماننے کا اظہار کیا جاتا ہے ان کو عبادت قرار دیا اور انکے سوا اور جتنے طریقے عظمت ماننے کے ہوں

ان کو تعظیم بتایا۔ ہم کسی بزرگ اور معزز شخص کو دیکھ کے کھڑے ہو جائیں تو یہ تعظیم ہے۔ لیکن اگر اُس کے آگے سجدہ یا رکوع کریں تو شرک ہے۔

ایک یہ پُرانا خیال بھی تھا کہ خداوند جل و علا چونکہ مجہول الکُنہ بچپن و بچگون اور ہماری سمجھ سے بالا ہے۔ اس لیے اُسکی ذات تک ہمارا خیال نہیں پہونچ سکتا۔ مگر عبادت کے لیے اُس کا خیال کرنے اور اُس کا دھیان رکھنے کی ضرورت ہے۔ اس دشواری کو قدیم مذاہب نے اپنے اپنے مذاق کے موافق حل کیا۔ اس کو تو سب نے تسلیم کر لیا کہ اُس کی طرف دھیان لے جانے کا ذریعہ اُس کی قدرت کاملہ کے کسی مکمل نمونے کو یا کسی ایسی چیز کو جو اُس کی کسی اعلیٰ صنعت کو ظاہر کرتی ہو قرار دے لیا جائے۔ لیکن انتخاب مین اختلاف پڑا۔ کسی نے کسی حسینہ کی تصویر کو کسی نے کسی قوی ہیکل انسان کی مورت کو۔ کسی نے کسی زبردست جانور کو۔ کسی نے کسی بڑے بھاری درخت کو۔ کسی نے نور و نار کو زبان حق قرار دے کے عبادت الٰہی کے واسطے قبلہ بنایا۔

اسلام نے ایسے تمام قبلوں کو قبلہ ہاے باطل بتایا۔ اس لیے کہ چند ہی روز مین لوگ خود اُن قبلون مین کسی کرشمے یا کسی قدرت کو ماننے لگے۔ اور بجاے اسکے کہ وہ انسان کے خیال کو خدا کی طرف لے جائین خود ہی معبود بن گئے۔ اُن کی تقدیس و تنزیہ کی جانے لگی۔ ان مشرکانہ نتائج سے بچانے کے لیے اسلام نے اُن تمام قبلون کی تو تکذیب کر دی مگر اس اصول کو نہین چھوڑا کہ خدا سے بچون کی عبادت کے لیے کسی سمت اور قبلے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ اسلام نے ایک مکان کو قبلہ قرار دیا جو موحدون کا سب سے پُرانا عبادت خانہ تھا۔ اور اُسے بھی اس قید کے ساتھ کہ اگر کوئی شخص یہ خیال کرے کہ مین اسے سجدہ کرتا ہون یا نماز مین اُس کی طرف خطاب کرے تو وہ مشرک ہے۔ اس اصول کی سچائی کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ تمام دیگر مذاہب مین جو چیزین سمت عبادت یا قبلہ بنائی گئی تھین وہ چند ہی روز مین معبود بن گئین اور اُنھین کی پرستش ہونے لگی۔ بخلاف مسلمانون کے قبلے خانۂ کعبہ کے جو گذشتہ تیرہ سو برس مین قبلے کی حد سے تجاوز کر کے معبود نہین بن سکا۔ سچ یہ ہے کہ مسلمانون مین بھی مرور ایام کے ساتھ شرک پیدا ہوا

اور مشرکانہ رسوم ترقی کرتے رہے۔ ہزارہا چیزین بچ گئین۔ ہزارون چلّون۔ جھنڈون قبرون اور فرضی تربتون کے آگے سجدے ہونے لگے مگر خانۂ کعبہ کی جو حیثیت آنحضرت صلعم کے زمانے مین تھی آج تک قائم ہے اُس مین ذرہ بھی تغیر نہین ہوا۔

مذکورۂ بالا بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام نے جیسی خالص توحید بتائی کبھی نہین بتائی گئی تھی۔ اور اگر اُسکے تعلیمات پر پورا پورا عمل کیا جاتا تو یقیناً دنیا مین ایک سچی موحد قوم موجود ہوتی۔ مگر افسوس کہ مسلمانون مین بھی نماز روزے کے ساتھ مشرکانہ رسوم پیدا ہوگئے۔ اور اُن کا انجام بھی یہی ہوا کہ توحید کے مدعی تو سب ہین مگر صحیح معنون پر دیکھیے تو اُن مین بھی شاذ و نادر ہی کوئی موحد نظر آئے گا۔

موسیقی

موسیقی اُن فنون لطیفہ مین سے ہے جن سے انسانی طبائع پر اثر ڈالنے کے لیے ہمیشہ اور ہر ملک مین کام لیا گیا ہے۔ اسکے موجد فطرت انسانی کے ایسے سامنے کے جذبات ہین کہ اسکے پہلے بانی کو کسی ترقی یافتہ ملک یا متمدن قوم مین ڈھونڈھنا نادانی ہے۔ سچ یہ ہے کہ اسکی موجد ہر قوم اور ہر سرزمین ہے جس نے آغاز ہی مین اسے ایجاد کرلیا۔ ہر وحشی سے وحشی قوم نے اپنا موسیقی آپ ایجاد کیا۔ مثل مشہور ہے کہ "گانا اور رونا سب کو آتا ہے"۔ جس روز کوئی پہلا وحشی انسان کسی بات پر خوش ہوکے اُچھلا کودا اور گایا ناچا، اور جس دن تخلیق عالم کے آغاز ہی مین کوئی جاہل عورت کسی عزیز کی موت پر بیتابی کے ساتھ سر پیٹ کے روئی اور بین کرنے لگی اُسی دن جانیے کہ موسیقی کا فن ایجاد ہوگیا۔ اور غالباً اسی کا اظہار قدیم مذاہب نے اس عنوان سے کیا ہے کہ اس فن لطیف کا موجد بجائے انسان کے دیوتاؤن کو بتا دیا جو تخلیق عالم کے آغاز مین انسانون کے بڑے دوست تھے۔ اُن سے ملتے جلتے تھے اور کبھی کبھی اُنھین اپنی صحبتون مین شریک کرلیا کرتے تھے۔

ہندو کہتے ہین کہ موسیقی کے پہلے موجد مہادیو جی تھے جو سب دیوتاؤن سے

بڑے اور پہلے تھے۔ اور مختلف راگنیاں اپنے حالات و جذبات کے مناسب شکل و شمائل اور وضع و لباس مین اُن کی بیبیاں بنائی جاتی ہین۔ مصروالے جو قدامت مین سب سے پہلے مشہور ہین۔ ان کا عقیدہ تھا کہ موسیقی اور آلات موسیقی یعنی مختلف باجون کو اُن کے اعلیٰ ترین دیوتاؤن۔ اُسائرس۔ آئی سس۔ اور وس اور ہرمس نے ایجاد کیا۔ یونانیون کا خیال تھا کہ اُنکے اعلیٰ درجے کے دیوتا زیوس کی نو بیٹیان جو "میوزس" کہلاتی تھین وہی تمام علوم و فنون کی بانی تھین اور اُنھیں سے موسیقی کا فن ایجاد ہوا۔ اُن نو میوزس (دیویون) کے نام یہ ہیں (۱) کالیوپیہ۔ مثنویون اور افسانہ خوانی کی شاعری کی بانیہ (۲) کلیو۔ تاریخ کی موجدہ (۳) اِراتو۔ عاشقانہ شاعری کی بانیہ (۴) یوتیرپہ۔ نغمہ خوانی کی شاعری کی بانیہ (۵) ملپومنہ۔ مرثیہ خوانی اور جذبات غم کو اُبھارنے والی شاعری کی بانیہ۔ (۶) پولی ہم نیا۔ نغمہ خوانی اور فصاحت و بلاغت کی دیوی۔ (۷) ترپسی شورہ۔ ناچنے کی موجدہ (۸) تھالیہ۔ جذبات مسرت کو اُبھارنے والی شاعری کی بانیہ (۹) اُرانیہ۔ علم ہیأت کی موجدہ۔ اسی قسم کے خیالات فن موسیقی کی ایجاد کے متعلق چینیون، فارسیون۔ اور بابل والون میں بھی ہونگے لیکن افسوس کہ ہم اُن سے ناواقف ہین۔ مشرق کے متاخر محققون نے موسیقی کی ایجاد اور اُس کی وجہ تسمیہ کے بارے مین عجب عجب خیال آفرینیاں کی ہین مگر اب وہ زمانہ نہین۔ ہا کہ چڑیون مین نغمہ سنجی کا قدرتی جوہر دیکھ کے موسیقار نام ایک طائر ڈھونڈھ کے نکالا جائے۔ موسیقی کے ایجاد کی کلغی اُسکے سر مین لگائی جائے۔ اور اُسی کی نسبت سے موسیقی کا نام موسیقی بتایا جائے۔ موسیقی کے نام کی اصلیت یہ ہے کہ یہ فن علوم کی یونانی دیویون میوز کی جانب منسوب ہے اور میوز کا تلفظ یونانی زبان مین یقیناً "موس" تھا۔ عربی و فارسی مین اور ہماری زبان مین جس طرح نسبت کے لیے آخر مین یاے معروف لگائی جاتی ہے اسی طرح لاطینی اور یونانی مین "ق" لگایا جاتا تھا۔ اسی قاعدے کے موافق وہ موسیقی کو "موسیق" (انگریزی مین میوزک) کہتے تھے۔ عربون کی یہ غلطی تھی کہ اس کا خیال نہ کیا کہ موسیق مین خود ہی حرف نسبت موجود ہے اور اُسپر اپنے یونان کی یاے نسبت

بھی اضافہ کردی - اور اس فن کا نام ساری مشرقی دنیا مین بجائے "موسی" کے "موسیقی" ہو گیا -

اب یہ دیکھنا ہے کہ اس فن کو کن کن قومون نے کہان تک ترقی دی - اور کس قوم کی موسیقی کس پایہ پر تھی - معلوم ہوتا ہے کہ قدماے یونان مین موسیقی کا مفہوم بمقابل آج کل کے زیادہ وسیع تھا - اُن لوگون مین گانا - ناچنا اور بجانا ہی نہین بلکہ شاعری بھی اُس مین شامل تھی - اصل یہ ہے کہ اُنکے خیال مین جتنے فنون "میوزس" دیویون کی تعلیم سے حاصل ہوے تھے سب اُن کی موسیقی مین شامل تھے -

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے موسیقی کو اہل مصر نے ترقی دی - اور معلوم ہوتا ہے کہ اُنکی موسیقی اعلی درجۂ ترقی کو پہونچ گئی تھی - مگر اس عام تحقیق کے خلاف یونانی مورخ ڈیوڈوروس سقولوس یقینی طور پر بیان کرتا ہے کہ مصر مین قدیم الایام مین موسیقی کی تعلیم و تعلم اور اُس سے حظ اُٹھانے کی ممانعت تھی - اس لیے کہ اُسکے شوق مین مبتلا ہوکے آدمی عیش پرست ہو جاتے ہین - اور جہان انسان کو اس کا شوق ہوا بالکل گیا گذرا ہو جاتا ہے - مگر افلاطون اور ہرودوطوس (جو یونانیون ہی کا نہین ساری دنیا کا سب سے پہلا مورخ ہے) دونون نے مصر کا سفر کیا تھا اور دونون یقین دلاتے ہین کہ بخلاف ممانعت اور روک کے مصر مین علم موسیقی کو ہر طرح سے ترقی تھی - سلطنت اُسے روز افزون ترقی دے رہی تھی - اور نوعمرون کو کمسنی ہی مین اس کی تعلیم دی جاتی تھی - خود ڈیوڈوروس جو مصر مین اس کے ممنوع ہونے کا راوی ہے دوسرے مقام پر کہتا ہے کہ "موسیقی اور سکے تمام سازون کے موجد مصر کے دیوتا تھے" - اور یہ امر پوری طرح پایۂ ثبوت کو پہونچ گیا ہے کہ اہل مصر کے پاس ایسے باجے اور آلات طرب موجود تھے جن سے ہر قسم کے جذبات مین تحریک پیدا کرنے والے مختلف نغمے ادا ہوتے تھے -

اہل بابل و نینوا مین بھی موسیقی کا بڑا رواج تھا - ان کے وقت کی بنی ہوئی تصویرین بتا رہی ہین کہ بادشاہون کے ساتھ ساتھ اور فتحیاب فوجون کے آگے آگے چنگ و رباب بجانے والے مغنی چلا کرتے تھے - یہ بھی ثابت ہے کہ اُن کے

وہان موسیقی عبادت مین داخل تھی۔ اور بڑے بڑے مندرون اور تہخانون مین ارباب نشاط اور مغنیون کی چوکیان مقرر تھین جن کے نغمے پر اکثر پوجاریون کو حال آیا کرتا۔ مگر چونکہ انکے پاس سوا پتھرون اور قصر و ایوان کی دیوارون پر کندہ کر دینے کے اور کوئی ذریعہ اپنے علوم و فنون کو بعد والون کے لیے محفوظ کر دینے کا نہ تھا اس لیے اُن کے جملہ علوم کی طرح اُن کی موسیقی بھی اُنھین کے ساتھ مٹ گئی۔ اگر یونانیون کی طرح پیاپرس وغیرہ کی قسم کا سامان تصنیف و تدوین اہل بابل و نینوا کے پاس بھی موجود ہوتا تو آج ہم اُن کے علوم سے اس قدر ناواقف نہ ہوتے۔ اور بخوبی معلوم ہوتا کہ انکی موسیقی کے کیا اصول تھے اور کیسی تھی۔

بنی اسرائیل کو بھی موسیقی کا کم شوق نہ تھا۔ توراۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ سارے آلات طرب خصوصاً چنگ و ارغنون کا موجد جوبل تھا جو حضرت آدمؑ کی نسل مین ساتوین پشت پر تھا۔ اُسکے ارغنون سے مراد غالباً وہ پرانے زمانے کا ساز ہے جس مین کئی بانسریان ایک مین جوڑ دی جاتی تھین۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ موسیقی کی ایجاد جوبل سے پہلے ہی ہو چکی ہوگی۔ اور اگر پہلے نہ بھی ہوئی ہو تو اُس کے زمانے مین تو شک ہی نہین کہ یہ فن موجود تھا جس کی تائید و تقویت کے لیے آلات طرب ایجاد کیے گئے۔ مگر بنی اسرائیل کی موسیقی کے اصلی عروج کا زمانہ حضرت داؤدؑ کا زمانہ ہے جنکے مزامیر مشہور ہیں۔ قدیم مورخ اسبیوس کا بیان ہے کہ حضرت داؤد جہان جاتے اپنا چنگ ضرور ساتھ لیجاتے۔ اُنھون نے مذہبی رسوم و عبادات کے لیے اہل موسیقی کی چوکیان اور باجون کے بینڈ مقرر کیے تھے۔ اور ثابت ہوتا ہے کہ عبادت کرتے وقت وہ خود خداے واحد ذوالجلال کے سامنے گاتے بجاتے اور ناچتے تھے۔ جبکہ آلات طرب سے کام لینے والون کا طائفہ چنگ و رباب۔ طنبورہ۔ جھانجھ۔ قرنا اور ترہیان بجاتا تھا۔ اور وہ اپنی مناجات کے نغمے کی صدا بلند کرتے۔ اِن چیزون کو اُنکے بعد حضرت سلیمانؑ نے اور زیادہ ترقی دی جبکہ صدا الٰہی اور حرم ربانی مین بہت سے گانے بجانے والے مقرر تھے۔ یہ زمانہ بنی اسرائیل کی موسیقی کے شباب کا تھا۔ مگر اسیری بابل نے جو ۶۳ سال تک قائم رہی یہود کی موسیقی اور اُنکے آلات طرب دونون کو خاک مین

ملا دیا۔ اس لمبی قید سے چھوٹنے کے بعد وہ پنپنے نہین پائے تھے کہ ارض یہود کا وہ پُرفتن زمانہ شروع ہوگیا جبکہ اُن پر ہر طرف سے حملے ہو رہے تھے اور مصریو قارسیون اور رومیون سب نے یکے بعد دیگرے اُنھین مغلوب و مقہور کیا۔ اور کبھی اتنی مہلت نہ دی کہ اطمینان سے بیٹھ کے اپنے قدیم موسیقی کو تازہ اور پرانے آلات طرب کو پھر زندہ کرتے۔ ان تباہیون نے موسیقی کو اُن مین سے فنا کردیا۔ اور اب اُنکے عبادات اور رسوم مذہبی کو گانے بجانے اور آلات طرب سے کوئی تعلق نہ تھا۔ ساری دنیا کے معابد یہود سے موسیقی کا فن قطعاً علیحدہ ہوگیا۔ اور جرمن کے یہود کا مدوّن سے یہ عقیدہ ہے کہ مسیحا کے ظہور سے پہلے گانا بجانا اور خوشیان منانا غیر مناسب اور حرام ہے۔

مگر افسوس اہل مغرب نے ہندوستان کی موسیقی کی طرف کبھی توجہ نہین کی حالانکہ سب سے قدیم اور سب سے زیادہ مکمل اسی سرزمین کی موسیقی معلوم ہوتی ہے۔ مگر اُس کی طرف ہم اُس وقت توجہ کرین گے جب مسلمانون کی موسیقی کا تذکرہ آئے گا۔

یونانیون مین بہت سی دیگر اقوام عالم کی بہ نسبت موسیقی کی زیادہ قدر و منزلت تھی۔ لیکن اس تاریخی بیان کے سوا اگر ہم اس بات کو معلوم کرنا چاہین کہ اُن کی موسیقی کیا تھی اور کیسی تھی تو کچھ بھی پتہ نہین چل سکتا۔ ہر قوم کی موسیقی اُن گیتون کے ذریعے سے جن مین اچھی اور دلکش دھنین بندھ جاتی ہین بعد والی نسلون مین منتقل ہوتی رہتی ہے۔ اور اُنھین کو سُن کے بعد والون کو اپنے متقدمین کی موسیقی کی نوعیت کسی نہ کسی حد تک ضرور معلوم ہو جایا کرتی ہے۔ بخلاف اسکے یونانیون کی موجودہ نسلون مین اپنے بزرگان سلف کی نہ زبان ہی باقی رہی اور نہ اُن کا نغمہ ہی باقی رہ گیا۔ پُرانے یونانیون کی موسیقی کا جو کچھ حصہ مل سکتا ہے وہ اُنکی چند منتشر تحریرین ہین جو کسی کی سمجھ مین نہین آسکتین۔

دنیا مین جس وقت خط ایجاد کیا گیا تو اسکی پوری کوشش کی گئی کہ انسان کی آوازین مخارج کے لحاظ سے مختلف حروف مین قلمبند کرلی جائین تاکہ جو لفظ جتنے مخارج کی آوازون سے مرکب ہو اپنے ہی حروف کے ذریعہ سے تحریر مین

لایا جائے۔ لیکن اس کی کبھی کوشش نہین کی گئی کہ آواز اپنی ترقی و تنزل۔ اپنے زیر و بم۔ اور مینڈون اور زمزمون کے لحاظ سے تحریری نشانات مین دکھائی جائے یہ ایسی کمی تھی جس کے باعث کوئی قوم اپنے موسیقی کو چاہے وہ کیسے ہی کمال کے درجے کو پہونچی ہوئی ہو دوسرون کے ذہن نشین کرنے کے لیے قلمبند نہ کر سکی۔

یونان کے اکثر قدیم فلسفیون خصوصاً فیثا غورس۔ افلاطون۔ اور ارسطو کے شاگردون نے موسیقی پر لکھا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن دنون یونان مین موسیقی کا سکھانا اعلیٰ طبقے کے رئیس زادون کی تعلیم کا جزو لازمی تھا۔ اور نیز یہ کہ دلچسپی اور صحبتون مین لطف ہی پیدا کرنے کے لیے نہین بلکہ مذہبی رسوم اور عبادات میں بھی موسیقی سے کام لیا جاتا تھا۔ وہ لوگ چونکہ ایشیائے کوچک سے جا جاکے بسے تھے اور یہین کے علاقون کے نام کی نوآبادیان یونان مین قائم ہوگئی تھین لہذا انھین نوآبادیون یا اُنکے اصلی ایشیائی علاقون کی جانب اُنکی دُھنین اور اُنکے نغمے منسوب تھے۔ چنانچہ اپنے بعض نغمون کو لیڈیا سے ماخوذ بتاتے تھے جہان پُرانا نغمی امفی اون اِس فن کی تعلیم دیتا تھا۔ بعض نغمون کو ارکاڈیا سے حاصل کیا تھا جہان چرواہے بانسلی وغیرہ مین نہایت ہی دلکش تانین لگایا کرتے تھے۔ اُن کے گانے کے ٹھاٹھ مقامات فریجیا۔ ڈوریا۔ ایولیا۔ اور ایونیا کی جانب منسوب تھے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ یونانیون کی موسیقی صرف سُرون تک محدود تھی۔ اور اُس مین لَے نہ تھی۔ کیونکہ اُن کے نزدیک وزن کا تعلق صرف نظم سے تھا۔ مگر غالباً یہ قیاس ویسا ہی ہو جیسے ہندوستان کے موسیقی دان اکثر اعتراض کیا کرتے ہین کہ انگریزی موسیقی مین لَے نہین ہے۔ یونانیون نے اپنے علمی مذاق سے اس بات کی بھی کوشش کی تھی کہ موسیقی کی دُھنون کو تحریر مین لے آئین۔ مگر اس کوشش مین کامیاب نہ ہو سکے۔ اس لیے کہ جو اُن کے گلے سے نہ سُن چکا ہو وہ اُس تحریر کے ذریعے سے ہرگز نہین سمجھ سکتا کہ وہ نغمہ سُرون کی کس مناسب ترتیب سے اور کس دُھن مین ادا ہوتا ہے۔ اُنھون نے موسیقی کی تحریر کی بنیاد حروف تہجی پر رکھی تھی۔ سُرون کے لحاظ سے اُن حرفون کی صورتین بدلی اور

الون نے اپنے آپ کو ایک بڑے علمی ذخیرے سے محروم دبے بہرہ کر رکھا ہے
لیکن اس مین شک نہین کہ یورپ مین فی الحال ہر حیثیت سے موسیقی کو بڑی
ترقی ہو رہی ہے۔ اور گلے بازی اور آلات طرب دونون چیزون مین وہ ممالک
رض سے بڑھتے جاتے ہین۔

ہمارے یہان بھی اب موسیقی جاہل مغنیون سے نکل کے پڑھے لکھے اور شائستہ
لوگون مین آنے لگی ہے۔ بعض علمانے اسکے جواز کے فتوے دیے ہین۔ اور ہندوؤن
نے بھی اپنے قدیم موسیقی کو نئے سرے سنبھالنا اور اُس مین از سر نو جان ڈالنا
شروع کر دیا ہے۔ ایسی حالت میں یہ دیکھ کر تعجب معلوم ہوتا ہے کہ اپنے موسیقی کے
تحریر مین لانے کی اس وقت تک مطلقاً کوشش نہین کی گئی۔ جبکہ اُردو کا نیا
شارٹ ہینڈ" خط بھی ایجاد ہو گیا تو تعلیم یافتہ شائقین موسیقی کی کوشش
و توجہ سے کسی مکمل خطِ موسیقی کا ایجاد ہونا ہماری موسیقی کی ترقی کے لیے لازمی
اور ضروری ہے۔ ہم امید کرتے ہین کہ ہمارے احباب اس کمی کو جلد پورا
کرین گے۔

ہندوؤن کے علوم (نومبر ۱۹۱۳ء)

دُنیا اپنی نادانی سے چاہے قدر نہ کرے۔ مگر سچ یہ ہے کہ ہندو مذہب اور
اُسکے ساتھ ہندوؤن کی قوم موجودہ دنیا کے آغوش مین ایک نامعلوم قدامت کی
قابل قدر امانتیں ہین۔ اور سلف کے جو ایام قدامت کے دھندلکے مین آگئے
اُنکے نہایت بیش بہا تبرکات ہندوؤن کی پُرانی زبان سنسکرت اور اُنکے ہمیشہ
زندہ رہنے والے علوم ہین۔ زمانہ ہر چیز کو مٹاتا رہتا ہے۔ کسی مین چاہے
کیسی ہی ابدی زندگی کی صلاحیت ہو زمانہ اُس پر آہستہ آہستہ مرور ایام کی
خاک ڈالتا ہی جاتا ہے۔ یہان تک کہ مدت دراز کے بعد وہی خاک اُسکی قبر
بن جاتی ہے۔ اور وہ بے مرے زندہ دفن ہو جاتا ہے۔ زمانے کے ان زندہ
مدفونون مین مصری۔ بابلی۔ اسرائیلی۔ یونانی اور رومی ہین جو ایسے علوم و
فنون اور ایسی تاریخی یادگارین چھوڑ گئے ہین کہ قدامت کی خاک مین دبا دینے

کے بعد بھی یہ خاک سے پکار پکار کے اپنا نام بتاتے اور اپنی زندگی کا ثبوت دیتے رہتے ہیں۔ مگر ہندوستان کی پرانی آریہ قوم نے باوجودیکہ سب سے قدیم ہے زمانے کی اُس خاک کو ہمیشہ جھٹک جھٹک کے ہٹا دیا۔ اور اُس پر مرور ایام کا زور نہ چلنا تھا نہ چلا۔ اور زمانہ اوروں کی طرح اُس کے زندہ دفن کرنے میں کسی طرح کامیاب نہ ہو سکا۔ ہندو قوم نے زندگی کی مزاحمتوں پر ہمیشہ فتح پائی۔ جو جو دشواریاں پیش آئیں سب کو خاک کی طرح جھاڑ کے الگ پھینکدیا۔ اور حضرت مسیح سے ہزارہا سال پیشتر کے اُن پسماندگانِ سلف کو آج بیسویں صدی میں ہم دیکھتے ہیں کہ معجزنما زندگی ابدی کا جامہ پہنے ہوئے اپنے پرانے علوم کو خود ہی دنیا کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ آغاز ہستی کے دنگل کے پہلوانوں میں سے آج کون باقی ہے؟ بابل والے۔ اسیریا والے۔ مصر والے۔ ایران والے۔ یونان والے۔ اور اُن کے زلہ خوار اہل روم سب مٹ گئے۔ نہ اُن کا مذہب باقی ہے نہ اُن کی معاشرت باقی ہے۔ صرف اُن کے چند علوم ہیں جو غیروں کے ہاتھ کا کھلونا ہیں۔ مگر ہندو! آبِ حیات کے سرشار ہندو۔ ابد کی ڈھائی چھوتے گئے مشتاق ہندو! آج پامردی کے ساتھ خود ہی کھڑے ہوئے اپنے مذہب۔ اپنی معاشرت۔ اپنے کارناموں اور اپنی تاریخ کو دنیا کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ اور اگر کوئی غیر اُن کے علوم کے سمجھنے میں ذرا بھی غلطی کرتا ہے تو فوراً جھڑک کے ٹوک دیتے ہیں۔ اور اپنی تاریخ و قسمت کا فیصلہ دوسروں کے ہاتھوں میں نہیں چھوڑتے۔

ہندوؤں کا نایاب علمی ذخیرہ کیا بلحاظ اُن کی مذہبی روایتوں کے اور کیا بلحاظ اُن کے رسم خط کے نہایت ہی قدیم ہے۔ اور جس قدر قدیم ہے اُسی قدر نادر۔ اس موقع پر ہم چاہتے ہیں کہ اُن کے علموں کا ایک مختصر گوشوارہ اپنے احباب کے سامنے پیش کر دیں۔ اُن کے پرانے تصانیف قریب قریب سب نظم میں ہیں جو اس کی قدامت کا زبردست ثبوت ہے۔ ظاہر میں لوگ سمجھتے ہیں کہ نثر نظم سے مقدم ہے۔ لیکن علمی دنیا میں یہ صحیح نہیں۔ گفتگو میں بیشک نثر کو تقدم ہے۔ جذبات دلی کے ظاہر کرتے وقت انسان میں ایک ایسی شان اور غیر معمولی کیف پیدا ہو جاتی ہے کہ چاہتا ہے اُنھیں کسی غیر معمولی وضع و عنوان سے ظاہر کرے۔

شوق نے انسان کو اُس کے بچپن ہی مین نظم کی طرف متوجہ کر دیا - جذبات و خیالات شاعرانہ کو نثر میں ادا کرنا شاعری کے بہت دنون بعد شروع ہوا - لہذا ہندوؤن مین اُن کے تمام علوم کا نظم مین ادا کیا جانا ہی اُنکی قدامت کا ثبوت ہے -

ہندوؤن کے قریب قریب تمام علوم کو مذہب نے اپنے آغوش مین لے لیا ہے یا اپنا لباس پہنا کے دنیا کے سامنے پیش کیا ہے - اُن کے علوم مین سب سے مقدم چار وید ہین جو انسان مین مذہبی روح پھونکنے کے مکمل ذرائع ہین - اُن میں دعاؤن اور مناجاتون کے ذریعہ سے فلسفۂ دین اور خدا شناسی کی بہت اعلیٰ تعلیم دی گئی ہے وہ چارون وید حسب ذیل ہین (اول) رگ وید - (دوسرا) یجر وید - (تیسرا) سم وید (چوتھا) اتھروید - ان چارون ویدون کے ماتحت چار اُپ وید ہین - اور اُن کے نام یہ ہین (پہلا) ایش (دوسرا) دھنش (تیسرا) گندھرب (چوتھا) ارتھ - اِن چارون اُپ ویدون کے بعد اُپ انگ ہین -

چار اُپ وید جن کا ذکر آچکا ہندو مذہب میں دوسرے درجے کی مقدس و محترم کتابین ہین جن مین جراحی - طب - موسیقی - رقاصی - پہلوانی - معماری اور دیگر فنون علمی کا بیان ہے - اور اُن کے دیکھنے سے انسان کو حیرت ہوتی ہے کہ اُس قدیم زمانے ہی مین ہندوؤن نے امور معاشرت اور ضروریات زندگی کے متعلقہ فنون مین کس قدر ترقی کر لی تھی -

چھ اُپ انگ ان فنون کے بیان مین ہین جو خاص ویدون کی تعلیم سے تعلق رکھتے ہین - یون کہنا چاہیے کہ ویدون کے سیکھنے اور پڑھنے کے آلات ہین - ان مین فن تجوید ہے جس کے ذریعہ سے ویدون کی قرأت و تلاوت کے قاعدے معلوم ہوتے ہین اُن مین الفاظ کے ادا کرنے کے لہجے - آوازون کے مخارج اور دیگر خصوصیات صوت مذکور ہین جن کا ویدون کے پڑھنے کے وقت لحاظ رکھنا ضروری و لازمی ہے اسی سلسلہ مین نحو و صرف کا فن - آوازون کی ترتیب اور اُن کے باہمی تناسب کے قاعدے اور علوم نجوم و ہیئت بھی بصراحت بتائے گئے ہین -

ان تمام علمون اور فنون کی نسبت ہندوؤن کا اعتقاد ہے کہ خداوند جل علائے اُنھین الہام کے ذریعہ سے نیک نفس و پاک باطن برہمنون کے دلون

مین القا کر دیا تا کہ اُن کی مدد سے دنیا وید کی ربانی تعلیمون سے فائدہ نہ اُٹھا سکتی۔

اُپ انگ کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ وید انگون کے بعد اور اُن سے کم درجے کے ہین۔ لیکن اگر غور سے دیکھو تو وہ بہت ہی عظیم الشان اور اعلیٰ درجے کے علوم عقلی و روحانی پر حاوی ہین۔ اُن مین منطق ہے۔ اور الٰہیات ہین۔ یعنی وہ مسائل و رموز علم الٰہی جو ویدون کی تصریحات کی تشریح کے لیے بعد والون کے ذریعہ سے معلوم ہوے۔ احکام شریعت کا شمار بھی انھین مین ہے۔ اور اسی سلسلہ مین دیوتاؤن اور پرانے رشیون اور منیون کی کہانیان اور داستانین بھی ہین۔ ان سب ضروری کتابون کی مجموعی تعداد اٹھارہ ہے اور یہی کتابین پُران کہلاتی ہین جن کے ماننے سے آریہ سماج والے انکار کرتے ہین۔ لیکن چاہے اُن پر بھروسہ نہ کیا جائے مگر یہ غیر ممکن ہے کہ اُن سے فائدہ نہ اُٹھایا جائے۔ اس لیے کہ یہ تمام علوم ویدون کے حرم مین داخل ہونے کی کنجیان ہین۔ جن کو چھوڑ دیا جائے تو ویدون کے مضامین سے صحیح استدلال کیا جا سکے گا اور نہ اُنکے سمجھنے پر پورا وثوق ہو سکے گا۔

مذکورہ علمی کتابون کے علاوہ ہندوون کے قدیم علمی خزانے کا زیور دو نہایت ہی مہتم بالشان منظوم کتابین ہین جو مقدس روایات مین شامل کر دی گئی ہین۔ یہ دونون رامائن اور مہابھارت ہین۔ رامائن مین اجودھیا کے چندر بنسی راجہ رام چندر جی کے حالات و واقعات عجیب موثر و معجز نما شاعری مین بیان کیے گئے ہین جو نہایت ہی دلچسپ و نتیجہ خیز ہین۔ اور تاریخی قصے کے عنوان سے دینی و روحانی برکتین ظاہر کرتے ہین۔ رام چندر جی۔ بشن جی کے ساتوین اوتار مانے جاتے ہین۔ اور اُنکی زندگی اعلیٰ ترین کمالات انسانی کا نمونہ ہے۔ مہابھارت مین وہ عظیم الشان لڑائی مذکور ہے جو ہستناپور کے تخت کے لیے پانڈو اپنے چچا اعمام کورؤون سے لڑے تھے۔ اور جس کی نسبت ہندوون کا عقیدہ ہے کہ دنیا مین کبھی اس سے بڑی کوئی لڑائی نہین ہوئی تھی۔ ان کتابون کے مقابلے مین یونان کے پہلے شاعر ہومر کی مثنویان الیڈ اور اُڈسے پیش کی جاتی ہین۔ مگر کیا بلحاظ وسعت بیان اور کیا باعتبار شاعرانہ خوبیون کے یونان کی اُن دونون پرانی منظوم کتابون

کو ہندوستان کی رامائن و مہابھارت سے کوئی نسبت نہین - مہابھارت اٹھارہ کتابون یا بابون پر منقسم ہے اور اُس مین ایک لاکھ سے زیادہ بند ہین -

اب ہندوون کی اُن چند کتابون کا مختصر تذکرہ بھی ضروری ہے جو اُن کے مذکورہ قدیم لٹریچر سے ملحق اور اُنکے ضمیمے ہین - اول مگدھ بُدھ (یعنی حُسن علم) مصنفہ گوسوامی جی - یہ اصل مین سنسکرت کی بہترین گرامر ہے - جس مین قواعد صرف و نحو نہایت صفائی و توضیح سے بتائے گئے ہین - فن لغت مین سنسکرت کی اٹھارہ کتابین مشہور ہین - مگر اُن سب سے بہتر اور مکمل "امر سنگھ" ہے -

سنسکرت کی نظمون سے عجب قسم کا سوز و گداز اور نہایت ہی شیرینی ظاہر ہوتی ہے جس کا آغاز اُن کے قدیم ترشاعر والمیکی جی سے ہوا ہے - انھون نے اپنی مشہور کتاب رامائن کے علاوہ ایک اور پُردرد واقعہ منظوم کیا ہے - وہ واقعہ یہ ہے کہ ایک نوجوان اپنی تازہ آفرین معشوقہ کے ساتھ گھر بار سے دُور ایک پُرفضا دشت مین سب سے الگ تھلگ رہتا تھا - جو مارڈالا گیا - اور اُس کی معشوقہ اُس جنگل مین اپنے ہمیشہ کے لیے چھوٹ جانے والے عاشق کی لاش پر روتی پیٹتی اور آہ و زاری کرتی ہے - ظاہر ہے کہ والمیکی کے متبرک قلم نے جسے مبدأ فیاض سے الہامی مدد ملتی تھی اس حسرتناک داستان مین کیسا سوز و گداز اور کیسا دل کو تڑپا دینے والا اثر پیدا کر دیا ہوگا -

ڈراما کی ایجاد اگرچہ بہت پہلے ہو چکی تھی مگر کالی داس کی شہرت نے پُرانے سنسکرت ڈراما کو تقریباً فنا کر دیا - یورپ والے اب جو اسکے کمالات سے واقف ہوے ہین اسے مشرق کا شیکسپیر کہتے ہین - اس کا بہترین ڈراما "شکنتلا" ہے جس کا ترجمہ انگریزی مین سر ولیم جونس نے اور جرمنی زبان مین فارسٹر ہرڈر اور دیگر سنسکرت دان مصنفین جرمنی نے کیا ہے - ہرڈر کو یہ ڈراما اس قدر پسند آیا کہ کہتا ہے "اس عظیم الشان ڈراما کا ہر سین ایک چمن ہے - جس کی ہر ہر کیاری مین سے دلچسپ واقعات فطرتی طور پر خوبصورت پودھون کی طرح اُگ آتے ہین - اور اس مین کثرت سے وہ پُراثر اور نازک خیالات ملتے ہین جن کا یونانی ڈراما مین کہین پتہ نہین - اسی کالی داس کی ایک اور نظم "میگھ دوت" ہے -

ولکنسن نے انگریزی مین اس کا ترجمہ کیا ہے اور مشرق کے شاعرانہ کمالات پر شعرائے مغرب کو حیران کر دیا ہے۔

ہندو لٹریچر کی قدر یورپ خصوصاً جرمنی مین روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ مگر ہندو لوگ محض اس غرور مین کہ یہ علوم اُن کے اور اُنکے گھر کے ہین اُس قدر توجہ نہین کرتے جیسی کہ ہونی چاہیے۔ خوشی کی بات ہے کہ اب ہندوؤن کو سنسکرت دانی کا شوق ہو چلا ہے۔ اور جا بجا اُس کے مدارس اور کالج قائم ہو رہے ہین۔ خصوصاً بنارس تعلیم سنسکرت کی اعلیٰ یونیورسٹی قرار پا گیا ہے۔ لیکن جب تک سرکاری یونیورسٹیون کا یہی طرز عمل رہے گا اور جب تک یونیورسٹی کی ڈگریان ذریعہ معیشت بنی رہین گی ابنائے وطن مین ہندو ہون یا مسلمان تحصیل علم کا سچا ذوق پیدا ہونا دشوار ہے۔ دعویٰ کیا جاتا ہے اور بظاہر صحیح بھی نظر آتا ہے کہ ان یونیورسٹیون اور تعلیم کے موجودہ انتظامات نے ہندستان مین علم کو بڑھا دیا ہے۔ لیکن اگر غور کرو تو علم بڑھا نہین بلکہ گھٹا اور گھٹتا جاتا ہے۔ جو قوم علم کو کاسۂ گدائی بنانا چاہتی ہو اُسے علم ہرگز نہین آسکتا۔ اگلے زمانے کا ایک متبحر ویدانت یا شاستری اسی طرح مسلمانون مین ایک عالم و فاضل آج کل کے سیکڑون سند یافتہ گریجویٹون سے اچھا تھا۔ ویسے دو عالم اچھے اور ایسے دو ہزار زبردست علم فروش نہین اچھے۔ کاش ہندو مسلمان اپنی اپنی یونیورسٹیان قائم کرنے کے خبط کے عوض اس بات کی کوشش کرتے کہ سرکاری یونیورسٹیان علم کی سچی اکاڈیمیان بنا دی جائین۔ اور ملازمت و کسب معیشت سے انکو کوئی واسطہ نہ رہے جیسا کہ خود انگلستان مین ہے۔ مگر ابھی ہندوستانیون کو اسکی مصلحت سمجھنے کے قابل ہوش نہین آیا ہے۔ ابھی اس مسئلے کو چھیڑنا انگریزی تعلیم یافتون اور گریجویٹون کے حقوق مین دخل دینا ہے۔ وہ زمانہ بعد آئے گا جب ہندوستان کے تمام فرزندون کو معلوم ہوگا کہ اپنے وطن۔ اپنی قوم۔ اپنے علوم۔ اور اپنے قدیم کمالات کے حقوق چند گریجوایٹون کے حقوق سے مقدم ہین۔

چیچک کا ٹیکہ اور لیڈی ماٹیگو

کتنی بڑی حیرت کی بات ہے کہ چیچک کا ٹیکہ جو آج دنیا مین خدا کی ایک بڑی بھاری برکت ہے اور جس کے رواج دینے پر یورپ جسقدر فخر و ناز کرے بجا ہے دراصل ایک مشرقی علاج ہے۔ اور غالباً مسلمانون ہی سے لیا گیا ہے۔

ہم ہندوستان مین دیکھتے ہین کہ کامیابی کے اتنے تجربون کے بعد بھی اب تک یہ حال ہے کہ ٹیکہ لگائے جانے کے خوف سے مائین بچون کو چھپاتی پھرتی ہین۔ پرانے مذاق کے باپ بھائی ننھے بچون کے لیے ٹیکہ لگانے والون سے کشتیان لڑنے یا اُنھین رشوتین دینے کو تیار ہو جاتے ہین۔ بڑے بڑے مہذب لوگون کا یہ حال ہے کہ دفع الوقتی کے لیے جھوٹ فقرے بناتے ہین اور بہت سے ملکی حکیم اور وید بھی باوجود عقل رکھنے کے اپنی طرف سے تصنیف کر کر کے ٹیکے کے رواج دینے پر مختلف اور طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہین۔ اور یہ نہین پسند کرتے کہ اس لاکھون دفعہ کے آزمائے ہوے علاج سے فائدہ اُٹھایا جائے اُن کی اِس نفرت و مخالفت کو دیکھ کے جب ہم اس کا خیال کرتے ہین کہ یہ طریقۂ علاج اُنھین کے یہان سے سیکھا گیا ہے تو بڑی حیرت معلوم ہوتی ہے۔ اور تعجب آتا آتا ہے کہ اپنی ہی چیز اگر غیرون کے ہاتھ سے ملے تو وہ کس قدر اجنبی اور مہیب بن جاتی ہے؟

ٹیکے کو سب سے پہلے انگلستان کی ایک تعلیم یافتہ شریف زادی اور مہذب و دانا خاتون نے رواج دیا جس کا نام لیڈی ماٹیگو میری ورٹلی تھا۔ وہ ۱۱۱۹ھ محمدی (۱۶۹۰ء) مین انگلستان کے علاقۂ نوٹنگھم شائر مین پیدا ہوئی تھی۔ اعلیٰ درجے کے امیر اور شریف گھرانے کی بیٹی تھی اس لیے اچھی صحبت مین نشو و نما ہوا۔ اُس کا باپ ڈیوک آف کنگسٹن روشن خیال امرائے انگلستان مین تھا جس نے بیٹی کو اچھی سے اچھی تعلیم دلائی۔ اور بیٹی کو بھی علم و فضل کا ایسا شوق تھا کہ لاطینی زبان مین بہت اچھا درخور حاصل کر لیا اور بڑی نمایان ترقی کی۔

بائیس برس کے سن کو پہونچی تو انگلستان کے ایک نامی گھرانے کے اقبالمند نوجوان ایڈورڈ ورٹلی مانٹیگو کے ساتھ شادی ہوگئی - جو پہلے ارل آف سینڈوچ کا فرزند تھا - چند روز مین وہ بڑا فاضل - آزاد اور روشن خیال ممبر ثابت ہوا - مشہور شاعر ایڈیسن سے اُس سے بڑی دوستی تھی - اور انگلستان کے اعلیٰ درجے کے مدبران سلطنت مین شمار کیا جاتا تھا -

۱۱۴۵ھ محمدی (۱۷۱۶ء) مین مسٹر مانٹیگو قسطنطنیہ کے سفیر مقرر ہوگئے دولت عثمانیہ کے دار السلطنت کو روانہ ہوے اور لیڈی میری مانٹیگو نے بھی جن کی عمر اب ۲۶ برس کی تھی پیارے شوہر کے ساتھ استنبول کی راہ لی - جہان دونون میان بیوی کو دو سال تک رہنا پڑا -

قسطنطنیہ مین انگلستان کے بہت سے سفیر اس سے پہلے بھی آچکے ہونگے مگر مسٹر مانٹیگو نے محض اپنی بیوی کی قابلیت سے جو ناموری و شہرت حاصل کی اس سے پہلے کسی کو نہین نصیب ہوئی تھی - لیڈی میری یہان ترکی امرا کے خاندانون سے ملین اُنکے حالات دریافت کیے - اور جو کچھ واقعات معلوم ہوتے اُنھیں لکھ لکھ کے لنڈن مین اپنے دوستون کو بھیجا کرتین - یہ خطوط اسقدر دلچسپ تھے کہ لوگون نے شوق اور قدر سے جمع کیے - اور ہر طرف لوگون مین اُنکے پڑھنے کا اشتیاق پیدا ہوا -

قیام قسطنطنیہ کے زمانے ہی مین لیڈی میری مانٹیگو کو پتہ لگا کہ یہان کے بعض گانوؤن مین چیچک کے روکنے کے لیے بعض مائین اپنے بچون کے ٹیکہ لگایا کرتی ہین - اس نئے اور عجیب علاج کو اُنھون نے اُس گانوؤن مین جاکے دریافت کیا - جو عورتین اُس کا طریقہ جانتی تھین اُن سے مل کے کیفیت معلوم کی - اُن لڑکون کو دیکھا جن کے ٹیکہ لگایا گیا تھا - خوب اچھی طرح آزما لینے کے بعد خود اپنے فرزند کے ٹیکہ لگایا - اور دیکھا کہ وہ چیچک سے بالکل محفوظ رہا تب انھون نے آزمایش کے لیے اور بہت سے لڑکون کے ٹیکہ لگایا - اور پھر اُسے عام لوگون مین پھیلانے لگین - جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مشرقی یورپ مین اُن کی کوشش سے ٹیکے کا رواج ہوگیا - اور لوگ اس حکمی علاج کی قدر کرنے لگے -

۱۱۴۷ھ محمدی (۱۷۳۴ء) مین لیڈی میری اپنے شوہر کے ساتھ انگلستان واپس آئین اور مقام ٹوئی کنہم مین بود و باش اختیار کی۔ اب یہان اُن سے انگریزی کے مشہور شاعر پوپ سے بہت راہ و رسم ہو گیا تھا۔ اور گو کہ وہ اپنے دلچسپی کے اوقات پوپ کی صحبت مین بسر کرتی تھین مگر یہان بھی اُنھین شب و روز ٹیکے کے رواج دینے کی فکر رہا کرتی تھی۔

اسکے بعد خدا جانے کیا بات ہوئی کہ پوپ سے بگڑ گئی۔ اور پوپ نے باوجود ایک بلند خیال اور روشن دماغ شاعر ہونے کے جذبے مین آکے لیڈی میری کی ہجو مین چند شعر کہ ڈالے جن مین اُن کے اخلاق پر حملہ کیا۔ اور چاہا کہ لیڈی میری کی مسلمہ ناموری۔ قابلیت۔ پاکیزگی خیال اور نیک نفسی کی شہرت کو خاک مین ملا دین۔ مگر چونکہ اخلاقی جرأت نہ تھی اور پوپ کے دل مین خود ہی چور تھا اس لیے اُن اشعار کو گمنام طور پر شایع کیا۔ اگر کسی نے پوچھا بھی کہ یہ آپ کے اشعار ہین تو انکار کر دیا لیکن ایسی باتین کہین چھپائے چھپی ہین؟ ہر جگہ شہرت ہو گئی کہ یہ شعر اصل مین پوپ صاحب کے ہین۔ مگر چونکہ بے اصل و حقیقت ہین اس لیے وہ اپنی طرف منسوب کرتے ڈرتے ہین۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بجاے اسکے کہ لیڈی میری کے نام پر کسی قسم کا حرف آئے خود پوپ کو سخت بدنامی نصیب ہوئی۔ عام لوگون نے اُنکی اس حرکت کو ناپسند کیا اور اُلٹے اُنھین کو ذلیل و کمینہ سمجھنے لگے۔

اب ۱۱۶۸ھ محمدی (۱۷۳۵ء) شروع ہوا۔ اور لیڈی میری کا سن ۴۹ سال کا تھا۔ طبیعت ناساز رہنے لگی۔ اور معلوم ہوا کہ انگلستان کی آب و ہوا موافق نہین ہے۔ تبدیل آب و ہوا کے لیے ایطالیہ کا سفر کیا۔ وہان شہرونمین مین جاکے اقامت گزین ہوئین۔ اور صحبت برقرار رکھنے کے لئے اس طرح پاؤن توڑ کے بیٹھین کہ ۲۲ سال وہین گذر گئے۔ ۱۱۶۸ھ محمدی مین گئی تھین اور ۱۱۹۰ھ محمدی (۱۷۶۱ء) مین ۷۱ برس کی بوڑھی اور واجب التعظیم خاتون بن کے پھر انگلستان مین آئین۔ اس لیے کہ اُنکی صاحبزادی لیڈی ہیوٹ نے تاکید سے بلایا تھا۔ مگر عمر پوری ہو چکی تھی۔ تندرستی نے جواب دے دیا۔ اور وطن مین آکے

شاید پورے ایک برس بھی نہ رہی ہون گی کہ سنہ ۱۱۹۱ محمدی (سنہ ۱۷۶۲ء) مین دنیا سے رخصت ہوگئین - اور ناموری و نیکوکاری کے رجسٹر مین اپنا نام لکھوا کے دوسرے عالم باقی مین جا پہونچین -

مگر دنیا مین اُن کی دو نہایت ہی قابل قدر یادگارین ہمیشہ باقی رہین گی - جن مین سے ایک بھی کسی کو حاصل ہو تو اُس کی ناموری و برکت کے زندہ رکھنے کو کافی ہے - ایک تو چیچک کا ٹیکہ جس سے اب ساری دنیا نفع اُٹھا رہی ہے - اور ہندوستان ہی نہین دنیا کے ہر ایک مین شہرون اور گانون کے اندر لیڈی میری کی یہ یادگار اپنی برکتون سے نوع انسانی کو نفع پہونچا رہی ہے -

اور دوسری یادگار اُن کے وہ خطوط ہین جو اُنھون نے قسطنطنیہ سے اپنے احباب کو لکھے تھے - انگلستان کے لوگون مین اُن کے مطالعہ کا شوق اس قدر بڑھا کہ اُن کی وفات کے دوسرے ہی سال یعنی سنہ ۱۱۹۲ محمدی مین وہ تین جلدون مین مرتب و مدون ہوکے چھپے اور شائع ہوے - چند روز بعد لوگون کو کچھ اور خطوط ملے اور چوتھی جلد بھی مرتب ہوکے شائع ہوگئی - ان خطوط کی زبان ایسی دلکش اور شیرین تھی کہ بہت ہی پسند کیے گئے خصوصًا اسلیے کہ ترکون کے قومی خصائص معلوم ہونے کا یورپ مین جس قدر شوق تھا اُسی قدر حالات سے لاعلمی تھی - لیڈی میری سے پہلے کسی نے ایسی تفصیل و تحقیق سے آل عثمان کے حالات نہین بتائے تھے - بلکہ کہا جاتا ہے کہ ترکون کے حالات مین جو پہلی کتاب انگلستان مین شائع ہوئی یہی تھی -

لوگون نے اس کتاب کے لیے اس کثرت سے شوق کے ہاتھ پھیلائے کہ پہلا ایڈیشن چند ہی روز مین ختم ہوگیا - دوبارہ چھپی اور تھوڑے زمانے مین فروخت ہوگئی - غرض برابر ایڈیشن پر ایڈیشن شائع ہوتے چلے جاتے تھے - یہان تک کہ سنہ ۱۲۳۲ محمدی (سنہ ۱۸۰۳ء) مین یعنی لیڈی میری کی وفات کے ۴۱ برس بعد اُن کے صاحبزادے نے از سر نو درست اور مرتب کرکے اُن خطوط کی چارون جلدون اور اپنی مان کی دیگر قابل قدر تصانیف کا ایک نیا اعلیٰ درجے کا ایڈیشن شائع کیا -

لیڈی میری کے صاحبزادے ایڈورڈ ورٹلی مانٹیگو کی نسبت کہتے ہین کہ دماغ بگڑا ہوا تھا - امارت اور گھر کی فارغ البالی پسند نہ تھی - جب دل مین آتی گھر سے بھاگ کھڑے ہوتے - اور کسی ایسے کام کو اختیار کر لیتے جو اُن کی حالت و حیثیت سے بہت ہی گرا ہوا ہوتا - دوسرا کمال اُن مین یہ تھا کہ سچ سے نفرت تھی - غلط اور بے بنیاد واقعات کو اس طرح شوکتِ الفاظ سے بیان کرتے اور ایسے لقلقے باندھ دیتے کہ سننے والے کو سچ کا یقین آ جاتا - اس مین اس قدر ملکہ بڑھا ہوا تھا کہ فی البدیہہ قصے پر قصے دل سے بٹ کے بیان کرتے چلے جاتے اور کیا مجال کہ سلسلہ ٹوٹ جائے - مگر بھاگنا قیامت تھا -

پہلی بار بھاگے تو گھر والون کو ملنے سے یاس ہو گئی - چند روز بعد پتہ لگا کہ آپ ایک چمنی سوئی پر کے نوکر ہین - انگلستان کے ہر مکان بلکہ ہر کمرے مین آتش خانہ بنا ہوتا ہے - اُس مین سے دھوان نکلنے کے لیے جو نل دیوار کے اندر ہی اندر اوپر تک چلا جاتا ہے اُسے چمنی کہتے ہین - اس چمنی مین دو چار مہینے مین اتنا کاجل جمع ہو جاتا ہے کہ نہ نکالا جائے تو راستہ بند ہو جائے - اس لیے وہان بہت سے لوگ چمنی سوئیپری یعنی چمنیون مین سے کاجل جھاڑنے کا کام کرتے ہین - ان لوگون کے کپڑون مین چونکہ ہمیشہ کاجل بھرا رہتا ہے اس لیے حد سے زیادہ میلے کچیلے رہتے ہین - اور انگلستان مین جو شخص جتنا زیادہ میلا ہو اُسی قدر زیادہ ذلیل و حقیر تصور کیا جاتا ہے - غرض چمنی سوئی پرون سے زیادہ ذلیل اُس سرزمین مین کوئی نہین ہوتا - مگر آپ کو جوشِ خاکساری مین یہی پیشہ سب سے زیادہ لاپسند آیا -

لوگون کو معلوم ہوا تو سمجھا بجھا کے گھر مین لے آئے - لیکن چند روز بعد پھر رفوچکر ہو گئے - ابکی خبر لگی کہ ایک مچھلی والے کے شاگرد ہین - اور اُس کے ساتھ کشتی مین بیٹھے مچھلیان پکڑتے ہین - لوگ گھیر گھار کے پھر لائے - مگر تھوڑے زمانہ کے بعد پھر چمپت ہو گئے - ابکی شاید ماں کے مطبوعہ خطوط کا اثر تھا کہ قسطنطنیہ مین آ کے ترکون کی طرح رہنے لگے - اُنھین کی وضع اختیار کر لی - اُنھین کے سے کپڑے علانیہ پہننا شروع کیے - اُنھین کی سی ٹوپی اور بھاری دستار سر پر تھی - اور چونکہ اُنکی

پوری پوری معاشرت اختیار کرلی تھی اس لیے ہمین امید ہے کہ تثلیث سے توبہ کرکے مسلمان بھی ہوگئے ہون گے - لہذا ہم اُن کے حق مین دعاے مغفرت کرکے سلسلہ بیان کو ختم کرتے ہین -

عربی رسم خط

۶ نومبر ۱۹۱۴ء کے ہمدرد مین بیت المقدس سے خواجہ کمال الدین صاحب کا ایک خط شایع ہوا ہے جس مین جناب موصوف خط نسخ کی تاریخ کے متعلق مسلمانون کی تحقیق معلوم کرنا چاہتے ہین - مین نے اس مسئلے پر کسی حد تک غور کیا ہے اور جابجا کچھ لکھا بھی ہے - اگرچہ اس وقت میرے پاس کافی کتبخانہ نہین موجود ہے - تاہم جس نتیجے کو مین پہونچا ہون اُسے بکمال ادب خواجہ صاحب کی خدمت مین عرض کیے دیتا ہون -

ہمارے پیغمبر علیہ السلام ہی اُمّی نہ تھے بلکہ ساری قوم عرب اُمّی تھی جیسا کہ قرآن مجید مین مذکور ہے "بعث فی الامیین رسولاً" قدیم الایام مین ارض یمن مین ایک خط مروج تھا جو جدا جدا حرفون مین لکھا جاتا - اور سواے اُمرا و شرفاے قوم کے کسی عامی کو نہ بتایا جاتا - اس علمی بخل کا یہ نتیجہ ہوا کہ جب نیّر اسلام چمکا ہے اُس خط کا جاننے والا دنیا مین کوئی نہ تھا -

ولادت سرور کائنات علیہ السلام کے قریب ہی ابو سفیان کے والد حرب بن اُمیہ ارض حیرہ سے ایک خط سیکھ آئے اور دو چار دوستون اور عزیزون کو بھی سکھا دیا - خود حرب کا بیان تھا کہ مین نے اس خط کو حیرہ کے ایک شخص اسلم بن سدرہ سے سیکھا - اور وہ علاقۂ انبار کے ایک شخص مرامر بن مرہ کا شاگرد تھا اور چونکہ مرامر کا کوئی اُستاد نہین معلوم تھا اس لیے قریش مین خیال پھیل گیا کہ اس خط کا پہلا موجد مرامر ہے - اور ارض انبار اُس کا مولد ہے (ملاحظہ ہو ابن خلکان - حالات علی بن ہلال المعروف بہ ابن بواب کاتب)

غرض یہی عربی کی پہلی تحریر اور ہمارے موجودہ خط نسخ کا نقش اولین ہے - اسی مین قرآن مجید لکھا گیا - اسی مین آن حضرت صلعم کے خطوط و معاہدات لکھے گئے

اور اسی مین صحابہ مراسلت کرتے تھے مگر اپنی ابتدائی حالت مین یہ خط اس قدر ناقص تھا کہ جس قدر رواج پاتا تھا اُسی قدر زیادہ اُس مین اصلاحون اور ترمیمون کی ضرورت محسوس ہوتی جاتی تھی - اور یقیناً بہت سی اصلاحین ہوئی ہونگی جن کی ہمین خبر نہین ہے -

اس عہد کے نمونے ہمارے ہاتھ مین بہت ہی کم ہین جن سے کچھ اندازہ کیا جائے - آنحضرت نے جو خطوط لکھوا کے بھیجے تھے اُن مین سے دو خط اہل یورپ نے خدا جانے کیونکر اور کہان سے برآمد کرکے پیش کیے ہین اور دعوے کیا جاتا ہے کہ وہ اصلی خط ہین - ان دونون کے فوٹو مین نے دیکھے ہین - ایک مسیلمۂ کذاب کے نام ہے ۱۸۹۶ء مین لندن کے پکچر میگزین نام ایک رسالہ مین چھپا تھا - مین نے اُس کا ورق نکال کے اُس کی پلیٹ بنوالی ہے جو میرے پاس احتیاط سے رکھی ہے گو ابھی تک چھپوانے کی نوبت نہین آئی - دوسرا خط فرمان روائے مصر مقوقس کے نام ہے جس کا فوٹو ہیروز آف دی نیشن سیریز کی کتاب "محمدؐ" مصنفۂ ڈی - اس - مارگولیوتھ مین مصر کے رسالۂ الہلال سے لے کے درج کیا گیا ہے -

ان دونون خطون کی تحریر ایک ہی زمانے - ایک ہی وضع - اور ایک ہی شان کی ہے - اور دونون کے نیچے آپ کی مُہر ہے - خطوط کی عبارت کے الفاظ بھی وہی ہین جو احادیث مین صحیح روایات سے مروی ہین - بہرحال انکو دیکھ کے یقین ہوتا ہے کہ اصلی تحریرین ہین - اور یہی میرا خیال ہے - چنانچہ مین ان خطون کے فوٹوون کو تمام اگلے تبرکات سے زیادہ واجب التعظیم اور حرزِ جان بنانے کے قابل خیال کرتا ہون - اور بے اختیار جی چاہتا ہے کہ ہم اُن مبارک نامہ ہاے رسالت کا جن پر آپ کی مُہر مبارک ثبت ہے اور اُنکی یخ کا پتہ لگاتے کہ کیونکر محفوظ رہے - کہان سے کہان پہونچے - کس سے کس کو ملے - اور آخر مین کیونکر اہل یورپ کے ہاتھ آئے ؟

ان خطوط کے بعد کی تحریر کا نمونہ حضرت عثمان ذی النورینؓ کے عہد کے قرآن پاک ہو سکتے ہین - جن کا کوئی نسخہ اسوقت تک کسی ہندوستانی مسلمان کی نظر سے

نہین گذرا۔ کہا جاتا ہے کہ اُن مین کا ایک قرآن قسطنطنیہ مین موجود ہے۔ اگر خواجہ صاحب کسی تدبیر سے اُس کی زیارت سے شرفیاب ہو کے اُسکے کسی صفحے کا فوٹو حاصل کرین اور اُسے شایع کردین تو مسلمانون پر بڑا احسان کرین۔

مذکورہ بالا دونون خطوط رسالت کی تحریر کی شان یہ ہے کہ نہ نقطے ہین نہ اعراب ہین نہ علامات اوقاف ہین۔ الف سیدھی لکیر نہین بلکہ نیچے کا سرا پیچھے مڑا ہوا ہے جس سے اُسکی قطع "ا" کی سی ہے۔ عظیم کا لفظ یون لکھا ہے "عظم" النقط کی صورت یہ ہے "ما نقط"۔ سلام کی وضع تحریر یہ ہے "سلم" الھدی کی صورت یہ ہے "الھد"۔ من کی صورت "ص" اور بعضنا بعضاً کو بعضا بعضا" معلوم ہوتا ہے کہ نصب کے ساتھ تنوین مین ایک الف جو موجودہ رسم خط مین بڑھا دیا جاتا ہے یہ اُسی زمانے کا ہے۔ اشھدوا کی صورت "اشھدوا" ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ جمع کے آخر کا الف بھی اُسی زمانے کا ہے۔ اس کی پابندی نہین ہے کہ لفظ سطر مین ختم ہی ہو جائے۔ "ورسولہ" مین سے "ور" ایک سطر کے آخر مین ہے اور "سولہ" دوسری سطر کے شروع مین۔ "تولوا" مین سے "د" ایک سطر مین ہے اور "ولوا" دوسری سطر مین۔ "مسلمون" مین سے "مس" ایک سطر کے آخر مین ہے اور "لمون" دوسری سطر کے شروع مین۔

خلفائے راشدین کے عہد مین اس خط مین کسی نمایان تغیر کا پتہ نہین چلتا۔ سب سے پہلے اس تحریر کے نقصان پر ابو الاسود دوئلی کی نظر پڑی جن کا حال مین نے مئی اور جون ۱۹۱۱ء کے دلگداز مین لکھا ہے۔ انھین نے رسم خط کی اصلاح کی اور انھین نے ابتدائی قواعد نحو عرب کو بھی مدون کیا۔

زیاد نے حکومت بصرہ کے زمانے مین اُن سے خواہش کی تھی کہ قرآن کے رسم خط کی اصلاح کیجیے مگر اُنھون نے غالباً قرآن کے متعلق سنتِ قدیم مین دخل دینا بدعت خیال کر کے انکار کر دیا۔ لیکن ایک دن ایک قاری قرآن کو اِنَّ اللّٰہَ بَرِیٌٔ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَرَسُوْلُہٗ مین "رَسُوْلُہٗ" کو "رَسُوْلِہٖ" پڑھتے سُن کے ایسے گھبرائے کہ زیاد کے پاس دوڑے گئے۔ اور کہا "اب مین آپ

کی خواہش پوری کرنے کو موجود ہون" پھر اُس سے ایک کاتب لیا - اور اُسے پاس بٹھلے کے ہدایت کی کہ مین قرآن کو لکھواتا ہون - جس حرف کے ادا کرنے مین مین اپنا منہ کھول دیا کرون اُس کے اوپر تم ایک نقطہ لگا دیا کرو - جس حرف کو مین منہ کو گول کرکے ادا کیا کرون تم اُس کے آگے ایک نقطہ لگا دیا کرو جس حرف کے ادا کرنے مین آواز کا رخ نیچے کی طرف ہو تم اُسکے نیچے نقطہ دیا کرو - غرض قرآن مین پہلے پہل یہ اعراب لگائے گئے - جن کی صورت ابتدائی ایجاد مین بجاے ترچھی لکیرون کے نقطون کی سی تھی - اور پیش بجاے حرف کے اوپر کے سامنے لگایا جاتا تھا - آج کل جو نقطے ب ت اور ث مین یا ج - ح - خ کا امتیاز بتایا کرتے ہین اُن کا اُسوقت تک مطلقاً پتہ نہ تھا - اور نہ شاید اُن کی ضرورت محسوس ہوئی تھی -

ابو الاسود دوئلی نے ۶۹ھ مین انتقال کیا - اُنکے بعد کہتے ہین کہ میمون بن اقرن نے پھر عنبسہ بن معدان فہری نے پھر عبداللہ بن ابی اسحٰق حضرمی نے - پھر ابو عمرو بن علاء المتوفی ۱۵۴ھ نے اس خط مین اور اصلاحین کین - مگر ہم نہین جانتے کہ وہ کیا اصلاحین تھین - یہان تک کہ خلیل بن احمد ازدی المتوفی ۱۷۰ھ اور علی بن حمزہ کسائی المتوفی ۱۸۲ھ کا زمانہ آیا جبکہ کوفے اور بصرے مین نحو و صرف اور علم زبان کا شباب تھا - کہتے ہین کہ خلیل نے ترقی خط کی طرف بہت توجہ کی اور اس درجے کو پہونچا دیا کہ کسائی نے جو مامون رشید کا اُستاد اور علمی ترقیون کا بیحد شایق تھا خط عربی مین ایک نئی شان پیدا کی جسکو اہل کوفہ نے بے انتہا پسند کیا - اور وہی خط خط کوفی کے نام سے مشہور ہوا (ملاحظہ ہون کتاب الفہرست ابن الندیم - ابن خلکان حالات ابن مقلہ کاتب - و ابن البوّاب کاتب - اور آغانی جلد ۱ صفحہ ۱۰۶ حالات ابو الاسود دوئلی) اس کو مین نہ مانون گا کہ کسائی نے یک بیک پرانے خط کو بدل کے خط کوفی کر دیا - دراصل سلسل تغیرون اور ترمیمون نے رفتہ رفتہ خود ہی اس خط کی یہ صورت بنا دی تھی - کسائی نے قواعد نقاشی و خوشنویسی کو کام مین لاکے قوم کی تحریر کی ایک خاص شان پیدا کر دی - جسے لوگون نے عموماً پسند کیا اور اُسی

اُسی کی پیروی کرنے لگے۔

تاہم اس سے یہ صاف ظاہر ہے کہ خط کوفی کی ایجاد ۱۸۲ھ کے قریب ہوئی ہے۔ اس سے پہلے جو خط مروج تھا کوفی نہ تھا۔ حضرت عثمانؓ کے زمانے تک کوفے کو کوئی علمی حیثیت ہی نہین حاصل ہوئی تھی۔ حضرت علیؓ نے کوفے کی سکونت اختیار کی۔ اور اسی وجہ سے اکثر عوام مین مشہور ہے کہ حضرت علیؓ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے قرآن خط کوفی مین تھے۔ مگر اُنھین اس کی خبر نہین کہ اُن دنون کوفہ تو بیشک تھا اور کوفہ مین حضرت علیؓ بھی تھے۔ مگر خط کوفی نہ تھا جس کا کاتب حضرت علیؓ کو فرض کرلیا گیا ہے۔ خط کوفی کا دَور دوسری صدی ہجری کے آخر سے شروع ہوا ہے۔ جبکہ ہارون رشید کا زمانہ تھا۔

مامون کے زمانے کی ایک فرد حساب کا فوٹو مین نے مدت ہوئی مولانا شبلی کے پاس دیکھا تھا۔ جس کی اصل یورپ کے کسی کتب خانے مین موجود ہے۔ گو اسوقت پوری تفصیل سے اُسکے حرفون کی شکلین یاد نہین ہین۔ مگر اجمالی نظر ہی سے معلوم ہو جاتا ہے کہ نہایت ہی پختہ اور پاکیزہ خط ہے۔ اور خط کوفی کی گھسیٹ ہے۔

اب مجھے یہ بتانا ہے کہ خط کوفی مین اور پُرانے خطون مین کیا فرق تھا۔ مین نے خط کوفی کا کوئی مکمل قرآن نہین دیکھا ہے۔ لیکن ہیروز آف دی نیشن سیریز کی کتاب "محمدؐ" مصنفہ ڈی۔ اِس۔ مارگولیوتھ مین خط کوفی کے ایک قرآن کے ایک صفحے کا فوٹو موجود ہے۔ اصل نسخہ بوڈلین لائبریری کا ہے اور معلوم نہین کہ کس کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس مین الف کی قطع "ما" د کی قطع "ے" ن کی قطع "ا" ہے۔ اس مین شک نہین کہ خط خوبصورت اور زیادہ واضح و روشن ہوگیا ہے مگر اُسی پُرانے خط سے ملتا ہوا ہے۔ صرف پختگی اور ایک مصورانہ مناسبت و ہم وضعی پیدا ہو گئی ہے۔ مگر تعجب یہ ہے کہ اس کوفی خط کے قرآن مین اعراب کا کہین پتہ نہین۔ نہ نقطے ہی ہیں اور نہ ترچھی لکیریں ہیں معلوم ہوتا ہے کہ ابوالاسود کی ایجاد کا عام طور پر رواج نہین ہوا تھا خاص ہی خاص نسخہ ہائے قرآن مین اُن کے رسم خط کی پابندی کی جاتی ہوگی مگر عام کاتب

اُن کا لحاظ نہ کرتے تھے۔

اس خط کوفی مین سب سے بڑی مفید ترقی یہ ہوئی ہے کہ موجودہ نقطون کی بنا پڑ گئی۔ جن سے اُن تمام مختلف الصوت حرفون مین امتیاز کرلیا جاسکتا ہے جو مشکل ہین۔ مگر خط کوفی کے نقطے ہمارے موجودہ خط نسخ کے نقطے نہین ہین۔ بلکہ اُن کی جگہ نیچے اوپر باریک ترچھی لکیرین زیر زبر کی سی اختیار کی گئی ہین۔ مثلاً یا ایھا المزمل قم اللیل کو "یا ایھا المزمل قم اللیل" کی وضع میں لکھا ہے۔ اس سے بیشک یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب ب ت ث اور اسی طرح کے دیگر حروف میں امتیاز کی ضرورت محسوس ہوئی تو بجائے نقطون کے ترچھی باریک لکیرین اختیار کی گئین۔ اور نقطون سے جو ابوالاسود نے ابتداءً اعراب و حرکات بنانے کا کام لیا تھا وہ خاص خاص قرآنون مین تھے۔ عام تحریرون اور کتابون مین انکی ضرورت نہین سمجھی جاتی تھی۔

اب اس وقت سے کچھ کم ڈیڑھ سو برس تک خط کوفی کا زمانہ رہا۔ مگر زمانہ جو جو گذرتا جاتا تھا اس خط مین بھی کچھ نہ کچھ تغیر اور ردوبدل کرتا جاتا تھا۔ خط کوفی جیسا کہ ہمین نظر آتا ہے زود نویسی کے لیے موزون نہ تھا۔ چنانچہ ۲۷۲ھ مین زمانے نے ابوعلی محمد بن علی بن حسین کاتب کو جو "ابن مقلہ" کے لقب سے مشہور ہے پیدا کیا۔ یہ بہت بڑا شخص تھا۔ اور اگرچہ اس کی زندگی اسقدر پُرآشوب تھی کہ ترقی کی تو خلافت بغداد کا وزیر اعظم بن گیا۔ اور اقبال نے ساتھ چھوڑا تو ہاتھ کاٹا گیا۔ زبان کاٹی گئی۔ قید ہوا۔ اور خدا جانے کیسی کیسی مصیبتیں جھیل کے ۳۲۸ھ مین چھپن برس کی عمر مین قید خانے ہی کے اندر مرا۔ لیکن ناقدردان دشمن اُس کی جان لے سکتے تھے اُس کے کمالات کا مٹانا غیر ممکن تھا۔

دیگر کمالات کے علاوہ ابن مقلہ خوشنویسی اور خط نسخ کی اصلاح مین بھی کمال رکھتا تھا۔ چنانچہ اُس نے مروجہ خط کوفی کو تقویم پارینہ کرکے موجودہ خط نسخ ایجاد کیا۔ (ملاحظہ ہو ابن خلکان حالات ابن مقلہ کاتب) اس نئے خط مین اعراب و حرکات کے اظہار کے واسطے ابوالاسود دوئلی کے نقطون کو موقوف کرکے زیر۔ زبر کے لیے حرف کے اوپر اور نیچے ترچھی لکیرین اور پیش۔ جزم۔ تشدید

دو زبر اور دو زیر کی موجودہ شکلیں اختیار کی گئیں۔ متشابہ حرفوں کے باہمی امتیاز کے لیے خط کوفی کی باریک ترچھی لکیروں کو چھوڑ کے نقطے قائم کیے گئے۔ اور تمام حرفوں کی صورتوں میں مقبول عام خوشنمائی، سادگی اور آسانی پیدا ہو گئی۔ خلاصہ یہ کہ ہمارا موجودہ خط نسخ ابن مقلہ کا ایجاد ہے۔ ابن مقلہ کے اس خط کی یہ شان اس قدر پسندیدہ ثابت ہوئی کہ ساری کتابت اسی میں ہونے لگی۔ اور یکایک خط کوفی ایسا مٹا کہ آج اُس کا لکھنا درکنار دنیائے اسلام میں اُس کا کوئی پڑھنے والا بھی نہیں ہے۔

ابن مقلہ کے کچھ کم ایک صدی بعد ابن بوّاب کاتب پیدا ہوا جس نے اپنی مشہور عام خوشنویسی سے خط نسخ کو انتہائے کمال کے درجے کو پہونچا دیا۔ ابن بوّاب کا نام ابوالحسن علی بن ہلال تھا۔ مگر چونکہ ایک دربان کا بیٹا تھا اس لیے "ابن البوّاب" کے لقب سے مشہور ہوا۔ علامہ خلکان اُس کی نسبت لکھتے ہیں "اگلوں پچھلوں میں سے کوئی شخص اُس کے مثل کتابت نہیں کر سکا۔ خط کوفی سے بدل کے موجودہ خط کو ایجاد تو ابوعلی بن مقلہ نے کیا تھا۔ لیکن ابن بوّاب نے اس کی شان کتابت شایستہ، مہذب اور خوشنما بنا دی۔ اور تمام لوگوں کو اتفاق ہے کہ اس بارۂ خاص میں وہ منفرد اور بے نظیر تھا"۔ ابن بواب نے ۴۱۳ھ یا ۴۲۳ھ میں انتقال کیا۔ اور خط نسخ میں ایسی شان پیدا کر کے چھوڑ گیا جس کی لوگ آج تک پیروی کر رہے ہیں۔

اس مسئلے پر اس قدر تحقیق کرنے کے بعد اب میں خواجہ صاحب کے سوالات کا جواب دیتا ہوں۔

(۱) ۸ نومبر کے زمیندار میں ایک واقف کار صاحب نے بتا دیا ہے کہ مولوی خدا بخش خان کے کتب خانۂ بانکی پور میں حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے قرآن مجید موجود ہیں۔ مجھے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ وہاں حضرت عثمان کے ہاتھ کا تو کوئی قرآن نہیں ہے ہاں حضرت علی کے ہاتھ کے چند پارے بتائے جاتے ہیں۔ مگر جب تک کوئی خط عرب کی تاریخ جاننے والا اُن پر تنقیدی نظر ڈال کے نہ بتائے اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اس عہد کا

کوئی قرآن مل جائے تو ہم کو اس مسئلہ میں صحیح نتیجے تک پہونچنے میں بہت کامیابی ہو سکتی ہے۔

(۲) آپ کی تحقیق کے اس حصے سے مجھے اتفاق نہیں کہ سیدنا عثمانؓ کا مصحف خط کوفی میں تھا۔ اس لیے کہ خط کوفی اُس زمانے کے تقریباً ڈیڑھ صدی بعد ایجاد ہوا ہے۔ لیکن یہ بالکل صحیح ہے کہ اُس میں حرکات و سکنات نہ تھے۔

(۳) اس دفعہ کے مضمون (الف) کے متعلق عرض ہے کہ خط نسخ کی تاریخ میں نے اوپر تفصیل سے بتا دی ہے جس سے تمام استفسارات کا جواب مل سکتا ہے۔ مگر اتنا اور عرض کرتا ہے کہ میں نے کبھی کوئی قرآن خط نسخ اور خط کوفی میں ملا جلا نہیں دیکھا۔ لیکن ابن مقلہ کے ظہور سے چند روز پیشتر جو قرآن لکھے گئے ہونگے وہ یقیناً ایسے ہی خط میں ہوں گے جن کی شان خط کوفی اور موجودہ نسخ سے ملی جلی ہوگی۔

ضمن (ب) کے متعلق عرض ہے کہ نقطوں کا آغاز خط کوفی میں باریک ترچھے خطوط کی وضع میں ہوا جو خطوط ابن مقلہ کے زمانے میں نقطے بن گئے۔ اس سے پیشتر بادی النظر میں حروف منقوط و غیر منقوط یا ایک اور دو اور تین نقطوں والے حرفوں میں مابہ الامتیاز کوئی علامت نہ تھی۔ اور صرف قیاس اور معانی کی مناسبت سے اُن کا امتیاز کیا جاتا تھا جس طرح کہ اُردو میں ہم حرکات کا امتیاز بغیر کسی علامت کے کر لیا کرتے ہیں۔ "ب" اور "ت" کا امتیاز خط کوفی سے پہلے کے پُرانے خط میں نہ مفرد میں تھا نہ مرکب میں۔ مگر کوفی میں جیسا کہ میں اوپر بیان کر آیا ہوں نیچے اوپر باریک خطوط کا امتیاز پیدا ہو گیا تھا "ت" کی شکل "ـت" اور "ب" کی "ـب" تھی۔

ضمن (ج) بعض کا یہ خیال بالکل صحیح ہے کہ نقطوں سے پہلے حرکات و سکنات کا استعمال شروع ہوا۔ اور وہ بذریعۂ نقط تھا۔ اور نقطے اولاً حرکات و سکنات کے لیے استعمال ہوئے۔ موجد حرکات ابوالاسود دوئلی نے زیر۔ زبر۔ پیش کے اظہار کے لیے اپنے کاتب کو اوپر نیچے اور سامنے نقطہ ہی لگانے کی ہدایت کی تھی۔ جو باعتبار روایت ہر طرح قابل تسلیم ہے۔ امتیاز حروف کے لیے

نقطون سے اور حرکات کے سمجھنے کے لیے ترچھے خطون وغیرہ سے کام لینے کا آغاز ابن مقلہ کے زمانے سے ثابت ہوتا ہے۔ مگر مین خیال کرتا ہون کہ اس سے پیشتر ہی کاتبون کا رجحان اس ترمیم و تہذیب کی طرف ہونے لگا ہوگا۔ ابن مقلہ نے اُسے اختیار کرکے اس قدر رواج دیدیا کہ سب نے یہی طرز تحریر اختیار کرلیا۔

ضمن (د) بے شک قدیم کتابت مین "ذٰلک" اور "جنّت" کے ایسے ایسے لفظون مین الف نہین لکھا جاتا تھا۔ اور نہ اُس کے امتیاز کے لیے کوئی علامت تھی۔ مذکورہ صحفِ رسالت مین الفاظ "رحمان" اور "یا اہل" بغیر الف کے صرف کھڑے زبر سے یعنی "رحمٰن" اور "یا اھل" کی صورت میں لکھے گئے ہین اُن دنون "حرث" اور "حارث" کے نامون مین امتیاز دشوار تھا۔ اس لیے کہ دونون نام "حرث" کی صورت مین لکھے جاتے تھے۔ اب بھی اکثر حارث کا لفظ "حرث" لکھا جاتا ہے۔

اسی طرح دیگر سوالات کا جواب بھی اس مضمون کے ابتدائی مباحث سے حاصل کرلیا جا سکتا ہے۔

رقص

یہ دلچسپ و دلفریب فن بھی انسان کے اُن فطری جذبات مین سے ہے جو بلا ارادہ اور بغیر کسی کوشش کے خود ہی ایجاد ہوگئے۔ ناچ کی نسبت نہ کسی کو یہ معلوم ہے کہ کیون، کب، اور کیونکر ایجاد ہوا۔ اور نہ اُس کے ابتدائی ظہور کے متعلق کوئی روایت یا قصہ بنی آدم مین مشہور ہے۔ مگر باوجود اس کے انکار نہین کیا جا سکتا کہ دنیا کی اگلی پچھلی تمام اعلیٰ و ادنیٰ شائستہ سے شائستہ اور وحشی سے وحشی قومون مین ناچ کسی نہ کسی شان سے ضرور موجود ہے۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ ناچ ایک فطری چیز ہے۔ اُسکی ابتدا اس سے ہے کہ انسان جسمانی اوضاع و حرکات کو الفاظ و جذبات کے موافق بنائے۔ اکثر لوگ بات کرنے مین "موشن" یعنی جسمانی حرکات کو زیادہ دخل دیا کرتے ہین انکی نسبت سمجھنا چاہیے کہ ان مین ناچ کا مادہ فطرۃً زیادہ رکھا گیا ہے۔ اسکے بعد جب موسیقی مین آواز کے نشیب و فراز کی ترتیب نے ایک دلکش لے

پیدا کی تو رقص نے اُس مین اور لطف پیدا کر دیا - اور اسی کی مناسبت سے رقص نے پہلے پہل ایک باقاعدہ فن کی حیثیت حاصل کر لی -

تاریخ عالم مین سب سے پُرانی تاریخ بنی اسرائیل کی ہے - اور انھین کے معاصر بلکہ اُن سے بھی ترقی مین سبقت رکھنے والے مصری اور بابلی ہین - ان تینوں پُرانی متمدن قومون مین ناچنا عبادات مین داخل تھا - اور سچ یہ ہے کہ رقص کو عبادت سے خاص علاقہ ہے - عبادت کرتے وقت انسان اپنے معبود کے سامنے یا تو ایسے حرکات کرتا ہے جو اظہار عبودیت کے ہین - یا صرف چہرے ہی کو اظہارِ خشوع و خضوع کے لیے ملتجیانہ اور عاجزانہ بناتا ہے - اور یہ دونون باتین اصولاً رقص مین داخل ہین -

اہل بابل اور قبطی دونون عبادت مین ناچتے تھے - بنی اسرائیل کی عبادت مین ناچنے کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ توراۃ مین ہے " اُنھین اُس (خدا) کے نام کی حمد کرنے اور ناچنے دو " یہ بھی لکھا ہے کہ " داؤد علیہ السلام خدا کے سامنے ناچے " اسی طرح قدیم الایام ہی مین محفل عیش و طرب کا ناچنا بھی تینون مذکورہ قدیم قومون مین موجود تھا - اسیریا و مصر کی صحبت عیش کا ناچ اُنکے منہدم محلون کے در و دیوار کے نقش و نگار سے ظاہر ہوتا ہے - یہود مین اسکا ثبوت اِس قصے سے بخوبی مل سکتا ہے کہ ارض جلیل کے یہودی بادشاہ ہرودس انطی پاس کے سامنے ہرودیا نام اُسکے خاندان کی ایک حسین لڑکی ناچی - ناچ کے اُسے رجھایا اور اپنا فریفتہ بنایا - اور جب اُس نے بے اختیار ہو کے کہا " مانگ کیا مانگتی ہے ؟ " تو اُس سنگدل حسینہ نے بجائے زر و جواہر یا کسی اور چیز کے حضرت عیسیٰؑ کو بپتسما دینے والے یوحنا کا سر مانگا - اور لے کے دم لیا -

یونانیون نے بھی قدیم الایام مین ناچنے کو ایک ایسا فن قرار دیا جس کے ذریعے سے اظہار جذبات مین قوت آ جائے - ہومر شاعر کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریبون اور تکلف کی صحبتون مین ناچ ہوا کرتا تھا - اور ارسطاطالیس نے رقص کو فن شعر مین شامل کر دیا ہے - یونان مین اہل اثینہ کے مقابل اسپارٹا والے زیادہ خشک مزاج اور دنیوی عیش و طرب سے متنفر تھے مگر ناچنے کے

فن کو اس قدر ضروری خیال کرتے تھے کہ اپنے بچون کو پانچ ہی برس کی عمر سے رقص کی تعلیم پر مجبور کر دیا کرتے تھے۔ لوگ ان بچون کو لے کے نکلتے۔ اور وہ بھجنین گا گا کے ناچتے۔ اہل اسپارٹا مین "فرہک رقص" کے نام سے ایک فوجی ناچ مروج تھا۔ اُن کے نوجوان اُس رقص مین کمال دکھاتے اور معلوم ہوتا کہ قواعد کے طریقے سے ایک فرضی جنگ ہو رہی ہے۔

قدما مین تین طرح کے ناچ تھے۔ اول فوجی ناچ جس مین سپہگری کی مشق کرنا اور اپنے آپ کو ایک اعلیٰ درجہ کا بہادر سپاہی بنانا مقصود ہوتا۔ اور نیز یہ غرض ہوتی کہ جسم خوب تیار ہو سڈول اور پھرتیلا ہو جائے اور اُس مین طاقت آئے یہ ناچ دراصل ایک قسم کی ورزش تھی۔ دوسرا معاشرتی ناچ۔ یہ محض دلچسپی اور تفریح کے لیے اور قومی تقریبون مین دلبستگی پیدا کرنے کے لیے ہوتا۔ تیسرا ایک اور ناچ اِن دونون کے بین بین ہوتا تھا جو گناہ کا کفارہ ادا کرنے اور چڑھاوا چڑھانے کے وقت عبادت کی حیثیت سے عمل مین آتا۔

قدیم مسیحیون کے رقص کا اگرچہ انجیل مین کہین تذکرہ نہین ہے لیکن اس مین شک نہین کہ اپنے مذہبی مجمعون مین وہ لوگ بھی ناچا کرتے تھے۔ اسلام سے پیشتر جاہلیت عرب مین بھی ناچ قبائل عرب مین موجود تھا۔ خصوصاً مشرکین عرب اپنے بتون کے سامنے ناچا کودا کرتے تھے۔ اسلام نے بت پرستی کے ساتھ بُت پرستون کے طریقۂ عبادت کو بھی مٹا دیا۔ اگرچہ رقص کی حرمت و ممانعت کے بارے مین کوئی نص قطعی نہین موجود ہے۔ مگر اسلامی تہذیب نے موسیقی کے ساتھ اُسے بھی ترک کرا دیا۔ تاہم جس طرح نیک نفسی و پاکبازی کا گانا عورتون مین باقی تھا جیسا کہ متعدد احادیث سے ظاہر ہوتا ہے اُسی طرح وہ ناچنا بھی ترک نہین ہوا تھا جس مین شرک کا شائبہ نہ تھا۔ چنانچہ حبشیون کا رقص حضرت سرور کائنات علیہ السلام نے خود بھی دیکھا اور اپنی محبوبہ جناب عائشہ صدیقہؓ کو بھی دکھایا۔ ایک قسم کا فوجی ناچ عربون مین آج تک موجود ہے۔ جب حملہ کے لیے وہ اپنا غول باندھ کے جاتے ہین تو گاتے بجاتے ناچتے کودتے اور خوش فعلیان کرتے ہوے جاتے ہین۔

لیکن اسلامی تہذیب کا تمام ممالک مشرقی پر یہ اثر پڑا کہ رقص و سرود کے فنون علی العموم ممنوع و مکروہ اور غیر مشروع سمجھے جانے لگے۔ اور جو لوگ ان فنون مین ترقی کرتے ہین چاہے کیسے ہی اعلیٰ کمال کا درجہ حاصل کرلین سوسائٹی مین اچھی نظر سے نہین دیکھے جاتے۔ اور ذلیل اور ادنیٰ طبقے کے لوگون مین شمار کیے جاتے ہین۔

مصر مین ناچنے گانے والون کا ایک خاص گروہ موجود ہے جن کی عورتین حسین و پری جمال ہونے کے ساتھ نہایت بیباکی سے سڑکون پر ناچتی پھرتی ہین۔ اور اپنی نسل کو برمکی خاندانِ وزارت کی طرف منسوب کرتی ہین۔ دیگر مشرقی ممالک اسلام مین نوعمر لڑکے ناچ کی تعلیم پاتے ہین۔ اور انھین کے تناسب و موزون حرکات سے نوجوانون کی صحبتون مین گرمجوشی پیدا ہوتی ہے۔

مگر ہندوستان مین قدیم الایام ہی مین موسیقی کا فن نہایت ہی کمال کے درجے کو پہونچ کے مدوّن و باقاعدہ بن گیا تھا۔ ہندوؤن مین ناچنا داخل عبادت ہے۔ جس طرح فی الحال جنوبی ہند کے مندرون کے متعلق بکثرت ایسی عورتین ہوتی ہین جو دیوتا کی مورت کے سامنے روز بلاناغہ جاکے ناچتی ہین اسی طرح کی عورتین ہزار بارہ سو برس پیشتر شمالی ہند کے بڑے بڑے مندرون مین بھی ہوا کرتی تھین۔ قدیم سیاحان عرب کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ملتان کے سب سے بڑے مشہور و ممتاز مندر مین ہزارہا عورتین تھین جنھون نے اکثر عربون کو بھی اپنا اسیر گیسو بنالیا تھا۔ یہ عورتین مُرلیان کہلاتی ہین۔ اپنی زندگی دیوتاؤن کی نذر کردیتی ہین۔ رقص و سرود اُن کا کام ہوتا ہے اور زناکاری کے ذریعے سے اپنا پیٹ پالتی ہین۔

اس عام رجحان نے ہندوستان مین موسیقی کو غیر معمولی ترقی دلائی۔ اور اُس کے متعلق کئی فن پیدا ہوگئے۔ پہلے تو یہ کہ موسیقی مین جس طرح مختلف آوازون یعنی سُرون کے نشیب و فراز موزون ترتیب سے مرتب کیے جاتے ہین اسی طرح ناچ مین جسمانی حرکات متناسب ترتیب سے مرتب کرکے دلکش و نظرفریب بنائے جاتے ہین۔ اس فن نے موسیقی کے قدم بقدم ترقی کی۔

اور جس طرح موسیقی مین بہت سے ترانے اور دھنین قائم ہو گئی ہین ویسے ہی رقص مین حرکات جسمانی کی بہت سی گتین بن گئی ہین - اس مین جسم کا سبک اور پھرتیلا بنانا - پاؤن مین گھونگھرو باندھ کے یہ قدرت پیدا کرنا کہ جب چاہین وہ بجین اور جب چاہین نہ بجین - اور بجنے کی صورت مین جے گھونگھرو چاہین بجائین - اس فن کا ایک کرشمہ یہ ہے کہ بعض باکمال ناچنے والے تلوار کی باڑھ پر ناچتے ہین اور تلوے مین چرکا نہین لگتا -

دوسرا فن بتانا ہے - وہ یہ کہ گانے مین جو الفاظ زبان سے نکلتے جائین اپنی صورت سے اُن کی تصویر کھینچ کے دکھاتے جائین - اس فن مین بعض باکمال ناچنے والون کو اس حد تک کمال حاصل ہوتا ہے کہ ایک ایک مصرع کو سیکڑون طریقون سے بتاتے ہین - اور چونکہ محفل مین بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہین جو باریک تشبیہون اور نازک خیال آرائیون کو نہین سمجھ سکتے اسلیے ضرورت ہوتی ہے کہ ایک شارح پاس کھڑا ہو کے اُن باتون کی تشریح کرتا جائے -

بہر تقدیر ہندوستان مین رقص کا فن بہت اعلیٰ درجۂ کمال کو پہونچا ہوا ہے اور اس قابل ہے کہ بجائے بے پروائی کرنے کے اس کی قدر کی جائے اور جہان تک ممکن ہو اُسے ترقی دلائی جائے -

رَحِمَ اللّٰہُ مَنْ ہَدٰانِیْ اِلٰی عُیُوْبِیْ

عرب کی ایک مثل ہے جس کا مطلب یہ کہ " جو میرے عیب بتائے خدا اُسپر رحمت کرے " یہی مثل ہمارے قدیم کرم فرما مولانا مولوی حبیب الرحمٰن خان صاحب شروانی رئیس بھیکم پور ضلع علیگڈھ پر صادق آتی ہے - ہم نے مضمون " ہندوستان مین مشرقی تمدن کا آخری نمونہ " مین غازی الدین حیدر اور نصیر الدین حیدر فرمانروایان اودھ کے حالات مین ہاتھیون اور درندون کی لڑائی کا تذکرہ کرتے وقت یہ دعوی کیا تھا کہ " قدیم ہندوستان کی تاریخ مین درندون کے لڑانے کا ذکر کہین اور کبھی نہین سنا گیا تھا " مولانا شروانی نے ہمارے اس دعوے

کی تغلیط فرمائی ہے - اور ایک کارڈ کے ذریعہ سے ہمین مطلع فرماتے ہین "تاریخ سے ثابت ہے کہ مغلیہ سلطنت مین ہاتھی قلعہ کے میدان مین لڑائے جاتے تھے۔ برنی ارنے اس کا مفصل تذکرہ کیا ہے۔ عالمگیر کا اُس ہاتھی سے مقابلہ کرنا جو اپنے حریف ہاتھی سے لڑکر بھاگا تھا مشہور ہے"۔

بے شک یہ ہماری کمی نظر تھی - اور برنی ار کے سفرنامے کو ہم نے نہین پڑھا تھا - اور اب اس کے تسلیم کر لینے مین ہمین کوئی عذر نہین ہو سکتا کہ دہلی مین ہاتھی لڑائے جاتے تھے - اور یہ مذاق لکھنؤ مین وہین سے آیا ہوگا - لیکن شاید درندون کا باہم لڑانا اور ہاتھی کا شیر - تیندوے - اور گینڈے سے مقابلہ کرانا لکھنؤ ہی مین ثابت ہو سکے گا - ممکن ہے کہ یہ شوق ہندوستان کے کسی اور بادشاہ کو بھی ہوا ہو - مگر ہمین اُس کی اطلاع نہین ہے -

بہرحال ہم مولانا کے نہایت ہی شکرگذار ہین اور اُمید رکھتے ہین کہ وہ ہمیشہ یونہین ہماری غلطیون سے آگاہ کرتے رہین گے - مولانا ہی پر موقوف نہین، ہندوستان مین یہ مذاق پیدا ہونا چاہیے کہ محقق و صاحب علم حضرات تحقیق و تدقیق مسائل خصوصًا تاریخی تفتیش مین قلم اُٹھانے والون کے ممد و معاون رہا کرین - ہم قدیم زبانی روایات یا بعض تحریری سندون سے فائدہ اُٹھا کے جو کچھ لکھتے ہین یقینی نہین ہو سکتا - اور ممکن ہے بہت سے حضرات کے علم مین ایسی باتین ہون جو ہماری جستجو اور ہمارے قیاسی فیصلون کے خلاف ہون - ایسے حضرات اگر بے توجہی کو چھوڑ کر ہمین متنبہ کرتے رہین تو ہمین اپنی تحریر پر زیادہ بھروسا ہو جائے -

سچّا عاشق کون ہے؟ مرد یا عورت؟

شاعری کا اصلی تعلق انسان کے دلی جوش و جذبات سے ہے - اور جذباتِ انسانی مین سب سے زیادہ اہم عشق ہے - اگرچہ یہ کشش حیوانات اور دیگر اصناف مخلوقات مین بھی نمایان طور پر پائی جاتی ہے - مگر ہماری شاعری کو اُسی عشق سے بحث ہے جو انسان مین ہو - اسی وجہ سے شاعر عشق کا بندہ ہوتا ہے

اور دعویٰ کرتا ہے کہ ع عشق انسان کے آب و گل مین ہے"۔ مگر انسان کی دو قسمین ہین۔ مرد اور عورت۔ اور کشش عشق کا پہلا مصدر انھین دونون گروہون کے دل ہین۔ جن کی باہمی کشش اور محبت نے دنیا مین نیرنگیان دکھائی ہین اور شعرا کو خیال آرائی کا موقع دیا ہے۔

لیکن شاعر اُس عشق کو چاہتا ہے جو تمام جذبات پر غالب آجائے۔ اور عشق کے دُنیا و مافیہا سے علاقہ نہ باقی رہے۔ لہذا غور طلب یہ امر ہے کہ انسان کے دونون طبقون مرد اور عورت مین سے کس مین عشق زیادہ ہے؟ اور کس کا عشق زیادہ مستقل اور سچا ہوتا ہے؟ جذباتِ عشق کے اعتبار سے نوعِ انسان کے ان دونون حصون کو باہم ضرب دیا جائے تو چار شکلین پیدا ہوتی ہین (۱) مرد کا عشق مرد کے ساتھ۔ (۲) مرد کا عشق عورت کے ساتھ۔ (۳) عورت کا عشق مرد کے ساتھ (۴) عورت کا عشق عورت کے ساتھ۔ ان چار شکلون کے سوا کوئی پانچوین شکل نہین ہو سکتی۔

اب غور طلب یہ امر ہے کہ اِن چارون شکلون میں سے کون سی شکل شاعری کے لئے زیادہ موزون ہے؟ کس مین کشش اور بیقراری بڑھی ہوئی ہے؟ اور کس مین زیادہ سچائی اور استقلال ہے؟ اِس سوال کا اگر ہم کافی اور اطمینان بخش جواب دے سکین تو مختلف زبانون کے شعرا کا ایک بہت بڑا جھگڑا چکا دین گے اور فیصلہ کر دین گے کہ کس زبان کے شاعرون کا مذاق اچھا اور سچا ہے۔

ان چار شکلون مین سے دو فطری ہین اور دو غیر فطری جنھین قانون مروجہ کی زبان مین "خلاف وضع فطری" کہا جائے تو زیبا ہے۔ اس سے انکار نہین کیا جا سکتا کہ مرد کا عشق عورت کے ساتھ یا عورت کا عشق مرد کے ساتھ فطری ہے۔ اور اسی وجہ سے جن زبانون کے شعرا نے ان دو شکلون کو اختیار کیا ہے اُن کے مذاق مین فطرت اور نیچرل مذاق کی زیادہ جھلک بھی ہے۔ اور جن شاعرون نے غیر فطری عشق کی صورت اختیار کی ہے اُن کا مذاق شاعری فطرت صحیحہ سے کوسون دور ہو کے صرف خیال آرائی۔ لفاظی اور مبالغون مین پھنس کے رہ گیا ہے

اب ہم یہ بتاتے ہین کہ کن زبانون کے شاعرون نے کن شکلون کو اختیار کیا ہے۔ عربی۔ یونانی۔ رومی۔ انگریزی۔ فرانسیسی اور دیگر مغربی زبانون کے شعرا کے مذاق نے مذکورۂ بالا شکلون مین سے دوسری فطری شکل اختیار کی ہے۔ یعنی مرد کا عشق عورت کے ساتھ۔ آخر عہد کے مولدین عرب، ترکی، فارسی اور اُردو کے شعرا نے پہلی غیر فطری شکل اختیار کی ہے یعنی مرد کا عشق مرد کے ساتھ۔ ہندوستان کی بھاشا اور غالباً سنسکرت نے تیسری فطری شکل اختیار کی ہے۔ یعنی عورت کا عشق مرد کے ساتھ۔ چوتھی غیر فطری شکل یعنی عورت کا عشق عورت کے ساتھ۔ یہ مذاق ہمین ابھی تک کسی زبان کے شعرا مین نہین نظر آیا۔ بد اخلاقی نے بعض اشخاص مین چاہے یہ مذاق بھی پیدا کر دیا ہو مگر کسی قوم اور کسی زبان کے شعرا کا یہ مذاق نہین سنا گیا۔ پہلے مورخ یونان ہیروڈوٹوس نے دامن کوہ قاف کے ملک گرجستان مین جب امیزون (جنگجو عورتون) کا دور دورہ بتایا ہے اُن دنون ممکن ہے کہ وہان یہ مذاق ہو۔ اس لیے کہ کہتے ہین وہ سورما عورتین مردون سے متنفر تھین۔ اُنکو اپنی قلمرو مین رہنے نہ دیتی تھین۔ ضرورت کے لیے اپنے علاقے کے باہر جاکے دوسری سرزمین کے مردون سے مل کے حاملہ ہو آتین مگر اس کی روادار نہ تھین کہ کوئی مرد اُن مین رہے۔ وہان اُن دنون چونکہ عورتین ہی عورتین تھین۔ اور مردون سے دشمنی رکھتی تھین اس لیے قرین قیاس ہے کہ باہم عشق و محبت کے روابط رکھتی ہون۔ اُن کا قومی مذاق یہی ہو کہ عورت پر فریفتہ ہون۔ اور اُن کی شاعری اسی رنگ مین ڈوبی ہوئی ہو۔ لیکن دنیا مین اور کہین یہ مذاق نہین سُنا گیا۔

الغرض موجودہ شعرائے ارض کے مذاق کا عشق تین ہی طرح کا ہے۔ (۱) یا مرد مرد پر عاشق ہو (۲) یا مرد عورت پر عاشق ہو (۳) یا عورت مرد پر عاشق ہو۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اِن تینون صورتون مین کون سی صورت بہتر۔ سچی۔

ع مولد اُن عربون کو کہتے ہین جن مین عجمی خون مل گیا ہو۔ یعنی مولد انگریزون کے یورپین ہین۔ مولد شعرائے عرب وہ ہین جن کا مذاق شاعری بیرونی اثر سے مغشوش ہو گیا تھا۔

اور شاعری کے لیے زیادہ موزون ہے ؟

پہلی صورت چونکہ ہماری اور ہماری ہم مذہب دوسری زبانون کا شعار بنی ہوئی ہے اس لیئے مروت سے چاہے ہم اُس پر نکتہ چینی نہ کرین مگر اس حقیقت کو نہین مٹا سکتے کہ وہ مذہبًا شرعًا اور عرفًا بداخلاقی و معصیت قانونًا و تمدنًا جرم اور فلسفیانہ طور پر خلاف فطرت ہے - لہذا شعرا کے لیے اُس سے زیادہ لغو - بیہودہ - بے حقیقت - بدمزہ - اور بیحیائی و بے غیرتی پیدا کرنے والا کوئی مذاق عشق نہین ہو سکتا - اُس عشق مین چونکہ فطرت کی سچی کشش نہ تھی اُس کا مذاق حقیقت سے دور اور واقعیت سے جدا تھا - اِس لیے اس عشق کے مبتلاؤن کی شاعری کو سچائی اور نیچرل دلکشی سے کوئی علاقہ نہین رہا - وہ دل سے عاشق نہین بلکہ صرف بنے ہوے فرضی عاشق ہین - اُن کا معشوق ایک خیالی پیکر ہے جس پر دراصل نہ وہ خود عاشق ہین اور نہ کوئی اور عاشق ہو سکتا ہے - اور اسی وجہ سے اُن مین سچے جذبات پیدا ہی نہین ہو سکتے - اُن کے استعارے - اُن کی تشبیہین - اُن کی خیال آرائیان - اُن کی نازک خیالیان صرف فرضی ہوتی ہین - اپنے عشق میں اصلیت و واقعیت نہ ہونے کو وہ خود محسوس کرتے ہین - اور فطری کششون سے اپنی شاعری کو مطلقًا محروم دیکھ کے کبھی لفاظی اختیار کرکے فضول گوئی کے مرتکب ہوتے ہین - کبھی غایت کے پیچھے پڑ کے صنعت جُگت بولنے لگتے ہین - کبھی مبالغے کو اپنا شعار بنا کے جھوٹ کے پُل باندھتے ہین - کبھی صنعتون اور بوقلمونیون کی بھول بھلیان بنا کے کھڑی کرتے ہین اور کبھی دُور از کار اوہام اور بناوٹی پیچیدہ خیالون کو جنگل کی وحشی چڑیون کی طرح زبردستی پکڑ پکڑ کے الفاظ کے پنجرون مین بند کرتے ہین - جو کبھی تو اُڑ بھاگتی ہین اور کبھی اُسی مین پھڑک پھڑک کے دم دیتی ہین - غرض سب کچھ کرتے ہین اور زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتے ہین مگر ایسی ایک بات بھی مشکل سے کہہ سکتے ہین جو دل کو لگے - اور سامعین کو بیتاب کردے - اس لئے کہ جھوٹے کی زبان مین اثر نہین ہوتا - اُن کا مذاق جھوٹا ہے ان کی شاعری بے حقیقت ہے - اُن کا خیال مجرمانہ ہے - جس کی بنا پر وہ مذہبًا

گنہگار۔ اخلاقاً سوسائٹی کو گندہ اور ناپاک کرنے والے۔ اور قانوناً جیل میں بھیجے جانے کے قابل ہیں۔

اس بدمذاقی اور جھوٹے عشق نے سچے اثر کی برکتوں اور سادی مؤثر کششوں کی برکت سے محروم کرکے انھیں مجبور کردیا ہے کہ اپنی شاعری کی عمارت کو صرف خیال کے مال مسالے سے تعمیر کرکے رعایت لفظی اور طرح طرح کی آوردگی صنعتوں سے آراستہ کردیں۔ اس لیے کہ اگر اُن کے اشعار پر کسی دل سے "آہ!" نکلنے کی اُمید نہیں تو شوکتِ الفاظ دیکھ کے "واہ" ہی نکل جائے۔

اس صورت کے بیہودہ و بے اصل ثابت ہو جانے کے بعد دو ہی صورتیں رہ جاتی ہیں (۱) مرد کا عشق عورت پر اور (۲) عورت کا عشق مرد پر۔ پہلی صورت کو جیسا کہ ہم بیان کر آئے ہیں قدیم شعرائے عرب اور یورپ کی اکثر اگلی پچھلی زبانوں کے شعرا نے اختیار کیا۔ اور دوسری صورت کو ہندی شاعری نے۔ یہ دونوں صورتیں فطرت کے موافق ہیں۔ ایک مرد جب اپنی محبوبہ کے فراق میں فریاد کرتا ہے۔ اور ایک باوفا عورت جب اپنے شوہر اور مرد معشوق کی یاد میں بیتاب و بیقرار ہو کے روتی ہے۔ دونوں کی زبان میں بلا کا اثر ہوتا ہے اور چونکہ ان جذبات عشق میں سچائی مضمر ہوتی ہے اس لیے اُن کی زبان کا ہر ہر لفظ تیر و نشتر کا کام دیتا ہے۔ اور جس کے کان تک پہونچتا ہے بیتاب کردیتا ہے۔

لیکن اِن دونوں میں امتیاز دکھا کے ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا آسان نہیں ہے۔ مگر ہم فیصلہ ضرور کریں گے۔ اور سچا فیصلہ کریں گے۔ دنیا میں اکثر فیصلہ کثرتِ رائے اور ووٹوں کی زیادتی پر ہوا کرتا ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مرد عاشق کے طرفدار بہت ہیں۔ ساری دُنیا اُسی کی سی کہہ رہی ہے۔ اور مغرب کے اگلے پچھلے سب زور و شور سے اُس کی تائید کر رہے ہیں۔ اور اُس کے مقابل دکھیاری عورت عاشقۂ بیکس ہے اُس کی درد بھری آواز گھر سے باہر نہ نکل سکی اور اس لیئے اُس کے اثر کا اندازہ بھی دنیا میں

بہت ہی کم لوگون کو ہوا ہے۔ لیکن اگر سنوگے تو جو درد۔ جو سوز و گداز۔ اور جو اثر اُس کے لہجے اُس کی آواز۔ اور اُس کے بیان مین پاؤ گے کہین نہ نظر آئیگا۔ مگر اس بحث کو ہم اس وقت اُٹھائے رکھتے ہین۔ اور کسی آیندہ موقع پر بتائینگے کہ دونون مین سے کون اچھا ہے اور کیون اچھا ہے۔

زبانِ اُردو کی شامت

چند سال ہوے ایک دن صبح کو ہم نے اپنے شہر کے قابل اور بیدار مغز میونسپل کمشنر پنڈت اقبال نرائن مسئلہ دان بیرسٹرایٹ لا کو اپنے مکان کی طرف سے گذرتے دیکھا۔ اور صاحب سلامت کے بعد تعجب سے پوچھا "آج اِدھر کہان بھول پڑے؟" فرمایا "آپ کے پڑوس والے میونسپل اسکول کے معائنہ کو آیا تھا" پوچھا "تو کیسا پایا؟" اُنھون نے جواب مین فرمایا کہ "یہ دیہاتی مدرس تو بجائے اُردو کی تعلیم دینے کے لڑکون کی زبان خراب کرتے ہین" مین نے کہا "آپ کے سررشتۂ تعلیم نے انتخابِ مدرسین کا جو طریقہ رکھا ہے اُس سے اہل زبان درکنار کسی زبان دان مدرس کے ملنے کی بھی اُمید نہین ہوسکتی"

خیر وہ گفتگو انھین دو باتون مین ختم ہوگئی۔ مگر مجھے خیال رہا کہ شاید پنڈت صاحب موصوف کی توجہ کوئی مفید نتیجہ پیدا کرے۔ اس کے بعد جب یہ سُنا کہ پنڈت مہاراج نرائن صاحب چکبست تمام میونسپل اسکولوں کے انسپکٹر مقرر ہوے ہین تو اُمید اور قوی ہوگئی۔ اور دل کو یقین ہوگیا کہ ان دونون بزرگون کی کوشش کوئی نہ کوئی مفید نتیجہ ضرور ظاہر کرے گی۔

لیکن اپنی چھوٹی لڑکی کو پڑھانے کی ضرورت سے اتفاقاً ہم نے اپنے ملک کے مروجہ اُردو نصاب تعلیم کو دیکھا تو حواس جاتے رہے اور اصلاح کی جو کچھ اُمیدین دل مین پیدا ہوئی تھین سب خاک مین مل گئین۔ اس سلسلے کی پہلی کتاب جس کا نام "اُردو کی پہلی ریڈر" ہے اس کے مصنف "منشی برج باسی لال صاحب بی اے اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس قسمت بنارس" ہین۔ جن کو یا شاید سررشتۂ تعلیم کو دعویٰ ہے کہ اس کتاب کو اُنھون نے جدید طرز تعلیم کے مطابق

"تصنیف" نہین کیا بلکہ "بنایا ہے"۔

مین نہ یہ جانتا ہون کہ گریجویٹ کتاب بنانے والے صاحب کس خطے کے رہنے والے ہین اور نہ اس سے آگاہ ہون کہ اُنھون نے اُردو کی تعلیم کہان پائی ہے لیکن یہ ضرور کہون گا کہ جو گریجوئٹ نہ لٹریچر اُنھون نے اپنی اس بنائی ہوئی کتاب مین درج فرمایا ہے اُس سے سررشتۂ تعلیم کی اُردو شاید کسی کو آجائے مگر جس زبان اُردو کو ہم لوگ بولتے چالتے اور پڑھتے لکھتے ہین وہ اگر کسی بچّے کو آتی بھی ہوگی تو اُس کے چوپٹ کر دینے کے لیے یہ نصاب بہت اچھی طرح کافی ہے۔

گر ہمین مکتب ست و این مُلّا کار طفلان تمام خواہد شد

ایک سرسری نظر مین اس کتاب کے جو زبان اُردو کی مرمت کرنے والے خاص خاص محاورات نظر آئے حسب ذیل عرض کیے جاتے ہین۔

پہلے صفحے کا پہلا جملہ ہے "باباجی کے ہاتھ مین مالا ہے" اور اُس کے بعد دوسرا فقرہ ہے "وہ گیت گایا کرتا ہے"۔ ہماری اُردو مین جس کے نام کے ساتھ "جی" یا اس قسم کا اور کوئی تعظیمی لفظ استعمال کیا جاتا ہے اُسکے لیے تعظیماً فعل جمع لایا جاتا ہے۔ یعنی اس جملے کو یون بولین گے کہ "وہ گیت گایا کرتے ہین"۔ مگر شاید یہ انگریزی اُردو ہو جس مین تعظیم کے لیے جمع کا فعل لانا صاحب بہادرون کے محاورے کے بالکل خلاف ہے۔

تیسرے صفحے کی پہلی اور دوسری سطر مین ہے "پہلا جلد جلد قدم اُٹھاتا ہے اور دوسرا دھیرے دھیرے"۔ آخری لفظ ہندی گیتون مین البتہ سُنے گئے مگر اُردو مین آج تک نہین سُنے تھے۔ دھیرے دراصل اُردو زبان کا لفظ ہی نہین ہے۔

پانچوین صفحے کی پانچوین اور چھٹی سطر مین ہے "پیسے بھنا لاؤ"۔ ہمارے یہان روپیہ بھنایا جاتا ہے۔ اور پیسہ اُس وقت بھنایا جاتا ہے جب اُس کی کوڑیان منگوانا ہون۔ لیکن ایسی صورت مین فقط ایک پیسہ بھنایا جاتا ہے "پیسے بھنانے" کا اتفاق نہین ہوتا۔

دسوین صفحے پر ہندوستانی معاشرت کی ایک تصویر ہے جس مین حکیم صاحب ایک اسٹول پر بیٹھے مریض کی نبض دیکھ رہے ہین - مریض نے بجائے جھکنے کے ایک گھٹنا زمین پر ٹیک دیا ہے اور دوسرا پاؤن آگے بڑھا کے اُس پر ہاتھ رکھ لیا ہے - اس شائستگی سے نبض دکھانے والے آج تک یہان کسی حکیم کے مطب مین نہین دیکھے گئے تھے - بڑی عنایت ہوتی اگر ہمارے گریجویٹ مصنف بچون کو فقط اپنی زبان سکھاتے اپنی تہذیب و شائستگی کے بھی سکھلا دینے کا ارادہ نہ فرماتے -

بارہوین صفحے کی چوتھی اور پانچوین سطر مین ہے "اس لحاف کی سنجاف اچھی ہے" - "سنجاف" گوٹ کی ایک خاص وضع کا نام ہے - کوئی مستقل چیز نہین ہم لوگ لحاف کی گوٹ کہین گے - لحاف کی سنجاف نہین کہہ سکتے - مگر مصنف صاحب کی زبان کون پکڑ سکتا ہے ؟ جو چاہین فرمائین -

پندرہوین صفحے کی پہلی سطر مین ہے "مجھے تیرنا نہین آتا" یہ محاورہ اگرچہ بعض عوام بول جاتے ہین مگر زبان دان بخوبی جانتے ہین کہ اُردو مین کسی ہلکی بے جان چیز کے آپ ہی آپ پانی کے اوپر قائم رہنے کو تیرنا کہتے ہین اور جو ذی روح ہاتھ پاؤن کی کوشش سے اپنے آپ کو پانی کے اوپر قائم کرے اُس کے اس فعل کو تیرنا نہین "پیرنا" کہتے ہین -

اُنیسوین صفحے میں چھٹی سطر پر ہے "اُنچاس مین سے بائیس گھٹاؤ" اہل زبان اُنچاس کہتے ہین - لیکن ہمارے معلم زبان مصنف صاحب کی زبان اُنتاس ہے - مگر کاش یہ زبان اُن کے گھر ہی مین رہتی -

بائیسوین صفحے کی چوتھی سطر مین ہے "جو اُستاد پڑھاوین اُس پر دھیان دو" ہماری اُردو مین اس موقع پر کہین گے "اُس مین دھیان لگاؤ" مگر افسوس کہ مصنف صاحب کی زبان مین "اُس پر دھیان دو" کہتے ہین - اور ہمارے بچے مجبور ہین کہ اُن کی یہ بولی سیکھیں بھی -

تیئسوین صفحے مین ایک لڑکا اپنے باغ مین گیا ہے جس کی نسبت (سطر سات و آٹھ مین ہے) "وہان اُس کا دادا زمین کھود کر آم کے چھوٹے چھوٹے پودے

لگا رہا تھا" یہ کسی مالی کا لڑکا ہو تو اور بات ہے۔ لیکن کسی شریف لڑکے کا ذکر ہوتا ہے تو اُس کے دادا کی اس طرح توہین نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ اُسکے دادا ایسا کام کر رہے تھے۔

چوبیسوین صفحہ کی پانچوین اور چھٹی سطر مین ہے "لوگ اپنے بزرگون کے نام مرنے کے پیچھے عزت سے یاد کرتے ہین"۔ اس مین اول تو "مرنے کے پیچھے" کی جگہ "مرنے کے بعد" کہنا چاہیے۔ مرنے کے پیچھے صحیح اُردو نہین۔ دوسرے یہ نہین پتہ چلتا کہ اُن کے مرنے کے بعد یا اپنے مرنے کے بعد۔ بہرحال اُردو مین اس جملے کو یون ہونا چاہیے کہ "اُن کے مرنے کے بعد عزت سے یاد کرتے ہین"۔

پچیسوین صفحہ کی چوتھی سطر مین ہے "جب اُس کی (چنے کی) پتیان بہت نرم رہتی ہین تو لوگ نوچ نوچ کے کھاتے ہین"۔ اہل زبان اُردو اس مقام پر "نرم رہتی" ہرگز نہ کہین گے بلکہ "نرم ہوتی" کہین گے۔

انھین چند محاورات پر موقوف نہین اس کتاب کو اول سے آخر تک غور سے پڑھا جایے تو ہر صفحے پر ایسی ہی فاش غلطیان ملین گی۔ پڑھانے والے یا تو دیہاتی مدرس ہین یا بہت ہی معمولی استعداد کے اُردو دان جو سمجھ جاتے ہین کہ یہی فصیح و صحیح زبان ہے۔

کیا یہ عبرت کی بات نہین کہ لکھنؤ کے مدرسون مین یہ اُردو پڑھائی جاتی ہے جہان زبان اُردو نے نشو و نما پایا ہے۔ جہان کے شرفا و فصحا کی زبان سند اور معیار فصاحت مانی جاتی ہے۔ جہان ایک ایک لفظ اور ایک ایک حرف کی تحقیق و تنقید مین خدا جانے کیسی کیسی بحثین پیش آتی رہتی ہین۔ اور جہان کی خاک مین میر۔ سودا۔ انشا۔ مصحفی۔ جرأت۔ ناسخ۔ آتش۔ انیس۔ دبیر اور اسی طرح کے صدہا اساتذۂ سخن آرام کر رہے ہین۔ لکھنؤ کے پاس اب زبان اُردو کے سوا کچھ نہین رہ گیا ہے۔ وضع قطع۔ صحبت و معاشرت سب چیزین تو چھن گئین۔ لے دے کے ایک زبان رہ گئی ہے اور افسوس کہ اب وہ بھی سررشتۂ تعلیم کے خنجر جہالت سے ذبح ہو رہی ہے۔

ہمین اُن بزرگون کے معزز نامون کے معلوم ہونے کی ضرورت ہے جنھون نے

اس کورس کو پسند اور منظور فرمایا ہے - یہ کام بورڈ کے سپرد ہے - اور بورڈ مین جو بزرگوار ممبر منتخب ہوا کرتے ہین اُن مین ہماری بدقسمتی سے سارے کمالات جمع ہوتے ہین ایک وہ معری ہوتے ہین تو زبان دانی سے - اُن کے لیے گریجویٹ ہونا شرط ہے - انگریزی دانی لازمی ہے - اور اور بھی خدا جانے کن کن صفات کا موجود ہونا ضروری تصور کیا جاتا ہے - مگر اس کو کوئی نہین پوچھتا کہ وہ اُردو بھی جانتے ہین یا نہین -

سب سے زیادہ خرابی یہ ہے کہ سررشتۂ تعلیم کے عہدہ دارون نے مدارس کو اپنی تجارت کی منڈی بنا لیا ہے - وہ لوگ ادھر اُدھر سے جوڑ توڑ کے چند عبارتین جمع کرتے اور ایک کتاب بناتے ہین - اور منظور کرنے والے عہدہ دارون پر اثر ڈال کے اور سفارشین پہونچا کے منظور کرا لیتے ہین - آج تک کبھی اسکی کوشش نہین کی گئی کہ اُردو کا نصاب بنانے مین دہلی و لکھنؤ کے اُن لوگون سے بھی کچھ مدد لی جائے جو اُردو کے مسلم الثبوت اُستاد ہین -

سُنا جاتا ہے کہ اب یونیورسٹی آپ اپنا کورس تیار کرائے گی - اور کسی کو اُس سے تاجرانہ نفع اُٹھانے کا موقع نہ دیا جائے گا - مگر اس سے یہ اُمید رکھنا فضول ہے کہ اساتذۂ زبان سے کوئی مدد لی جائے گی - اس لیے کہ یونیورسٹی کی دُنیا کے لال بجھکڑ وہی بزرگوار ہین جو سررشتۂ تعلیم مین بلحاظ عہدہ کوئی اثر و اقتدار رکھتے ہین - کورس بنانے کو جب کہا جائے گا اُنھین سے کہا جائیگا - اور یہ پہلے تو منفعت کے شوق مین تھوڑی بہت کوشش بھی کرتے اور ادھر اُدھر سے پوچھ کے کچھ کر بھی لیتے تھے اب بے پروائی کے باعث پہلے سے بھی بدتر نصاب مرتب کرین گے - اور اُردو کی اور مٹی خراب ہو گی -

بہرحال سررشتۂ تعلیم کے نصاب مین اصلاح کی کوئی اُمید نہین - اور اس کا سوا اس کے کوئی علاج نہین نظر آتا کہ ہم اور تمام وہ لوگ جو اپنے بچون کی زبان بگڑنے کو نہ برداشت کر سکتے ہون اُنھین مدارس سرکاری سے اُٹھا لین - اور اُن کی تعلیم کا کوئی اور انتظام کرین -

کیا واقعی انسان سب سے افضل ہے؟

گو اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا اچھا نہین معلوم ہوتا۔ مگر انسان کو اپنے اشرف المخلوقات ہونے کا دعوٰی ہے۔ اور اپنے اس دعوے کی سچائی کا اُسے اس قدر یقین ہے کہ اس مین شک و شبہہ کی ذرا بھی گنجایش نہین۔ یہان تک کہ اُسکے خلاف کوئی بحث چھیڑی جائے تو اُس کے سننے کی بھی وہ تاب نہین لا سکتا۔ اس دعوے کی اصلی محرک تو انسان کی خود پرستی ہے جو اُس کی سرشت مین داخل ہے۔ اور وہ رہ رہ کے اُس کی زبان سے کہلا دیا کرتی ہے کہ "ہمچو من دیگرے نیست" مگر اُسے زیادہ قوت اس سے مل گئی کہ وہ تمام مذاہب جن سے اُمم عالم کے تمدن بنے ہین اُن سب نے بھی انسان کے اس دعوے کی تصدیق و تائید کر دی۔ چنانچہ اب یہ یقین ہمارے عقائد مین داخل ہو گیا ہے کہ "ہم اشرف المخلوقات ہین"۔

ہمارے راویان کہن کہتے ہین کہ اگلے دنون یہ مسئلہ اور دعوٰی ایک باضابطہ مقدمے کی شان سے بعض قدیم مستند دربارون مین پیش ہو کے طے ہو چکا ہے۔ چنانچہ پارسیون کے صحف آسمانی مین جو دساتیر کے مجموعے مین مرتب و مدوّن ہین بتایا گیا ہے کہ مجوس کے آدم "گل شاہ" کے دربار مین جانورون نے آکے شکایت کی کہ انسان اپنے آپ کو ہم سب سے افضل و اعلٰی بتاتا۔ پھر اُسکی بنیاد پر ہماری آزادی مین فرق ڈالتا۔ اور حکومت کے بہانے ہم پر طرح طرح کے ظلم و جور کرتا ہے۔ اُن کی بحث سُنی گئی۔ انسان کو جواب دہی کرنا پڑی۔ اور گو کہ عدالت کے تیورون سے جنبہ داری کا شائبہ نہ تھا مگر انسان ہی کے حق مین فیصلہ ہوا۔ اور اُسے اُن بے اعتدالیون کی اور جرأت دلائی گئی۔

اس کے بعد رسائل اخوان الصفا مین سے ایک رسالہ غالباً پارسیون ہی کے مذکورۂ بالا خیال سے لے کے زیادہ لطف و وضاحت کے ساتھ اسی دعوے کی تائید مین لکھا گیا۔ اُس مین یہ طے شدہ مقدمہ پھر نمبر پر لیا گیا ہے۔ اور حاکم انسان نہین ایک تاجدار جن ہے۔ اس رسالے مین یہ قضیہ جنون کے ایک

محترم دربار مین پیش ہوا ہے - تمام جانورون نے باری باری آکے اپنے کمالات اور ہنر بیان کیے - انسان کو نہایت بے اعتدالی کا الزام دیا اور اُس کے جور وستم سے پناہ مانگی - انسان نے اپنے فضائل ومحامد بیان کیے - اور زور دے کے ثابت کیا کہ ہم سب سے افضل واعلیٰ ہین - اور خدا نے ہمین ایسی قوت عطا کی ہے کہ سارے حیوانات پر تصرف کرتے اور جس سے جو کام چاہتے ہین لیتے ہین - آخر اُس جنّی دربار نے بھی انسان ہی کی طرفداری کی - اور جانورون کا دعوی خارج کرکے انسان کو حق دیدیا کہ بے زبان جانورون کے ساتھ جو سلوک چاہے کرے -

لیکن اصل یہ ہے کہ یہ دونون فیصلے خود انسان نے اپنے مقاصد وغرض کے مطابق بنالیے ہین - اور اگر کوئی غیر جانبدار عدالت موجود ہوتی تو اس جعل بنانے پر انسان کو بڑی بھاری سنگین سزا ملتی - دراصل انسان نے اپنی کامیابی کے زعم اور غلبے کے نشہ مین جہان جانورون پر ظلم وجور کیے وہان اپنی تائید مین یہ مقدمے اور فیصلے بھی بنالیے - اُسے اپنی چالاکی اور قوت تدبیر پر گھمنڈ اور ناز ہے - اور اُنھین چیزون کو بمصداق "مائٹ از رائٹ" (قوت ہی استحقاق ہی) اپنی عظمت کی دلیل تصور کرلیا ہے - اور کہتا ہے کہ ہمارا جانورون پر غالب آجانا اور اُن مین ہر قسم کا تصرف کرسکنا ہی ہماری فضیلت وفوقیت کی دلیل ہے -

جن لوگون نے مسئلۂ تخلیق عالم پر غور کیا ہے اب اُن کی یہ رائے قرار پائی ہے کہ انسان کی تخلیق سے پہلے کرۂ ارض جنگلون سے بھرا ہوا تھا - اور اُس مین ایسے ایسے عجیب وغریب حیوانات - اور مہیب الخلقت وعظیم الجثہ جانور بھرے ہوے تھے کہ اُن کے سامنے انسان ضعیف البنیان کی کچھ ہستی نہ تھی - اُنھین وحشی موذیون اور خونخوار دشمنون کے آغوش مین انسان پیدا ہوا - جس نے آفرینش کے ساتھ ہی اپنی نوعی حفاظت کا سامان شروع کیا - انسان کی صورت دیکھتے ہی وہ سب اُس کی ہلاکت کے درپے ہوگئے - پہلے تو انسان نے بھاگ کے پہاڑون کی کھوہون - درختون کے جھنڈون - اور تنگ وتاریک غارون مین پناہ لی - پھر اپنی چالاکی ومکاری سے اُن موذیون کو زیر کرنے لگا - اسکے بعد

اُس نے جنگل کاٹ کے میدان نکالے۔ اپنے رہنے اور وحشی درندون سے بچنے کے لیے مکان بنائے۔ آپس مین اتفاق کیا۔ اور آخر مین شہر اور گانوُن آباد ہونے لگے ترقی کے اس درجے تک پہونچے پہونچتے اُس نے بہت سے بڑے بڑے وحشت ناک جانورون کی نسلین فنا کر دین۔ بہتون کو اپنا مطیع بنا لیا۔ جن مین سے بعض کو کھاتا بعض پر سواری لیتا۔ بعض کو تفنن طبع کے لیے پالتا ہے۔ اور جو قابو مین نہین آتے اُن کا شکار کرتا ہے۔

وحشی جانورون کو حریف پر غالب آنے اور اپنے بچانے کے لیے خدا نے طرح طرح کے خوفناک اسلحہ دیے تھے۔ اُن کے مقابل مین انسان نے اپنی طباعی سے ایسے ایسے مصنوعی اسلحہ ایجاد کر لیے جنھون نے حیوانات کے قدرتی اسلحہ کو بیکار کر دیا۔ اور ان آلات اور حربون سے اُس نے جانورون کو فنا کرنا شروع کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انسان کی نسل روز بروز بڑھنے لگی۔ اور ان قوی ہیکل و وحشی جانورون کی مقدار یوماً فیوماً گھٹتی گئی۔ اُن کی بہت سی نسلین کلیتہً فنا ہو گئین۔ جو رہ گئین اُنھون نے انسان کے شر سے بچنے کے لیے اُن کی بستیون کو چھوڑ چھوڑ کے کوہ و صحرا اور دشت و بیابان کی راہ لی۔ اور انسان کو اپنی عام فتح کے زعم باطل اور اپنے غلبے کے نشے مین یہ کہنے کا موقع مل گیا کہ ہم ہی سب سے افضل و اعلیٰ ہین۔"

آخر اسی غلبے اور حکومت کو اُس نے اپنی فوقیت و افضلیت کی دلیل قرار دیدیا۔ جس طرح کہ انسانون کی کامیاب و حکمران قومین حکمرانی اور اپنے غلبے کو دوسری قومون کے مقابلے مین اپنے اشرف و اعلیٰ ہونے کی دلیل خیال کیا کرتی ہین۔ چنانچہ اسی دلیل کے گھمنڈ پر اُنھون نے اپنے خیالی مقدمے بنائے۔ اپنے خیال سے اُن مقدمون کی روداد قلمبند کین اور اس حجت پر اس قدر ناز تھا کہ جعلی فیصلے شایع کر کے خود ہی ڈگری لے لی۔

مگر اب دنیا کا تمدن بہت آگے بڑھ آیا ہے۔ تحقیق و تنقید نے انسان کے اگلے تمام دعوے توڑ دیے ہین۔ اور واقعات کی صورت ہی اور سے اور ہو گئی ہے۔ گاؤ زوریون اور جسمانی قوت سے حکومت کا حق مل جانا اگلے دنون ایک

قطعی فیصلہ تھا۔ مگر اب انسان کو ایسے مصنوعی آلات و اسلحہ ہاتھ آگئے ہیں کہ تنومندی اور قوت کی کچھ اصل و حقیقت ہی نہیں رہی۔

علاوہ برین اب یہ بھی ثابت ہوگیا ہے کہ غلبے اور حکومت کو فضیلت و شرافت سے بہت ہی کم تعلق ہے۔ بلکہ لڑائی اور جسمانی زور آزمائی انسان کے ادنیٰ ترین فضائل مین شمار کی جاتی ہین۔ ممکن ہے کہ انصاف پسندی۔ دیانتداری۔ صفائی اور اسی طرح کے اور بہت سے صفات جانورون مین زیادہ ہون۔ اور اس مین کوئی شک نہین کہ یہ صفات جنگجوئی سے زیادہ افضل ہین۔

دنیا کے وہ لوگ جو تمام مذہبون مین واجب التعظیم اور اشرف و افضل سمجھے جاتے ہین۔ اُن کے نزدیک نیکی اور خوبی یا دوسرے الفاظ مین یون کہا جائے کہ فضیلت و شرافت صرف اس مین ہے کہ انسان دنیاوی جھگڑون سے الگ رہے۔ دولتمندی کی ہوسون سے بھاگے۔ خدا نے جو کچھ دیا ہے اُس پر قناعت کرے۔ اپنی نسل کی بقا کا انتظام رکھے۔ اور شب و روز خدا کو یاد کرے۔ ہمین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جانورون مین یہ صفات بہ نسبت انسان کے زیادہ اکمل و اعلےٰ درجے تک پائے جاتے ہین۔ وہ قانع ہین۔ بے ضرورت بھیک نہیں مانگتے۔ اپنے فرائض سے غافل نہین ہوتے۔ دوسرون کے معاملات مین دخل نہین دیتے۔ اور جہان تک بنتا ہے بے آزار زندگی بسر کرتے ہین۔ کیا ان صفات کا لحاظ کیجیے تو یہ جانور جن کو ہم نے حد سے زیادہ ستا رکھا ہے ہم سے زیادہ شریف و افضل نہین معلوم ہوتے؟

اس کو بھی چھوڑیے۔ جانورون کی اس قطعی دلیل فضیلت کا کیا جواب ہو سکتا ہے کہ تمام صفات حسنہ اور کُل خوبیون کا ایک ذات مین جمع ہو جانا اور کُل بُرائیون۔ خرابیون اور ذلیل حرکتون سے اُس کا مصئون و معصوم ہونا محال ہے۔ اس لیے کہ مستجمع جمیع کمالات ہونا صرف اُس رب العزت کے ساتھ مخصوص ہے جو ہم سب کا خالقِ بے ہمتا ہے۔ ایسی حالت مین جانورون نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ کسی ایک صفت کو اپنے ساتھ مخصوص کر لیا ہے۔

بخلاف اس کے انسان کی یہ حالت ہے کہ طلب الکل فوت الکل۔ وہ چاہتا ہے

کہ ساری خوبیان اُس مین جمع ہو جائین - مگر اصل مین دیکھیے تو سب ناقص درجے تک ہین - اور اس قدر ناتمام اور غیر مکمل ہین کہ اُن خوبیون کا ہونا بجاے کوئی خوبی ہونے کے عیب ہو گیا ہے - اور پھر لطف یہ کہ ان تمام ناقص صفات پر انسان کو تو یہ غرّہ ہے کہ اشرف المخلوقات ہونے کا دعوٰی کر رہا ہے - اور جانورون کی یہ حالت ہے کہ اپنی اپنی صفتون مین اس درجہ کمال رکھنے پر بھی اس طرح خاموش ہین کہ گویا کچھ جانتے ہی نہین -

انسان کو سب سے بڑا دعوٰی اپنے ہُنرون اور اپنی صنعتون پر ہے - اُسکی یہی ترقی ایسی نمایان ہے جس نے دنیا مین اس قدر ترمیم کر دی - اول تو اسی مین شک ہے کہ اسے ترقی کہنا چاہیے یا ہوس پرستیون کا کرشمہ - لیکن اگر بالفرض یہ ترقی بھی ہے تو اگر غور کیجیے تو انسان نے تمام صفتین جانورون ہی سے سیکھی ہین - وہ موجد بنتا ہے - مگر انصاف سے پتہ لگائیے تو اُس مین سوا دوسرون کی نقل کرنے کے ایجاد کا مطلق مادّہ نہین ہے - انسانی ہُنرمندیون کے جتنے مبادی ہین سب دوسرون سے لیے اور چُرائے ہوے ہین - اُس نے جانورون کے اُون اور پَر دیکھ کے اپنے جسم کے لیے کپڑے بنائے - جانورون کی غذاؤن سے منتخب کر کے اور اُن کو باہم ترتیب دے کے اپنے لیے قسم قسم کی غذائین منتخب کین - مختلف جانورون کے مسکن اور آشیانے دیکھ کے اپنے رہنے کو گھر بنائے - بَیّے کے جھونجھ مین جگنو چمکتے دیکھ کر اپنے مکان مین چراغ روشن کیا - شہد کی مکھیون کا نظام دیکھ کے اپنا نظام تمدنی قائم کیا - اسی طرح جتنی چیزون کو خیال کیجیے کوئی خاص انسان کی ایجاد کی ہوئی نہ ملے گی -

اس مین شک نہین کہ انسان کو ایک بیقرار و غیر قانع طبیعت ملی ہے - جو اُسے کسی حال پر قرار نہین لینے دیتی - اور اُس کی ہوس کسی طرح پوری ہونے کو نہین آتی - جس کے نتیجے مین اُس نے کیا دی - مکاری - اور خونخواری و ضرر رسانی مین سب سے زیادہ ترقی کر لی ہے - جبکہ ساری مخلوق کا یہ طریقہ ہے کہ بے وجہ دوسرون کی آزادی معاشرت مین کوئی فرق نہین ڈالتا - انسان بجاے اس کے کہ اپنی حالت درست کرے خواہ مخواہ اورون کے معاملات مین دخل دیتا

اُن کو ستاتا - اُن کی زندگی تلخ کرتا - اور اپنے ذلیل نفع کے لیے اُن کی جان لیتا ہے -

اگرچہ ساری مخلوق مین خدا نے یہ شان پیدا کر دی ہے کہ ایک ایک کو کھائے جاتا ہے - خلاق عالم نے ہر ایک کو غذا حاصل کرنے پر مجبور کر دیا ہے - اور اسی بہانے خداوند جل وعلا نے ایک مخلوق کو دوسرے کے فنا کرنے کا آلہ بنا دیا ہے - فنا کرنے کا یہ قانون حجر و شجر تک مین جاری ہے - اس مین خدا کی بڑی بھاری مصلحت ہے - کیونکہ اگر یہ نہ ہوتا تو قدرت کے اکھاڑے مین جو بازیگر آتے سامنے سے ہٹنے کا نام ہی نہ لیتے - اور دوسرون کے لیے جگہ خالی نہ ہوتی - لہذا پیٹ بھرنے کے لیے اگر انسان بھی قدرت کے اس عام باورچی خانے سے اپنا شکمی وظیفہ حاصل کر لیتا تو کوئی مضائقہ نہ تھا - مگر وہ اِس حد سے تجاوز کر کے محض شوق و تفنن کے لیے ہر مخلوق کے نوعی عالم مین دخل دیتا اور بے ضرورت مخلوقات پر ظلم کرتا ہے - وہ اپنے پانؤن بیکار کر کے جانورون سے سواری لیتا ہے - اپنا بدن ڈھانکنے کے لیے جانورون کا اُون کاٹتا - اُن کے پر نوچتا - اور اُن کی کھال کھینچتا ہے -

ان چیزون کو اگر ترقی کہا جائے تو ترقی مین چاہے اعلیٰ درجے کی نفس پروری ہوتی ہو مگر وہ نہایت ہی شرمناک چیز ہے - خود انسانون مین جو اعلیٰ درجے کے واجب الاحترام بزرگ ہین وہ بھی انسان کی ان حرکتون اور اُس کی اس دست بُرد کو بُرا سمجھتے ہین -

اُن کے نزدیک فضیلت و شرافت یہ ہے کہ انسان ایک بے ضرر و بے آزار زندگی بسر کرے - اُس کے ہاتھ سے کسی کو نقصان نہ پہونچے - بجائے دوسرون کے معاملات مین پڑنے کے وہ اپنی فکر رکھے - اپنے اخلاق درست کرے - اور خدا کو نہ بھولے - جب خود انسان کے مدوّنہ علم اخلاق کا یہی اصول باعثِ شرافتِ نفس و افضلیت ہے تو سچ یہ ہے کہ شرافت مین انسان من حیث المجموع سب سے بدتر ہے - اور جانور قطعاً اُس سے زیادہ شریف و افضل ہین

چلتے پھرتے باغ و مکان ستمبر ۱۹۱۷ء

خدا کی عجیب و غریب قدرت کا ایک یہ بھی نمونہ ہے جو ہمارے لیے حد سے زیادہ حیرت انگیز ہو سکتا ہے کہ دریاؤں اور جھیلوں میں پانی کی سطح پر تیرتے اور چلتے پھرتے قطعات زمین بن جاتے ہیں۔ اور وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ اُن پر باغ لگائے جائیں۔ کھیت بوئے جائیں۔ اور شاداب ترکاریاں تیار کی جائیں۔

ہمارے ہندوستان میں جابجا گنگا میں زمین کے بڑے بڑے تختے سطح آب پر پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہتے ہوئے دیکھے جاتے ہیں۔ مگر یہ عموماً انسانوں کے بنائے ہوئے نہیں بلکہ خود قدرت الٰہی کی صنعت ہوتے ہیں۔ یہ تختے درختوں کی ٹہنیوں۔ لکڑی کے ٹکڑوں۔ اور سوار وغیرہ کے باہم مل اور جڑ جانے سے بن جاتے ہیں۔ اور جب تیار ہو چکتے ہیں تو سیلاب میں پانی کا زور اُنھیں کنارے سے چھڑا کے بہا لاتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ دریا کے آغوش میں ایک شاداب اور نزہت بخش مرغزار بہتا چلا جاتا ہے۔ ان میں سے بعض پر اکثر بڑے بڑے پیڑ بھی دیکھے جاتے ہیں۔ اور اُن کو چلتے پھرتے دیکھ کے عقل انسانی چکر میں آجاتی ہے۔

انگلستان کی جھیلوں میں بھی دو ایک جھیلیں ایسی ہیں جن کی سطح پر اسی قسم کے تختہ ہائے زمین پانی میں سدا بہار باغ لگانے کے لیے پیدا ہو گئے ہیں۔ اور اس سے بھی زیادہ لطف و حیرت کی یہ بات ہے کہ وہاں کی جھیل "ڈرونٹ واٹر" میں جو ایسا ہی ایک مصنوعی تختہ زمین ہے اُس کے آغوش میں ایک اور جھیل پیدا ہو گئی ہے۔

مملکت پروشیا (جرمنی) میں ایک "جھیل باغ" ہے۔ اُسکی سطح آب پر بڑے بڑے تیرنے والے اور چلتے پھرتے جزیرے ہیں۔ اور ایسی ہی ایک جھیل میں ایسے مضبوط قطعات زمین بن گئے ہیں جن پر اچھے اور نفیس جھاؤ کے درخت لگائے جاتے ہیں۔ اسپین والوں نے جب امریکہ کو فتح کیا ہے تو

میکسیکو کی جھیل مین بھی تیرتے اور چلتے پھرتے باغ دیکھے تھے۔

شمالی و مغربی ہند یعنی کشمیر مین۔ اور تبت و ایران کی سرحد پر لوگ اپنی جھیلون مین خود ہی ایسے جزیرے اور قطعات زمین بنا لیا کرتے ہین جن پر وہ باغ لگاتے ہین۔ اور تربوزون۔ اور خربزون۔ کھیرون۔ ککڑیون اور دیگر بقولات کے جو مرطوب زمین چاہتے ہون بڑے بڑے کھیت تیار کرتے ہین۔ جن کی نسبت اختیار رہتا ہے کہ جب تک چاہین کسی جگہ قائم رکھین اور جب چاہین کسی اور مقام پر ہٹا لے جائین۔ یہان کوئی کسی سے کہے کہ فلان شخص کے کھیت کو چور چرا لے گئے تو تم اُسے مجنون و فاتر العقل کہو گے۔ مگر وہان یہی تمہارے خیال کے خلاف فطرت واقعات روز پیش آیا کرتے ہین۔ اور اکثر کھیتون کی چوریان ہوتی رہتی ہین۔ یعنی مالک کو غافل پا کے لوگ اُس کے کھیت کھین اور کھینچ لے جاتے ہین یا اپنے کھیت مین ملا لیتے ہین۔ کشمیر مین اس قسم کے تختون پر جہان باغ ہو گیا ہے اور پھول کھلے ہین وہان کی بہار سارے مناظر قدرت کو مات کر دیتی ہے۔

یہ تختہ ہاے زمین بہت پتلے۔ سُبک اور نازک ہوتے ہین۔ اور اُن کا دل کہین شاذ و نادر ہی ایک فٹ سے زیادہ ہوتا ہے۔ اصلی چیز جس پر اُن تختون کی بنیاد قائم کی جاتی ہے۔ درختون کی ٹہنیان۔ لکڑی کے ٹکڑے ہین جن کو سوار بن کے جوڑ دیتی ہے۔ پھر اُس پر چٹائیان بچھا کے تھوڑی تھوڑی مٹی ڈال دی جاتی ہے۔ اور اُس مین تخم پاشی ہوتی ہے۔

مگر ان سب چیزون سے زیادہ حیرتناک ملک سیام کے چلتے پھرتے گانون ہین۔ جن کے بنانے مین دار السلطنت سیام بنکوک کے لوگ ساری دنیا سے سبقت لے گئے ہین۔ وہ لوگ سیلاب سے بچنے اور پانی کے ضرر سے محفوظ رہ کے آرام و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لیے ایسے مکان بناتے ہین جو پانی پر تیرتے اور چلتے پھرتے رہتے ہین۔ ان مکانون کو برابر برابر جما کے اور لنگرون کے ذریعے سے ایک جگہ قائم کر کے وہ بڑی بڑی بستیان بنا لیتے ہین جن کے بیچ مین پانی کی کشادہ سڑکین ہوتی ہین۔ اور پانی اتنا گہرا ہوتا ہے کہ اُن آبی سڑکون مین دو دو

تین تین سو ٹن کا بوجھ لیجانے والے جہاز گذرتے رہتے ہین - ان بستیون کی وضع و قطع بدلنے کا اُنھین اختیار رہتا ہے - مکان کا رُخ جدھر چاہین پھیر سکتے ہین اور یہ اُن کے بس کی بات ہے کہ جب چاہین اپنے اس بحری گاؤن کی وضع و صورت بدل دین - اُن کے یہ مکان علی العموم بانس کی کھپاچون - ٹہنیون - اور کھجور کے درختون سے بنتے ہین اور نہایت ہی سُبک اور خوشنما ہوتے ہین - جن مین سامنے کے رُخ پر عموماً ایک برآمدہ ہوتا ہے - جس سے کشتیان اور جہاز آکے لگ جاتے ہین اور اُن کے ذریعہ سے بہ آسانی ہر حصۂ آبادی اور ہر سڑک کی سیر ہو سکتی ہے - اور وہی ذریعۂ آمد و رفت ہوا کرتے ہین -

اٹلی مین شہر وینس کی بڑی تعریف کی جاتی ہے کہ سمندر کو شہر کے اندر کاٹ لائے ہین - اور پانی کی نہرین سڑکون کا کام دیتی ہین جن مین کشتیون کے ذریعے سے آمد و رفت ہوتی ہے - مگر جو خوبی سیام کی اِن چلتی پھرتی بستیون مین ہے وینس کو بھلا کہان نصیب ہو سکتی ہے ؟ وینس کی جو قطع ہے نہین بدل سکتی - اس لیے کہ پانی کی سڑکون کے کنارے دونون جانب پختہ عمارتین ہین - بخلاف اسکے سیام کی بستیون مین یہ صفت ہے کہ جس گاؤن کو جہان اور جتنی دور چاہین لے جاکے قائم کر دین - اور جب ایک وضع کی آبادی سے دل اُکتائے بدل کے دوسری وضع کر دین - جس کسی کا جب تک جی چاہے ایک جگہ رہے اور جب چاہے مع مکان کے دوسرے محلے اور دوسرے احباب کے جوار مین چلا جائے -

ایشیا - تجھ مین سب طرح کے کمال ہین - سارے مذہب - سارے تمدن - اور ساری صنعتین تجھ سے نکلی ہین - مگر یورپ کی زبردستیون نے تیرے سارے کمالات پر خاک ڈال دی - اور اسی ناقدری کا نتیجہ ہوم رول کی تمنا و آرزو ہے -

حمام کی تاریخ

انگریزی میں حمام کو "باتھ" کہتے ہین جسکے لغوی معنی غسل یا نہانے کے ہین اور اس وجہ سے وہان یہ سمجھا جاتا ہے کہ جسم انسان کے گرد و پیش معمولی اوقات میں جس مقدار میں گرمی یا سردی رہا کرتی ہے اسکے خلاف کسی جگہ زیادہ درجے کی گرمی یا سردی اُسکے جسم پر اثر ڈالنے کیلیے پیدا کیجاتی

تو وہ مقام "حمام" ہے۔ مگر ہمارے یہان صرف اُسی مقام کو حمام کہنا چاہیے جہان کی فضا معمول سے زیادہ گرم کردی گئی ہو۔ اگرچہ اُسی مکان مین گرمیون کے موسم مین کبھی لوگ ٹھنڈے پانی سے بھی نہالیا کرتے ہون۔

دراصل حمام اُس عمارت کا نام ہے جس مین پانی کے حوض کے نیچے آگ جلا کے حوض کا پانی خوب گرم کیا جائے۔ پھر اُس پانی سے جو بخارات اُٹھین اُن کو دروازے اور باہر کے منافذ بند کرکے محفوظ کیا جائے۔ اور مکان کی فضا اور ہوا جس درجے تک ضرورت ہو گرم کردی جائے۔ اُس مین ایک ٹھنڈا حوض رکھنا بھی لازمی ہے تاکہ جب پانی بہت زیادہ گرم ہو جائے تو اُس کو جس درجے تک مناسب ہو سمو کے معتدل کردیا جائے۔

اس مین نہانے کے طریقے بھی مختلف ہین۔ کہین لوگ حوض مین اُتر کے غوطہ لگاتے ہین۔ کہین حوض سے لوٹے مین پانی لے کے پنڈے پر ڈالتے ہین۔ اور بعض جگہ چھت پر لگے ہوئے فوارون اور ہزارون سے مینھ کی طرح اپنے اوپر پانی برساتے ہین۔

نہانے کا آغاز تو اُسی وقت سے دنیا مین ہو گیا ہوگا جب انسان پیدا ہوا اور اُسے صفائی کی ضرورت محسوس ہوئی۔ لیکن مذکورۂ بالا خاص شان کے گرم حمامون کا آغاز غالباً بابل اور مصر مین ہی ہوا ہوگا جہان تمدن انسانی یورپ سے پہلے ترقی کرگیا تھا۔ مگر یورپ مین یونان کے پہلے شاعر ہومر کے زمانے تک گرم حمامون کا پتہ لگتا ہے۔ جو حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ۱۴۷۱ سال پیشتر کا زمانہ تھا۔

اُس کے بعد یونانیون مین ایسے گرم حمام کثرت سے بن گئے جو یا تو معزز امرا کے گھرون مین تھے اور خاص اُن اور اُن کے احباب کے غسل کرنے کے لیے مخصوص تھے۔ اور یا عام لوگون کے نہانے کی غرض سے تھے۔ لیکن اس کا پتہ لگانا دشوار ہے کہ یونانیون کے وہ حمام کس وضع قطع کے تھے۔ اُن مین گرمی کو درجے تک بڑھائی جا سکتی تھی اور کیونکر بڑھائی جاتی تھی۔ اور نہانے کے کیا کیا مدراج اور طریقے تھے۔ زیادہ تفتیش سے اُنکے حمامون کے متعلق فقط

اس قدر معلوم ہو سکا ہے کہ اُن کے جو حمام عوام کے لیے تھے وہ علی العموم "جمنے شیہ" یعنی ورزش خانون اور اکھاڑون سے متعلق ہوا کرتے تھے - اور ورزش کرنے کے بعد فوراً اُن مین جا کے وہ لوگ گرم پانی سے نہایا کرتے تھے

یونانیون کے بعد رومیون کا زمانہ شروع ہوا تو ابتداءً اُنھون نے وہی یونانیون کی وضع کے حمام اپنے وہان بنوائے - پہلے پہل رومیون مین حمامون کو زیادہ اہمیت نہ تھی - یہان تک کہ آگسٹس قیصر کا زمانہ آیا - اور اُس کے شوق نے حمامون کو غیر معمولی اہمیت دے کے اُن مین شاہانہ شوکت و رونق پیدا کر دی - رومی حمامون کو "تھرمہ" کہتے تھے - جس کے معنے گرم غسل خانے کے ہین - اور اُس کا صحیح ترجمہ ہمارا عربی لفظ "حمام" ہے گو کہ رومیون مین ہمارے یہان کی طرح ٹھنڈے حمام بھی تھے -

رومی امرا اور قیصرون کی شوقینی کا آخر یہ انجام ہوا کہ رومۃ الکبریٰ کے تمام محلون مین کثرت سے عالیشان حمام تیار ہو گئے - مختلف مورخین کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اکیلے شہر رومہ مین آٹھ سو سے زیادہ ہی حمام تھے - جن مین زیادہ مشہور و معروف حمام اگریپا - حمام انطونیوس - حمام قراقلا - حمام دیوقلطین - حمام نیرو - اور حمام طیطوس تھے - دیوقلیطین مین کہتے ہین کہ ۱۸۰۰ آدمیون کے نہانے کے چبوترے تھے - اور اُن کی عظمت و رونق اور آراستگی و زیبایش کے جو افسانے بیان کیے جاتے ہین حیرت انگیز ہین - جن رومی حمامون کے منہدم آثار آج باقی ہین اُن کے دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ عمارتین جب اپنی اصلی حالت پر قائم ہون گی تو کیسی شاندار ہون گی - اور یقین آجاتا ہے کہ اُنکی نسبت جو کچھ کہا جاتا ہے بالکل سچ ہے -

رومیون مین حمام کرنے کا وقت علی العموم گرمیون مین دن کو دو بجے اور جاڑون مین تین بجے تھا - اور اُن مین نہانے کا طریقہ یہ تھا کہ حمام مین داخل ہونے کے بعد کپڑے اُتارتے ہی کوئی عام قسم کا گاڑھا اور سستا تیل سارے پنڈے مین لگا دیا جاتا - اس کے بعد وہ افارسٹولیم مین داخل ہوتے - افارسٹولیم ایک بڑے ہال کا نام تھا جس مین ہر طرح کی ورزشون کا سامان موجود رہتا - وہان

وہ خوب ورزش کرتے یہان تک کہ خوب پسینہ آ جاتا - جو ورزش زیادہ عام تھی یہ تھی کہ بھاری فولادی گولون کو اُٹھایا اور مختلف طریقون سے گھمایا جاتا تھا -

جی بھر کے ورزش کرنے کے بعد وہ ایک دوسرے گرم کمرے مین جاتے جو کالڈ دریم کہلاتا - اور اُس مین خوب تیز گرمی ہوتی - یہان سینگ اور اژدھات کے جھانوون سے خوب رگڑ رگڑ کے بدن دھویا جاتا - خوب نہا دھو لینے کے بعد یہان اُنکے پنڈے مین ایک لطیف خوشبودار تیل لگایا جاتا - جس کے بعد وہ ٹیپٹی ڈوریم مین داخل ہوتے - یہ وہ کمرہ تھا جس مین نہانے کے کمرے کے مقابل خفیف درجے کی گرمی ہوتی - تھوڑی دیر وہان توقف کرکے وہ فریجی ڈاریم مین جاتے جو ٹھنڈا کمرہ ہوتا تھا - اور اُس ٹھنڈے کمرے مین آنے کی ضرورت یہ ہوتی کہ کالڈ دریم کی سخت گرمی کے بعد ایک ٹھنڈے مقام مین ٹھہر کے جسم مین کھلی فضا اور باہر کی ہوا مین آنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے -

یہ تھا رومی حمام جس کا رومیون کو اس قدر شوق تھا کہ جس سرزمین پر جاکے انھون نے قیام کیا اسی قسم کے پبلک حمام بھی وہان اُنھون نے تعمیر کرلیے - گرم چشمون سے فائدہ اُٹھایا اور اُنکے پانی کو حمام مین پہونچایا - چنانچہ مغربی انگلستان مین شہر باتھ (حمام) رومیون کے اس مذاق کی یادگار آج تک موجود ہے -

رومیون کے زوال کے بعد قرون وسطیٰ مین یورپ پر مسیحی مقتداؤن کا اثر تھا اور اُنھین طہارت اور نہانے اور دھونے سے اس قدر نفرت تھی کہ رومیون کے بنائے ہوے تمام حمام منہدم ہوگئے - اور جن لوگون کو اُس پر فخر و ناز ہو کہ ہمارے پنڈے مین عمر بھر پانی نہین لگا اُن کے زمانے مین اگلے حمامون کے باقی رہنے اور کسی نئے حمام کے تعمیر ہونے کی کیا اُمید ہوسکتی تھی ؟ چند ہی روز مین اہل ملک حمام اور اُس کے لطف کو بھول گئے - اور اُسکے ساتھ ہی طہارت و نجاست کا امتیاز بھی اُٹھ گیا - اور یورپ کی پبلک مین وہ تمام عیوب پیدا ہوگئے جو صفائی اور طہارت کا خیال نہ ہونے کے لازمی نتائج ہین - حتی کہ پیشاب پاخانے کے بعد بھی دھونے کی ضرورت نہ باقی رہی - اگرچہ اب بہت سے ہندوستانی نجس رہنے مین یورپ کی تقلید کرنے لگے ہیں مگر وہ ننگ وطن ہین - اور اس نجس رہنے پر

اُنھین تو شرم نہین آتی مگر ہم بجاے خود اُن کے عوض شرما لیا کرتے ہین۔

رومیون کے بعد سرزمین عرب سے نیّر اسلام طلوع ہوا۔ اور عرب لوگ توحید کندھے پر رکھ کے افریقہ سے ہوتے ہوے یورپ پہونچے۔ ان موحدون کے نزدیک نہانا اور وضو کرنا خدا کی عبادت کے لیے لازمی تھا۔ اسی قدر نہین جنابت کی حالت مین اُنھین بغیر نہائے ایک گھڑی بسر کرنا بھی دشوار تھا۔ اُن کو غسل و وضو کرتے اور گھڑی بھر کے لیے بھی نجاست کو نہ برداشت کر سکتے دیکھ کر تعصب نے مسیحیون کو یقین دلایا کہ نہانا دھونا اور بدن کو پانی مین بھگونا ایمانداری کے خلاف اور کافرون (مسلمانون) کا کام ہے۔ دیندار مسیحیون کو ان باتون سے کیا غرض؟ بہرحال مسیحیون کو طہارت کرنے اور نجاست دُور کرنے سے روز بروز نفرت و مخالفت ہوتی گئی۔ اور نہانے دھونے کا جو کچھ سامان اگلے رومیون کا مہیا کیا ہوا باقی تھا سب ان کے ہاتھون فنا ہوگیا۔ جس کا عجیب نتیجہ آج یہ نظر آرہا ہے کہ اسی سرزمین (یورپ) مین جہان رومیون نے گانون گانون مین حمام بنوائے تھے آج اگر ایک آدھ حمام عجائبات قدرت کے نمونے کے طور پر بنا بھی لیا گیا ہے تو اپنی چیز نہین بلکہ "ٹرکش حمام" یعنی ترکون اور مسلمانون کی چیز کہا جاتا ہے۔

مسلمانون کو تمدن و دولت حاصل کرتے ہی اپنی طہارت اور صفائی کی ضرورتون کے لحاظ سے حمام ایک نعمت غیر مترقبہ نظر آیا۔ اُنھون نے فوراً اُسے اختیار کر لیا۔ اور جہان جہان عرب جاکے آباد ہوے یا دین اسلام پہونچا ہزارون حمام تعمیر ہوگئے۔ اسی قدر نہین اُنھون نے اپنے حمامون مین رومی حمام سے بھی زیادہ ترقی کی۔ چنانچہ فی الحال دنیا کے تمام باعظمت و شان حمام مسلمانون کے بنائے ہوے ہین۔

اہل اسلام کے حمامون مین سے وہ ورزش خانہ نکل گیا جس کی وجہ یہ تھی کہ سپہگری کے فنون اور اسلحۂ جنگ کی ورزشون کا جداگانہ مستقل انتظام ہوگیا۔ اور یہ چیزین کبھی کبھی کے لیے نہین بلکہ روزانہ تعلیم مین داخل ہوگئین۔ ان اسلامی حمامون مین پہلے انسان ایک کمرے مین داخل ہوتا ہے جس کی گرمی اس قدر معتدل

ہوتی ہے کہ ناگوار نہیں گزرتی - اور کوئی مضر اثر نہیں ڈال سکتی - وہان کپڑے اُتار کے اور ایک مناسب زمانے تک ٹھہر کے انسان ایک اور کمرے مین جاتا ہے جو پہلے کمرے سے زیادہ اور نہانے کے کمرے سے کم گرم ہوتا ہے - یہان بھی تھوڑی دیر ٹھہر کے وہ اُس کمرے مین جاتا ہے جہان نہانا ہے - یہان تک پہونچتے پہونچتے خوب پسینہ آجاتا ہے - میل چھوٹنے کے لیے خوب پھول جاتی ہے - اب حمامی ایک چوکی پر بٹھا کے تمام جسم پر تیز گرم پانی ڈال دیتا ہے - پھر کیسے سے خوب مل مل کے میل چھڑاتا ہے اور بدن کو صاف کرتا ہے - بالون کو بیسن یا کھلی یا کسی اور چیز سے مل کے دھوتا ہے - اسکے بعد وہ مختلف پیچون اور طریقون سے ہڈیون کے جوڑون کو چٹخاتا ہے اور ایسی اچھی دلک کرتا ہے کہ نہایت آرام ملتا ہے - اور معلوم ہوتا ہے کہ سارے اعضا نرم پڑگئے - تھکن اور سستی دُور ہوگئی اور ہاتھ پاؤن کھل گئے - اس کے بعد جسم پر خوب پانی بہا کے اور بخوبی طہارت کرکے انسان لنگی بدل کے حسب ترتیب اُنھین کمرون سے گذرتا ہے جن مین سے ہو کے گیا تھا - اور آخری کمرے مین دم بھر ٹھہر کے اور کپڑے پہن کے اپنے گھر چلا آتا ہے -

تدریجی کمرون کی وجہ سے انسان آخری کمرے مین اُس درجے تک کی حرارت کو برداشت کر لیتا ہے کہ اگر براہِ راست نہانے کے کمرے مین چلا جائے تو وہان کی حرارت اُس کے لیے اس قدر ناقابل برداشت ہو کہ ضرر پہونچا دے - ترکی حمامون مین پتھرون پر گرم پانی چھڑک چھڑک کے نہانے کی کمرے کی حرارت ۱۴۰ درجے تک پہونچا دی جاتی ہے -

حمام اگرچہ سرد ممالک اور ہمارے یہان بھی جاڑون مین نہایت لطف کی چیز ہے اور اُن سے اطبا نے اپنے فن مین بھی بہت فائدہ اُٹھایا ہے مگر اُسکے ساتھ نہایت ہی خطرناک چیز بھی ہین - اگر حرارت اعتدال سے تجاوز کر جائے تو جان کا خطرہ ہے - چنانچہ اگلی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ متعدد بادشاہون اور بہت سے امیرون کی جانین حمامیون سے سازش کرکے حمام ہی کے ذریعے سے لی گئی ہین -

چلتے پھرتے باغ و مکان ستمبر ۱۹۱۷ء

خدا کی عجیب و غریب قدرت کا ایک یہ بھی نمونہ ہے جو ہمارے لیے حد سے زیادہ حیرت انگیز ہو سکتا ہے کہ دریاؤں اور جھیلوں میں پانی کی سطح پر تیرتے اور چلتے پھرتے قطعات زمین بن جاتے ہیں۔ اور وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ اُن پر باغ لگائے جائیں۔ کھیت بوئے جائیں۔ اور شاداب ترکاریاں تیار کی جائیں۔

ہمارے ہندوستان میں جابجا گنگا میں زمین کے بڑے بڑے تختے سطح آب پر پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہتے ہوئے دیکھے جاتے ہیں۔ مگر یہ عموماً انسانوں کے بنائے ہوئے نہیں بلکہ خود قدرت الٰہی کی صنعت ہوتے ہیں۔ یہ تختے درختوں کی ٹہنیوں۔ لکڑی کے ٹکڑوں۔ اور سوار وغیرہ کے باہم مل اور جڑ جانے سے بن جاتے ہیں۔ اور جب تیار ہو چکتے ہیں تو سیلاب میں پانی کا زور اُنھیں کنارے سے چھڑا کے بہا لاتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ دریا کے آغوش میں ایک شاداب اور نزہت بخش مرغزار بہتا چلا جاتا ہے۔ ان میں سے بعض پر اکثر بڑے بڑے پیڑ بھی دیکھے جاتے ہیں۔ اور اُن کو چلتے پھرتے دیکھ کے عقل انسانی چکر میں آجاتی ہے۔

انگلستان کی جھیلوں میں بھی دو ایک جھیلیں ایسی ہیں جن کی سطح پر اسی قسم کے تختہ ہائے زمین پانی میں سدابہار باغ لگانے کے لیے پیدا ہو گئے ہیں۔ اور اس سے بھی زیادہ لطف و حیرت کی یہ بات ہے کہ وہاں کی جھیل "ڈرونٹ واٹر" میں جو ایسا ہی ایک مصنوعی تختۂ زمین ہے اُس کے آغوش میں ایک اور جھیل پیدا ہو گئی ہے۔

مملکت پروشیا (جرمنی) میں ایک "جھیل باغ" ہے۔ اُسکی سطح آب پر بڑے بڑے تیرنے والے اور چلتے پھرتے جزیرے ہیں۔ اور ایسی ہی ایک جھیل میں ایسے مضبوط قطعات زمین بن گئے ہیں جن پر اچھے اور نفیس جھاؤ کے درخت لگائے جاتے ہیں۔ اسپین والوں نے جب امریکہ کو فتح کیا ہے تو

میکسیکو کی جھیل مین بھی تیرتے اور چلتے پھرتے باغ دیکھے تھے۔

شمالی و مغربی ہند یعنی کشمیر مین اور تبت و ایران کی سرحد پر لوگ اپنی جھیلون مین خود ہی ایسے جزیرے اور قطعات زمین بنا لیا کرتے ہین جن پر وہ باغ لگاتے ہین۔ اور تربوزون۔ اور خربزون۔ کھیرون۔ ککڑیون اور دیگر بقولات کے جو مرطوب زمین چاہتے ہون بڑے بڑے کھیت تیار کرتے ہین۔ جن کی نسبت اختیار رہتا ہے کہ جب تک چاہین کسی جگہ قائم رکھین اور جب چاہین کسی اور مقام پر ہٹا لے جائین۔ یہان کوئی کسی سے کہے کہ فلان شخص کے کھیت کو چور چرا لے گئے تو تم اُسے مجنون و فاتر العقل کہو گے۔ مگر وہان یہی تمہارے خیال کے خلاف فطرت واقعات روز پیش آیا کرتے ہین۔ اور اکثر کھیتون کی چوریان ہوتی رہتی ہین۔ یعنی مالک کو غافل پا کے لوگ اُس کے کھیت کھین اور کھینچ لے جاتے ہین یا اپنے کھیت مین ملا لیتے ہین۔ کشمیر مین اس قسم کے تختون پر جہان باغ ہو گیا ہے اور پھول کھلے ہین وہان کی بہار سارے مناظرِ قدرت کو مات کر دیتی ہے۔

یہ تختہ ہاے زمین بہت پتلے۔ سُبک اور نازک ہوتے ہین۔ اور اُن کا دَل کہین شاذ و نادر ہی ایک فٹ سے زیادہ ہوتا ہے۔ اصلی چیز جس پر اُن تختون کی بنیاد قائم کی جاتی ہے۔ درختون کی ٹہنیان۔ لکڑی کے ٹکڑے ہین جن کو سوارین کے جوڑ دیتی ہے۔ پھر اُس پر چٹائیان بچھا کے تھوڑی تھوڑی مٹی ڈال دی جاتی ہے۔ اور اُس مین تخم پاشی ہوتی ہے۔

مگر ان سب چیزون سے زیادہ حیرتناک ملک سیام کے چلتے پھرتے گانون ہین۔ جن کے بنانے مین دار السلطنت سیام بنکوک کے لوگ ساری دنیا سے سبقت لے گئے ہین۔ وہ لوگ سیلاب سے بچنے اور پانی کے ضرر سے محفوظ رہ کے آرام و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لیے ایسے مکان بناتے ہین جو پانی پر تیرتے اور چلتے پھرتے رہتے ہین۔ ان مکانون کو برابر برابر جما کے اور لنگرون کے ذریعے سے ایک جگہ قائم کر کے وہ بڑی بڑی بستیان بنا لیتے ہین جن کے بیچ مین پانی کی کشادہ سڑکین ہوتی ہین۔ اور پانی اتنا گہرا ہوتا ہے کہ اُن آبی سڑکون مین دو

تین تین سو ٹن کا بوجھ لیجانے والے جہاز گذرتے رہتے ہین - ان بستیون کی وضع و قطع بدلنے کا اُنھین اختیار رہتا ہے - مکان کا رُخ جدھر چاہین پھیر سکتے ہین اور یہ اُن کے بس کی بات ہے کہ جب چاہین اپنے اس بحری گانؤن کی وضع و صورت بدل دین - اُن کے یہ مکان علی العموم بانس کی کھپاچون - ٹہنیون - اور کھجور کے درختون سے بنتے ہین اور نہایت ہی سُبک اور خوشنما ہوتے ہین - جن مین سامنے کے رُخ پر عموماً ایک برآمدہ ہوتا ہے - جس سے کشتیان اور جہاز آکے لگ جاتے ہین اور اُن کے ذریعہ سے بہ آسانی ہر حصۂ آبادی اور ہر سڑک کی سیر ہو سکتی ہے - اور وہی ذریعۂ آمد و رفت ہوا کرتے ہین -

اٹلی مین شہر وینس کی بڑی تعریف کی جاتی ہے کہ سمندر کو شہر کے اندر کاٹ لائے ہین - اور پانی کی نہرین سڑکون کا کام دیتی ہین جن مین کشتیون کے ذریعے سے آمد و رفت ہوتی ہے - مگر جو خوبی سیام کی اِن چلتی پھرتی بستیون مین ہے وینس کو بھلا کہان نصیب ہو سکتی ہے ؟ وینس کی جو قطع ہے نہین بدل سکتی - اس لیے کہ پانی کی سڑکون کے کنارے دونون جانب پختہ عمارتین ہین - بخلاف اسکے سیام کی بستیون مین یہ صفت ہے کہ جس گانؤن کو جہان اور جتنی دور چاہین لے جاکے قائم کر دین - اور جب ایک وضع کی آبادی سے دل اُکتائے بدل کے دوسری وضع کر دین - جس کسی کا جب تک جی چاہے ایک جگہ رہے اور جب چاہے مع مکان کے دوسرے محلے اور دوسرے احباب کے جوار مین چلا جائے -

ایشیا - تجھ مین سب طرح کے کمال ہین - سارے مذہب - سارے تمدن - اور ساری صنعتین تجھ سے نکلی ہین - مگر یورپ کی زبردستیون نے تیرے سارے کمالات پر خاک ڈال دی - اور اسی ناقدری کا نتیجہ ہوم رول کی تمنا و آرزو ہے -

حمام کی تاریخ

انگریزی مین حمام کو "باتھ" کہتے ہین جسکے لغوی معنی غسل یا نہانے کے ہین اور اس وجہ سے وہان یہ سمجھا جاتا ہے کہ جسم انسان کے گرد و پیش معمولی اوقات جس مقدار مین گرمی یا سردی رہا کرتی ہے اسکے خلاف کسی جگہ زیادہ درجے کی گرمی یا سردی اُسکے جسم پر اثر ڈالنے کیلیے پیدا کیجائے

تو وہ مقام "حمام" ہے۔ مگر ہمارے یہان صرف اُسی مقام کو حمام کہنا چاہیے جہان کی فضا معمول سے زیادہ گرم کردی گئی ہو۔ اگرچہ اُسی مکان مین گرمیون کے موسم مین کبھی لوگ ٹھنڈے پانی سے بھی نہالیا کرتے ہون۔

دراصل حمام اُس عمارت کا نام ہے جس مین پانی کے حوض کے نیچے آگ جلا کے حوض کا پانی خوب گرم کیا جائے۔ پھر اُس پانی سے جو بخارات اُٹھین اُن کو دروازے اور باہر کے منافذ بند کرکے محفوظ کیا جائے۔ اور مکان کی فضا اور ہوا جس درجے تک ضرورت ہو گرم کردی جائے۔ اُس مین ایک ٹھنڈا حوض رکھنا بھی لازمی ہے تاکہ جب پانی بہت زیادہ گرم ہو جائے تو اُس کو جس درجے تک مناسب ہو سمو کے معتدل کردیا جائے۔

اس مین نہانے کے طریقے بھی مختلف ہین۔ کہین لوگ حوض مین اُتر کے غوطہ لگاتے ہین۔ کہین حوض سے لوٹے مین پانی لے کے پنڈے پر ڈالتے ہین۔ اور بعض جگہ چھت پر لگے ہوے فوارون اور ہزارون سے مینھ کی طرح اپنے اوپر پانی برساتے ہین۔

نہانے کا آغاز تو اُسی وقت سے دنیا مین ہوگیا ہوگا جب انسان پیدا ہوا اور اُسے صفائی کی ضرورت محسوس ہوئی۔ لیکن مذکورۂ بالا خاص شان کے گرم حمامون کا آغاز غالباً بابل اور مصر مین ہی ہوا ہوگا جہان تمدن انسانی یورپ سے پہلے ترقی کرگیا تھا۔ مگر یورپ مین یونان کے پہلے شاعر ہومر کے زمانے تک گرم حمامون کا پتہ لگتا ہے۔ جو حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ۱۴۷۱ سال پیشتر کا زمانہ تھا۔

اُس کے بعد یونانیون مین ایسے گرم حمام کثرت سے بن گئے جو یا تو امرا کے گھرون مین تھے اور خاص اُن اور اُن کے احباب کے غسل کرنے کے لیے مخصوص تھے۔ اور یا عام لوگون کے نہانے کی غرض سے تھے۔ لیکن اس کا پتہ لگانا دشوار ہے کہ یونانیون کے وہ حمام کس وضع قطع کے تھے۔ اُن مین گرمی کو درجے تک بڑھائی جاسکتی تھی اور کیونکر بڑھائی جاتی تھی۔ اور نہانے کے کیا کیا مدراج اور طریقے تھے۔ زیادہ تفتیش سے اُنکے حمامون کے متعلق فقط

اس قدر معلوم ہو سکا ہے کہ اُن کے جو حمام عوام کے لیے تھے وہ علی العموم "جمنے شیہ" یعنی ورزش خانون اور اکھاڑون سے متعلق ہوا کرتے تھے - اور ورزش کرنے کے بعد فوراً اُن مین جا کے وہ لوگ گرم پانی سے نہایا کرتے تھے

یونانیون کے بعد رومیون کا زمانہ شروع ہوا تو ابتداءً اُنھون نے وہی یونانیون کی وضع کے حمام اپنے وہان بنوائے - پہلے پہل رومیون مین حمامون کو زیادہ اہمیت نہ تھی - یہان تک کہ آگسٹس قیصر کا زمانہ آیا - اور اُس کے شوق نے حمامون کو غیر معمولی اہمیت دے کے اُن مین شاہانہ شوکت و رونق پیدا کر دی - رومی حمامون کو "تھرمہ" کہتے تھے - جس کے معنے گرم غسل خانے کے ہین - اور اُس کا صحیح ترجمہ ہمارا عربی لفظ "حمام" ہے گو کہ رومیون مین ہمارے یہان کی طرح ٹھنڈے حمام بھی تھے -

رومی امرا اور قیصرون کی شوقینی کا آخر یہ انجام ہوا کہ رومۃ الکبریٰ کے تمام محلون مین کثرت سے عالیشان حمام تیار ہو گئے - مختلف مورخین کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اکیلے شہر رومہ مین آٹھ سو سے زیادہ ہی حمام تھے - جن مین زیادہ مشہور و معروف حمام اگرپا - حمام انطونیوس - حمام قراقلا - حمام دیوقلطین - حمام نیرو - اور حمام طیطوس تھے - دیوقلطین مین کہتے ہین کہ ۱۸۰۰ آدمیون کے نہانے کے چبوترے تھے - اور اُن کی عظمت و رونق اور آراستگی و زیبائش کے جو افسانے بیان کیے جاتے ہین حیرت انگیز ہین - جن رومی حمامون کے منہدم آثار آج باقی ہین اُن کے دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ عمارتین جب اپنی اصلی حالت پر قائم ہون گی تو کیسی شاندار ہون گی - اور یقین آجاتا ہے کہ اُنکی نسبت جو کچھ کہا جاتا ہے بالکل سچ ہے -

رومیون مین حمام کرنے کا وقت علی العموم گرمیون مین دن کو دو بجے اور جاڑون مین تین بجے تھا - اور اُن مین نہانے کا طریقہ یہ تھا کہ حمام مین داخل ہونے کے بعد کپڑے اُتارتے ہی کوئی عام قسم کا گاڑھا اور سستا تیل سارے پنڈے مین لگا دیا جاتا - اس کے بعد وہ افارسٹوئیم مین داخل ہوتے - افارسٹوئیم ایک بڑے ہال کا نام تھا جس مین ہر طرح کی ورزشون کا سامان موجود رہتا - وہان

وہ خوب ورزش کرتے یہان تک کہ خوب پسینہ آ جاتا۔ جو ورزش زیادہ عام تھی یہ تھی کہ بھاری فولادی گولون کو اُٹھایا اور مختلف طریقون سے گھمایا جاتا تھا۔

جی بھر کے ورزش کرنے کے بعد وہ ایک دوسرے گرم کمرے مین جاتے جو کالڈ وریم کہلاتا۔ اور اُس مین خوب تیز گرمی ہوتی۔ یہان سینگ اور اژدھات کے جھاڑون سے خوب رگڑ رگڑ کے بدن دھویا جاتا۔ خوب نہا دھو لینے کے بعد یہان اُنکے پنڈے مین ایک لطیف خوشبودار تیل لگایا جاتا۔ جس کے بعد وہ ٹیپٹی ڈوریم مین داخل ہوتے۔ یہ وہ کمرہ تھا جس مین نہانے کے کمرے کے مقابل خفیف درجے کی گرمی ہوتی۔ تھوڑی دیر وہان توقف کرکے وہ فریجی ڈاریم مین جاتے جو ٹھنڈا کمرہ ہوتا تھا۔ اور اُس ٹھنڈے کمرے مین آنے کی ضرورت یہ ہوتی کہ کالڈ وریم کی سخت گرمی کے بعد ایک ٹھنڈے مقام مین ٹھہر کے جسم مین کھلی فضا اور باہر کی ہوا مین آنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔

یہ تھا رومی حمام جس کا رومیون کو اس قدر شوق تھا کہ جس سرزمین پر جا کے انھون نے قیام کیا اسی قسم کے پبلک حمام بھی وہان اُنھون نے تعمیر کرلیے۔ گرم چشمون سے فائدہ اُٹھایا اور اُنکے پانی کو حمام مین پہونچایا۔ چنانچہ مغربی انگلستان مین شہر باتھ (حمام) رومیون کے اس مذاق کی یادگار آج تک موجود ہے۔

رومیون کے زوال کے بعد قرون وسطیٰ مین یورپ پر مسیحی مقتداؤن کا اثر تھا اور اُنھین طہارت اور نہانے اور دھونے سے اس قدر نفرت تھی کہ رومیون کے بنائے ہوے تمام حمام منہدم ہوگئے۔ اور جن لوگون کو اُس پر فخر و ناز ہو کہ ہمارے پنڈے مین عمر بھر پانی نہین لگا اُن کے زمانے مین اگلے حمامون کے باقی رہنے اور کسی نئے حمام کے تعمیر ہونے کی کیا اُمید ہوسکتی تھی؟ چند ہی روز مین اہل ملک حمام اور اُس کے لطف کو بھول گئے۔ اور اُسکے ساتھ ہی طہارت و نجاست کا امتیاز بھی اُٹھ گیا۔ اور یورپ کی پبلک مین وہ تمام عیوب پیدا ہوگئے جو صفائی اور طہارت کا خیال نہ ہونے کے لازمی نتائج ہین۔ حتیٰ کہ پیشاب پاخانے کے بعد بھی دھونے کی ضرورت نہ باقی رہی۔ اگرچہ اب بہت سے ہندوستانی نجس رہنے مین یورپ کی تقلید کرنے لگے ہیں مگر وہ ننگ وطن ہین۔ اور اس نجس رہنے پر

اُنھین تو شرم نہین آتی مگر ہم بجاے خود اُن کے عوض شرما لیا کرتے ہین۔

رومیون کے بعد سرزمین عرب سے تیرا اسلام طلوع ہوا۔ اور عرب لوگ توحید کندھے پر رکھ کے افریقہ سے ہوتے ہوے یورپ پہونچے۔ ان موحدون کے نزدیک نہانا اور وضو کرنا خدا کی عبادت کے لیے لازمی تھا۔ اسی قدر نہین جنابت کی حالت مین اُنھین بغیر نہائے ایک گھڑی بسر کرنا بھی دشوار تھا۔ اُن کو غسل و وضو کرتے اور گھڑی بھر کے لیے بھی نجاست کو نہ برداشت کر سکتے دیکھ کر تعصب نے مسیحیون کو یقین دلایا کہ نہانا دھونا اور بدن کو پانی مین بھگونا ایمانداری کے خلاف اور کافرون (مسلمانون) کا کام ہے۔ دیندار مسیحیون کو ان باتون سے کیا غرض؟ بہرحال مسیحیون کو طہارت کرنے اور نجاست دُور کرنے سے روز بروز نفرت و مخالفت ہوتی گئی۔ اور نہانے دھونے کا جو کچھ سامان اگلے رومیون کا مہیا کیا ہوا باقی تھا سب ان کے ہاتھون فنا ہو گیا۔ جس کا عجیب نتیجہ آج یہ نظر آرہا ہے کہ اسی سرزمین (یورپ) مین جہان رومیون نے گانون گانون مین حمام بنوائے تھے آج اگر ایک آدھ حمام عجائبات قدرت کے نمونے کے طور پر بنا بھی لیا گیا ہے تو اپنی چیز نہین بلکہ "ٹرکش حمام" یعنی ترکون اور مسلمانون کی چیز کہا جاتا ہے۔

مسلمانون کو تمدن و دولت حاصل کرتے ہی اپنی طہارت اور صفائی کی ضرورتون کے لحاظ سے حمام ایک نعمت غیر مترقبہ نظر آیا۔ اُنھون نے فوراً اُسے اختیار کر لیا۔ اور جہان جہان عرب جا کے آباد ہوے یا دین اسلام پہونچا ہزارون حمام تعمیر ہو گئے۔ اسی قدر نہین اُنھون نے اپنے حمامون مین رومی حمام سے بھی زیادہ ترقی کی۔ چنانچہ فی الحال دنیا کے تمام باعظمت و شان حمام مسلمانون کے بنائے ہوے ہین۔

اہل اسلام کے حمامون میں سے وہ ورزش خانہ نکل گیا۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ سپہگری کے فنون اور اسلحۂ جنگ کی ورزشون کا جداگانہ مستقل انتظام ہو گیا۔ اور یہ چیزین کبھی کبھی کے لیے نہین بلکہ روزانہ تعلیم مین داخل ہو گئین۔ ان اسلامی حمامون مین پہلے انسان ایک کمرے مین داخل ہوتا ہے جس کی گرمی اس قدر معتدل

ہوتی ہے کہ ناگوار نہیں گزرتی - اور کوئی مضر اثر نہیں ڈال سکتی - وہان کپڑے اُتار کے اور ایک مناسب زمانے تک ٹھہر کے انسان ایک اور کمرے مین جاتا ہے جو پہلے کمرے سے زیادہ اور نہانے کے کمرے سے کم گرم ہوتا ہے - یہان بھی تھوڑی دیر ٹھہر کے وہ اُس کمرے مین جاتا ہے جہان نہانا ہے - یہان تک پہونچتے پہونچتے خوب پسینہ آجاتا ہے - میل چھوٹنے کے لیے خوب پھول جاتی ہے - اب حمامی ایک چوکی پر بٹھا کے تمام جسم پر تیز گرم پانی ڈال دیتا ہے - پھر کیسے سے خوب مل مل کے میل چھڑاتا ہے اور بدن کو صاف کرتا ہے - بالون کو بیسن یا کھلی یا کسی اور چیز سے مل کے دھوتا ہے - اسکے بعد وہ مختلف پیچون اور طریقون سے ہڈیون کے جوڑون کو چٹخاتا ہے اور ایسی اچھی دلک کرتا ہے کہ نہایت آرام ملتا ہے - اور معلوم ہوتا ہے کہ سارے اعضا نرم پڑ گئے - تھکن اور سستی دُور ہو گئی اور ہاتھ پاؤن کھل گئے - اس کے بعد جسم پر خوب پانی بہا کے اور بخوبی طہارت کر کے انسان لنگی بدل کے حسب ترتیب اُنھین کمرون سے گذرتا ہے جن مین سے ہو کے گیا تھا - اور آخری کمرے مین دم بھر ٹھہر کے اور کپڑے پہن کے اپنے گھر چلا آتا ہے -

تدریجی کمرون کی وجہ سے انسان آخری کمرے مین اُس درجے تک کی حرارت کو برداشت کر لیتا ہے کہ اگر براہِ راست نہانے کے کمرے مین چلا جائے تو وہان کی حرارت اُس کے لیے اس قدر ناقابل برداشت ہو کہ ضرر پہونچا دے - ترکی حمامون مین پتھرون پر گرم پانی چھڑک چھڑک کے نہانے کی کمرے کی حرارت ۱۴۰ درجے تک پہونچا دی جاتی ہے -

حمام اگرچہ سرد ممالک اور ہمارے یہان بھی جاڑون مین نہایت لطف کی چیز ہے اور اُن سے اطبا نے اپنے فن مین بھی بہت فائدہ اُٹھایا ہے مگر اُسکے ساتھ نہایت ہی خطرناک چیز بھی ہین - اگر حرارت اعتدال سے تجاوز کر جائے تو جان کا خطرہ ہے - چنانچہ اگلی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ متعدد بادشاہون اور بہت سے امیرون کی جانین حمامیون سے سازش کر کے حمام ہی کے ذریعے سے لی گئی ہین -

رقص موریق

یورپ کا ایک خاص قسم کا ناچ ہے جس مین ناچتے وقت پانؤن مین گھنگرو باندھ لیے جاتے ہین۔ ہندوستان مین ناچ مین علی العموم گھنگرو باندھنے کا رواج ہے۔ یہان ناچ مین گھنگرو باندھنا لازمی ہے۔ مگر انگریز ایسا نہین کرتے۔ بلکہ اُنکے وہان جس ناچ مین گھونگھرو باندھے جائین وہ ناچ رقص موریق کہلاتا ہے۔ اور اُن کا خیال ہے کہ اسکے موجد خاص عرب ہین جن کی صحبت سے پہلے اسپین والون نے سیکھا۔ اور اُن سے سارے یورپ نے تعلیم پائی۔

اس رقص مین خصوصیت یہ ہے کہ گھونگھرو کی آواز تال سُر کے موافق رہتی ہے اور اُنکے نغمے کی دلکشی اور اُنکے بجنے کی مناسب ترتیب حاضرین محفل کو لطف دیتی ہے۔ اگرچہ ممالک یورپ مین تو اب اس رقص کا رواج بہت کم ہوگیا ہے مگر اسپین مین آج تک باقی ہے اور "فنڈانگو" کہلاتا ہے۔

غور طلب یہ امر ہے کہ محققین یورپ پانؤن مین گھونگھرو باندھ کے ناچنے کو مسلمانون کی ایجاد بتاتے ہین۔ مگر ہمین اس کا رواج ایشیا بلکہ تمام مشرقی ممالک مین اس کثرت سے نظر آتا ہے خصوصاً ہندوستان کے قدیم فن رقص مین اس قدر ضروری مانا جاتا ہے کہ اسکی ایجاد کو عربون سے منسوب کرنا بعید از قیاس معلوم معلوم ہوتا ہے۔ ہندوستان کی روایتین بتا رہی ہین کہ رقص خاص دیوتاؤن سے اور دیوتاؤن کی پرستش سے شروع ہوا۔ اور اُس قدیم ترین زمانہ سے آج تک اُسی حال پر چلا آتا ہے۔ جس مین غالباً گھونگھرو باندھ لینا اسی زمانے لازمی ہوگا۔

ہندوستان کی موسیقی کی نسبت بھی پہلے سے ہمارا یہی خیال تھا کہ موجودہ موسیقی وہی ہے جو ہندوؤن کے قدیم عہد مین موجود تھی۔ مگر بعد کی تحقیقات سے ثابت ہوا کہ ہندی موسیقی خالص ہندو موسیقی نہین ہے بلکہ اُس مین بہت بڑا حصہ عربون کی موسیقی کا مل گیا ہے۔ اسی طرح ممکن ہے کہ رقص مین بھی گھونگھرو باندھنے کا رواج مسلمانون کے آنے سے پہلے نہ ہو۔ اور اس جزو کو یہان کے

ناچ مین مسلمانون ہی نے اضافہ کیا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ مسلمانون سے ہندوون نے سیکھا ہو۔

دنیا مین ناول نویسی کی ابتدا

ناولون اور ناول نویسی کو فی الحال ہم نے اہل یورپ سے لیا ہے۔ مگر تاریخ بتاتی ہے کہ یہ ہماری قدیم امانت ہے جس کو ہم ان امانت داران مغرب سے واپس لے رہے ہین۔ ناول کا آغاز خیالی اور طبعزاد قصوں سے ہے۔ جو ابتداءً محض داستان گوئی کی شان سے قلمبند کر لیے گئے۔ اسکے بعد یہ ترقی ہوئی کہ محض خیال آفرینی چھوڑ کے تاریخی واقعات مین رنگ آمیزی کو کے دلچسپ داستانون کی شان پیدا کی گئی۔ اسکے بعد ناول کی ترقی کا تیسرا درجہ یہ تھا کہ انسانی زندگی کے واقعات نئے نئے اسلوب سے دکھائے جائین اور اُنکے ذریعے سے معاشرت و اصلاح زندگی کا سبق دیا جائے۔

مشرق مین سب سے پہلا متمدن ملک مصر ہے۔ اور مصر والون ہی سے قصہ نویسی کا آغاز بھی ثابت ہوتا ہے۔ فراعنۂ مصر کے قدیم عہد کا لکھا ہوا ایک قصہ جو آج سے کچھ اوپر تین ہزار سال پیشتر لکھا گیا تھا ایک پیاپرس (مصرون کا پُرانا مکتوب نما کاغذ جو ایک درخت کی لکڑی کے ورق اُتار کے بنایا جاتا تھا) پر لکھا ہے لندن کے عجائب خانہ "برٹش میوزیم" مین موجود ہے۔ اسکے مختلف اجزا الگ الگ لیے گئے تھے۔ مگر اُسکا مکمل ترجمہ سب سے پہلے مشہور جرمنی محقق علوم مصریہ ڈاکٹر بروگش نے جرمنی زبان میں کیا۔ جو ۱۸۶۵ء مین شایع ہوا تھا۔ اس قصے کو دربار شاہی مصر کے ایک وقائع نگار نے فرعون مصر "رامیسس ثانی" کے فرزند اور ولیعہد "ستی منی فاتہ" کے تفنن طبع کے لیے لکھا تھا۔

اس قصے کے رنگ عبارت اور اُسکے مذاق ادبی کی نسبت جرمنی محقق "مسٹر ایما نوئیل دیوخ" لکھتے ہین کہ "عبارت سادی اور صاف ہے۔ اور گو کہ شاعرانہ تخیل سے خالی نہین مگر اس پر بھی سادی اور سلجھی ہوئی ہے۔ اس کی عبارت بھی اُسی رنگ کا نمونہ ہے جو قدیم الہامی کتابون خصوصاً توراۃ مین پایا جاتا ہے یعنی

بیحد صفائی اور سادگی ہے۔"

اس قدیم مصری قصے کا خاکہ یہ ہے کہ دو بھائی ہیں۔ بڑے بھائی کی جورو چھوٹے کے ساتھ وہی سلوک کرتی ہے جو پوطیفار (عزیز مصر) کی بیوی زلیخا نے حضرت یوسف کے ساتھ کیا تھا۔ چنانچہ وہ اُسے اپنے شوہر کی نظر میں ملزم و مجرم ثابت کر دیتی ہے۔ آخر چھوٹا بھائی بڑے بھائی کے خوف سے گھر چھوڑ کے بھاگتا اور سورج دیوتا کی مدد سے انسانی پیکر چھوڑ کے ایک عجیب قسم کے نئے پیکر کو اختیار کر لیتا ہے۔ اب اصلی واقعہ بڑے بھائی پر کھلتا ہے۔ اُس کی مکار جورو اپنے کیفر کردار کو پہونچتی ہے۔ جس کے بعد چھوٹا بھائی پھر انسانی صورت اختیار کرتا ہے۔ اور دونوں بھائی الفت و محبت سے ملتے ہیں۔ بڑا بھائی چھوٹے کی قدر اور چھوٹا بڑے کا احترام کرتا ہے۔ اور انجام یہ ہوا کہ بڑا بھائی ترقی کر کے عزیز مصر ہو گیا۔

اس مصری قصے کے سوا یہ یقینی طور پر ثابت ہے کہ ایران و عرب اور دیگر ممالک مشرق میں بہت قدیم زمانے سے خیالی اور طبعزاد قصوں کا عام رواج چلا آتا تھا۔ اُنھیں سے یونانیوں نے قصہ خوانی و قصہ نویسی سیکھی۔ پھر یونانیوں سے اس مذاق کو اہل روم نے حاصل کیا۔ چنانچہ سب سے پہلے لاطینی میں رومیوں نے یونان کی داستان ہائے "ارسٹائڈیز" کا ترجمہ نہایت اہتمام سے کیا۔ اور یہ ترجمہ اُس عہد میں ہوا جب رومیوں میں عنان حکومت ہاتھ میں لینے کے لیے باہمی خونریزی ہو رہی تھی۔ اور ماریوس اور سیلا ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ رومیوں نے اس قصے کو بہت پسند کیا۔ اور ان میں بھی افسانہ نویسی و قصہ خوانی کا رواج ترقی کرنے لگا۔

مسلمانوں نے اپنے عہد میں افسانہ نویسی کو کسی اور قوم سے نہیں لیا۔ اس لیے کہ خود انسان میں داستان گوئی کا حد سے زیادہ رواج تھا۔ اور عہد جاہلیت سے اُن میں داستان گوئی کی محفلیں مرتب ہوا کرتی تھیں۔ عرب کے اکثر قصوں کا مجموعہ "الف لیلہ" ہے جو دنیا کے سارے افسانوں سے زیادہ پسندیدہ اور ہر قوم و ملک میں رواج پا چکی ہے۔ الف لیلہ کے اصلی مصنف یا مولف کا

م کسی کو نہین معلوم - مگر کہا جاتا ہے کہ فارسی کے قصہ "ہزار افسانہ" سے ماخوذ ہی
ساسانیون کے عہد مین ایران مین مروج اور اہل عجم کو بہت پسند تھا - لیکن
گر یہ صحیح بھی ہے تو عربون نے اُسے اس خوبی کے ساتھ لیا کہ اُس مین عجمی معاشرت
نام بھی نہین خالص عربی معاشرت اور خلفاے عباسیہ بغداد کی اعلیٰ ترین معاشرت
نمونہ ہے - مگر کمال یہ ہے کہ اسکے مختلف قصون مین ایسے ایسے عجیب اور جدید
اتفات زندگی دکھائے گئے ہین کہ باوجود عربی معاشرت ہونے کے ہر قوم اور
ر زبان مین جاکے تمام افسانون سے زیادہ دلچسپ ثابت ہو جاتی ہے -

انگریزی ناولون کا آغاز رومیون کے ترجمون سے ہوا - جن سے انگلستان
بہت سے قدیم ترین اور اعلیٰ ترین مصنفین ڈراما نے اپنی تصانیف کے لیے
تلف قصون کے خاکے لیے ہین - مگر یہ عموماً رومیون کی عام پسند - بامذاق اور
ضحک کاڈیون سے ماخوذ تھے -

انھین طبعزاد خیالی قصون سے تاریخی ناولون کا آغاز ہوا - کسی عشق یا
نگ کے واقعہ کو گھٹا بڑھا کے ایسی رنگین عبارت مین لکھا جاتا کہ قصہ سے
یادہ لطف تاریخ مین پیدا ہو جاتا -

ملکہ الزبتھ کے عہد مین اسپین کے ناول ترجمہ ہوے جن کا ماخذ عربی مذاق
تھا - ان کا پہلا مترجم "جان لیلیا" تھا - جس کی عبارت مین کسی قسم کی رنگینی
عبارت آرائی نہ تھی -

سترہوین صدی کے وسط مین "مسز افرا بہن" نے یہ جدید طریقہ اختیار کیا کہ
افسانون مین انسان کی معاشرت اور گھریلو زندگی کے نئے نئے نمونے دکھائے
جائین - اور اسی عہد مین "مسز مین لے" نام ایک انگلش خاتون نے اپنے
ناولون کے ذریعے سے اُس دور کی مروجہ اور پسندیدہ بدکاریون کے نمونے
دکھائے - اور سارے مصنف اُسی رنگ کے پیرو ہو گئے -

دہلی اور لکھنؤ کی اُردو

مدت دراز سے یہ جھگڑا چلا جاتا ہے جو کسی طرح طے نہین ہوتا - اور

وہی پرانے اعتراضات و شکوک ہین جن کا بار بار اعادہ کیا جاتا ہے - دہلی والے کہتے ہین کہ لکھنؤ والون نے اُردو مین عربی الفاظ اور فارسی بندشون کو بے احتیاطی سے بھر دیا - رعایت لفظی جگت اور قافیہ پیمائی مین پڑ گئے - لکھنؤ والے کہتے ہین کہ دہلی والون کی زبان مین پنجابی مل گئی - وہان کے لفظون - وہان کے لہجے - اور وہان کی ترکیبون مین ناگوار سختی اور کرختگی ہے - اور فارسی و ہندی جن کی آمیزش سے زبان اُردو بنی ہے اُن کے امتزاج نے تکمیل کا درجہ حاصل نہین کیا تھا اور خامی باقی تھی کہ دہلی اُجڑ گئی -

لیکن یہ سب باتین غلط ہین - دہلی والون کا اعتراض اگر صحیح بھی ہو تو فارسی و عربی کے الفاظ کا بھرتی ہونا کسی غیر مانوس و ناآشنا زبان سے متاثر ہونا نہ تھا عربی ملی ہوئی فارسی ہی کے آغوش مین اُردو پلی تھی - اسی زبان سے سبق لے لے کے اُس نے اپنی حیثیت کذائی حاصل کی تھی اور اُردو شعراے متقدمین اُسی رجحان و شوق سے فارسی و عربی کے الفاظ کو اختیار کرتے چلے آئے تھے جس طریقے سے کہ لکھنؤ والون نے لیا - علیٰ ہذا القیاس رعایت لفظی اور مناسبات صوری و معنوی کا لحاظ بھی شعراے فارس و عرب کو ویسا ہی تھا جیسا کہ لکھنؤ مین سب کو یا بعض لوگون کو ہو گیا

دہلی کی زبان پر پنجابی کا اثر پڑنے کے بھی کوئی معنی نہین - اہل لکھنؤ کو دہلی کے جو الفاظ یا بندشین اپنی زبان پر غیر مانوس معلوم ہوتی ہین اُن کی نسبت عموماً کہہ دیا کرتے ہین کہ یہ پنجابی کا اثر ہے - ممکن ہے کہ بعض لہجے اور بعض محاورے پنجاب کی زبان سے ملتے ہون اس لیے کہ پنجاب دہلی سے قریب ہے - مگر اُنکی نسبت یہ کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ وہ پنجابی زبان کے اثر سے دہلی میں پیدا ہوے - یہ کیون نہ کہا جائے کہ دہلی سے پنجابی مین پیدا ہوے - بعینہ اسی طرح اہل دہلی کہہ سکتے ہین اور کہتے ہین کہ لکھنؤ کی اُردو پر پوربی بھاشا کا اثر پڑ گیا - اُردو ہی پر منحصر نہین دنیا کی جو دو زبانین ایک دوسرے کے قریب بولی جاتی ہون گی اُن کا اثر ایک دوسرے پر ضرور پڑا کرتا ہے - مگر یہ کہنا کہ اُس اثر سے زبان بگڑی یا بنی یا ایک غیر موجہ اور فرضی چیز ہے - اسی طرح یہ بھی لغو

ہے کہ دہلی مین اُردو ہندی کی آمیزش عمدہ اور مکمل مزاج نہین پیدا کرنے پائی تھی۔ اس لیے کہ اصلی اُردو کا کوئی صحیح معیار نہین قرار دیا جا سکتا۔

اور لطف یہ ہے کہ لکھنؤ اور اہل دہلی کی زبان مین جو اختلاف ہے اُسکو تعلق نہ فارسی الفاظ کے زیادہ داخل ہونے سے ہے نہ پاس پڑوس کی زبانون سے اثر پذیر ہونے سے۔ بلکہ اصلی اختلاف چند الفاظ کی تذکیر و تانیث۔ چند محاورون اور دونون مقامات کے لہجے اور طرز ادا مین ہے۔ یہ چیزین دونون مابہ البحث شہرون کے خصوصیات مین سے ہین۔ جن کا محاکمہ نہ کسی عقلی اصول یا کسی مسئلہ علم معانی و بیان سے ہو سکتا ہے۔ اور نہ کسی ادبی استدلال سے۔

واقعہ یہ ہے کہ اُردو زبان آگرے اور دہلی میں پیدا ہوئی اور وہین نشو و نما پاکے اُس نے اپنی موجودہ صورت پیدا کرلی۔ شجاع الدولہ آصف الدولہ اور سعادت علی خان کے زمانون مین دربار دہلی کی کمزوری و بے استطاعتی اور لکھنؤ کے نوابی دربار کی دولتمندی و قدردانی کی وجہ سے قریب قریب دہلی کے تمام صاحبان کمال عام اس سے کہ کسی فن اور کسی طبقے کے ہون لکھنؤ مین کھنچ آئے۔ اور جو چند دہلی مین پڑے رہ گئے وہ بھی لکھنؤ کو حسرت کی نظر سے دیکھتے تھے اس لیے کہ وطن مین محفلہاے شعر و سخن کا چراغ گل ہو گیا تھا۔

یہ جمگھٹا لکھنؤ مین جمع ہو گیا تو جب تک وہ صاحبان کمال زندہ رہے جو بذات خود دہلی سے آئے تھے یہ سمجھتے رہے کہ وہی دہلی کی سبھا اودھ مین آکے جم گئی ہے۔ مگر اُنکے مرنے کے بعد اُنکی اولاد نے دہلی کی غلامی سے آزاد ہونے کا دعوے کیا۔ اپنے وطنی اساتذہ کی شاگردی پر ناز کرنے لگے۔ اور چونکہ لکھنؤ کے ادبی و علمی اسکول کا بھی اثر پڑنے لگا۔ جسکو سب سے زیادہ قوت یون ملی کہ صرف و نحو معانی بیان عربی منطق و فلسفہ اور فقہ و اصول فقہ کی منفرد درس گاہ لکھنؤ تھا۔ لکھنؤ ہی نہین لکھنؤ کے بہت سے قصبات مثلاً بلگرام۔ سندیلہ گوپامؤ۔ امیٹھی۔ وغیرہ بھی علم و فضل کی مستقل درس گاہین تھے۔ جہان شائقین علم اقطاع ہند سے کھنچ کے آتے اور برسون رہ کے کمال پیدا کرتے۔ یہ لوگ عربی علم و فن کے علاوہ اُردو کا ادبی مذاق اور سخندانی کا ذوق بھی اپنے

ساتھ لے جاتے - اور سچ یہ ہے کہ اُردو زبان گو کہ دہلی مین پیدا ہوئی مگر سارے ہندوستان مین اُس کی اشاعت لکھنؤ کے ذریعے سے ہوئی -

لکھنؤ کی اس ادبی خودسری نے ادب اُردو کے دو جداگانہ اسکول قائم کردیے - ایک دہلی کا اور ایک لکھنؤ کا - اور سارا ہندوستان اُردو دانی مین ان دونون اسکولون پر بنٹ گیا - ہم یہ بھی بتا دینا چاہتے ہین کہ ان دونون اثرون کی تقسیم بلحاظ جغرافیہ کیا ہے - شمالی ہند مین پنجاب سے لے کے بریلی تک دہلی کا اسکول مرکز زبان مانا جاتا ہے - لہذا اہل لاہور - میرٹھ - علی گڈھ - مرادآباد - بدایون - اٹاوہ - اور بریلی خالص دہلی کی زبان کے پیرو ہیں - شاہجہانپور سے لیکر کلکتہ تک لکھنؤ کی زبان کا اثر مانا جاتا ہے - اور وہان کے شعرا و زبان دان لکھنؤ کی زبان کے پیرو ہین - چنانچہ شاہجہانپور - کانپور - جون پور - فیض آباد گورکھپور - بنارس - اعظم گڈھ - غازیپور - پٹنہ - عظیم آباد - مرشد آباد - ڈھاکہ کلکتہ - ان سب مقامات کے لوگ لکھنؤ کی زبان کو دہلی پر ترجیح دیتے ہین -

رہا جنوبی ہند وہان کے لوگون کا کوئی عام مذاق یا رجحان نہین ہے بلکہ جس سوسائٹی مین جس شہر کا اُستاد اپنا سکہ جما لیتا ہے لوگون کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے - حیدرآباد مین اگرچہ زبان اُردو براہ راست دہلی سے گئی - بلکہ سچ یہ ہے کہ پہلے اُستادان اُردو دکن ہی مین پیدا ہوے اور زبان اُردو چاہے دہلی سے دکن مین گئی ہو - مگر اُردو شاعری دکن سے دہلی مین آئی - لیکن آخر مین شعراے دہلی و لکھنؤ کا ایسا سکہ جما کہ سارے دکن کے شعرا کو اُنکے آگے سر جھکا دینا پڑا - اور ضروری ہوگیا کہ دہلی یا لکھنؤ مین سے کسی ایک شہر کی زبان کو اختیار کرین - رشید الدین خان نے اپنی تاریخ رشید الدین خانی مین زبان لکھنؤ کی خوبی کو بڑے زور سے تسلیم کیا ہے - اور چند روز پیشتر وہان کا عام رجحان زبان لکھنؤ کی طرف تھا - داغ مرحوم کے اثر نے بہت سے دلون پر دہلی کا سکہ جمایا - مگر اُنکے زمانے ہی مین امیر مرحوم کا بہت کچھ اثر موجود تھا - جس کو اب حضرت جلیل نے زندہ کردیا - اور فی الحال حیدرآباد کی شاعری کا رجحان جس قدر حضرت جلیل - اختر مینائی - اور مولوی سید علی حیدر صاحب نظم

لکھنوی کے کلام اور اُنکی زبان کی طرف ہے دہلی کی زبان کی طرف نہین یمین السلطنۃ مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر بھی جو بجائے خود ایک شاعر شیوا بیان اور ادیب بے ہمتا ہین پنڈت رتن ناتھ سرشار اور دیگر اساتذۂ لکھنؤ کی دوستی کی بدولت لکھنؤ کی زبان کے مربی ہین - اور جہان تک میرا خیال ہے اعلیحضرت محی الملۃ والدین خسرو دکن خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کے کلام سے اُنکا رجحان بھی لکھنؤ ہی کی طرف پایا جاتا ہے - لیکن وہین ہمارے مکرم دوست مولوی عبدالحق صاحب بی اے اپنی وطنی اثر اور علیگڈھ کی تعلیم کی برکت سے دہلی کے اسکول زبان کے دلدادہ ہین - اس مین کوئی مضائقہ نہین - مگر اُنکے اس رجحان کا اگر یہ نتیجہ ہو کہ انجمن ترقی اُردو کی ہر کتاب کے دیباچے مین لکھنؤ کی اُردو پر حملے کیے جائین تو ضرور افسوس کے قابل ہوگا - اس سے وہ اُردو کو فائدہ نہین بلکہ نقصان پہونچائین گے -

لکھنؤ اور دہلی کی زبانون کا محاکمہ کرنا اُن کا یا میرا یا کسی شخص کا کام نہین ہے - یہ مسئلہ اب اس درجے سے گذر گیا کہ کسی فیصلہ کرنے سے فیصلہ ہو جائے - یا جھگڑا چکے - غذا - خوشبو - نغمہ اور اس قسم کے صدہا ذوق ہین جو "العادۃ کالطبیعۃ الثانیۃ" کے اثر سے انسان کے دماغ مین بس جاتے ہین اور پھر اُن سے وہ اس قدر متأثر ہو جاتا ہے کہ کوئی فیصلہ اور کوئی فلسفہ اُنکے اثر پر غالب نہین آسکتا - ایک غذا یورپ والون کو سب سے زیادہ لذیذ - ایک خوشبو اہل فرنگ کو سب سے بڑھکے فرحت بخش اور ایک نغمہ اہل مغرب کو لذیذ ترین غذائے روح معلوم ہوتا ہے مگر ہندوستان والون کو وہ تینون نہایت ہی بدمزہ - دماغ سوز اور عذاب جان محسوس ہوتے ہین - کوئی صاحب ہین جو اسکا فیصلہ کر دین یا اس جھگڑے کو مٹا دین ؟

یہی حالت زبان کی ہے - ایک بچہ جس سرزمین مین پیدا ہوتا ، جس آغوش مین پلتا ، جن بچون مین کھیلتا ، جن دوستون سے ملتا جلتا ہے اُنکی زبان اُسکے دل و دماغ مین جم کے بیٹھ جاتی ہے - اور وہی زبان اسکو دُنیا کی بہترین زبان نظر آنے لگتی ہے - جس طرح ایک بچہ مسلمان گھر مین پیدا ہوکے

کی اگلی نامور شاہنشاہیون کی یادگار عمارتون پر کندہ ہین - اُسکے حروف علی العموم میخون یا تیر کے پھلون (پیکانون) کی قطع کے ہوتے ہین - اسی وجہ سے حال کی دنیا نے اس خط کا نام "خط پیکانی" رکھ دیا ہے -

اس خط کے اکثر کتبے بڑی بڑی چٹانون اور عہد قدیم کی مورتون پر کھدے ہوے ہین - یا اینٹون اور کھپرون پر ٹھپے کے طریقے سے بنا دیے گئے ہین - یہ کتبے دولت عجم کے قدیم دار السلطنت پرسی پولی (اصطخر) کی پُرانی یادگارون پر - جا بجا ساسانی سلطنت کے اور بہت سے شہرون مین - بابل اور نینوا کے کھنڈرون مین اور نیز مصر کے بعض آثار مہدمہ مین بھی نظر آتے ہین - بظاہر اسباب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے پہل اس خط پیکانی سے اشوریا اور میڈیا مین کام لیا گیا - بعد ازان یہ تحریر پورے عجم اور دولت فارس کی ساری قلمرو مین پھیل گیا -

اس کے خط کے حروف تین جداگانہ شانون کے برآمد ہوے ہین - اور اکثر مقامات مین اس خط کی تینون شانین ایک ہی جگہ یون دکھا دی گئی ہین کہ تینون وضعون کے حروف تین متوازی کالمون مین برابر برابر منقوش ہین - اور ایک ہی مطلب یا ایک ہی الفاظ تینون خطون مین کندہ کر دیے گئے ہین تا کہ ان مین سے جس کسی کو کوئی پڑھ سکتا ہو پڑھ کے دوسرون کا بھی طلب سمجھ جائے - ان تین شانون مین سب سے قدیم اشوریا والون کے خط پیکانی کی شان ہے - اس مین تقریباً ۴۰۰ متمائز اور جداگانہ حروف ہین - دوسری شان میڈیا والون کی ہے جو دراصل پہلے ہی خط کی اصلاح و تہذیب ہے - اور اُس مین گھٹا کر ۱۰۰ حرف رکھ لیے گئے ہین - تیسری اور سب سے پچھلی شان فارسیون کے خط کی ہے - جس مین فقط ۳۹ سے لے کے ۴۴ تک حروف تہجی باقی رہ گئے ہین - اور یہی خط پیکانی سب سے زیادہ مکمل اور اصلاح شدہ ہے - سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس کے حرفون مین باہمی تشابہ و التباس نہین باقی رہا ہے کہ ایک حرف پر دوسرے کا شبہہ ہو سکے - اُسکے حروف نہایت ہی واضح و متمائز بھی ہین - اور اُن کے پڑھنے مین بہت کم دشواری یا غلطی ہو سکتی ہے اسکے علاوہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ الفاظ ایک ترچھی لکیر کے ذریعہ سے جدا اور ممتاز

کر دیے جاتے ہین - جو فارسی زبان اس خط مین لکھی ہوئی ہے اُسکی نسبت یقین کیا جاتا ہے کہ موجودہ فارسی کی مان یہی ہے - اور حیرت کی بات ہے کہ موجودہ حالت سے الگ ہو کر وہ سنسکرت سے بہت قریب ہو گئی ہے - جس سے یہ خیال قائم ہو گیا ہے کہ فارسی اور سنسکرت زبانین اصل مین کبھی ایک ہی تھین -

اشوریا والون کے کتبون مین مختلف پیکانی قطع کے حروف ابتدائی خیالات ظاہر کرتے تھے - لیکن بیرونی ممالک کے لوگ یا جو لوگ دوسری زبان بولتے تھے اُنکی تحریرین اُنھین الفاظ کی شکلین جو اُسی خیال کو ظاہر کرتین اشوریا والون کی لفظون کی شکلون سے جداگانہ تھین - اس خط میں بہ تعمق غور کرنے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ حروف جن سے ایک لفظ مرکب ہوتا وہ بلا لحاظ اپنی شکلون کے ایک خاص خیال کو ظاہر کرتے - نتیجہ یہ تھا کہ ایک جملے کے سمجھنے مین یہ بڑی دشواری پیش آجاتی کہ آیا یہ جملہ خیالات کی شکلون کے لحاظ سے لکھا گیا ہے یا آوازون کی شکلون کے لحاظ سے - پھر اس سے بھی زیادہ مشکل یہ بات تھی کہ بعض حروف مختلف خیالات کی جگہ پر استعمال کیے جاتے - اور اس کا پتہ لگانا کہ یہان کون سا خیال مقصود ہے نہایت ہی دشوار تھا - لیکن خزف پارون پر بعض کھڑی کھڑی سطرین لکھی ملین جن سے بڑی مدد ملی - ان مین پہلے تو یہ بتا دیا گیا تھا کہ کون کون حروف خیالات کے ادا کرنے کے لیے مخصوص ہین - اور اُنکے مقابل وہ تمام حروف کندہ تھے جو آوازون کو ادا کرتے ہین یا خاص خاص آوازون کے لیے قائم کیے گئے ہین - چند ایسے خزف پارے ملے جن مین الفاظ کے مقابل اشوریا کی زبان مین اُن کا مطلب بھی بیان کر دیا گیا تھا -

یہ پیکانی وضع کے حروف اُنظر کے کھنڈرون مین پہلے پہل ۱۰۴۷ھ محمدی (۱۶۱۸ء) مین نظر آئے - لیکن اُسوقت نہ اُن کا کچھ مطلب سمجھا جا سکتا تھا اور نہ یہ کہا جا سکتا تھا کہ یہ کیا ہے - ۱۰۸۳ھ محمدی (۱۶۷۲ء) مین ایم چارڈون نام ایک شخص نے اُن مین سے بعض کتبون کی نقلین لے لین - اور اُن پر غور ہونے لگا - یہان تک کہ ۱۱۳۱ھ محمدی (۱۷۰۲ء) مین ایک مستشرق عالم یورپ ٹامس ہائڈ نے اُس پر بے انتہا فکر کی - اور بڑے غور و پرداخت کے بعد اُس نے جو رائے قائم

کی یہ تھی کہ یہ کوئی تحریر نہین - فقط خیالی شکلین ہین جو اس غرض سے بنادی گئی ہین کہ طرح طرح کے پیکانی نقش و نگار بنا کے خوشنمائی پیدا کی جائے - بعض لوگون کا خیال اس جانب گیا کہ معمارون نے محض اتفاقی طور پر یہ نقش بنادیے ہین - ورنہ ان سے کوئی خاص غرض نہین مقصود ہے - ایک جرمنی بزرگ نے یہ فرمایا کہ یہ نقش کیڑون اور حشرات الارض نے بنادیے ہین - مگر باوجود ایسے خیالات کے ظاہر کیے جانے کے لوگون کو اطمینان نہ ہوتا تھا - چنانچہ نبہر نام ایک محقق نے اس بات پر اپنا یقین ظاہر کیا کہ یہ نقوش بے وجہ نہین - اور بجز اسکے اور کوئی بات نہین کہ یہ نقوش کسی اگلے رسم خط کے حروف ہین - چند روز مین دیگر مبصرین بھی نبہر کے ہم خیال ہوگئے - مگر ایسی کوئی تدبیر کسی کے ذہن مین نہ آتی تھی کہ ان تحریرون کا مطلب سمجھا جاسکے - ۱۲۳۱ھ محمدی (۱۸۱۶ء) مین سنیود کے ایک مشہور عالم اسنہ روٹ فنڈ نے اعلان کیا کہ مین نے اس خط پیکانی کے تمام حروف بھی پڑھ لیے اور پتہ لگا لیا کہ یہ کتبے کیونکر پڑھے جاسکتے ہیں - اس کے بعد ۳۳ سال تک خاموشی رہی - یہان تک کہ ۱۲۶۴ھ محمدی (۱۸۳۵ء) مین سر ہنری رلنسن نے ایران کا سفر کیا - کوہ بے ستون کے مشہور و معروف کتبے کو خود جاکے دیکھا - اور اسکی نقل اتار لی - ایک بلند پہاڑ کے ایک پہلو پر جس جانب سر بفلک چٹان سیدھی بخط مستقیم کاٹ کے مسطح کردی گئی ہے دامن کوہ سے ۳۰۰ فٹ کی بلندی پر یہ کتبہ کھدا ہوا ہے - جہان تک بمشکل انسان کی رسائی ہوسکتی ہے - یہان پہاڑ کے اس مسطح پہلو پر خط پیکانی مین تین تحریرین ہین اور شان و رسم خط مین تینون ایک دوسرے سے جدا اور متمائز ہین - باوجود اسکے صاف معلوم ہوتا تھا کہ اگرچہ تینون خطون کی شان بدلی ہوئی ہے مگر اصل مین ہے ایک ہی خط -

یہ نقل لانے کے بعد سر ہنری رلنسن نے اسپر غور کرنا شروع کیا - اور آخر محنت و جستجو کے بعد انھین پوری کامیابی ہوئی - فارسی زبان سے وہ بخوبی ماہر تھے - پرانی فارسی کا بھی مطالعہ کیا تھا - اسی فارسی دانی کی مدد سے انھون نے یہ کتبے پڑھ لیے - ان کا ترجمہ کیا - انکو اس تحریر مین ہر حرف اور

ہر لفظ کی آواز معلوم ہوگئی اور ربط عبارت کا سلسلہ بھی معلوم ہوگیا۔
اسکے بعد انگلستان اور دیگر ممالک یورپ کے علمانے اس جانب بے انتہا توجہ کی۔ اور اُن تمام کتبون اور تحریرون کو جو پُرانی عمارتون کے در و دیوار پر پہاڑون کے پہلوون میں، اور ظروف یا کھپرون کے خزف پارون پر ملین سب پڑھ لی گئین۔ اور اس ذریعہ سے اشوریا۔ بابل اور فارس کی اگلی سلطنتون کا بہت معتد بہ حصہ جو تاریخون مین موجود نہ تھا دنیا کو معلوم ہوگیا۔ اسی قدر نہین تفتیش و جستجو کا جو سلسلہ جاری ہوگیا ہے اور جو نیا کتبہ زمین سے نکلا یا کسی کھنڈر مین مل جاتا ہے ایک نئے صفحۂ تاریخ کا کام دیے جاتا ہے۔

رقص (اپریل ۱۹۱۹ء)

اگرچہ رقص اور سرود کا ساتھ ہے مگر ناچنا بذاتہ ایک نہایت ہی دلچسپ فن ہے۔ اُس کا اصل منشا یہ ہے کہ پاؤن ایک معینہ و مقررہ مقدار و ترتیب سے اُٹھائے جائین یا گانے مین اسکی گت کی مناسبت سے جسم کو حرکت دی جائے۔ ناچنا اُن فطری جذبات سے ہے جن کی تعلیم خود فطرت نے دی ہے۔ اسی وجہ سے اس بات کا پتہ لگانا غیر ممکن ہے کہ انسان مین ناچ کا آغاز کب سے ہوا۔ اس کا پہلا موجد کون شخص ہے۔ یا پہلے پہل اس کا رواج کس قوم اور ملک مین ہوا۔ نہایت ہی وحشی و غیر متمدن قومون مین بھی ناچنے کا رواج قدیم سے قدیم زمانے مین پایا جاتا ہے۔
ہندوستان مین ناچ ایک بہت بڑا اہم فن ہے۔ اُسکے موجد اولین مہادیو جی سمجھے جاتے ہین۔ اور اُس کی ابتدا برہما جی کی پرستش و عبادت سے بتائی گئی ہے۔ اس سے بھی یہی نتیجہ اخذ کرنا چاہیے کہ ناچنا فطری جذباتِ انسانی کے تقاضے سے ہے۔
ناچ کو عبادت سے وابستہ کرنا ہندوستان کے لیے مخصوص نہ تھا بلکہ دیگر اقوام نے بھی عبادت الٰہی مین اُس سے کام لیا ہے۔ یہودیون مین بھی جو بت پرستی سے بالکل گریزان و متنفر تھے بعض موقعون پر ناچنا داخل عبادت تھا۔ توراۃ کے الفاظ ہین کہ "انھین ناچ کر خدا کی حمد کرنے دو"۔ اسی سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ "حضرت داؤد خدا کے سامنے ناچے"۔ مسلمانون کو ان بیانات سے وحشت نہ

نہ کھانا چاہیے - اس لیے کہ دراصل ناچ جس چیز سے عبارت ہے اُس مین آپکا نماز مین بہ ترتیب اُٹھنا بیٹھنا - رکوع و سجود کرنا کلام الٰہی سے متاثر ہوکر آپ سے کسی بیتابی کی حرکت کا ظاہر ہوجانا - شعر خوانی مین الفاظ کے مطابق ہاتھ پانوں اور چشم و ابرو کو حرکت دینا - یا مشائخ صوفیہ کا صحبتِ سماع مین بیتابی سے اُٹھ کھڑا ہونا اور ہاتھ پانوں مارنے لگنا - یہ سب چیزین رقص میں داخل ہین -

قدیم یونانیون نے رقص کو علمی شان سے منضبط کردیا تھا - اور غرض یہ تھی کہ اُس کے ذریعے سے مختلف قسم کے جذبات نہایت ہی خوبی کے ساتھ نمایان کیے جا سکتے - ہومر کے بیان سے ثابت ہوتا ہے کہ یونانیون مین اکثر تقریبون کے موقعون پر ناچ ہوا کرتا تھا - ارسطا طالیس رقص کو بھی فنون شعر و نظم کے زمرے مین شامل کرتا تھا - اسپارٹا والے جو یونانیون مین نہایت ہی بانکے جان باز سپاہی تھے بچون کو پانچ ہی سال کی عمر سے ناچنے کی جبریہ تعلیم دینا شروع کردیتے تھے - وہان بڑے بوڑھے سکھاتے اور قوم کے سارے بچے سیکھتے - اہل اسپارٹا ناچ کے ساتھ بھجن اور مختلف قسم کے گیت بھی گایا کرتے اسپارٹا کے نوجوانون مین ایک خاص قسم کا ناچ "رقص فیرک" کا رواج تھا - یہ ایک جنگی ناچ تھا - جس کو ایک نمایشی لڑائی کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا -

قدیم الایام کے لوگون مین تین طرح کے رقصون کا پتہ لگتا ہے (ایک) جنگی ناچ جو درحقیقت ایک قسم کی ورزش تھی - اور اُس کا مقصود یہ تھا کہ جسم تیار کیا جائے اور خوبصورت بنایا جائے - (دوسرا) تفریحی ناچ یہ صرف دل بہلانے اور صحبت مین زندہ دلی و برانگیختگی پیدا کرنے کے لیے ہوتا - (تیسرا) دینی ناچ یہ عبادت کے ساتھ مخصوص تھا اور توبہ کرانے یا چڑھاوون کے موقعون پر جوش و خروش کے ساتھ عمل مین آتا -

مصریون مین ناچ فراعنہ کے زمانے سے ثابت ہوتا ہے - فرعونون کے دربار مین اُنکے سامنے ناچنے والی عورتین کھڑی ہوکر ناچا کرتی تھین - اُسی طرح آج بھی مصر کے بازارون اور وہان کی صحبت ہائے عیش مین وہ پیشہ ور عورتین ناچا کرتی

ین جو اپنے آپ کو خاندان برامکہ کی یادگار بتاتی ہین -
اشوریا و بابل مین بھی معلوم ہوتا ہے کہ فتحمند فوجون کے آگے آگے نازنین و
سین عورتین ناچتی اور کھیلتی ہوئی چلتی تھین -
ہندوستان مین بھی ناچنے والی عورتون کا رواج نامعلوم زمانے سے چلا آتا ہے
ان مین سے اکثر مندرون مین روز دیوتاؤن کی مورتون کے سامنے ناچا کرتی تھین
یک ہزار سال پیشتر کا ایک عرب سیاح کہتا ہے "بعض راجاؤن کی سواری کے
ساتھ بہت سی عورتین ناچتی ہوئی چلتی ہین" - عبادت کے لیے عورتون کے ناچنے
کا رواج دکن کے بڑے مندرون مین آج بھی موجود ہے -
ساسانیون کے عہد مین ایران میں بھی رقاصہ عورتین موجود تھین - اور یہود
ین تو معلوم ہوتا ہے کہ شاہزادیون اور امیرزادیون تک کے لیے کسی صحبت مین
کھڑے ہو کر ناچنا معیوب نہ تھا - ہیروڈیہ جس نے بادشاہ کو اپنے رقص سے از
خود رفتہ کر کے حضرت مسیح کو بپتسمہ دینے والے یحییٰ کا سر کٹوایا شاہزادی تھی -
ابتدائی زمانے کے مسیحی بھی اپنے مذہبی جلسون مین ناچا کرتے تھے - گو کہ
انجیل مین اس کا ذکر نہین ہے مگر انھون نے اپنے طرز عمل سے رقص کو عبادت
بنا لیا تھا -
اسلام مین البتہ بجز صوفیہ کی مجالس حال و قال کے قرآن و حدیث یا فقہ
سے کہین اور کسی زمانے مین نہین ثابت ہوتا کہ رقص سے عبادت و خدا پرستی مین
کام لیا گیا ہو - بلکہ علما علی العموم اُسکے حرام ہونے کا فتوے دے رہے ہین - مگر
ہماری سمجھ مین نہین آتا کہ اِس فتوے کی بنیاد کیا ہے - قرآن و حدیث سے اسکی
حرمت ثابت نہین ہوتی - اہل حبشہ کا رقص خود حضرت سرور عالم نے ملاحظہ فرمایا
اور خاتون محترم ام المومنین عائشہ صدیقہ کو اپنے پیچھے کھڑا کر کے دکھایا تھا -
یورپ مین ناچنا اعلیٰ درجے کی شریفانہ صحبتون مین مہذب ترین دلچسپی تصور کیا
جاتا ہے - اعلیٰ و ادنیٰ ہر طبقے کے زن و مرد بے تکلف ناچتے ہین - اور رقص کی
تعلیم بچپن سے لازم ہو گئی ہے - خصوصاً لڑکیان اگر ناچنا نہ جانتی ہون تو بالکل
پھوہڑ خیال کی جاتی ہین -

یورپ والون کا عام خیال ہے کہ رقص سے صحت اور اخلاق دونون پر نہایت عمدہ اثر پڑتا ہے - مگر ہندوستان مین رقص چونکہ بدکار و عصمت فروش عورتون کا پیشہ ہے اس لیے اُس مین دلچسپی چاہے جس قدر زیادہ ہو مگر صحت و اخلاق پر ہرگز اچھا اثر نہین پڑ سکتا -

ہمارے شعرا مین رقص بسمل بہت مشہور ہے - اس سے علی العموم کاری زخم کھانے یا ذبح ہونے کے بعد نیمجان لاش کا تڑپنا مراد لیا جاتا ہے - مگر بعض ظالم و بہائم صفت وحشی قومون مین رقص بسمل کا خوفناک تماشا حیرت ناک بیرحمی و سنگدلی کی مسرت کے ساتھ دیکھا جاتا ہے اس طرح کہ رقص بسمل کے شایق کسی جنگل مین مسافرون کی رہگذر پر جاکے جمع ہوتے ہین - اور آگ جلاکے اُسپر ایک لوہے کا توا رکھ دیتے ہین جو خوب گرم ہوکر سرخ ہو جاتا ہے - اُسوقت جو مسافر یا اجنبی شخص مل جاتا ہے اُسکو پکڑ لیتے ہین اور فوراً تلوار سے اُس کا سر کاٹ کر وہ جلتا توا گردن پر رکھ دیتے ہین - توا جم کے بیٹھ جاتا ہے - خون جو جوش مار کے نکلنا چاہتا ہے محتبس ہوکر بند ہو جاتا ہے اور بے سر کی لاش جس کی گردن پر سر کے عوض توا ہوتا ہے گھنٹون دوڑتی کودتی ناچتی اور گرتی پڑتی ہے - جسکو دیکھ کر وہ لوگ قہقہے لگاتے اور بہت ہی خوش ہوتے ہین -

افسوس انسان مین اگر رحم اور خدا کا خوف نہ ہو تو اُس سے زیادہ وحشی و خونخوار کوئی نہین ہو سکتا - درندہ پیٹ بھرنے کے لیے ذی روح مخلوق کی جان لیتا ہے اور وہ بے ضرورت محض تفنن طبع اور دل بہلانے کے لیے - جانور بھوک کے تقاضے سے کسی جاندار کو مارتا ہے تو وہ سیر و تفریح اور دلچسپی کے لیے جس کا نام شکار رکھ دیا گیا ہے -

گلستان

شیخ سعدی کی کتاب گلستان کو پڑھتے تو سب ہین مگر شاید یہ کسی کو نہ معلوم ہوگا کہ اُس کے نام کا ماخذ و مخرج کیا ہے - اور لوگ یہ سُن کر تعجب کرین گے کہ اس نام کا اصلی ماخذ یونانی زبان اور اُس کا ادب ہے -

ولادت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا چھ سو برس پیشتر یاون کیے کہ حضرت مسیح سے پہلی صدی کے وسط مین ارض شام کے شہر غذارہ مین ملیا غر نام زبان یونانی کا ایک شاعر و معلم رہتا تھا۔ اس نے اپنے زمانے تک کے یونانی شاعرون اور ادیبون کے نظم و نثر کلام کا ایک منتخب مجموعہ مرتب کیا جس مین ہر شاعر کی بہترین نظمین اور ہر ادیب کی فصیح و مؤثر و مختصر نثرین جمع کی تھین۔ ملیا غر نے اس مجموعہ مین یونانی شاعر سافو سے لے کر اپنے عہد تک کے تمام شعرا و ادبا کا منتخب کلام جمع کیا تھا۔ اور آخر مین اپنا بھی بہت سا کلام درج کر دیا تھا۔ اُسکے شروع مین اپنی ایک تمہیدی نظم درج کی جس مین ہر شاعر کو اپنے خیال و مذاق کے مطابق کسی خاص پھول سے تشبیہ دے کر اُسی پھول سے تعبیر کیا۔ اور اسی رعایت سے اُس مجموعے کا نام "پھولون کا ہار" رکھ دیا۔

ملیا غر کے بعد تھسا لونکا کے فلپ نے اس "پھولوں کے ہار" مین زمانۂ مابعد کے تیرہ ۱۳ اور شاعرون اور انشا پردازون کے کلام کا انتخاب اضافہ کیا۔ اور اپنے اس نئے مجموعۂ سخن کا نام "انطالوغی" رکھدیا۔ یونانی زبان مین "انطوس" پھول کو کہتے ہین اور "لوغیہ" کے معنی خرمن کے ہین۔ لہذا "انطالوغی" کا لغوی ترجمہ "خرمن گل" یا "گلستان" و "گلزار" ہے۔

فلپ کے بعد شہر ہرقلہ کے دیوجنانوس۔ شہر سارڈیس کے اسٹرابو اور اغاتھیاس نام ایک اور یونانی سخن سنج نے جو اپنے دور کے بڑے نامور اساتذۂ سخن مین تھا بہت سے نئے منتخبات کے اضافے کر کے نئے نئے مجموعے شایع کیے۔ مگر ان سب مجموعون کا نام وہی "انطالوغی" یعنی گلستان یا خرمن گل رہا۔ جن مین تین سو یونانی شعرا اور ادیبون کی ۴۵۰۰ نظمین اور نثرین درج تھین۔ اور اب یونانی مین اس قسم کے مجموعون کا عام نام "انطالوغی" ہو گیا۔ گویا یہ کسی کتاب کا نام نہین بلکہ ایک فن یا خاص قسم کی کتابون کا عام نام تھا۔ چند روز بعد یونانی زبان کے تمام مذکورہ مجموعہ ہاے سخن دست برد زمانہ کی نذر ہو گئے۔ فقط "انطالوغی" کا نام رہ گیا۔ جس پر یورپ کی زبانون نے اپنے لب و لہجہ کے لحاظ سے تصرفات کیے۔ چنانچہ انگریزی مین وہ "انتھالوجی" بن گیا۔ انگریزی مین آج بھی اس قسم کے

بے دلیل خدا کو مانتا ہے اُسی طرح ایک لڑکا کسی زبان کو آغوش مادر مین سیکھ کے
بے دلیل اُسکی خوبیون کا قائل ہو جاتا ہے - اس لیے اس بات کی امید رکھنا
حماقت ہے کہ جو بچہ دہلی و توابع دہلی مین پیدا ہو کے - وہان آغوش میں پل کے
اور وہان کی صحبتون میں اُٹھ بیٹھ کے بڑا ہوا ہے لکھنو کی زبان کو پسند کرے گا
اور اسی طرح اسکے برعکس یہ خیال کرنا جنون ہے کہ جو لوگ لکھنو اور توابع لکھنؤ مین
پیدا ہوے ہین اور وہین کی سوسائیٹیون مین اُن کا نشو و نما ہوا ہے وہ دہلی کی
زبان کو کسی دلیل یا فیصلہ سے مان لین گے - مین ہون یا ہمارے دوست
مولوی عبدالحق صاحب دونون پر یہی اثر پڑا ہوا ہے - اور اُسکا نتیجہ یہ ہے کہ
ہم اپنی اپنی زبان کی خوبیون کے دلدادہ ہین - اور دوسرے اسکول کی زبان پر
اعتراض اور نکتہ چینیان کرتے ہین - جن سے سوا اپنا دل خوش کر لینے کے کوئی
نتیجہ نہین حاصل ہو سکتا - مولوی عبدالحق صاحب اطراف میرٹھ مین پیدا
ہوے - اور علیگڈھ مین تعلیم پائی - یہ دونون شہر زبان دہلی کے زیر اثر ہین -
اس لیے اُنکے کانشنس سے بجز اسکے کہ لکھنؤ کی زبان کو پسند نہ کرین ہم اور کوئی
امید بھی نہین کر سکتے - بیشک زبان مین لکھنؤ والون کے تصرفات انکو ناگوار
گزرتے ہون گے مگر اس ناگواری کو اُنھین تھوڑی نفس کشی اختیار کر کے
برداشت کرنا چاہیے - کیونکہ اس نزاع مین وہ قاضی نہین بلکہ فریق ہین -

قابل لحاظ فقط اُن لوگون کا بیان ہو سکتا ہے جو ہون تو لکھنؤ کے
رہنے کے ساختہ و پرداختہ مگر زبان دہلی کی تعریف مین رطب اللسان ہون یا
خلاف اسکے اُنھون نے دہلی مین نشو و نما پایا ہو اور زبان لکھنؤ کی مدح سرائی
کرتے ہون - مثلاً غالب مرحوم کہ اگرچہ دہلی کے اُستاد عدیم المثال اور شاعر
صاحب کمال تھے مگر لکھنؤ کی حد سے زیادہ مدح خوان تھے اور تسلیم کرتے تھے
کہ دہلی کی زبان مٹ گئی -

یا مرزا رجب علی بیگ صاحب سرور جو اکبر آباد آگرہ مین پیدا ہوے وہین
نشو و نما پایا - تاثیر بے ہمتا بننے کے بعد لکھنؤ مین آئے - اور یہان کی معاشرت
زبان اس قدر پسند آئی کہ بہ آواز بلند مدح خوانی کرنے لگے - اور اس کا یہ

انعام ملا کہ وہ لکھنؤ والے خیال کرکے مورد سہام بن گئے۔ مولوی محمد حسین صاحب آزاد مرحوم باوجودیکہ ثقہ آدمی تھے اور جانتے تھے کہ مرزا رجب علی بیگ صاحب بھی ایک شریف آدمی ہین اُن سے دست و گریبان ہو گئے اور اُنھین "لکھنؤ کا شہدا" کہدیا۔ اور آج تک اکثر آپے سے باہر ہو جانیوالے دلدادگان زبان دہلی جب قلم اُٹھاتے ہین اُنکی یہ سنت ادا کرنے کے لیے مرحوم مرزا صاحب کو دو ایک گالیان ضرور دے دیا کرتے ہین۔ اور اس کا خیال نہین کرتے کہ وہ بیچارے تو خاص اکبرآباد کے رہنے والے اور دہلی کے اسکول زبان کے ساختہ و پرداختہ تھے۔ تلاش معاش مین لکھنؤ آئے۔ لوگون نے قدر کی۔ دیگر صاحبان کمال کی طرح ہاتھون ہاتھ لیا اور اُستاد بنا دیا۔ رہا اُنکا رنگ عبارت تو اُنکے زمانہ تک لکھنؤ ہو یا دہلی سب جگہ کا وہی رنگ تھا جو فارسی کی نثاری سے ماخوذ تھا۔ اُسی رنگ کو اُن دنون تمام اہل علم لکھنؤ کے ہون یا دہلی کے پسند کرتے تھے۔ اور اگر انگریزی تعلیم نے ترقی کرکے اُردو کے لیے ترقی کی سڑک نہ بدل دی ہوتی تو آج بھی سب جگہ وہی رنگ ہوتا۔

اس رنگ کو لکھنؤ کا رنگ بتانا ہی غلطی ہے۔ اس لیے کہ وہی نثر اُردو کا وہ قدیم رنگ تھا جو دہلی سے لکھنؤ مین آیا۔

بہرحال ان بحثون میں پڑنے کا کوئی نتیجہ نہیں ہے۔ اب سب جگہ اُردو کا وہی رنگ ہے جس کا آغاز انگریزی اثر اور انگریزون کی رہبری مین میرامن سے ہوا تھا۔ غالب نے اُس مین اور سادگی پیدا کی۔ آزاد مرحوم نے مشرقی و مغربی رنگ کو ملا کے ایک نیا رنگ پیدا کیا۔ اور چند روز مین سارے ہندوستان کی نثر ایک ہی وضع کی ہو کے ایک سطح پر آگئی۔

العادۃ کالطبیعۃ الثانیہ

(ماخوذ از ایڈیسن)

عوام و خواص سب مین ضرب المثل ہے کہ عادت فطرت ثانیہ ہے۔ یعنی جو چیزین قدرت نے انسان کی سرشت و جبلت مین داخل کردی ہین اُنھین کے مثل وہ باتین

بھی ہوتی ہین جن کی عادت پڑ گئی ہو۔ اس کے صحیح ہونے مین تو کوئی شک وشبہ نہین۔ لیکن ہمین اکثر یہ نظر آتا ہے کہ عادت سرشت پر بھی غالب آجاتی ہے اور ایسا معلوم ہونے لگتا ہے کہ گویا وہی عادت اصلی فطرت و جبلت ہے۔ کہتے ہین کہ کوئی شخص ایک ایسے مقام پر رہا کرتا تھا جہان ہر وقت گھنٹے کی آواز سُنی جاتی تھی۔ اور اُس کا معمول تھا کہ جب گھنٹہ بجتا وہ بھی گھنٹے کی آواز کے ساتھ بآواز بلند کہتا جاتا ایک۔ دو۔ تین۔ چار۔ وغیرہ وغیرہ۔ چند روز بعد اتفاقاً گھڑی بگڑ گئی۔ اُس کا بجنا موقوف ہوگیا۔ لیکن جہان گھنٹہ بجنے کا وقت آیا اُس کی زبان پر خود بخود الفاظ ایک۔ دو۔ تین۔ چار جاری ہو جاتے۔ اس واقعے کے تسلیم کرنے مین شاید بہت سے لوگون کو عذر ہو۔ لیکن اس سے وہ انکار نہین کرسکتے کہ عادت کا انسان کی طبیعت پر اثر پڑتا ہے۔ اور اُسکے اثر سے اُسکے اخلاق و عادات سب بدل جاتے ہین۔

سچ یہ ہے کہ اگر ہم عادت کی قوت اور اُس کے اثرون سے فائدہ اُٹھانا چاہین تو بہت سے بکار آمد نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔ سب جانتے ہین کہ وہی چیزین جو ہمین پہلے ناگوار معلوم ہوتی تھین عادت پڑ جانے کے بعد نہایت خوشگوار ہو جاتی ہین۔ اس مین اچھے یا بُرے کی تفریق نہین۔ جو شخص جُوے یا کسی بد اخلاقی کے مشغلے مین منہمک ہوتا ہے ابتداءً اُسے ان باتون مین اتنا لطف نہین آتا تھا اور نہ اُن کی طرف ایسی رغبت تھی۔ مگر بُری صحبتون مین پڑ کے اور بدکار لوگون مین اُٹھ بیٹھ کے اُسے ان باتون کی عادت پڑ گئی۔ اور اب اس قدر مزہ آنے لگا کہ بغیر اُنکے دم بھر نہیں رہا جاتا۔ عزیز و اقارب بُرا کہتے ہین۔ اپنے پرائے لعنت ملامت کرتے ہین۔ مذہب عذاب آخرت سے ڈراتا ہے۔ قانون دنیا ہی مین سزا دیتا ہے۔ مگر وہ اپنی حرکتون سے باز نہین آتا۔ اُسے نظر آنے لگتا ہے کہ اُس کی زندگی کا مقصدِ اصلی یہی کام ہین۔ انھین کامون کے لیے دنیا مین آیا ہے۔ اور اس قابل ہی نہین ہوتا کہ دوسری قسم کی زندگی بسر کرے۔

تمباکو کھانے۔ حقہ پینے۔ ناس لینے۔ یا شراب پینے کی عادتین بھی اسی طرح

طبیعت ثانیہ بنجاتی ہین - اور یہ حالت ہو جاتی ہے کہ بغیر اُنکے ایک گھڑی بھی چین نہین پڑتا - انھین چیزون پر موقوف نہین - تم اپنی غذاؤن - اپنے شربتون - اپنے کپڑون - اپنی خوشبوؤن - اپنی مسرتون - اپنے غمون - اپنی شاعری اپنی موسیقی ہر چیز پر عادت کو حاکم و متصرف پاؤگے - یہان تک کہ تمھارا معشوق اور تمھارا دوست بھی تمھاری عادات کا لباس پہنے ہوگا - اور اُنھیں اخلاق - اُنھین کرشمون - اُنھین غمزون - اور حُسن و جمال کے اُنھین نمونون اور زیورون سے آراستہ نظر آئے گا جو تمھاری عادت کے بنائے اور تیار کیے ہوے ہین -

لیکن دیکھنا یہ ہے کہ عادت کے ان تصرفات سے ہم فائدہ کیونکر اُٹھا سکتے ہین - جس طرح بُوے نشے - اور بدکاری کی عادت پڑتی ہے اُسی طرح اگر تم علوم و فنون یا کسی چیز کے مطالعے کا شوق کرو اور اُسکی عادت ڈالو تو کیا اُس کی عادت نہ پڑ جائے گی ؟ ضرور پڑیگی - اسی پر منحصر نہین جس کام مین محنت کی جائے اور جس کی مزاولت کی جائے عادت پڑ ہی جاتی ہے - اور چند روز کے بعد اُسی مین لطف آنے اور مزہ ملنے لگتا ہے -

وہی کام جو پہلے بار معلوم ہوتا ہے اور اُسکے انجام دینے مین تکلیف ہوتی ہے عادت ڈالنے کے بعد خوشگوار اور پُر لطف ہو جاتا ہے - مغربی فیلسوف فرانسس بیکن اپنی کتاب فلسفۂ قدرت مین کہتا ہے " ہمین اُسی چیز مین زیادہ لطف حاصل ہوتا ہے جو ابتداءً ہمارے لیے بار اور دشوار تھی اور ہم اُس سے نفرت کرتے تھے " اس کی مثال وہ دیتا ہے کہ شراب - کافی - چاء - پہلے ہمین بدمزہ معلوم ہوتی تھین - مگر عادت پڑ جانے کے بعد یہ حالت ہو جاتی ہے کہ بغیر اُنکے قرار نہین آتا - اور زندگی بھر نہین چھوٹ سکتی ہین -

ہمارے دل و دماغ کی یہی حالت ہے کہ کسی خاص کام یا محنت کی عادت ڈالنے سے اسی قدر نہین ہوتا کہ اُسکی دشواری کم ہو جاتی ہو بلکہ اُس کی جانب ایک طرح کی رغبت پیدا ہو جاتی ہے اور دل مین شوق نمایان ہوتا ہے - ایک بڑے عالم نے ہمتا اور فاضل گران پایہ کا مقولہ تھا کہ پہلے مجھے مصنفین سلف کی کتابون مین کسی قسم کا لطف نہ حاصل ہوتا تھا مگر ایک مجبوری اور ضرورت سے

چند روز تک مجھے یہ دشوار و ناگوار کام کرنا پڑا - اب نہایت حیرت سے دیکھتا ہون کہ ان کتابون مین مجھے غیر معمولی دلچسپی پیدا ہوگئی ہے - اور جب تک اُنکا مطالعہ نہین کر لیتا ہون دل کو قرار نہین آتا - بہرحال ان باتون سے یہ نتیجہ ضرور حاصل ہوتا ہے کہ عادت ڈالنے سے ناگوار اور بے مزہ کام ہم پر آسان ہی نہین ہو جاتے بلکہ خوشگوار اور بامزہ معلوم ہونے لگتے ہین -

انسانی فطرت کی اس خصوصیت پر اگر ہم زیادہ غور کرین تو اس سے بڑے بڑے فائدے اُٹھا سکتے ہین اور بہت سے اچھے اور نتیجہ بخش اصول ہاتھ آ سکتے ہین - اس سے اخذ کیا ہوا سب سے پہلا اور نہایت ہی اہم اصول یہ ہے کہ "جو کوئی جس کام مین مصروف ہوگا اور محنت کریگا اُس مین محروم و ناکام نہین رہ سکتا" ممکن ہے کہ ابتدا مین وہ اُسے بہت دشوار - نامناسب اور اپنے مذاق و رجحان کے خلاف نظر آتا ہو لیکن چند روز کی محنت و مصروفیت مین مذاق کے موافق ہی نہین نظر آنے لگے گا بلکہ اچھا اور خوشگوار معلوم ہوگا -

دوسرے عادت کے ان معجز نما اثرون سے فائدہ اُٹھانے کے مین ہر شخص کو وہی نصیحت کرنا چاہتا ہون جو فیثاغورس نے اپنے شاگردون کو کی تھی - اُس نے اُن سے کہا "ہمیشہ وہ پیشہ اختیار کرو جو عمدہ اور اعلیٰ نظر آتا ہو - عادت ڈالنے سے اگر مشکل بھی ہوگا تو آسان ہو جائے گا - اور آخر مین تم خود اُسے پسند کرنے لگو گے - جن لوگون کو اس بات کا موقع حاصل ہے کہ اپنے لیے سوچ سمجھ کے کوئی پیشہ اختیار کرین وہ اگر کوئی سودمند اور پسندیدہ عام مشغلۂ معاش نہ اختیار کرین تو ہرگز قابل معافی نہین ہین - انتخاب صورت کسب معاش کے وقت ہمین سب سے زیادہ اس بات کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ کس کام مین ہم زیادہ فائدہ اُٹھا سکتے ہین - ابتدائی حالت مین دلی رجحان کے ہونے یا نہ ہونے کی مطلق پروا نہ کرنی چاہیے - کیونکہ عادت پڑ جانے کے بعد خود بخود طبیعت عادی ہو جائے گی اور آخر کار اس مین لذت ملنے لگے گی -

تیسری بہت بڑی بات معاد اور زندگی مابعد الموت کا خیال ہے - سخت سے سخت دنیا پرست جو مذہب کی دشواریون اور قیدون کو نہ برداشت کر سکتا ہو

اور بالکل بندۂ ہوا و ہوس ہو اُسے بھی عالم آخرت کا کچھ نہ کچھ خیال ضرور ہوتا ہے۔ اور نیکوکاروں کی طرح وہ بھی باوجود اپنی بدکاریوں کے اسی بات کا آرزومند ہوتا ہے کہ اُس عالم ابدی و سرمدی میں فلاح حاصل ہو۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایسے گناہگار کو بھی اُن فرائض کے ادا کرنے میں جو مذہب کے بتائے ہوئے ہیں مسرت ہوتی ہے اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ مگر باوجود اسکے اُن لوگوں کو مذہب کے بتائے ہوئے اخلاق حسنہ خدا پرستی کے فرائض امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اس قدر بارو دشوار معلوم ہوتے ہیں کہ پابندی نہیں کرسکتے۔ اس کی وجہ فقط یہ ہے کہ انھوں نے اُن دینی باتوں کی عادت نہیں ڈالی۔ لیکن اگر ہم ان باتوں کی عادت ڈالیں اور چند روز کی محنت میں اُنکو گوارا بنالیں تو پھر ہمیں عبادت و ریاضت اور زہد و تقویٰ میں لذت حاصل ہونے لگے۔ اور وہ اطمینان قلب اور فلاح دارین حاصل ہو جو خدا ہر دیندار کو نصیب کرے۔

چوتھے اس کا بھی لحاظ رکھنا چاہیے کہ ہم نے جب ایک اسلوب زندگی اختیار کرلیا تو پھر ہمیں اس پر بھی نظر رکھنی چاہیے کہ دلچسپی اور تفریح و تفرج کے لیے ہم جن باتوں کو اختیار کریں وہ نہایت ہی لطیف۔ پاکیزہ۔ بے عیب اور دل کو ظلمتِ گناہ سے صاف کرنے والی ہوں۔ اگر اسکی احتیاط نہ کی گئی اور جو بُری باتیں تمھاری دلچسپیوں میں داخل ہو گئیں تو اُن کے اثر سے رفتہ رفتہ آئینۂ دل زنگ آلود ہو جائے گا۔ صفائی و پاکیزگی مٹ جائے گی۔ سچی مسرت سے دل خالی ہوگا۔ اور ادنیٰ درجے کے ذلیل۔ سفلہ۔ اور بُرے کاموں میں لطف آنے لگے گا۔

آخر میں میں اس نتیجے کو پہونچتا ہوں کہ انسان چند روز تک جو کام کرتا رہے عام ازیں کہ وہ بُرا ہو یا بھلا اُس میں اسکو ایک گونہ خوشی ضرور حاصل ہونے لگتی ہے۔ لہٰذا ہر معمولی مسرت کو دیکھ کے اُسے نفس پروری کے پھندے میں نہ پڑ جانا چاہیے۔ دین و دنیا کی سعادت حاصل کرنے کی غرض سے اُس کے لیے ضروری ہے کہ اس چند روزہ زندگی میں ایسی پاکیزہ اور نیک عادتیں اختیار کرے جو اس عالم میں بھی اُسے فائدہ پہونچائیں اور زندگی اُخروی میں بھی کام آئیں۔

جنۃ الفردوس اصل پوچھو تو کامل اور دائمی مسرت کا نام ہے جو ہمین اپنے مذاق کے مطابق دنیوی مشکلون مین دکھائی اور بتائی گئی ہین - ان مسرتون کے مستحق ہم اُسی وقت ہو سکتے ہین اور اُسی وقت وہ ہمارے لیے موزون و مناسب ہو سکتی ہین جب ہم اپنے آپ کو اُنکے قابل بنائین - اس عالم مین تم سچائی اور نیکوکاری کے عادی بنو اور اپنی زندگی اُس اعلیٰ مقصد کے حاصل کرنے مین صرف کرو - دوسرے عالم مین بھی اچھے رہوگے - اور وہان کی سچی اور پاکیزہ لذتون کے اہل ہو جاؤگے - اصل یہ ہے کہ اُس ابدی روحانی مسرت کا بیج اس امتحان گاہ فانی کی زمین مین بویا جاتا ہے - اور گو تخم ریزی یہان ہوتی ہے مگر اُگھو اُس دوسرے عالم مین نکلتا اور ایک خوشنما فرحت بخش پودھا بن کے پھولتا پھلتا ہے - خلاصہ یہ کہ جنت کی نسبت یہ کہنا کہ ہمین اپنے اعمال نیک کے صلے مین ملتی ہے فقط کہنے کی بات ہے - اصل مین پاکبازی اور شریفانہ زندگی کا قدرتی نتیجہ جنت ہے -

برخلاف اسکے وہ طبیعتیں جو شہوت پرستی - خواہشات نفسانی - جھوٹھ - کینہ پروری اور عداوت و خصومت اور اسی طرح کی اور بہت سی باتون کی عادی ہوگئی ہین اُنھین یقینی طور پر رنج و الم اور ندامت و افسوس کے لیے تیار رہنا چاہیے - اُن کی یہ تکلیف دنیا ہی سے شروع ہو جاتی ہے اور اُس کے بعد جب انکی روحین اس جسم خاکی فانی سے علحدہ ہو جاتی ہیں تو اُس وقت بھی اُنھین مسرت نہین نصیب ہو سکتی - اور گو وہ اُس عالم مین نہ ہون گے جہان اُنھون نے بد اخلاقی سے اپنی زندگی خراب کی اور معاصی و جرائم کے مرتکب رہے تھے مگر اُسی دوسرے عالم مین اُنکے اعمال و افعال کا صدمہ و الم ہر وقت پیش نظر رہے گا - اور ان باتون سے اُنکو اس قدر تکلیف ہوگی اور ایسے پریشان رہین گے کہ اُن کا وہ عالم آخرت اشد ترین دوزخ اور عذاب الٰہی کا مرکز ہوگا -

یہ اہل مذہب کے مذاق پر نہین کہا جاتا جو جنت و دوزخ کو مستقل مقامات ثواب و عقاب مانتے ہین - مگر وہ لوگ جو اس کے قائل نہین وہ بھی اس دوسرے عالم کو اسی حیثیت سے مزرعۃ الآخرۃ تسلیم کرتے ہین کہ وہان اپنے دنیوی افعال

خیر کی بے اندازہ مسرت اور بدکاری کی ناقابل برداشت تکلیف ہوگی - اور اسی کو دنیا والون کے جنت و دوزخ بتاتے ہین - اسی بنا پر کہا جاتا ہے کہ جنت و دوزخ کا خیال فطرت کے مطابق ہے - اور بڑے بڑے محققون اور مبصرون نے بخوبی غور کرکے ان دونون عالمون کا پتہ لگا لیا ہے - چنانچہ اُن کا دعوے ہے کہ ہماری عادتین اور خصلتین ہی ہمارے لیے جنت و دوزخ کو پیدا کر دیا کرتی ہین -

خط پیکانی

اس دور کی ترقیون مین سب سے زیادہ حیرت انگیز اُن قدیم کتبون کو پڑھ لینا ہے جو آج تک نہین پڑھے جا سکے تھے - اور پھر اُن کے ذریعے سے اہم حصۂ تاریخ کا پتہ لگا لینا ہے - یہ تھوڑی حیرت کی بات نہین ہے کہ مسلمان ایران و عراق اور شام مصر پر تیرہ صدیون تک حکمران رہے مگر اس جانب توجہ نہ کی کہ اگلی دنیا کے کتبون پر غور کرتے اور پتہ لگاتے کہ اُن مین کیا لکھا ہے - اور جس قدر زیادہ زمانہ گذرتا جاتا تھا اُسی قدر انکا پڑھنا دشوار ہوتا جاتا تھا - یہان تک کہ کمال مایوسی کے ساتھ یقین کر لیا گیا کہ مردہ اور فنا شدہ زبانون کی ان مجہول و نامعلوم تحریرون کا مطلب سمجھنا غیر ممکن ہے -

مگر نہایت ہی صحیح ہے کہ "من طلب وجد" جس نے ڈھونڈھا پایا - اور حضرت مسیح نے بجا ارشاد فرمایا تھا کہ "جو دروازہ کھٹکھٹائے گا اُسکے لیے دروازہ کھلجائیگا" آج کل کے محققون نے اس بارہ خاص مین کوشش کی - ان قدیم کتبون پر غور و خوض کرنے مین عمرین صرف کین اور آخر اس طلسم کو توڑ ہی کے دم لیا جو کسی کے توڑے نہ ٹوٹ سکا تھا - بلکہ کسی کو اُسکی طرف توجہ کرنے کی جرأت ہی نہ ہوتی تھی -

قدیم نامعلوم خطون مین سب سے زیادہ اہم تو اہل مصر کا "خط تصویر" ہے - جس کا حال ہم آیندہ لکھین گے - مگر اسکے بعد سب سے زیادہ اہمیت ایران و عراق کے "خط پیکانی" کو ہے جسکے بہت سے کتبے جا بجا اشوریا - بابل اور فارس

انتخابات سخن کو "انتھالوجی" کہتے ہین جسکے معنی وہی خرمن گل یا گلستان کے ہین۔

مگر ولادت سرور عالم کے تقریباً چار سو برس بعد یعنی دسوین صدی عیسوی مین قسطنطین قفالاس کی جستجو سے پھر بعد ازان نوین صدی ولادت محمدی یا چودھوین صدی ولادت عیسوی مین مقسیموس فلانودیس کی جستجو سے فنا شدہ یونانی "انتھالوجی" یعنی قدیم گلستان یونان کے چند اجزا دستیاب ہوگئے جو بعد والون کی کوشش سے دنیا مین محفوظ رہ گئے۔

مقسیموس کا ترتیب دیا ہوا مجموعہ بسلسلۂ لسکریس ایڈیشن ۸۳۴ھ محمدی (۱۴۰۴ء) مین شہر فلارنس مین طبع ہوا۔ اسکے بعد اُسکے اور کئی ایک عمدہ ایڈیشن ترجمے اور توضیحات کے ساتھ شایع ہوے۔ لوگ اسی مقسیموس کے نسخے کے دلدادہ ہو رہے تھے کہ یکایک سلماسیوس نام ایک شخص نے ۱۰۳۵ھ محمدی (۱۶۰۶ء) مین قسطنطین قفالاس کے گم شدہ مجموعے کو ہیڈل برگ کے کتب خانے سے برآمد کرکے دنیا کے سامنے پیش کردیا۔ یہ مجموعہ زیادہ مکمل تھا اور اُس مین بمقابل مقسیموس کے مجموعے کے زیادہ استیعاب تھا۔ یہ نسخہ سی سالہ جنگ کے زمانے مین رومۃ الکبریٰ مین لایا گیا۔ وہان سے پیرس مین گیا۔ اور آخر ۱۲۴۵ھ محمدی (۱۸۱۶ء) مین پھر ہیڈل برگ مین بھیج دیا گیا۔

اس یونانی گلستان (انتھالوجی) کی دیکھا دیکھی رومیون نے اپنی لاطینی زبان مین بھی شعر و سخن کے کئی مجموعے منتخب کرکے مدون کیے۔ جن کے مولف کملاے روم سقالیفر۔ پتھوس۔ بورمان۔ اور چند اور سخن سنجان لاطینی تھے بورمان کا مجموعہ زیادہ ضخیم تھا جو ۱۱۸۸ھ محمدی اور ۱۲۰۲ھ محمدی (۱۷۵۹ء) و (۱۷۷۳ء) مین ایمسٹرڈم سے شایع ہوا۔ پھر اُسکو کسی قدر ترقی دے کے زیادہ خوبی کے ساتھ ہے نام ایک یورپین فاضل نے ۱۲۶۴ھ محمدی (۱۸۳۵ء) مین اور اُسکے بعد اُس سے بھی زیادہ خوبی و خوش اسلوبی سے اسکندر روس نام ایک عالم لاطینی نے ۱۲۹۸ھ محمدی (۱۸۶۹ء) مین شایع کیا۔

عربی زبان اس قسم کے گلستانون سے بمقابل یونانی و لاطینی کے زیادہ مالا مال ہے۔ اُس مین سب سے پہلے ابو تمام

حبیب بن اوس المتوفی ۲۷۴ھ محمدی (۸۴۵ء) نے پھر بعد ازان
ع یہ دونون ادیب اسلام کی پہلی صدیون کے نامور ادیب اور تاریخی روایات عرب کے
عالم بے بدل تھے۔ ابو تمام کا نام حبیب بن اوس تھا وہ بنی طے مین سے تھا۔ اوب و شاعری
مین اُستاد زمانہ تھا۔ اسکی کتاب "حماسہ" نہایت مشہور و مقبول ہے اور آج تک ادب عربی کے
نصاب مین داخل ہے۔ اُس نے اپنے ایک مجموعۂ اشعار کا نام "فحول الشعرا" رکھا۔ جسکے
معنی شعرائے نامور کے سمجھنے چاہیے۔ اس مین جاہلیین (جاہلیت کے شعرا) مخضرمین (وہ شاعر
جنھون نے جاہلیت و اسلام دونون زمانون کو دیکھا) اور اسلامیین (شعرائے عہد اولین
اسلام) کا نہایت ہی عمدہ انتخاب کیا ہے۔ اُسکی ایک اور کتاب "کتاب الاختیارات" ہے اس مین
محض شعرائے سلف کے مقبول و پسندیدہ اشعار جمع کیے ہین۔ اُسکو اتنے اشعار زبانی یاد تھے
کہ اور کسی کی نسبت نہین سنے گئے۔ کہتے ہین کہ قصیدون۔ غزلون۔ اور متفرق اشعار کے سوا
اُسکو صرف چودہ ہزار عربی مثنویان برزبان یاد تھین۔ اُس عہد کے ایک رئیس اور والی ملک
ابو دلف عجلی کی مدح مین اُس نے قصیدہ پڑھا۔ ابو دلف نے پچاس ہزار درہم صلہ مین
دیے۔ اور کہا "خدا کی قسم یہ ادنیٰ رقم اس قصیدہ کے سامنے حقیر و ہیچ ہے۔ اس لیے کہ آپ
کی اس نظم کو بجز اُس مرثیے کے جو آپ نے محمد بن حمید طوسی کے غم مین کہا ہے اور کوئی نظم نہین
پہونچ سکتی"۔ ابو تمام نے کہا "اُس کے غم مین تو مین نے کئی مرثیے کہے ہین اُن مین سے کس
مرثیے کو آپ نے پسند فرمایا؟" ابو دلف نے اُس مرثیے کا مطلع پڑھا اور کہا "کاش مین
مرگیا ہوتا اور یہ مرثیہ آپ نے میرے مرنے پر کہا ہوتا۔ اس لیے کہ جس شخص کے غم مین یہ مرثیہ
ہو وہ مر نہین سکتا۔ وہ ابد الآباد تک زندہ رہے گا"۔

لوگ کہتے ہین کہ بنی طے مین تین شخص ایسے پیدا ہوے کہ ساری دنیا مین اُنکا جواب نہین ہوا
حاتم طائی سخاوت مین۔ داؤد طائی زہد و تقویٰ مین اور ابو تمام طائی شعر و سخن مین۔

آخر عمر مین وہ شہر موصل کی ڈاک کا مہتمم مقرر ہوگیا تھا۔ ۲۳۴ھ محمدی (۸۰۸ء) مین مضافات
دمشق کے قریۂ جاسم مین پیدا ہوا تھا۔ گندم گون، کشیدہ قامت، فصیح البیان اور شیرین زبان
تھا۔ مگر بات اس قدر جلدی کرتا تھا کہ بعض اوقات سمجھنا دشوار ہوجاتا۔ ۲۷۴ھ محمدی (۸۴۵ء)
مین چالیس ہی سال کی عمر تھی کہ دنیا سے رخصت ہوگیا۔ ابو نہشل بن حمید طوسی نے اُسکی قبر پر ایک
مقبرہ بنوادیا جو مدت تک تمام شاہیر کا مقبرہ کہلاتا تھا۔

ابو الفرج اصفہانی المتوفی ۳۹۵ھ محمدی (۹۶۶ء) نے اُن تمام عربی نغموں اور گیتوں کے منتخب مجموعے مرتب کیے جو جاہلیت عرب میں یعنی حضرت سرورِ عالم سے پہلے مروج تھے۔ انکی مجموعی ضخامت دس جلدوں کو پہونچ گئی۔ ابو الفرج اصفہانی نے ..... اسکے علاوہ اپنی مشہور کتاب اغانی میں ان تمام گیتوں اور نغموں کو بھی مرتب کرکے شایع کردیا جو علی العموم عربوں میں مروج و متداول تھے۔ اس ضخیم عربی کتاب کو یورپ میں کوسے گارٹن نے ۱۲۶۹ھ محمدی (۱۸۴۰ء) میں نہایت خوبی و تحقیق سے چھاپ کے شایع کردیا ہے۔ پھر اُس کی نقل دوبارہ مصر میں چھپی اور اب دُنیا کے تمام مشہور کتب خانوں میں موجود ہے۔

ان کتابوں کے علاوہ عربی میں اور بہت سے اسی قسم کے مجموعے یعنی گلستانیں

عہ ابو الفرج علی بن حسین اُموی اصفہانی۔ یہ ادیب خاص خلفائے بنی اُمیہ دمشق کی نسل سے اور اُنکے آخری خلیفہ مروان بن محمد کا پوتا تھا۔ مگر باوجود بنی اُمیہ میں ہونے کے اسکا شمار شیعیان علی میں کیا گیا ہے۔ اُسکی کتاب اغانی جو اکیس جلدوں میں ہے ادب و حالات عرب کی ایک ایسی عدیم المثال کتاب ہے کہ باتفاق علماے سلف اپنا جواب نہیں رکھتی۔ صاحب علم فرمان رواے اسپین صاحب بن عباد کے ہمراہ سفر اور دورے میں تین سو اونٹوں پر اُس کا کتب خانہ رہا کرتا تھا۔ اغانی تصنیف ہوکے اُسکے پاس پہونچی تو کہنے لگا "بس اب اتنے اونٹوں کے رکھنے کی ضرورت نہیں۔ اکیلی یہی کتاب اغانی کافی ہے" اسپین کے خلیفۂ اُموی حکم نے جو علم کا بڑا مربی تھا اس کتاب اور مصنف کی بڑی قدر کی۔ ہزاروں دینار اُس کے پاس مشرق میں بھیجے۔ اور اُس کے کہنے سے اس مصنف نے بنی امیہ کی تاریخ اُن کے خاندانوں۔ نسبوں۔ اور ہر قسم کے حالات کو۔ اور انکی شان میں نظموں اور قصیدوں کو جمع کیا تھا۔ انکے علاوہ اور بہت سی کتابیں تھیں جو آج موجود ہوتیں تو حالات عرب اور اُس عہد کی ترقیوں کا کوئی ادنیٰ کرشمہ بھی ہماری نظر سے مخفی نہ رہ جاتا۔

مگر وہ زندگی بھر وزیر مہلبی کی ذات سے وابستہ رہا۔ اُس کی شان میں قصیدے کہتا اور اُسی کی قدردانی و فیاضی پر بسر کرتا تھا۔ ۳۲۶ھ محمدی (۹۳۸ء) میں پیدا ہوا تھا اور ۳۵۵ھ محمدی (۹۶۶ء) میں خاص بغداد میں وفات پائی۔

ہین جو عموماً پسند کی جاتی ہین مگر اُن مین سب سے بہتر اور نہایت مکمل وہ مجموعۂ انتخاب ہے جس کو ثعالبی نے مرتب کرکے "یتیمۃ الدھر" کے نام سے شایع کیا ہے ثعالبی کی وفات کے بعد اور لوگون نے اُس کو اور بڑھایا - اور زیادہ مکمل کیا - جو آج تک موجود اور مقبول و مشہور ہے -

لیکن عربون نے انتہا لوجی (فن گلستان) مین کتابین تو لکھین مگر اُسکے یونانی نام کو نہین لیا، بلکہ ہر مؤلف نے اپنی کتاب کا ایک جداگانہ نام رکھ دیا -

---

عہ ثعالبی کا پورا نام ابو منصور عبد الملک بن محمد بن اسمٰعیل ثعالبی تھا - اپنے عہد مین علم و ادب کے اُستاد بے ہمتا اور نظم و نثر مین مرجع عالم تھے - ان کے سیرت نگار اُنھین اپنے زمانے کے تمام مصنفون کا سردار اور سارے مؤلفین کا امام بتاتے ہین - زندگی ہی مین اُن کا نام ہر جگہ ادب و شعر مین ضرب المثل ہوگیا تھا - اور اُن کی زیارت کے شوق مین دُور دُور سے اونٹون کے قافلے پر پر آتے رہتے تھے - اُن کے دیوان یکایک دنیا مین شایع ہوے تو تمام لوگون کو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے افق مشرق سے ماہتاب اور تارون نے طلوع کیا ہے -

ان کی کتابون مین سب سے زیادہ مشہور و مقبول "یتیمۃ الدہر" فی محاسن اہل العصر" ہے - جس مین تمام شعراے عرب کا منتخب کلام جمع کردیا ہے - یہ اس فن یعنی فن گلستان کی تمام کتابون سے بڑی - اچھی - اور بہت حاوی ہے اسکی تعریف مین ابو الفتوح نصر اللہ اسکندری نے جو ایک نازک خیال شاعر عرب تھا اور بہت مشہور تھا یہ دو شعر کہے ہین -

ابیات اشعار الیتیمہ ابکار افکار قدیمہ

یتیمہ کے اشعار قدما کے ابکار افکار یعنی اُنکی طبعزاد دوشیزائین ہین

ماتو و عاشت بعدہم فلذاک سمیت الیتیمہ

قدماے سلف مرگئے اور وہ اُنکے بعد زندہ رہین اس سبب سے اُن کا نام یتیمہ پڑ گیا -

ثعالبی کی اور بھی کتابین ہین جن سے اُن کی وسعت نظر کا پتہ لگتا ہے - ۳۹۰ھ محمدی (۹۲۱ء) پیدا ہوے اور ۴۶۶ھ محمدی (۱۰۳۷ء) مین سفر آخرت کیا - اُنکو ثعالبی اس لیے کہتے ہین کہ ثعلب لومڑی کو کہتے ہین اور اُن کا اصلی پیشہ یہ تھا کہ لومڑیون کی کھالون کو بناتے اور درست کرتے اور پھر اُنکو سیتے تھے -

عربون کے اثر اور اُنکی علمی تعلیم سے فارسی - ترکی - ہندوستانی اور دیگر السنۂ مشرق مین بھی اس قسم کی صدہا کتابین تصنیف ہو گئین - فارسی مین جتنے شعرا کے تذکرے ہین اُن مین زیادہ تر مقصود شاعرون کے حالات نہین بلکہ اُنکے کلام کا انتخاب ہوتا ہے - اور سچ پوچھیے تو انتھالوجی یعنی فن گلستان کی کتابین ہین - سعدی نے اگرچہ دوسرون کے کلام یا دیگر شعرا کی نظمون کو نہین جمع کیا - مگر درحقیقت اُنکی کتابین مختلف واقعات عالم - تجربون - نصیحتون - اور اگلے کارنامون کا انتخاب ہین جو اُنہون اخلاقی اصول پر مرتب کیے گئے ہین - لہذا صحیح معنون مین اُنکی دونون کتابون گلستان اور بوستان پر "انتھالوجی" "خرمن گل" یا "گلستان" کے الفاظ صادق آتے ہین - اور یقیناً اُسی خیال سے اور اس فن کی حقیقت و تاریخ کو معلوم کر کے اُنھون نے یہ دونون نام اختیار کیے ہین جو اُنکو براہِ راست تو نہین تو بواسطہ یونانی سے ملے ہین - فارسی مین کلام شعرا کو پھول سے تعبیر کرنے کا ایک نمونہ یہ بھی ہے کہ اُردو مین مجموعۂ اشعار کا عام نام "گلدستہ" یا "گلدستہ" مشہور ہو گیا ہے - فارسی مین "گلستان سرت" کے نام سے اس فن کی ایک اعلیٰ درجے کی مکمل کتاب مصطفائی مطبع نے لکھنؤ سے شایع کی تھی جو اب دستیاب نہین ہوتی -

اُردو مین بھی اس فن نے بہت ترقی کی - جتنے گلدستے نکل رہے تھے یا اب نکلتے ہین سب اسی فن کی کتابین "خرمن گل" یا "گلستان" ہین مگر اُن کے علاوہ اور بھی بہت سے مجموعہ ہاے اشعار مختلف حیثیتون سے منتخب کیے گئے ہین - بعض مین عوام کے مذاق کی غزلین جمع کی گئی ہین بعض مین گانے کی غزلین اکٹھا کر دی گئی ہین - دو چار ایسے بھی ہین جن مین اچھا اور مقبول کلام چھانٹ لیا گیا ہے - مگر سچ یہ ہے کہ ابھی تک اُردو مین کوئی ایسا مستند و مقبول عام انتخاب نہین شایع ہوا جو یونانی و عربی گلستانون کا جواب ہو سکے -

مگر چینی زبان مین نغمون کی کتاب" کے نام سے کنفیوشیس کی مرتب کی ہوئی ایک گلستان موجود ہے - جو ادب مشرق کا ایک قدیم ترین اور سب سے پہلا مجموعۂ انتخاب ہے - اس لیے کہ کنفیوشیس حضور سرور عالم سے تقریباً بارہ سو برس پیشتر تھا - لہذا اُس کی گلستان کی نسبت سمجھنا چاہیے کہ آج سے ڈھائی ہزار

سال پیشتر کی لکھی ہوئی ہے جبکہ بخت نصر ارض فلسطین اور بیت المقدس کو پامال اور بنی اسرائیل کو جلا وطن کرنے کے لیے اسیر کر رہا تھا۔ اہل چین اپنی اس قدیم گلستان کو ایک الہامی و آسمانی کتاب خیال کرتے ہین اور اس کا بڑا ادب کرتے ہین۔

افسوس کہ سنسکرت مین سب علم ہین مگر تاریخ کی قسم کی کوئی چیز نہین۔ اور اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ اُس مین کسی قدیم انتھالوجی (گلستان) کا بھی پتہ نہین لگا۔

تاج

تاج کو بعض لوگ سر کا ایک زیور بتاتے ہین۔ مگر اصل مین یہ زیور نہین بلکہ ایک زیور نما مرصع و مکلل ٹوپی کا نام ہے جو امتیاز کے لیے پہنی جاتی تھی۔ ابتداءً فقط بادشاہون کے ساتھ مخصوص تھی اور اُنکے سوا کوئی بھی اسکو نہ پہن سکتا تھا لیکن بعد کے زمانے مین بادشاہون نے اپنی فیاضیون سے شاہزادون۔ امیرون اور معزز و ممتاز لوگون کو بھی حسب حیثیت تاج عطا کرنا شروع کر دیے۔ اس کا پتہ لگانا غیر ممکن ہے کہ تاج کا پہلا موجد کون تھا یا پہلے پہل کس قوم سے اس کا آغاز ہوا۔ ہر قوم اپنی تاریخ مین اپنے کسی قدیم بادشاہ کو اس کا موجد بتاتی ہے۔ ہندوؤن مین ہم رامائن اور مہابھارت کے زبانون مین بھی مکٹ (تاج) کا رواج پاتے ہین۔ مگر توراۃ کی تاریخ سے چونکہ قدیم ترین تمدن اشوریا یعنی فرمان روایان نینوا کا ثابت ہوتا ہے اس وجہ سے مورخین نے یہ رائے قائم کر لی ہے کہ تاج کی ایجاد سب سے پہلے وہان کے بادشاہون سے ہوئی۔

علامہ مسعودی مروج الذہب مین کہتے ہین "دنیا مین سب سے پہلے جسنے تاج پہنا وہ سُریانی (یعنی اشوریا کا) بادشاہ سُوسان تھا۔ اس نے پہلے پہل تاج کو ایجاد کیا۔ پھر مسعودی ہی کے مطابق ایران والے تاج کا موجد اور پہلا تاجدار کیومرث کو بتاتے ہین۔

انسان ابتداءً پتون سے ستر پوشی کرتا تھا۔ اُس وقت اور اُسکے بعد بھی یعنی کپڑے اور چمڑے کے لباس کے مروج ہونے کے بعد بھی مدتون تک جسمانی آرائش و زیبائی پتون اور پھولون ہی سے ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ تاج کا پہلا نمونہ بھی پتون

کا ایک ہار تھا جو سر مین لپیٹ لیا جاتا - یہی اور اسی شکل کا تاج پہلے پہل دنیا کی تمام قومون مین مروج ہوا - اسکے بعد جب جواہرات اور سونے چاندی سے زیب وزینت کا کام لیا جانے لگا تو تاج مین بھی ان چیزون نے پھولون اور پتیون کی جگہ لینا شروع کی - چنانچہ ہندوستان کے راجاؤن کے قدیم تاج اُنکی تصویرین دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نہایت ہی قیمتی - بھاری اور مرصع بہ جواہر تھے - یہی کیفیت ایرانی تاجدارون کے تاجون کی بھی معلوم ہوتی ہے - مرصع تاجون کی سب سے پہلی وضع یہ تھی کہ ایک پٹی مین ایک ہیرا نصب کیا جاتا - وہ پٹی سر مین لپیٹ کے پیچھے کی طرف باندھ لی جاتی - اور ہیرا پیشانی کے اوپر چمکتا رہتا - یونان کے سب سے بڑے دیوتا جیوپٹر - مصر کے یونانی فرمان روا بطلیموس اور شاہان شام کے بادشاہون کی مورتون کے سرون پر اسی وضع کا تاج نظر آتا ہے - یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اُن دنون تاج کی خصوصیت بادشاہی کے لیے نہ تھی اور بہت سے معزز عہدہ دار و معتمدین دربار بھی تاج پہنا کرتے تھے - مگر بادشاہ کے تاج مین اور اُن لوگون کے تاجون مین نمایان فرق ہوتا تھا - بادشاہون کے تاج کی پٹی سنہری ہوتی اور دیگر عہدہ دارون کے تاجون کی پٹی اور رنگ کی - جوجو زمانہ گذرتا گیا اس پٹی مین اور زیادہ کام ہونے لگا - اور دیگر اقسام کے بیش قیمت جواہرات بھی جڑے جانے لگے -

ایرانیون مین ساسانیون کے آخر عہد تک ثابت ہوتا ہے کہ والیان ملک اور مخصوصین دربار کو خاص وضع اور خاص درجے کے تاج عطا ہوا کرتے جو نہایت ہی قیمتی ہوتے - عربون سے اُن سے جب لڑائی ہوئی ہے تو عجمی سردار اپنے تاجون سے پہچان لیے جاتے تھے کہ وہ کس رتبے اور درجے کے امیر ہین - چنانچہ سب سے اعلیٰ رتبے کا سردار ایک لاکھ دینار کا تاج پہنا کرتا جو خاص دربار خسروی سے عطا ہوتا - ان سردارون کو قتل کرنے کی بدولت کئی صحابیون کو اُنکے تاج ہاتھ لگے - جنھون نے انکو دولت سے مالامال کر دیا - اسی قدر نہین شاہان عجم نے تاج کی وضعون اور اُسکے پہننے کے طریقون مین طرح طرح کے اسرار و اشارات مقرر کر رکھے تھے - سب سے زیادہ قیمتی اور مرصع تاج ساسانی شاہ ایران کا تھا جسکی نسبت مورخین کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ دربار کے مکان مین صدر مقام پر

تخت کے اوپر دو مرصع طلائی ستونوں کے درمیان سونے کی زنجیروں میں لٹکا رہتا۔ وہ اس قدر بھاری اور وزنی تھا کہ کسی انسان کا سر اُسکے بوجھ کا متحمل نہ ہو سکتا۔ مگر وہ تخت سے اتنا بلند رہتا کہ بادشاہ جب سریر خسروی پر جلوہ فرما ہوتا تو وہ تاج جو اوپر آویزاں ہوتا اُسکے سر میں پہن جاتا۔ اور اہل دربار کو نظر آتا کہ بادشاہ اُس کو پہنے ہوئے ہے۔

ایرانیوں ہی کو دیکھ کر یونانیوں میں یہ رواج ہوا کہ تاج عہدے کی علامت سمجھا جاتا۔ یونان میں یہ بھی رواج تھا کہ اُنکے قومی دنگلوں میں جو لوگ شہسواری، شہزوری، شمشیرزنی، نیزہ بازی یا دوڑ میں سب سے بازی لے جاتے اُن کو انعام میں بجائے تمغے کے ایک تاج دیا جاتا۔ اسی طرح یہ تاج اُن لوگوں کو بھی ملتا جنھوں نے اپنے ملک کی کوئی نمایاں خدمت انجام دی ہوتی۔ مگر یہ سب تاج پھولوں اور پتوں کے ہوتے۔ جن کی قیمت تو کچھ نہ ہوتی مگر عزت بڑی تھی۔

یونانیوں سے تاج کو رومیوں نے لیا۔ اور اُن میں اُس کا رواج زیادہ تعمیم کے ساتھ تھا۔ اُن میں سب سے زیادہ معزز و ممتاز تاج کورونا اوسیڈیونالیس کہلاتا یہ تاج کسی محصور شہر یا فوج کی طرف سے اُس سپہ سالار کو عطا ہوتا جس نے اُن کو دشمن سے نجات دلا کر آزادی دی ہوتی۔ یہ تاج فقط جنگلی پتیوں اور پھولوں سے بنایا جاتا۔ اور اُس بہادر و جانباز سپاہی کو مرحمت ہوتا جس نے کسی میدان جنگ میں کسی رومی باشندے کی جان بچائی ہوتی۔ جس شخص کو یہ تاج ملتا اُسکو اُسکے ساتھ اور بہت سے حقوق بھی مل جاتے۔

رومیوں میں ایک اور تاج تھا جو مورل کہلاتا۔ یہ سونے کا ہوتا اور اس پر قلعے کے برج اور دمدمے بنے ہوتے۔ یہ اُس سپاہی کو ملتا جو کسی محصور شہر کی فصیل پر لڑائی میں سب سے پہلے سیڑھی لگا کے چڑھ جاتا۔ اس کے علاوہ ایک اور تاج جو کرونا والالیس کہلاتا اُس شخص کو دیا جاتا جو کسی دشمن کے پڑاؤ یا مورچے میں سب سے پہلے گھس پڑتا۔ اسی طرح کرونا والیس اُس بہادر کو عطا ہوتا جو سب سے پہلے دشمن کے جہاز پر قدم رکھتا۔ ان مذکورہ تاجوں میں سے مورل اور سوک تاج آج بھی وہاں نقیبوں میں مستعمل ہیں۔

رومیون مین تین طرح کے اعزازی تاج تھے جو "فتح کے تاج" کہلاتے۔ یہ حسب رتبہ اُن سپہ سالارون کو ملا کرتے جو کسی مہم کے سر کرتے اور فتح حاصل کرنے کے بعد جلوس اور فوج کے ساتھ شان و شوکت سے روما الکبریٰ مین داخل ہوا کرتے انھین پر منحصر نہین اور وضعون کے بھی مختلف تاج اہل روم مین مروج تھے جو مختلف درجون اور جداگانہ حیثیتون کے نامورون کو ملا کرتے۔ اُنھین مین چند مقدس تاج بھی تھے جو سونے کے ہوتے یا غلہ کی بالیون یا زیتون کی پتیون سے بنائے جاتے۔ ان تاجون کو مقتدایان دین اور دیگر حاضرین چڑھاوے اور قربانی کے موقع پر پہن لیا کرتے۔ اور غالباً اُنھین سے پاپاؤن نے اپنے تہرے تاج اور اسقفون اور شبیون نے خاص خاص وضعون کے تاج حاصل کیے ہین جو کیتھولک مسیحیون مین آج تک مروج ہین۔

اہل روم مین ایک قسم کے ماتمی تاج بھی تھے جو معزز مُردون کو پہنائے جاتے اس تاج کا آغاز یونانیون سے ہو چکا تھا۔ چنانچہ اُنکے وہان یہ لاشون کو پہنانے کے تاج ایک قسم کی ہری خوش رنگ گھانس سے بنائے جاتے۔

رومی اپنی دلچسپی کی محفلون اور عیدون مین بھی ایک قسم کا تاج پہنا کرتے جو پھولون کے ہارون سے بنتا۔ اور اسی وضع کا تاج رومی دولھنین بھی پہنا کرتین۔ جسکے لیے وہ خود اپنے ہاتھون سے توڑ کر پھول جمع کرتین اور اُنکو گوندھ کے شادی و زفاف کے موقع پر پہن لیا کرتین۔ اسی قبیل کا ایک تاج زچگی کے لیے مخصوص تھا۔ یہ ہار کی وضع مین گوندھ کر اُس کمرے یا کوٹھری کے دروازہ پر لٹکا دیا جاتا۔ جس مین بچہ پیدا ہوتا۔ لیکن یہ شادی و زچگی کے تاج ہندوستانیون کے مذاق کے مطابق تاج نہین کہے جا سکتے۔ شادی والا تو ہمارے نزدیک سہرا تھا اور زچگی والے تاج کو بجائے تاج کے بندھنوار کہا جائے تو شاید زیادہ موزون ہوگا۔

عرب مین عہد جاہلیت تاج کا ہونا یقینی ہے۔ اس لیے کہ قدیم شاہان مین نے اشوریا اور عجمیون کے تعلقات سے بعد ازان والی حیرہ و کندہ کی ریاستون نے ساسانیون سے اور بنی غسان کی سلطنت نے رومیون سے ضرور دیگر اوضاع و اطوار

شہریاری کے ساتھ تاج بھی حاصل کرلیے تھے - اس لیے کہ شاہان فرنگ وعجم مین اُن دنون علی العموم تاجون کا رواج تھا - جاہلیت کا نامور شاعر عمرو بن کلثوم تغلبی اپنے قصیدۂ معلقہ مین پہلے اس پر فخر کرتا ہے کہ ہم نے کبھی بادشاہ کی اطاعت نہین کی - اور پھر کہتا ہے "وسید معشر قد توجوہ" (اور سردار جماعت جسے لوگون نے تاج پہنایا) اور اسکے بعد کہتا ہے کہ اُس تاج پوش کو ہم نے قتل کرکے ڈال دیا - اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ اگرچہ بادیہ نشین عربون کی آزادی اس سے نفرت کرتی تھی کہ تاج کی اطاعت کرین مگر اُن مین بادشاہ کہلانے والے تاجدار موجود تھے - لیکن یہ طلوع نیر اسلام سے پہلے کی باتین ہین -

ظہور اسلام کے بعد چونکہ حکمرانی کا پہلا نمونہ اُس معصوم ناموس الٰہی نے دکھا جو انوار قدس کا سرچشمہ تھا اس لیے شاہی وشہریاری انسانی آزادی پر قربان کردی گئی - اور حکمرانی وامارت محض چوپانی اور قوم کی خدمتگذاری کا نام رہ گیا اسی وجہ سے مسلمانون مین مدت ہاے دراز تک فرمان رواؤن کے لیے سوا خلیفہ ونائب رسول کے اور کوئی لفظ نہین تھا - خدا مراتب اعلیٰ کرے حضرت عمر فاروقؓ کے کہ انھون نے "امیر المومنین" کا ایک سادہ سا لقب بتا دیا جو آخر تک خلفا کا سرمایۂ ناز رہا - اس لیے کہ مسلمانون کا بادشاہ اور شہنشاہ صرف خداوند کریم تھا - کئی صدیون تک یہی حالت رہی کہ "بادشاہ کے لقب سے مسند آرایان خلافت باوجود ہر طرح کے کروفر کے بُرا مانتے اور عوام اسلام ان الفاظ کو خدا کے سوا کسی بندے کی طرف منسوب کرنا شرک اور ناجائز تصور کرتے - یہان تک کہ خلافت کمزور پڑی - عربی معاشرت نسیاً منسیا ہوگئی - اور اسلامی وضعداریان اکاسرہ وقیاصرہ کی سنتین اختیار کرلینے کے باعث بالکل مٹ گئین دیلمیون - آل بویہ - اور سلجوقیون کا زور ہوا جو خلیفہ تو نہ مانے جاسکتے تھے مگر سطوت وجبروت مین خلفا سے بڑھے ہوے تھے - امیر المومنین اور خلیفہ کے القاب مسند خلافت ہی مین لپٹ کے رہ گئے اور اُنکے لیے نئے معزز القاب کی تلاش ہوئی - اس جستجو نے چند روز مین اُنکو سلطان وبادشاہ بنا دیا - آخر بادشاہ - سلطان - اور شہنشاہ کے لقب مسلمانون کو ایسے مانوس ہوگئے کہ

اُن کے استعمال کرنے مین نہ شرع کا پاس تھا اور نہ شرک کا اندیشہ - چنانچہ حکمرانانِ غزنوی - سلجوقی - زنگی و ایوبی سب سلطان کہے جانے لگے - اسپین و افریقہ مین تو البتہ جہان عربی معاشرت پر بیرونی اثر کم پڑا بادشاہ اور سلطان کے الفاظ کم استعمال ہوے باقی مشرق کے تمام مسلمان حکمران چھوٹے ہون یا بڑے سب کے سب سلطان - بادشاہ اور شہنشاہ کہے جانے لگے -

ہندوستان مین اس مشرکانہ بے احتیاطی کو یہان تک ترقی ہوئی کہ ضعیف الاعتقاد اکبر نے اپنے سامنے رکوع و سجود کرانا شروع کر دیا - اور القاب مین تو ایسی ترقی ہوئی کہ خدا کے لیے کوئی نام اور لقب نہین باقی رہا - اور حضرت رب العزت کی شان مین جتنے القاب و صفات مستعمل ہوتے تھے سب سریر آرایان سلطنت کی شان مین استعمال ہونے لگے -

خیر سلطان یا دوسرے الفاظ مین یون کہا جائے کہ فرعون بے سامان تو حکمرانان اسلام بن گئے مگر اس بات کو آج مسلمان حیرت سے دیکھین گے کہ قدیم تاج کو بہت کم لوگون نے اختیار کیا - وہی عربی عمامہ جو بادیہ نشینان عرب مین مروج تھا تھوڑی ترمیم و ترقی کے ساتھ خلفا مین اور اُنکے بعد سلاطین و شاہانِ اسلام مین تاج کا کام دیتا رہا - تاج کا جو خیالی خاکہ ہندوستانیون کے ذہن مین ہے یہ انگریزون اور مسیحیون سے ہوا ہے - خصوصاً جب انگریزون نے یہ تاج نواب مسند آرایان لکھنؤ کو دیا تو سارے ہندوستان مین یہ خیال پھیل گیا کہ تاج ایسا اور اس وضع کا ہوتا ہے - ورنہ مسلمانون مین کہین اور کسی جگہ سوا مقطع اور شاندار عمامون کے اس قطع کے تاجون کا رواج نہین رہا تھا - چند روز بعد اُن عمامون مین بڑے بڑے قیمتی موتی اور جواہرات لگائے جانے لگے - پھر اُس پر یہ ترقی ہوئی کہ ایک یا کئی کلغیان قائم کر دی گئین - کلغیون کا رواج خلفاے بنی اُمیہ و بنی عباس کے عہد تک ثابت نہین ہوتا -

لیکن خلفا کے بعد جب مسلمانون مین سلاطین اور بادشاہون کی حکومت جاری ہوئی تو تاج کے عوض تاج کی کلغیان لے کے مرصع جیغون کے ساتھ شاہی عمامون مین لگائی جانے لگین - سلاطین آل عثمان - شاہان ہند - اور فرمان روایانِ

عجم سب کے تاج بھی کلغی دار عمامے تھے - ایران کے بادشاہوں میں خصوصاً آخری زمانے میں ایک لمبی اونچی اور کنگرہ دار ٹوپی کا رواج معلوم ہوتا ہے جو انکی تصویروں کے سروں پر نظر آتی ہے - مگر یہ کلاہ یا پاپاخ تھی جس نے تھوڑی تبدیلی کے ساتھ موجودہ ایرانی ٹوپی کو پیدا کیا ہے - اس ٹوپی کو اس لیے تو تاج کہہ سکتے ہیں کہ شاہان ایران کے سروں سے اس نے زینت و عزت پائی تھی مگر فی نفسہٖ اسکو تاج سے کوئی تعلق نہ تھا -

دنیا و آخرت

تہذیب و مذہب کا تقاضہ ہے کہ انجام کا خیال کرو اور دو روزہ عیش کی ہوس میں نہ پڑو - مگر دل کہتا ہے کہ لطف کی جو گھڑی نصیب ہو جائے اُسے بے مزہ ہاتھ سے نہ جانے دو - رندوں نے اس آخری مسلک کو اختیار کیا اور عیش پرستی کے پیچھے دنیا و عقبیٰ دونوں کو بھول بیٹھے - مگر صوفی ضرورت سے زیادہ عاقبت اندیش تھے - دنیا کی تمام لذتوں کو چھوڑا - عیش و عشرت سے دست بردار ہو گئے - اور بعد والے عالم سرمدی کی مسرتوں کے شوق میں دنیا سے متنفر رہے - دونوں کے مخالف مذاقوں کا ماحصل یہ ہے کہ ایک دنیا میں پھنسا ہے اور دوسرا آخرت کے شوق میں دنیا کو بھولا ہوا ہے - ایک آج کی مقصدوری پر کل کی امیدوں کو اور دوسرا کل کی مسرتوں پر آج کی کامیابی کو قربان کر رہا ہے - دونوں اپنے مقام پر خوش اور مطمئن ہیں اور دوسرے کو نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھ رہے ہیں

لیکن غور سے دیکھو تو بنی نوع انسان کو دونوں نقصان پہنچا رہے ہیں ایک اگر دنیا کے مزے لوٹ رہا ہے تو آخرت سے دست بردار ہو کر - دوسرا فلاح آخرت کا شائق ہے تو دنیا کو ہاتھ سے کھو کر - یہ دونوں غلطی پر ہیں - گھاٹے میں پڑے ہوئے ہیں - اور دونوں اسی غلطی میں مبتلا ہیں جس نے ہزار سال تک ٹھوکریں کھائیں اس لیے کہ اگلے تمام سلاطین و اہل مذاہب اسی مذاق میں ڈوب کر مسلسل نقصان اٹھاتے رہے - بادشاہوں نے رندانہ مشرب اختیار کی تو دینداروں نے صوفی گری - پہلوں کو دنیا سے غرض تھی تو دوسرے

خارج تھے اور دوسرون نے عقبیٰ سے سروکار رکھا تو دنیا سے بے پروا ہو کر۔
اسلام کا دنیا مین آنا دراصل اسی غلطی کے مٹانے اور اسی نقصان کے دُور کرنے کے لیے تھا۔ اسلام نہ یہ کہتا ہے کہ عیش دو روزۂ دنیا کو چھوڑ دو اور نہ یہ کہتا ہے کہ فلاح آخرت کی طرف سے بے پروا ہو جاؤ۔ اس کے اصول سے نہ دنیا آخرت کی ضد ہے اور نہ آخرت دنیا کے خلاف۔ اس کا دعویٰ ہے کہ "الدنیا مزرعۃ الآخرۃ" جس کے معنی اور کوئی چاہے کچھ سمجھے ہم تو یہ سمجھتے ہین کہ اگر تم نے دنیا کی کھیتی درست کر لی تو آخرت مین بھی اچھے رہو گے۔ یا دوسرے الفاظ مین یون کہا جائے کہ "دُنیا اچھی ہے تو عقبیٰ بھی اچھی ہو گی"۔ خلاصہ یہ کہ اسلام دنیا اور آخرت دونون کے سدھارنے اور سنوارنے کو آیا ہے۔ اس کے فیصلے کے مطابق دنیا ہی کی اصلاح سے عقبیٰ کی اصلاح ہوتی ہے۔ اور عقبیٰ ہی کی غرض سے دنیا درست ہوتی ہے۔ اس بات کو لوگ مدت تک نہین سمجھے۔ مگر یہ کوئی عقل کی بات نہ تھی کہ خدا نے بھیجا تو دنیا مین ہے اور مقصد یہ ہے کہ اسکو چھوڑ دو۔ چھڑانا تھا تو پھر بھیجا کیون؟
مگر اگلے بزرگون اور آجکل کے بھی بہت سے مقطع و فرشتہ صورت صالحین کی سمجھ مین نہین آتا کہ دنیا و عقبیٰ کی اصلاح ایک ساتھ کیسے ہو سکتی ہے ظلمت و نور کا ساتھ کیسا؟ اور عالم ظلمت مین منہمک ہونے سے انسان عالم نور مین کیسے اچھا رہ سکتا ہے؟ یہ ظلمت و نور کے استعارے خود تم نے اپنے قدیم مذاق روحانی سے ایجاد کر لیے ہین ورنہ حقیقت واقعیت کی نظر سے دیکھو تو وہی ٹھیک نظر آتا ہے جو ہم نے کیا اور جو اسلام کی اصلی تعلیم ہے۔
اسلام کیا کہتا ہے؟ اسلام کہتا ہے کہ دنیا مین جس طرح بنے اوج و عروج پیدا کرو۔ ہر طرح کی مسرتین حاصل کرو۔ ہر قسم کا لطف اُٹھاؤ۔ اور دو روزہ عیش کے مزے ہاتھ سے نہ جانے دو۔ دولت جمع کرو۔ سامان عیش فراہم کرو۔ سلطنت و حکومت حاصل کرو۔ ملکون اور قومون پر جہاد اور فرماں روائی کرو۔ حسین سے حسین اور مہ جبین سے مہ جبین پریوشون کو اپنی معشوقہ و محبوبہ بناؤ۔ جادو نگاہ کنیزون اور حرمون سے اپنے کاشانۂ عیش کو رونق دو۔ لذیذ سے لذیذ غذا کو

قوت جان بناؤ - اور لطیف سے لطیف خوشبو سے دماغ کو تروتازہ کرو - اور اگرچہ زندگی تھوڑی ہے مگر دو روزہ عیش کے سامانون مین سے کوئی رہ نہ جائے - لیکن ان سب لذتون اور عیش کے سامانون کو خدا کی دی ہوئی نعمتین تصور کرکے شکر اور خدا ترسی کے ساتھ برتو -

شکر و خدا ترسی کیا ہے ؟ یہ کہ شکریہ مین ہر روز تھوڑا مقررہ وقت خدا کی یاد مین صرف کرو - اور خدا کے خوف سے ہر لذت کے حاصل کرنے اور برتنے مین تمھارا قدم حد اعتدال سے باہر نہ ہونے پائے - تم سے کسی کو آزار نہ پہونچے - نعمتون کو ناجائز یا ظالمانہ و غاصبانہ طریقون سے نہ حاصل کرو - اور اُن سے لطف اُٹھاتے وقت شکستہ حال محتاجون اور مصیبت زدہ ستم کیشون کو نہ بھولو - آپے سے باہر نہ ہو کہ بُرے بھلے اور عدل و ظلم کا امتیاز نہ باقی رہے - اگر خدا ان نعمتون سے محروم کردے تو صبر و شکر سے کام لو اور حرف شکایت زبان پر نہ آئے - یہی صبر و شکر - یہی اعتدال و انصاف - اور یہی صبر و قناعت جنت کے دروازے کی کنجی ہے - اور ان احتیاطون کے ساتھ تمھاری زندگی دنیوی کا عیش دو روزہ ہی آخرت کے ابدی عیش کا ذریعہ بن جائے گا -

سچ یہ ہے کہ جو شعرا تصوف کے دعوے ترک دنیا سے دھوکا اُٹھا کر لوگون کو لذت ہائے دنیوی سے روکنے لگے اُنھون نے نجات کا سچا راستہ نہین دکھایا بلکہ اور بھٹکا دیا - مگر ہان جن فطرت پرستون نے رندون کی طرح یہ کیا کہ کوئی گھڑی بے عیش کے نہ گذرنے پائے - خوشیان مناؤ اور مزے اُڑاؤ - وہی کچھ سیدھے راستہ پر تھے - مگر افسوس ہم نے اُنکی قدر نہ کی - یونانیون کے فلسفیون کا جو گروہ دنیا پرستی سکھاتا تھا وہ ان لوگون سے اچھا تھا جو دنیا چھڑاتے تھے - اور آج بھی ہم میں جو لوگ رند مشربون کی طرح عیش دُنیا سے بہرہ یاب ہونے کی تلقین کرتے ہین اُن سے اچھے ہیں جو دنیا چھوڑنے کو کہتے ہین -

اس صحیح نتیجے تک نوع انسان کو سب سے پہلے اسلام نے پہونچایا تھا - مگر افسوس کہ اسلام کی ابتدائی صدیون ہی مین عیسائیون - ہندوون - اور پارسیون کے فلسفۂ الٰہی نے انکی دینی تعلیم پر غالب آکر مسلمانون کو اپنے اصلی دین

سے غافل کردیا۔ اور مسیحیون نے جو ترک دنیا کے تاریک سمندر مین غوطے کھا رہے تھے ہماری اُن تعلیمون کو اختیار کرکے ترقی دنیا کی طرف توجہ کی تو وہ حیرت انگیز کمالات دکھا دیے کہ کسی کے وہم و گمان مین بھی نہ تھے۔ یہ کلین، یہ بلین، یہ ہوائی جہاز اور یہ سائنس کے معجزانہ انکشافات سب اُسی تعلیم کی برکت ہین جس کا سبق تو قرآن کے مکتب نے دیا تھا مگر عمل کرنے والے انجیل کے پیرو تھے۔

مگر اس "وضع الشئ علیٰ غیر محلہ" سے دنیا والون کو ایک بہت بڑا نقصان پہونچ گیا جو نہایت خطرناک ہے اور اب اس کا دُور ہونا بہت دشوار بلکہ غیر ممکن نظر آتا ہے۔ تعلیم چونکہ دراصل اسلام سے حاصل ہوئی تھی اس لیے اسکو اصول و عقائد اسلام سے فطری مناسبت تھی۔ اگر اصلاح عالم کی غرض پیروان اسلام کے ہاتھ سے پوری ہوتی تو لوگ پورے پورے دیندار اور خداپرست رہ کر اس کام کو پورا کرتے۔ اور سائنس چاہے کیسی ہی کرامات و خوارق عادات دکھاتا خداپرستی کا نقش دلون پر سے نہ مٹتا۔ برخلاف اسکے مسیحیت چونکہ اصولاً روحانیت اور بت پرستون کے فلسفۂ روحانی کے جال مین پھنسی ہوئی تھی اس لیے اُسکو ان دُنیا داری و دنیا دارانہ نفس پرستی کی باتون سے کوئی ذاتی علاقہ نہ تھا۔ اسکے عقائد و اصول کا جوڑ ان چیزون سے نہین بیٹھتا۔ اور اس کا انجام یہ ہے کہ دنیا جس قدر ترقی کرتی جاتی ہے اور سائنس جو جو جدید انکشافات کرتا جاتا ہے اُسی قدر مذہب کمزور پڑتا جاتا ہے۔ مسیحیون نے اصول اسلام سے سیکھ کر دنیا تو بیشک اچھی طرح سیکھ لی مگر اُنکا مذہب اُنکے دلون پر اپنی گرفت نہ باقی رکھ سکا۔ چنانچہ تمام بالکالان یورپ اور اُن کے پیرو لامذہب اور خدا کو بھولے ہین۔

یہی کام اگر امت اسلام کے ہاتھ سے انجام پاتا تو یہ لامذہبی کا نتیجہ نہ پیدا ہوتا۔ اور جن معتدل خداپرستی و تہذیب کی تعلیم اسلام نے دی ہے وہ سائنس کے مقابلہ مین ہرگز کمزور نہین پڑ سکتی تھی۔

ہم کو مسیحیون پر حسد نہین۔ ان کی ترقیان دیکھ کر خوش ہوتے بلکہ اُنکی پیروی کرنے کو تیار ہین مگر یہ صدمہ ہمارے دل سے دور نہین ہو سکتا کہ اُن کے ہاتھ سے دنیا کو جو ترقی حاصل ہو رہی ہے وہ مذہب کو مٹائے دیتی ہے اور وہ

سچی الٰہی تہذیب جس کی گرفت دلون پر تمام دنیوی تہذیبون سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے صفحۂ زمین پر سے فنا ہونے کے قریب پہونچ گئی - لیکن اگر ہم گمراہی مین پڑکے اپنے فرض کو نہ بھولتے اور حضرت مخبر صادق صلعم کی ہدایت کے مطابق سرگرمی سے اس کام کو شروع کردیتے تو دنیا بھی ترقی کرتی اور عقبیٰ بھی نہ خراب ہونے پاتی -

علامات اوقاف

ہمارے فاضل دوست مولانا نظام الدین حسن صاحب بی - اے - بی - ال - جج ہائی کورٹ دولت آصفیۂ نظام نے کمال ذکاوت وذہانت اور نہایت ہی جستجو ودقیقہ سنجی کے ساتھ ایک بالکل نئی اور اچھوتی تحقیقات کی ہے جسکی طرف جہان تک ہم جانتے ہین اس سے پیشتر کسی کا خیال نہین کیا گیا تھا - اُنھون نے ایک مختصر رسالہ انگریزی مین ایک چھوٹے پمفلٹ کی شان مین شایع کیا ہے جو فلسکیپ کے تین صفحون سے کم پر ختم ہوگیا ہے - لیکن ان گنتی کے تین صفحون کی قدر وقیمت سچ یہ ہے کہ بڑی بڑی ضخیم کتابون سے بھی زیادہ ہے - ہمارے فاضل مولانا ثابت کرتے ہین کہ انگریزی خط مین جو مختلف علامتین طرز ادا ظاہر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہین نہ پرانی انگریزی مین تھین، نہ یونانی مین، نہ لاطینی مین - اسکے ثبوت مین وہ انسائیکلو پیڈیا برٹانکا جلد ۱۸ - صفحہ ۱۶۳ کی یہ عبارت پیش کرتے ہین کہ " جو علامات یورپ کی تحریرون مین مستعمل ہین اِن کی اصلیت نہ یونانی الفاظ سے ہاتھ آسکتی ہے اور نہ رومی الفاظ سے " اسکے بعد اُنھون نے یہ بھی بوضاحت اور مستند طریقون سے بتادیا ہے کہ جو چند علامات یونانی اور رومی تحریرون مین استعمال کیے جاتے تھے وہ موجودہ خط یورپ کی علامت سے بالکل جدا تھے - اور اُن کا ان مروجہ علامات سے کوئی تعلق نہین ثابت کیا جاسکتا -

اور جب صاف ہوگیا کہ ان علامات کو یورپ کی قدیم زبانون سے کسی قسم کا تعلق نہین تو وہ دعویٰ کرتے ہین کہ یہ علامتین اُن علامتون سے لی گئی ہین جو ۷۱۱ء سے ۱۴۹۱ء تک مملکت ہسپانیہ مین عربی زبان کے طلبہ اور اہل علم مین

مروج تھین - وہ یہ بھی کہتے ہین کہ قاہرہ اور مصر کے عربی اہل علم مین بھی بعض علامتین مروج تھین مگر وہ ان سے جدا تھین مگر وہ ان سے جدا تھین اور اور قسم کی تھین

اب اسکے بعد مولوی نظام الدین حسن صاحب ان علامات اور انکے منشأ انتزاع کی تصریح فرماتے ہین - اور ہر ایک علامت کو جُدا جُدا یون بیان کرتے ہین-

کا ما comma جو انگریزی خط مین اس وضع مین (و) لکھا جاتا ہے- لکھا جاتا ہے عربی کے لفظ " وقف" سے نکلا ہے - جس کے معنی ٹھہرنے کے ہین لہذا وہ عربی مین اُس محل پر بھی استعمال کیا جاتا تھا جہان انگریزی مین اُلٹے کاما استعمال کیے جاتے ہین - انگریزی مین نہ

اس حرف کے معنی " اور" کے ہین اور نہ کسی لفظ کا جز بنایا جا سکتا ہے - اور نہ اس کی کوئی ضرورت ثابت ہوتی ہے کہ یہ حرف کیون اُلٹ کے لکھا گیا - عربی مین ان علامات کے محل پر یہ کاما یعنی (و) ہمیشہ اُلٹا اور اس طرح (،) لکھا جاتا تھا اور یہ بھی مروج تھا کہ جب کسی اور کی یا اور جگہ کی عبارت نقل کی جاتی تو اُسکے دونون طرف دو دو اُلٹے واؤ (اِنورٹڈ کاما) لکھے جاتے - اور یہی طریقہ یورپ کے اہل علم کے عمل درآمد مین ہے - اس سے صاف ثابت ہو گیا کہ (و) خواہ وقف کے محل پر استعمال کیا جائے یا عبارت نقل کرنے کے محل پر دونون موقعون کے لیے عربی ہی سے لیا گیا ہے -

سمی کولن جو انگریزی مین یوں (:) لکھا جاتا ہے

یہ بھی عربی کے الفاظ "نصف وقف" سے لیا گیا ہے - نقطہ لفظ "نصف" کے نون کا قائم مقام ہے - اور " و" لفظ وقف کا پہلا حرف ہے - اور جن معنون اور جس محل پر عربی مین مستعمل تھا اُسی طرح انگریزی مین بھی نصف وقف کے محل پر استعمال کیا جاتا ہے -

کولن (:) البتہ ایک ایسی علامت ہے جس کا عربی مین پتہ نہین لگتا - اور یورپ کے موجودہ خط مین نیچے اوپر دو نقطے بنا کے قائم کی گئی ہے لیکن صاف نظر آتا ہے کہ عربی ہی کی علامات دیکھ کے مضبط کی گئی ہے

علامت فُل اسٹاپ انگریزی مین ایک گول نقطہ (.)
کی وضع مین لکھی جاتی ہے یہ بھی عربی مین نہ تھی - اس جگہ عرب لوگ "بَت" لکھا کرتے تھے - جس کے معنی قطع کرنے کے ہین - لیکن اس مین شک نہین کہ کثرت تحریر مین "بَت" کی صورت ایک لکیر کی رہ گئی تھی اور انگریزی مین ڈیش (-) جو مختلف علامتون کے ساتھ اور جا بجا بنائے جاتے ہین اصل مین عربی کی علامت "بَت" ہی سے ماخوذ ہین -

سوال کے محل پر انگریزی خط مین جو قریب قریب ساری یورپین زبانون کا خط ہے علامت (؟) بنائی جاتی ہے - اس کو عربی مین علامت استفہام کہتے ہین - استفہام کا اصلی مادہ فہم ہے - اور اسی لفظ فہم کی قائم مقام علامت ہے جس مین ابتدا کے دو حرف "ف" اور "ہ" اپنی اصلی صورت پر قائم ہین - اسکے سوا اور کوئی بنیاد اس علامت کی بتائی ہی نہین جا سکتی -

پکارنے اور مخاطب کرنے کے محل پر انگریزی مین علامت (!) استعمال کی جاتی ہے - یہ علامت بھی صاف طور پر بتا رہی ہے کہ عربی لفظ "ندا" کی قائم مقام ہے جسکے معنی پکارنے کے ہین - نیچے نقطہ نون کی جگہ ہے - اور اُس پر الف قائم کر دیا گیا جو اصلی لفظ کا آخری حرف ہے -

اسی طرح برکیٹ [ ] - ( ) جنھین عربی مین خطوط وحدانی اور قوسین کہتے ہین - یہ بھی عربی ہی سے ماخوذ ہین -

مندرجۂ بالا اشارات و علامات اور اُن کا پتہ دیکھ کے لوگ اندازہ کر سکتے ہین کہ مولوی نظام الدین حسن صاحب نے کیسا کام کیا ہے اور کس خوبی سے ثابت کر دیا ہے کہ انگریزی رسم خط کی تہذیب بالکل عربی کی زیر بار احسان ہے - بہتر ہو کہ اس مضمون کو جس کا نام "ڈرایویشن آف پنکچویشن مارکس" (تخریج علامات رسم خط) ہے ہمارے ہمعصر ایڈیٹران اخبار خصوصاً وہ جن کے ہاتھ مین انگریزی اخبار ہین مولوی نظام الدین حسن صاحب سے منگوائین - اور اُن پر بحث کر کے اور پوری کوشش کر کے انگریزی پبلک کو بتا دین کہ انگریزی تحریر عربی رسم خط کی کس قدر خوشہ چین ہے -

ریختی گوئی

اُردو شاعری کو جس چیز نے سب سے زیادہ ناپاک بنایا اور اُس مین گندگی و نجاست کا ایک بہت بڑا دفتر پیدا کر دیا وہ ریختی ہے۔ شہوت پرست امیرون کی صحبتون مین مسخرہ پن کی صورت مین یہ بیہودگی و بے شرمی شروع ہوئی۔ اور آخر اسی طریقے سے اور ایسے ہی ناپاک مذاق والے رئیسون کی محفلون مین پرورش پاکے اس درجے کو پہونچی کہ اُس رنگ کے دیوان مرتب ہونے لگے۔ اور ہر صحبت مین اُس قسم کے شعرون کا چرچا ہونے لگا۔

اس سے بڑھ کے بیحیائی اور بے شرمی کا شاید کوئی نمونہ نظر نہ آئے گا کہ ایک مرد جو آپ کو شاعر کہتا ہے ڈاڑھی مونچھ لگا کے سر سے دوپٹہ اوڑھتا ہے اور عورتون کی تو سچی نقل کر نہین سکتا (کیونکہ عورتون کے جذبات مردون پیدا ہون یہ امر فطرت اور قانون قدرت کے خلاف ہے) ہان زنانون اور ہیجڑون کی طرح ناک پر اُنگلی رکھ رکھ کے اور نالیان بجا بجا کے زنانے لہجے اور بازاری عورتون کے نخرون کے ساتھ شعر پڑھتا ہے۔

ایسے اشعار کی بنیاد ہی چونکہ بدکاری اور بیحیائی سے پڑی ہے۔ لہذا عموماً اس قسم کے اشعار مین فحش اور ناپاک و ذلیل الفاظ بہت کثرت سے ہوتے ہین جنھین سُن سُن کے ہمارے بے غیرت امیرزادے خوش ہوتے اور کھلکھلاتے ہین۔ کاش عورتون ہی کا مذاق دکھانا تھا تو شریف بہو بیٹیون اور پاکدامن اور باعفت خاتونون کے مذاق کا لحاظ رکھا جاتا۔ مگر نہین۔ یہان تو اس سے غرض ہے کہ بیحیا اور بدکار عورتون کی ادائین اور اُنکی بداخلاقی و بداطواری کی حرکتین دکھائی جائین

افسوس ہماری شاعری پر جو الہام ربانی کا نمونہ بتائی جاتی ہے ان ہرزہ سراؤن کے ہاتھون ایسا ظلم ہوتا ہے اور بدمذاق و بدکار امیرزادون کو اپنے نفسانی جذبات کے سامنے اس کی بھی تمیز اور حس نہین باقی رہتی کہ ایسے شرمناک کلام اور بیحیائی کے شعرون سے قوم اور ملک کو کتنا بڑا ضرر پہونچ رہا ہے۔ دوسرے ملکون اور دوسری قومون کے لوگ جب اس شرمناک کلام کو دیکھین گے تو اُنھین

ں کی تو مطلقاً حس نہ ہوگی کہ یہ بازاری عورتون اور زنانون کی زبان اور اُنھین
ے وضع ہے - بلکہ وہ یقین کرلین گے کہ یہ شریف زادیون کے حرکات اور چال
لن کا نمونہ ہے - اور پھر ایسا خیال قائم ہوجانے کے بعد اُردو بولنے والی عورتون
ے عصمت وعفت غیرون کی نظر مین کس قدر ادنیٰ اور ناقص ثابت ہوجائے گی -

جس قسم کا ظلم ریختی کی شاعری نے اُردو زبان اور اُردو شاعری پر کیا ہے
یسا ظلم آج تک کبھی کسی قسم کے اشعار سے کسی زبان پر نہین ہوا تھا - سلف
سے آج تک کسی زبان مین ایسی ناپاک شاعری نہین پیدا ہوئی تھی جس سے
تہ لگایا جاسکتا ہے کہ آج تک کسی قوم مین ایسے بیہودہ اور ایسے بیحیا شاعر
ہین پیدا ہوے تھے جیسے کہ اُردو مین پیدا ہوے ہین -

اکثر ترقی یافتہ قومون اور مشہور و معروف زبانون مین لائق عورتون نے
پنے جذبات اور اپنے خیالات اپنی ہی زبان مین ضرور ظاہر کیے ہین مگر نہایت
ہذیب و شائستگی کے ساتھ - اس مین کوئی شک نہین کہ عورتون کی زبان جو عموماً
سادی اور دلکش ہوتی ہے اور اکثر اُس مین ایک خاص قسم کا لوچ اور لطف
ہوتا ہے شاعری اور انشاپردازی کی جان ہے - مگر اُسی تہذیب کے ساتھ جس
تہذیب سے کہ کوئی پاکدامن اور عفیفہ عورت اپنے خیالات ظاہر کرے - یہ نہین کہ
مرد عورتون کا سا دوپٹہ اُوڑھ کے اور زنانی صورت بنا کے اپنی شہوت پرستی کی
رزو پوری کرین - اور اپنے ناپاک دل کا حوصلہ نکالین -

انگریزی مین انشاپردازی کا بہت زیادہ حصہ خاتونان قوم ہی کے قلم سے
رینت پا رہا ہے - جو نیز شاعری کی حیثیت سے اور نیز ناول نویسی کے انداز سے
پنے پاکیزہ خیالات - اپنی ستھری زبان - اور اپنے مہذب و شریفانہ جذبات کو پبلک
کے سامنے پیش کرکے داد خواہ ہوتی ہین - اور قوم اور زبان مین تہذیب و پاکبازی
کی روح پھونکتی ہین - وہان مرد بیحیائی کے یہ کرشمے نہین کرتے کہ عورت بن کے
اور بھاؤ بتا بتا کے فحش بکنے لگین -

یہی حالت عربی کی ہے جس مین ہزارہا شاعرہ عورتین گذری ہین - انھون نے
اپنی پاک و صاف اور بقول زبان آور اور داد دینے والون کے کوثر مین دھوئی ہوئی

زبان مین قصیدے بھی کہے ہین - مرثیے بھی کہے ہین - جوش دلانے والے اشعار بھی تصنیف کیے ہین - مگر کبھی یہ نہین کیا کہ ہیجڑون کی طرح نخرے کرنے اور تالیان بجانے لگی ہون - یا مردون نے ان کا بہروپ بھر کے اُنکی نہایت ہی فحش اور شرمناک تصویر دکھائی ہو -

افسوس بہت سے لوگ ہون گے جو جان صاحب کا دیوان پڑھ کے یقین کرتے ہون گے کہ لکھنؤ کے شریف زادیون کی یہی حرکتین - یہی ادائین اور اُن کے یہی الفاظ ہین - حالانکہ سچ یہ ہے کہ سوا بازاری رنڈیون کے شریف عورتون مین ان الفاظ اور حرکات کا کہین شان وگمان بھی نہین ہے -

اگر عورتون کے کلام اور اُنکی سادی زبان کا لطف دیکھنا چاہتے ہو تو اُنھین کو موقع دو کہ اپنے مہذب اور پاک وصاف خیالات کو اپنی زبان مین ادا کرین - ہمارے یہان ایک دوسرا ستم ہو گیا ہے کہ جو عورتین شعر کہتی ہین وہ مرد اُستادون کی تقلید اور موجودہ شعرا کے تتبع مین اپنے آپ کو مذکر کی ضمیرون سے یاد کرتی ہین - صرف اسی قدر نہین - وہ مردون کے تیور اختیار کرتی ہین اور اُنھین کے دلی جذبات کو اپنی زبان مین ظاہر کرتی ہین - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عورتین تو شاعری کی دنیا مین آکے مرد بنجاتی ہین - اور ریختی گو مرد شعر کہتے اور پڑھتے وقت عورت بنجاتے ہین - اور سچ پوچھیے تو دونون ناقص اور بیہودہ - کیونکہ جس طرح مرد کا عورت بننا بھی انتہا سے زیادہ خلاف نیچر اور نازیبا معلوم ہوتا ہے - فطرت ہی یہ فیصلہ کر چکی ہے کہ مرد پر مردانگی ہی کی باتین پھبتی ہین اور عورت پر نسائیت ہی کی باتین - مگر اُردو شاعری نے واقعی یہ عجیب وغریب انقلاب پیدا کر دیا ہے کہ اسکی طرف توجہ کر کے عورتین مرد بن جاتی ہین - اور مرد عورتین -

پاک سرزمین عرب مین جب کسی عورت نے شعر کہا ہے تو ہمیشہ اپنے آپ کو عورت ہی دکھایا ہے - مؤنث ہی کی ضمیر سے اپنے کو یاد کیا ہے - عورت ہی کے خیالات و جذبات باقی رکھے ہیں اور عورت ہی کے الفاظ - اور چونکہ وہ نیچرل ہین لہذا ان مین اثر بھی بلا کا ہے -

عباسی خلیفہ بغداد مقتفی باللہ کے عہد مین بغداد کی ایک حسین وصاحب

جمال پارسا و پاک دامن نازنین نے جس کا نام سلمیٰ بنت قرطیس تھا یہ چند شعر کہے تھے

عُیُونٌ ہَا الصَّرِیمِ فِدَاءُ عَیْنِی ۔۔۔ وَاَجْیَادُ الظِّبَاءِ فِدَاءُ جِیدِی

اُزَیِّنُ بِالعقود وَاِنَّ نَحْرِی ۔۔۔ لَاَزْیَنُ لِلعقودِ مِنَ العقودِ

وَلَا اَشْکُو مِنَ الاَوْصَابِ ثِقْلًا ۔۔۔ وَتَشْکُو قَامَتِی ثِقَلَ النُّهُودِ

یہ اشعار اس قدر دلچسپ اور پسندیدہ تھے کہ تصنیف ہوتے ہی سارے بغداد میں پھیل گئے۔ اور اکثر لوگوں کی زبان پر جاری تھے۔ ہوتے ہوتے خلیفہ مذکور یعنی مقتفی باللہ کے گوش گذار ہوئے۔ اُس نے سُن کے اہل دربار سے کہا "ذرا دریافت تو کرو کہ یہ عورت ایسی ہی ہے جیسا کہ اپنے آپ کو ظاہر کرتی ہے یا یہ فقط مبالغۂ شاعرانہ ہے"۔ لوگوں نے بخوبی معلوم کرکے عرض کیا کہ "حضور یہ نازنین جتنا کہ ان شعروں سے ظاہر ہوتا ہے اتنی ہی نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ صاحب جمال ہے۔ اس بات کا اطمینان ہو جانے کے بعد اُس نے کہا "اچھا اب تحقیق کرو کہ اس کا چال چلن کیسا ہے؟" یہ بھی دریافت کرکے دربار میں عرض کیا گیا کہ "نہایت ہی پارسا و پاکدامن ہے"۔ جب یہ بھی معلوم ہوگیا تو مقتفی نے بطور انعام و اکرام کے بہت سا روپیہ اُسکو بھیجوایا اور کہلا بھیجا کہ "یہ رقم تمھیں اس غرض سے دی گئی ہے کہ اس سے اپنی عفت و پاکدامنی کے محفوظ رکھنے میں مدد لو"۔

یہ ہے شان سچی شریفانہ شاعری کی۔ اور چونکہ ایک شریف خاتون نے ان اشعار کے ذریعے سے اپنے دل کے سچے جذبات ظاہر کیے ہیں لہذا ان میں وہ اثر اور وہ لطف ہے کہ ریختی کے پندرہ ہزار دیوان انکے سامنے پھاڑ کے پھینکدیجیے۔ الغرض اگر اُردو کو فائدہ پہونچانا ہے تو یہ کوشش کی جائے کہ مرد و عورت جو کوئی شعر کہے اپنے اصلی جذبات و خیالات کو اپنے ہی لہجے اور اپنی ہی زبان میں ادا کرے

عہ جنگلی گاؤں کی کالی آنکھیں میری آنکھوں پر قربان۔ اور ہرنیوں کے گلے میرے گلے کے صدقے۔

عہ میں آرائش کے لیے موتیوں کا ہار پہن لیتی ہوں مگر جتنی زینت اُن ہاروں سے میرے سینے کو حاصل ہوسکے اُس سے زیادہ رونق وہ خود میرے گلے سے پاتے ہیں۔

سہ میں سُرخیوں کی شکایت نہیں کرتی کہ بھاری ہیں۔ مگر ہاں میرا قد سینے کے اُبھار کا البتہ شاکی ہے (اس لیے کہ چھاتیوں کے بوجھ سے لچک لچک جاتا ہے)

تاکہ کلام مین پورا اثر ہو۔ اور اگر ایسا کرنا اُسے پسند یا گوارا نہ ہو تو شاعری کا نام نہ لے۔ اپنی حماقت پر شاعری کے قربان کرنے سے کوئی نتیجہ نہین۔

بدقسمت زبان اُردو

شاید یہی مصرعہ زبان حال سے آج کل اُردو زبان پڑھ رہی ہوگی۔ ایک مدت دراز تک مساعدت زمانہ کے مزے اُٹھا کے اب بظاہر اُسے ناسازی قسمت سے سابقہ پڑا ہے۔ کیونکہ بیرونی حملون کے ساتھ اُسکے دوستون نے باہمی اختلاف اور جھگڑے پیدا کرکے اُسے ایک سخت کشمکش مین ڈال رکھا ہے۔

جب زمانہ اسکے موافق تھا اور نازبردارون کی گود مین پل پل کے یہ ترقی کر رہی تھی اُس وقت اس نے تھوڑے زمانہ مین بہت اچھا رنگ اور روپ نکالا۔ مختلف مذاق اور مختلف خیال کے صاحب کمال شعرا پیدا ہوے جنھون نے اسکو چمکاتے چمکاتے آسمان کا تارا بنا دیا۔ اُنھون نے اپنی جادو بیانیون سے زمانے کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ اور اس مین کچھ ایسے جذبات بھر دیے کہ ہندوستان کے ہر کونے سے لوگ قدردانی کے لیے اُٹھ کھڑے ہوے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چند روز مین یہ زبان ہر جگہ پھیل گئی۔ اور سارے ہندوستان مین اُسے یہ مقبولیت اور تعمیم حاصل ہوگئی کہ غیر ملک کا جو شخص ہندوستان مین آئے اُسے صرف اسی زبان کے سیکھنے کی ضرورت ہوتی۔

چونکہ تقدیر برسر یاری تھی لہذا برٹش گورنمنٹ نے بھی ہندوستان مین فروغ پاتے ہی اپنا مربی گری کا ہاتھ اسکے سر پر رکھدیا۔ سرکاری دفترون میں رواج پانے کے ساتھ ملکی آئین و قوانین بھی اسی زبان مین شایع ہونے لگے۔ پوسٹ آفس کی ترقی نے اسے اور آگے بڑھایا۔ اور تھوڑی ہی مدت مین یہ حالت کردی کہ ڈاک خانون کے ذریعے سے جتنی مراسلت ہوتی ہے اُس کا شاید دو ثلث حصہ صرف اُردو زبان مین ہوگا۔

برٹش آزادی نے جب اخبارات جاری کرائے تو اُسکو اور فروغ ہوا۔ انشا پردازی کے مختلف رنگ پیدا ہوے۔ پرانی قافیہ بندی متروک ہوگئی۔ مرادف

الفاظ لانا بے مزہ سمجھا جانے لگا۔ اور انگریزی و عربی نیز سنسکرت سے مدد لی گئی۔ اور اس مین نئے نئے محاسن اور طرح طرح کی جدید خوبیان پیدا ہونے لگین۔ رہی یہ بات جو کہی جاتی ہے کہ اُردو اخبارون کو اُتنی کامیابی نہیں ہے جتنی کہ بنگالی یا مرہٹی اخبارون کو ہے۔ اس کا سبب یہ نہین ہے کہ اُردو زبان مین کسی قسم کا نقصان ہے یا اس مین کسی بات کی کمی ہے۔ بلکہ اس کا اصلی سبب یہ ہے کہ اُردو مین ٹائپ کا رواج نہ ہو سکا۔ اور اب تک بعض لائق اور روشن خیال لوگ یہ سمجھ رہے ہین کہ لیتھوگراف اُردو کے لیے بمقابل ٹائپ کے زیادہ موزون ہے۔ حالانکہ یہ سخت غلطی ہے۔ خوب یاد رکھنا چاہیے کہ جب تک ٹائپ کو عام رواج نہ دیا جائے گا اُردو لٹریچر پوری ترقی نہین کر سکتا۔ اور نہ اُردو اخبارات فروغ پا سکتے ہین۔

خیر اُردو زبان بہت تیزی کے ساتھ ترقی کے مدارج طے کر رہی تھی کہ بدنصیبی سے اُردو ہندی کا جھگڑا پیدا ہوا۔ اور ہندوستان کی شامت اعمال سے ہندو مسلمانون مین جو تعصب پیدا ہو گیا ہے اُس نے اس جھگڑے کو بڑھانا اور طول دینا شروع کر دیا۔ ایک طرف ہندوون کی ایک جماعت یہ کوشش کرنے کے لیے اُٹھ کھڑی ہوئی کہ ہندی کو اُردو کا مدمقابل بنائے۔ اور اُسے جس طرح ممکن ہو ہندوستان مین فروغ دے۔ تاہم اس وقت تک خود ہندوون کی جماعت کثیر اُردو ہی کی طرفدار تھی۔ مگر اُس خاص جماعت نے اپنی کوششین برابر جاری رکھین کہ اسی اثنا مین سر انٹونی مکڈانل نے ہندی کو بھی سرکاری دفاتر مین داخل کرا دیا۔ اور اس کے ساتھ ہی ہندوستان مین ہر طرف ایک آگ سی لگ گئی۔

مسلمانون کو جو اُردو کے طرفدار تھے ضرورت تھی کہ اس موقع پر نہایت ہوشیاری اور عاقبت اندیشی سے کام لیتے۔ مگر اُنھون نے انتہا درجے کی ناعاقبت اندیشی ظاہر کی۔ اُردو زبان کو اپنا مذہبی یا قومی ورثہ قرار دیا۔ اور اسی طرح اُردو زبان کے لیے لڑنے لگے جس طرح اپنے دیگر مذہبی حقوق کے لیے لڑتے تھے۔ حالانکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو اُردو زبان ہندوستان مین ہندو مسلمان دونون کے میل جول اور اختلاط و ارتباط کا نمونہ ہے۔ ان دونون

مذہبون کی بے تعصبی اور دونون کے باہمی میل جول اور اختلاط وارتباط کا نمونہ ہے - ان دونون مذہبون کی بے تعصبی اور دونون کے میل جول کی اگر کوئی زندہ یادگار دنیا مین بتائی جا سکتی ہے تو وہ صرف اُردو زبان ہے - اس سے جیسا تعلق عربی فارسی کو ہے ویسا ہی سنسکرت اور بھاشا کو ہے - بلکہ سچ پوچھیے تو سوا خاص الفاظ ولغات کے جو عربی وفارسی سے لیے گئے ہین عام بندشین - ضمائر وصفات، تذکیر وتانیث - اور افعال کے اشتقاق سب بھاشا سے اخذ کیے گئے ہین - ایسی صورت مین اُردو شایستہ، سلجھی اور زیادہ صاف کی ہوئی ملکی زبان ہے - اور اُس پر جتنا حق مسلمانون کا ہے اُتنا ہی ہندوؤن کا ہے جس کا ثبوت اس سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے کہ جس طرح اس زبان مین مسلمان شعرا و مصنفین ہوے ہین اُسی طرح ہندو شعرا و مصنفین ہوے ہین - جب ہندوؤن مین دیا شنکر نسیم اور پنڈت رتن ناتھ سرشار کے ایسے متعدد شاعر اور مصنف موجود ہین تو پھر کیا وجہ کہ اس زبان کو خاص مسلمانون کی زبان کہا جائے - باقی رہی یہ بات کہ شعرا و مصنفین اُردو مین مسلمانون کی تعداد زیادہ ہے - اس کا اصلی سبب یہ ہے کہ اگلے زمانہ مین مسلمانون کی حکومت تھی - لٹریری مذاق اُن مین زیادہ تھا اس لیے اُن مین ایسے لوگ زیادہ پیدا ہوے - اُردو پر کیا منحصر ہے ہندی زبان مین بھی ہندو شعرا کم گذرے ہین جس کا سبب بسکے سوا اور کچھ نہین ہو سکتا کہ درباری تعلقات کم ہونے کی وجہ سے اُن مین تصنیف و تالیف اور شعر و سخن کا ذوق ہی کم تھا - بہر تقدیر اُردو کے ساتھ ہندو مسلمانون کے تعلقات یکسان اور ایک ہی قسم کے تھے - اور اس پر اپنے حقوق ثابت کرنے اور اُسکو اپنا بنانے کا جیسا حق مسلمانون کو ہے ویسا ہی ہندوون کو ہے - مگر مسلمانون نے غلطی و نادانی سے اس زبان کو اپنی زبان بتایا اور اُن ہندوؤن کو بھی توڑ کے خلاف کر دیا جو اُردو کی ہمدردی و طرفداری کو تیار و آمادہ تھے - اور لطف یہ کہ اس غلطی کی آخر تک اصلاح نہ کی گئی - اور مسلمان اخبارات تین سال گذر جانے پر آج بھی اُسی طرح اس مسئلہ کو ایک قومی مسئلہ کی طرح چھیڑ چھیڑ کے لڑتے جاتے ہین - اور تعصب کو روز بروز بڑھا کے اُردو کو بجاے فائدہ

پہونچانے کے اور نقصان پہونچا رہے ہین -

اب یہ ہندو مسلمانون کا اختلاف ایک طرف ڈال کے خود مسلمانون کی اندرونی حالت کو دیکھیے تو اور زیادہ افسوسناک حالت نظر آتی ہے - اُردو کے متعلق دہلی و لکھنؤ کے جھگڑے مدت سے چلے آتے تھے - دہلی والے اس کے پہلے موجد اور پہلے ترقی دینے والے تھے - اس پچھلی صدی مین جب لکھنؤ کا دربار زیادہ چمک گیا - دہلی کے تمام اساتذۂ زبان کھنچ کھنچ کے لکھنؤ مین چلے آئے - اور شاعرانہ مذاق نے لکھنؤ مین عروج حاصل کرتے کرتے ناسخ و آتش کے ایسے شعرا - انیس و دبیر کے ایسے مرثیہ گو - اور نواب مرزا شوق - و پنڈت دیا شنکر نسیم کے ایسے مثنوی لکھنے والے اور مرزا رجب علی بیگ سرور کے ایسے نثار خاک لکھنؤ سے پیدا کیے تو لکھنؤ والون نے اپنے آپ کو دہلی کی خوشہ چینی و تقلید سے آزاد کر کے خود اُستادی و ایجاد کا دعویٰ کیا - اسی وقت سے اُردو کے دو جداگانہ اسکول قرار پا گئے - ایک دہلی کا پُرانا اسکول اور دوسرا لکھنؤ کا نیا اسکول - لکھنؤ سے پورب کی طرف جہان تک چلے جائیے تمام شعرا عموماً لکھنؤ کے اسکول کے مقلد ملین گے اور مغرب کی طرف جہان تک بڑھیے دہلی کے اسکول کا اثر بڑھتا ہوا نظر آئیگا - مگر باوجود اس اختلاف کے ہندوستان کے دیگر شہر والون کو اس قدر ضرور تسلیم کر لینا پڑا کہ اُردو کا ایک اسکول لکھنؤ بھی ہے عام اس سے کہ وہ اس کے پیرو ہون یا نہ ہون -

اس اختلاف نے ابتداءً بڑے بڑے جھگڑے پیدا کیے - اور ایک مدت سے عام طور پر یہ حالت چلی آتی ہے کہ چاہے ہندوستان مین کوئی شہر ہو اگر وہان دو چار شاعر بھی موجود ہین تو لکھنؤ اور دہلی کی رقابت کا جھگڑا سخت تعصب کی شان سے ضرور چھڑ گیا - اور شاعرے کشتی کے دنگل بن گئے - یہ اختلاف شعر و سخن کی ترقی اور زبان کے زیادہ صحیح اور زیادہ شایستہ بننے کے لیے شاید کسی حد تک مفید ثابت ہوتا - مگر اس سے خود دہلی اور لکھنؤ والون مین ایک نہایت ہی سخت عیب پیدا ہو گیا - جو زبان اُردو کو بجائے ترقی دلانے کے مٹا کے خاک کر دینے والا ہے - وہ یہ کہ جس طرح کوئی کمظرف آدمی تھوڑی سی دولت ہاتھ آ جانے پر

آپے سے باہر ہو جاتا ہے اُسی طرح ان لوگون نے اپنی اس فوقیت پر اسقدر ناز کرنا، بلکہ مین کہون گا اترانا شروع کیا کہ سمجھنے لگے گویا ساری دنیا نشیب مین ہے اور یہ کسی اونچی جگہ پر بیٹھے ہوے ہین - انگریزی زبان خاص انگلستان اور اُس مین بھی لندن کی ہے مگر کبھی لندن والون نے امریکہ اور آسٹریلیا وغیرہ کے مصنفون کا کبھی ایسا ناطقہ نہ بند کیا ہوگا جیسا کہ ان لوگون نے ہندوستان کے اُردو دانون اور اُردو لکھنے والون کا ناطقہ بند کر رکھا ہے - عربی مین اہل حجاز اور خاصتہً قریش کو فصاحت و بلاغت کا دعویٰ تھا - مگر جاہلیت اور اسلام دونون زمانون مین شعراے عرب کے لیے یہ قید نہ تھی کہ صرف قریش یا اہل مکہ مین سے ہون - ان مین مضری و نزاری شعرا بھی تھے اور یمانی شعرا بھی تھے - کوئی بنی طے مین سے تھا، کوئی بنی شیبان مین سے - کوئی یمن کا تھا اور کوئی نجد کا - کوئی بنی کندہ سے علاقہ رکھتا تھا اور کوئی آل غسان سے - وہ عموماً ایک دوسرے پر فخر کرتے تھے، اپنی اور اپنی قوم کی فوقیت جتاتے تھے مگر یہ نہ کہتے تھے کہ چونکہ فلان شاعر قریشی نہین ہے لہذا اُسکے کلام کا اعتبار نہین - اب اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ قرآن اگرچہ قریش کی زبان مین اُترا تھا مگر دیگر قبائل کی زبانون کے بھی مستند مانے جانے ہی کی وجہ سے قرآن کی مختلف قرأتین ہو گئین - یہی حال فارسی کا ہے - پہلے شیراز فصاحت کا سرچشمہ تھا اور اب طہران کو اُس کی رقابت کا دعوی ہے - مگر شعراے ایران نے سارے ملک کے شعرا کو بلا استثناء و امتیاز اُن کی لیاقتون کے اعتبار سے مستند و معتبر مانا ہے - اور کبھی یہ بات زبان سے نہ نکالی کہ چونکہ فلان شاعر شیراز یا طہران کا نہین ہے لہذا اُس کا اعتبار نہین کیا جا سکتا -

یا تو مذکورۂ بالا ترقی یافتہ زبانون کے شعرا اور سخن سنجون کی یہ وسیع الخیالی ہے یا ہمارے دہلی اور لکھنؤ کے شاعرون کی یہ تنگ نظری ہے کہ اُنکے شہر کی چاردیواری سے جو باہر ہو وہ چاہے محنت کرتے کرتے مر جائے اور چاہے زبان ہی کی تحصیل مین جان دیدے مگر اُنکے نزدیک وہ اس قابل ہی نہین کہ اُس کا کلام دیکھا جائے یا اُس پر اعتبار کیا جائے یا زبان پر اُس کا کوئی حق سمجھا جائے -

ان کے خیال مین بسی ہوئی ہے کہ انکے شہر کا جاہل بھی دیگر مقامات کے اُن شاعرون سے بدرجہا بہتر ہے جو اپنی ساری زندگی شعر و سخن کی نذر کردین -

اسکے ماننے مین کسی کو عذر نہین ہو سکتا کہ یہ لوگ ایک فصیح و شایستہ زبان آغوش مادر مین سیکھ لیتے ہین اور انکو ایک خاص لب و لہجہ حاصل ہو جاتا ہے جو دوسرون کو نہین نصیب ہو سکتا - مگر الفاظ کی تحقیق اور بندش - خیالات کے عمدگی سے ادا کرنے کا سلیقہ اُسی شخص کو آئے گا جو محنت کرے گا اور اُسی حد تک آئے گا جہان تک محنت کرے گا عام اس سے کہ وہ دہلی کا ہو یا لکھنؤ کا -

انگریزی زبان کی آمیزش، عام صاحبان علم مین انگریزی مذاق کے پیدا ہو جانے - کتب قانون کے اُردو مین ترجمہ ہونے اور اخبارات کے مختلف شہرون مین جاری ہونے کا اب یہ نتیجہ ظاہر ہو رہا ہے کہ اُردو زبان بدل گئی اور بدلتی جاتی ہے - جو زبان اب رواج پا گئی ہے اور جس کو ترقی ہو رہی ہے وہ سچ پوچھیے تو نہ لکھنؤ کی ہے اور نہ دہلی کی - بلکہ وہ ایک عجیب ملی جلی اور نئی ترکیبون اور نئی بندشون کی زبان ہے - اُسکے لکھنے کے لیے بغیر جدید مذاق کی تعلیم پائے نہ دہلی والے قلم اُٹھا سکتے ہین اور نہ لکھنؤ والے - بلکہ میرا تو یہ تجربہ ہے کہ یہ لوگ اس زبان سے بمقابل دیگر مقامات کے لوگون کے زیادہ ناآشنا ہین -

وہ دہلی اور لکھنؤ کے پُرانے شاعرانہ اور لٹریری دنگل فنا ہو گئے - یہ شہر نہ علم و فضل کے مرکز رہے اور نہ تعلیم و ترقی کے - دہلی ایک محدود درجے کی تجارت کا مستقر بنا ہوا ہے لکھنؤ کو یہ بھی نہین نصیب - اب تو علمی مرکز حیدرآباد و علی گڑھ وغیرہ ہین - یا اخبارات کی ترقی اور پنجاب یونیورسٹی کی اورنٹیل شاخ کی وجہ سے لاہور ہے - اور انھین شہرون مین علم و فضل کو ترقی ہو رہی ہے حیدرآباد اگرچہ پہلے بہت پیچھے تھا مگر اب شاعرانہ مذاق کے بڑھنے اور اکیلے اُردو جاننے والون کو اطمینان و فارغ البالی حاصل ہونے کی وجہ سے بہت ترقی کر رہا ہے - اور ادھر آخری چند برسون مین وہان شاعری کا بہت اچھا ڈولپمنٹ ہوا ہے - مولانا شبلی کی کوشش سے انجمن ترقی اُردو کا مستقر وہی قرار پا گیا ہے - جب مین یہ نہین کہتا کہ ان شہرون کی زبان دہلی اور لکھنؤ کی زبان سے فصا

اور صحت مین بڑھ گئی ہے۔ لیکن اگر زمانہ کا یہی رنگ اور زبان کی یہی رفتار رہی تو پوری طرح پیشین گوئی کی جا سکتی ہے کہ عنقریب کسی زمانے مین حیدرآباد علی گڑھ اور لاہور زبان کی ترقی کے مرکز بنین گے اور یہی شہر صحیح و فصیح زبان کے معیار ہون گے۔

لیکن ابھی تک زبان کے مرکز دہلی اور لکھنؤ ہی بنے ہوے ہیں۔ اور اُنکو یہ فوقیت اور فخر حاصل ہے کہ صحت مین انکی سند مانی جاتی ہے۔ اور جب کوئی مسئلہ زبان کے متعلق پیدا ہوتا ہے تو عموماً انھین شہرون کے شعرا کی جانب لوگ رجوع کرتے ہین۔ ان شہرون کے لوگون کا فرض تھا کہ اپنی اس فضیلت پر خوش ہو کے کوشش کرتے کہ زبان کو ہر جگہ وسعت اور ترقی حاصل ہو اور اُردو سارے ہندوستان کی زبان بنتی جائے۔ مگر بجاے اسکے چاہتے ہین کہ دہلی و لکھنؤ کے باہر جو کوئی اُردو مین گفتگو کرتا ہو اُس پر ہنسین۔ قہقہے اُڑائین۔ اور زور چلے تو اُسکی زبان بند کر دین۔ اور دعوی کرین کہ سوا اُنکے اور کوئی اُردو مین شعر و سخن کہنے کا مجاز ہی نہین ہے۔ کیونکہ جب یہ ہر شہر والے کی نسبت خیال رکھتے ہین کہ اسے کبھی اُردو آ ہی نہین سکتی تو پھر ظاہر ہے کہ گویا اُس کی زبان بند کرنے ہی کی کوشش کر رہے ہین۔

افسوس کہ یہ مضمون ناتمام رہ گیا۔ آیندہ نمبر مین ہم یہ بھی بتائین گے کہ اختلافِ مذاق اور لٹریچر کے مختلف اغراض کے مصنفون نے اسے کس طرح کشمکش مین ڈال رکھا ہے۔ اور ترقی کی اصلی تدبیر کیا ہے۔

اُردو لٹریچر

انگریزی دانون یا اُن لوگون کو جو آج کل کی اصطلاح مین تعلیم یافتہ تسلیم کیے جاتے ہین، اپنی مادری زبان اُردو کے متعلق سب سے بڑی شکایت یہ ہے کہ بہت ہی محدود زبان ہے۔ اور نازک خیالات یا اعلیٰ مضامین اُس مین نہین ادا کیے جا سکتے۔ اور انشا پردازی جیسے کمالات اور جیسی خوبیان انگریزی یا دیگر زبانون مین پیدا کر سکتی ہے اُردو مین نہین پیدا کر سکتی۔

حقیقت یہ ہے کہ اُردو باوجود اِن ترقیون کے جو اُسے اگلے اور پچھلے دورون مین حاصل ہوتی رہین نہایت ہی بدنصیب زبان ہے۔ پچاس سال پہلے جب ہندوستان مین عربی و فارسی کا دور دورہ تھا خود اُردو بولنے والون اور صاحب علم اہل زبان کا یہ خیال تھا کہ عربی و فارسی کے سامنے اُردو کوئی وقعت نہین رکھتی۔ فصاحت و بلاغت کا سرچشمہ عربی ہے اور اُس سے تھوڑا بہت فیض قابلیت اگر کسی زبان کو حاصل ہوا ہے تو وہ فارسی ہے جس کے لٹریچر مین غیر معمولی شیرین زبانی۔ اور جس کی نظمون مین بہت ہی اعلیٰ درجے کی نازک خیالی و بلند پروازی موجود ہے۔ غرض اُنکے مذاق مین جو کچھ خوبیان تھین عربی و فارسی کے لٹریچر مین تھین۔ اُردو کوئی چیز نہ تھی۔

اب عربی و فارسی مذاق کے ختم ہونے کے بعد جب انگریزی کا دور شروع ہوا اور ہمارے تعلیم یافتہ مغربی مذاق سخن سے آشنا ہوے تو اُنھون نے عربی و فارسی کو تو یہ کہکے خارج از بحث کر دیا کہ ہم اُن زبانون سے واقف نہین۔ مگر بقولے "مادہ بر عضوِ ضعیف می ریزد" اُن کی اعلیٰ تعلیم اور مسلم الثبوت قابلیت کا سارا بار بھی غریب اُردو ہی پر پڑنا شروع ہوا۔ اور ہر طرف سے یہ صدا بلند ہوئی کہ اُردو نہایت ہی ناقص زبان ہے۔ اس مین نہ انگریزی کی سی فصاحت و بلاغت ہے اور نہ مغربی مذاق سخن کی سی دلفریبیان۔

خلاصہ یہ کہ بدنصیب اُردو جس طرح پہلے دور مین بدنام تھی اُسی طرح اِس دور مین بھی بدنام ہے۔ جیسے اگلے دنون صدہا شعرائے سخن سنج پیدا ہو جاتے۔ گھر گھر مشاعرون کی گرم بازاری ہوتے۔ میر۔ سودا۔ اور غالب و ذوق کے ایسے پیغمبرانِ سخن کے غزل سرائی کرتے۔ اور سرور کے ایسے جادو بیان نثار کے داد فصاحت دینے پر بھی اُردو کوئی عمدہ اور قابل توجہ زبان نہ سمجھی گئی۔ ویسے ہی اب باوجود اس کے کہ دولت برطانیہ کی توجہ سے اُردو عدالت پر حکومت کر رہی ہے۔ تمام ملکی مراسلت اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ اُردو مین جاری ہے۔ آزاد۔ مولوی نذیر احمد۔ اور سرسید کے سے جادو بیان نثار۔ حالی کے سے معجز نما شاعر۔ مولوی شبلی کے سے مورخ اپنے زور قلم کے جادو دکھا رہے ہین۔ شہر شہر اور قصبے قصبے مین اُردو کے مدارس

جاری ہین - اور کوئی فن نہین جس کے متعلق کوئی نہ کوئی کتاب اُردو مین نہ شایع ہوگئی ہو - تعلیم یافتہ جماعت یہی کہہ رہی ہے کہ اُردو کی کچھ ہستی نہین - نہ اُسکی نظم مین کوئی مزہ ہے نہ اُس کی نثر مین کوئی خوبی ہے -

الحاصل اُردو پہلے بھی مظلوم تھی اور اب بھی ہے - اور اُس پر ظلم کرنے والے خود وہ لوگ ہین جو اُردو کے اہل زبان ہونے کے مدعی ہیں -

ہر کس از دست غیر نالہ کند سعدی از دستِ خویشتن فریاد

لیکن اس کا سبب کیا ہے کہ اُردو پبلک کو دنیا بھر کی زبانون مین مزہ آتا ہے اور نہین آتا تو خود اپنی زبان مین - اس راز کا پتہ لگانے کے لیے ہم نے اکثر تعلیم یافتہ دوستوں سے سوالات کیے ہین - معلوم کرنا چاہا کہ آخر وہ کون سی خوبی ہے جسے یہ لوگ اُردو مین ڈھونڈھتے ہین اور نہین پاتے؟ ہمین اپنے سوالون کے جواب مین جو کچھ معلوم ہو سکا وہ اسی قدر ہے کہ بعض حضرات کو تو انگریزی سے اُردو ترجمہ کرتے وقت ویسے جامع اور صحیح مفہوم ادا کرنے والے الفاظ نہین ملے جیسے انگریزی مین تھے - بعض حضرات انگریزی کے سے اشعار اُردو مین ڈھونڈھتے ہین اور وہ اُردو مین معدوم ہین - اور جن چند انگریزی نظمون کے ترجمے اُردو مین کر دیے گئے ہین اُن میں وہ انگریزی کی سی بات نہین - غالباً اِسی قسم کے نقصانات عربی مذاق رکھنے والے سلف صالح کو ہون گے کہ عربی سے اُردو مین ترجمہ کیجیے تو ویسے جامع و حاوی الفاظ نہین ملتے - اور اُردو شاعری مین عربی شعر و سخن کی خوبیان نہین ہین -

لیکن اگر یہی اعتراضات ہین اور اسی قسم کی رائین قائم کرنے کی بنیاد اسی قدر ہے تو میرے خیال مین اُردو زبان تو اتنی تنگ اور محدود نہین - مگر خود اُنکے خیالات مین تنگی اور کج فہمی ہے - اور اس کا الزام بجاے اسکے کہ زبان اُردو کو دیا جائے خود اُنکی لیاقت و قابلیت پر عائد ہوتا ہے -

دنیا کی ہر زبان کا قاعدہ ہے کہ اُس مین گرد و پیش کی چیزون - بولنے کی صحبتون - اور اُنکے عادات - اطوار - معاملات کے لحاظ سے اس قسم کے خاص الفاظ ہوا کرتے ہین جو تمام پہلوون اور جملہ مفہوماتِ متعلقہ کے اعتبار سے بیش و نظیر

ہوتے ہین اور اُنکے مماثل الفاظ جو تمام جہتوں اور کل حیثیتوں سے اُنکے مماثل ہون دنیا کی کسی دوسری زبان مین نہیں مل سکتے۔ ایسے ہی الفاظ ہین جن کی مناسبتون اور خوش ترتیبیون سے اُس زبان کا لٹریچر بنتا ہے۔ اُنھین کے ضمنی اشارون اور اُنھین کے لوازم و تعلقات سے شاعرانہ خوبیان پیدا ہوتی ہین اور فصاحت و بلاغت کا جوہر چمکتا ہے۔

یونانی۔ لاطینی۔ سنسکرت۔ عربی۔ فارسی۔ فرانسیسی۔ یا انگریزی کی تخصیص نہین۔ ہر معمولی سے معمولی زبان مین بھی اس قسم کے الفاظ کثرت سے موجود ہوتے ہین جن کے تناسب سے کبھی رعایت لفظی کی خوبیان پیدا ہو جاتی ہین اور کبھی رعایت معنوی کی۔ اور یہی وجہ ہے کہ کسی زبان کے اعلیٰ درجے کے اشعار اور عمدہ نثرون کا ترجمہ کسی دوسری زبان مین (چاہے وہ کوئی ہو) نہین ہو سکتا۔

موجودہ مذاق کے جو تعلیم یافتہ حضرات اُردو کی بے مائگی کے اس لیے قائل ہو گئے ہون کہ اُنھین کسی انگریزی فصیح و بلیغ کتاب کا ترجمہ کرنے مین دشواریان پیش آئین (گو ہمین اُن کی مصیبت سے پوری ہمدردی ہے۔ اور افسوس کہ اُن کی اس مشکل کو ہم دُور بھی نہین کر سکتے مگر اُس کی غلط خیالی کی اس طرح اصلاح ضرور کر سکتے ہین کہ) اگر اُن مین قابلیت ہو تو کسی با محاورہ اور فصیح اُردو عبارت کا ترجمہ انگریزی مین بھی کر کے دیکھین۔ اور انصاف سے بتائین کہ اُردو زبان مین ترجمہ کرنا مشکل ہے یا انگریزی زبان مین؟ جتنی دشواریان اُردو ترجمہ کرتے وقت پیش آیا کرتی ہین اُن سے زیادہ یا کم از کم اُتنی ہی انگریزی ترجمہ کرنے مین بھی پیش آتی ہین یا نہین؟ یہ امر سب کو گران گذر رہا ہے کہ شیکسپیر کے کسی ڈراما کا ویسا ہی بامزہ ترجمہ اُردو مین باوجود متواتر کوششون کے نہ ہو سکا۔ مگر اسکی طرف کسی کا خیال نہین گیا، کہ مثنوی میر حسن، اور مثنوی گلزار نسیم کے دو چار شعرون۔ یا فسانۂ عجائب کی چند سطرون کا انگریزی ترجمہ کرنے کی کسی کو جرأت بھی ہو سکی یا نہین؟ مگر افسوس تعلیم یافتگی کا موجودہ مذاق ایسا ہے کہ کیا عجب جو یہ بھی کوئی اُردو ہی کا عیب نہ تصور کر لیا جائے۔ اور صاف الفاظ مین کہہ دیا جائے کہ اُردو ایسی بیہودہ اور ناقص زبان ہے کہ اُس مین انگریزی لٹریچر کی خوبیان نہ پیدا

ہو سکنے کے علاوہ یہ بھی عیب ہے کہ اُس کی بیہودگیاں انگریزی الفاظ مین کسی طرح نہین ادا ہو سکتین -

الغرض یہ جتنے اعتراضات ہو رہے ہین اور اُردو کے جتنے عیوب بتائے جا رہے ہین خود معترضون کے نقصانات اور اُنکی خام خیالیان ہین - اور موجہ طور پر اُردو کا کوئی سچا عیب نہین بتایا جا سکتا - مگر ہمین ابھی یہ معمہ حل کرنا باقی ہے کہ اگلے دنون خود اُردو کے اہل زبان عربی دانون کے خیال مین اُردو اس قدر حقیر کیون تھی ؟ یا آج کل ہمارے اہل زبان انگریزی دانون کے نزدیک وہ اس قدر بے مایہ اور ناقص کیون ہے ؟

اصل یہ ہے کہ لٹریری ذوق بھی منجملہ اُن مذاقون کے ہے جن کو انسان کوشش کر کے اپنی طبیعت مین پیدا کیا کرتا ہے - جیسے کہ حقّے اور تمباکو کا ذوق ہے کہ فطرۃً انسان اُسکو پسند نہین کرتا - مگر چند روز تک اپنے آپ کو اُس کا عادی بنا لینے کے بعد پھر اُسے معلوم ہونے لگتا ہے کہ ان چیزون مین کیا ذوق ہے - صرف اسی تمباکو پر موقوف نہین - غور کیا جائے تو انسان کے تمام ذوق اُسکے کسوبہ ہوا کرتے ہین - اور اسی کسب نے مختلف ممالک مین اختلاف مذاق پیدا کر دیا ہے - ہر قوم اور ہر ملک کی لذیذ غذائین - دماغ معطر کرنے والی خوشبوئین - نظر فریب خوبصورتیان - سامعہ نواز آوازین - اور اسی کے ساتھ وضع قطع - لباس - اور سامان معاشرت کی سب چیزین بدلی ہوتی ہین - جو غذا مغرب مین لذیذ ہے، مشرق مین بدمزہ - جو عطر مشرق مین دماغ کو تازہ کر دیتا ہے اُسی کی خوشبو پر مغرب مین نالکین بند کر لی جاتی ہین - حتیٰ کہ ایک ملک کی معشوقۂ دلربا دوسرے ملک کی بدشکل اور بدقطع عورت ہے جسکے سایہ سے بھی لوگ بھاگتے ہین - اسی طرح ہر قوم اور ہر زبان کا لٹریچر بھی ایک نیا ذوق رکھتا ہے - اور ذوق صرف حاصل کرنے اور کوشش کرنے سے پیدا ہوتا ہے -

اور اسی ذوق کے پیدا کرنے کے لیے ہر ملک مین پہلے خود وہان کی مادری زبان کی تعلیم دی جاتی ہے - اور طلبہ جب اُس مین پختگی حاصل کر لیتے ہین تو اُن اعلیٰ درجے کی زبانون کی طرف متوجہ کیے جاتے ہین جو کلاسیکل سمجھی جاتی ہین اور علمی اور تاریخی عظمت رکھتی ہین - بخلاف اسکے ہندوستان کو بدنصیبی سے شاید ہی

ی وہ زمانہ نصیب ہوا ہو جبکہ ابنائے وطن کو وہ زبان سکھائی جاتی ہو جو وہان
ی جاتی تھی -

شاید کبھی ہندوستان مین ایسا ہو کہ سنسکرت بولی بھی جاتی ہو اور پڑھائی بھی
تی ہو - مگر خود ہندوون کو اس سے انکار ہے - اس لیے کہ اُنکے خیال مین سنسکرت
یوتاؤن کی زبان ہے - اور کبھی انسان کی مادری زبان نہ تھی - جن انگریزی مورخین
نے اُسے آریہ فاتحین کی زبان ثابت کیا ہے اگر اُنکی تحقیق مان لی جائے تو تاریخی
ید سے پیشتر اُس قدیم متبرک زمانے مین بھی صرف فتحیابون اور حاکمون کی زبان
ہوگی - ہندوستان کے لوگون کی کوئی اور زبان ہوگی - جس سے نتیجہ نکل سکتا ہے کہ
س عہد مین بھی تعلیم سنسکرت کی ہوتی تھی - جو ملکی زبان نہ تھی - اور جس وقت مسلمانون
ہندوستان کو فتح کیا ہے اُسوقت تو اس مین شک نہین کہ مادری زبان اور تھی اور
لیمی زبان اور - کیونکہ سارا لٹریچر سنسکرت یا ماگدھی مین تھا جو کہ ملکی زبانین نہ تھین -

مسلمانون کا عہد شروع ہونے کے بعد پہلے سے زیادہ خرابیان پیدا ہوئین
بی ہندوون کی تعلیمی زبان تو سنسکرت رہی - اور مسلمانون کی تعلیمی زبان بلحاظ
ہب عربی اور بلحاظ حکومت فارسی ہوگئی - مگر وہ زبان جو ملک مین بولی جاتی تھی
سے تعلیم گاہون مین ہرگز جگہ نہ مل سکی - یہان تک کہ بازاری میل جول اور ہندو مسلمانون
ے امتزاج نے اُردو زبان پیدا کی - لیکن تعلیم آخر تک فارسی و عربی ہی مین ہوتی رہی -
ی کیفیت تھی کہ انگریزی عہد شروع ہوا اور فارسی کی جگہ انگریزی کی تعلیم ہونے لگی -
ب یہ ہوا کہ مذہبی اور قومی ضرورتون کے لیے مسلمانون نے فارسی - اور عربی کو اور
ہندوون نے ہندی و سنسکرت کو اختیار کیا - اور حکومت کی زبان انگریزی ہوگئی -
ردو جو ملک کی مادری زبان ہے اُسکی طرف سے اب بھی بے پروائی رہی -

اس سے انکار نہین کیا جا سکتا کہ برٹش گورنمنٹ نے اُردو زبان کو ممالک متحدہ
غیرہ کی مادری زبان تصور کرکے ہندوستان کے قدیم رواج کے خلاف سرکاری اور دفتری
زبان بنا دیا - جس کی وجہ سے عام طور پر خط و کتابت اُردو مین ہونے لگی - اخبارات
بھی اُردو مین جاری ہوے اور تصنیف و تالیف کے لیے بھی اُردو ہی اختیار کی
جانے لگی - سرکار نے اُس کا یہ فروغ دیکھ کے دیہات اور قصبات میں اُردو کی

تعلیم بھی جاری کردی - مگر اول تو وہ تعلیم اس قدر ناقص اور ناتمام درجے تک تھی کہ اُس سے طلبہ مین کوئی لٹریری ذوق نہین پیدا ہو سکتا تھا - دوسری طرف ہندو مسلمانون مین ایسا اختلاف ہوا کہ ہندوون نے ہندی کو اپنی مادری زبان بنایا جو اگر نہ بھی تھی تو چند روز کی کوششون سے اُن کی مادری زبان بن گئی - اور اُردو صرف مسلمانون کی زبان سمجھی جانے لگی - ان دونون باتون کا یہ نتیجہ ہے کہ اُردو کی تعلیم کی طرف جو عام رجحان تھا اُسے نقصان پہونچنے لگا - بہرحال اُردو کی جیسی تعلیم ہونی چاہیے تھی نہین ہوتی - اور اُردو خوانون مین کسی قسم کا ذوق انشاپردازی پیدا ہونے نہین پاتا

علاوہ برین محض اُردو خوان ایک طرف انگریزی دانون کے مقابل ہین اور دوسری طرف عربی فارسی جاننے والون کے مقابل اس قدر کم حیثیت تصور کیے جاتے ہین کہ اُنکی راؤن - اُنکے خیالون اور اُنکے مذاق کی ذرا بھی وقعت نہین ہوتی جاہلون سے وہ کچھ یون ہی سے ممتاز خیال کیے جاتے ہین جنھون نے ابتدا سے انتہا تک انگریزی یا عربی و فارسی لٹریچر کی باضابطہ طریقہ سے تعلیم پائی ہے - اور جنھون نے اپنے دل و دماغ مین انگریزی یا عربی کے مذاق سخن کو پرورش کرکے خوب راسخ کرلیا ہے -

یہ لوگ ابتدا ہی سے انگریزی اور عربی کی نحو و صرف اور فصاحت و بلاغت کو محنت اور توجہ سے حاصل کرلیتے ہین - اور علوم پڑھتے ہین اُن سب کو اُنھین زبانون مین سیکھتے اور درجۂ کمال حاصل کرتے ہین - جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ وہ سب یا انگریزی لٹریچر کے دلدادہ ہو جاتے ہین یا عربی لٹریچر کے - اپنی مادری زبان [illegible] کے زمانے مین کوئی اُنس نہین پیدا ہونے پاتا - اگر کبھی [illegible] زبان کی طرف توجہ بھی کرتے ہین تو چاہتے ہین کہ اُس مین بھی اُنھو وہی صنعت آجائے جو انگریزی یا عربی و فارسی مین آتا تھا مگر وہ لطف نہین حاصل ہو سکتا - کیونکہ اُنکو جو لیاقت و قابلیت پیدا ہوئی ہے یا جس زبان مین اُنھون نے لیاقت و شائستگی کو دیکھا وہ عربی ہے یا انگریزی - لہذا خواہ مخواہ اپنی مادری زبان یعنی اردو ہی کو الزام دینے لگتے ہین کہ بہت ناقص زبان ہے اور اس مین کسی قسم کے علمی مضامین نہین

ادا ہو سکتے۔

خلاصہ یہ کہ اُردو زبان کو جو صحیح ترقی نہین ہوتی اور خود اپنے اہل زبان کاملین مین اسے مقبولیت نہین حاصل ہوتی اُس کا اصلی سبب یہی ہے کہ ابنائے وطن بجائے مادری زبان کے کسی اور زبان کے لٹریچر کو خوب پرورش کرکے اپنا اصلی مذاق بنا لیا کرتے ہین۔ یورپ مین جو تم دیکھتے ہو کہ ہر ملک اور ہر قوم کا لٹریچر روز افزون ترقی کرتا جاتا ہے اور انگریزی۔ فرانسیسی۔ جرمنی۔ اور ایطالی زبانون کا لٹریچر بڑھتے بڑھتے ساری دنیا پر چھا جاتا ہے۔ اور دنیا کی دوسری قومین اُن کی خوبیون کے مقابل خود اپنی زبانون کو بھولی جاتی ہین۔ اس کا اصلی باعث یہی ہے کہ اُن ممالک کے باشندے پہلے خود اپنی زبان کے لٹریچر مین کمال حاصل کر لینے کے بعد دوسری زبانون کی طرف توجہ کرتے ہین۔ وہان بڑے بڑے لنگوسٹ (ماہرین السنہ) اور اورینٹلسٹ (مستشرقین) اور فائلالوجسٹ (علم السنہ کے جاننے والے) پیدا ہوتے ہین۔ جو تحقیق کے ساتھ دنیا کی تمام زبانون پر اجتہادی نظر ڈالتے ہین۔ مگر یہ سب کمالات اُسوقت پیدا کرتے ہین جب اپنی زبان مین باکمال بن لیتے ہین اور اپنی زبان کے نحو و صرف اور علم ادب کا ذوق اُنکے دل و دماغ پر پوری طرح حاوی ہو چکتا ہے۔

اس کا علاج یہ تھا کہ سررشتۂ تعلیم کے اُردو مدارس کی اصلاح کی جاتی۔ مگر افسوس کہ یہ غیر ممکن ہے۔ اُردو مدارس کی حالت سُدھارنے مین نہ آج تک کامیابی ہوئی اور نہ کامیابی کی اُمید ہے۔ اس لیے کہ سررشتۂ تعلیم ترقی تعلیم کا ذریعہ ہونے کے عوض اپنے خود غرض عہدہ دارون کے ہاتھون ایک اعلیٰ درجے کی تجارت گاہ بنگیا ہے اور اُنھین لوگون کی کتابین داخل درس کی جاتی ہین جو اپنے نفع مین عہدہ دارون کو شریک کرین۔ دکھانے کے لیے ایک بورڈ ہے۔ مگر بورڈ کے نفس ناطقہ ڈائرکٹر صاحب ہین جن کے اشارون پر بورڈ چلتا ہے اور ڈائرکٹر صاحب کی رائے دراصل اُنکے کسی معتمد علیہ ماتحت عہدہ دار سررشتۂ تعلیم کی رائے ہوتی ہے۔

گو ہندو خود کہہ رہے ہین کہ اُردو ہماری زبان نہین۔ وہ مسلمانون کی زبان ہے۔ مگر باوجود اسکے اکثر یہی نظر آیا کرتا ہے کہ سررشتۂ تعلیم کی اُردو کتابون کے مصنف و مولف ہندو ہی ہوتے ہین۔ یا کبھی مسلمان بھی ہوئے تو وہ جو سوا اسکے کہ سررشتۂ تعلیم

مین کسی خدمت پر ممتاز ہین - ملک مین اُنھین کوئی لٹریری وقعت نہین حاصل ہوتی - اسی خرابی کی وجہ سے اُردو نصاب تعلیم سے بدتر شاید کسی زبان کا نصاب نہ ہوگا - نحو و صرف اور معانی و بیان کے مفید رسالون کا تصنیف ہونا درکنار سچ یہ ہے کہ آج تک اُردو کی الف بے بھی صحیح اصول پر مرتب نہ ہو سکی -

ایسی صورت مین اُردو کے درست ہونے کی کیا اُمید ہو سکتی ہے اور کس طرح سے ملک مین ملکی زبان کا سچا مذاق پیدا ہو سکتا ہے - بہرحال اُردو ایک فلاکت زدہ قوم کی مصیبت زدہ زبان ہے - اور جس حال مین اپنی قوم کو پاتی ہے اُسی کے مناسب طریقے سے نباہ رہی ہے -

اُردو لٹریچر

ایک بہت بڑی کمی ہمارے لٹریچر مین یہ بتائی جاتی ہے کہ اُردو مین اسوقت تک علمی مصطلحات کی بہت کمی ہے - اور ہم جس وقت کسی علمی مسئلہ کے متعلق یا کسی فن کے مسائل پر بحث کرنا چاہین تو مجبور ہین کہ اگر وہ کوئی قدیم علم و فن ہو تو عربی کی اصطلاحات اختیار کرین اور اگر کوئی نیا علم و فن ہو تو انگریزی کی اصطلاحات - کہا جاتا ہے کہ اہل عرب نے جب ان علوم کو لیا ہے تو خاص اپنی زبان مین سے اصطلاحی الفاظ تراش لیے تھے جسکی یہ برکت تھی کہ غیر زبانون کی غلامی سے آزاد ہوگئے - اور عربی بجائے خود ایک علمی زبان بن گئی - مگر ہم سوا دوسری زبانون کی خوشہ چینی کے اور کچھ نہین کر سکتے -

یہ کمی اس قدر محسوس کی جا رہی ہے کہ ہندو مسلمان دونون اس فکر مین ہین کہ اپنے اپنے مذاق کے مطابق علمی اصطلاحات تصنیف کرین - ہندو چاہتے ہین کہ ہندی مین کھپنے والے اصطلاحات ہون اور اُنکا ماخذ سنسکرت قرار دی جائے - مسلمان چاہتے ہین کہ اُردو کی مناسبت کے لیے عربی زبان ماخذ قرار دی جائے - اور جتنے اصطلاحات لیے جائین عربی سے لیے جائین - اسی دُھن مین دونون گروہ طرح طرح کی کوششین کر رہے ہین - کوئی چاہتا ہے کہ اصطلاحات کی ایک جدید کتاب لغت تصنیف کر کے شایع کر دی جائے - کوئی تھوڑے تھوڑے اصطلاحات

بنا کے اخبارون اور رسالون مین شایع کر دیتا ہے تا کہ عام لوگ انکو اختیار کرلین اور وہی مصطلحات آیندہ علمی کتابون مین اختیار کیے جائین۔

جدید علوم جو اب نئے نئے یورپ مین پیدا ہوے ہین انکی اصطلاحون کے ترجمہ کی کوشش چند روز ہوے مصر مین بھی ہو رہی تھی۔ اور متعدد علمانے اپنی متحدہ کوشش سے اس قسم کے نئے عربی اصطلاحات تراش تراش کے وہان کے رسالون اور اخبارون مین شایع کرنا شروع کیے تھے۔ مگر سچ یہ ہے کہ سب لوگ عام اس سے کہ مصر کے ہون یا ہندوستان کے اور ہندو ہون یا مسلمان سب غلطی پر ہین۔ اور انکی یہ سب کوششین نقش برآب ہین۔ نہ انکے تراشے ہوے الفاظ زندہ رہ سکتے ہین اور نہ ان سے انکے لٹریچر کو کسی قسم کا نفع حاصل ہو سکتا ہے۔

یہ ایک سامنے کا اور کھلا ہوا مسئلہ ہے کہ لغت زبان کا تابع ہے نہ یہ کہ زبان لغت کے تابع ہو۔ جو الفاظ کسی زبان مین پیدا ہو چکے ہین عام اس سے کہ اس زبان کے اصلی الفاظ ہون یا کسی دوسری زبان سے لیے ہوے اُن کا استقراء و استقصاء کر کے لغت مدون کیے جاتے ہین۔ مگر آج تک دنیا مین کبھی یہ نہین ہوا کہ الفاظ عام اس سے کہ مصطلحات ہون یا عام قسم کے کتب لغت سے لے کے تحریر و تقریر مین شامل کیے جائین۔ اصطلاحون کی تصنیف و ایجاد کا صحیح محل یہ ہے کہ ہر فن پر ایک کتاب تصنیف کی جائے اور اُس مین ضرورت کے مطابق نئے اصطلاحی الفاظ تراش کے کام مین لائے جائین۔ اور جب وہ کتابین اُس فن کے نصاب مین شریک ہو جائین تو اُن سے لیکے وہ مصطلحہ الفاظ لغت مین اضافہ کیے جائین۔

لیکن یہان ایسا نہین ہوتا اور نہ اس قسم کی کوشش کی جاتی ہے۔ اسوقت تک جتنی کتابین علوم قدیمہ و جدیدہ کی اُردو مین لکھی گئین اُن سب مین عموماً یہی طریقہ اختیار کیا گیا کہ بجاے اسکے کہ اصطلاحات کے لیے مناسب الفاظ ڈھونڈھے جاتے عربی و انگریزی کے الفاظ بجنسہ نقل کر دیے گئے۔ جن سے صرف اُردو جاننے والے نہ مانوس ہین اور نہ اُنھین صحیح طور پر زبان سے ادا کر سکتے ہین۔ اُن اصطلاحون کی غیر مانوسی کی وجہ سے علوم و فنون کی تعلیم ہندوستان مین کسی طرح عام نہین ہو سکتی۔ اور اُردو لٹریچر کے حامیون کو اپنے سامنے ایک ایسی دشواری نظر آتی ہے جو کسی طرح

ہٹائے نہین ہٹتی۔

اس مشکل کا اصلی راز وہی ہے جو اسی مضمون کے پہلے حصہ مین بیان کر چکے ہین یعنی اُردو تعلیم کا ناقص ہونا۔ اُردو مذاق کا مغلوب رہنا۔ خود اہل زبان کا اپنے وطنی لٹریچر سے مطمئن نہ ہونا۔ اور خاص اُردو زبان کے متعلقہ مسائل مین بھی اُردو دانون کے مقابل عربی و انگریزی جاننے والون کا اثر زیادہ ہونا۔ ہمارے سامنے سب سے آخری مثال عربون کی ہے۔ اُنھون نے جسوقت یونانی و رومی اور دیگر السنہ کے علوم و فنون کو اپنی زبان مین لیا ہے اُسوقت چند محدود مترجمین علوم تھے اور جس پبلک کے سامنے پیش کرنے کے لیے وہ کتب علوم کا ترجمہ کرتے اُسپر عربیت کا ذوق غالب تھا۔ اُس مین صرف اپنی مادری زبان کا جاننے والا دیگر السنہ کے ماہرین کے سامنے ذلیل و کم وقعت نہین تصور کیا جاتا۔ بلکہ وطنی لٹریچر کا اثر اس قدر غالب تھا کہ مترجمین اگر اُسکے خلاف یا اُس سے نامناسب روش اختیار کرتے تو اپنی کوشش مین سرسبز نہ ہو سکتے۔ اس لیے وہ مجبور تھے کہ ہر اصطلاح کے مقام پر کوئی عربی ہی لفظ اختیار کرین بلا لحاظ اسکے کہ لغۃً وہ اصلی یونانی و رومی الفاظ کا پورا پورا ہم معنی ہو یا نہ ہو۔ جب وہ ایسے الفاظ کو اختیار کر لیتے تو کتاب کے مشہور ہوتے ہی وہ علمی دنیا مین مقبول ہو جاتے۔ اور اصل مین نہ بھی ہوتے تو اصطلاح قرار دیے جانے کے بعد اُن یونانی و رومی اصطلاحی الفاظ کے ہم معنے بن جاتے۔

خود اُردو زبان مین بھی ہمارے سامنے ایک اسی قسم کی نظیر موجود ہے۔ تعزیرات ہند اور دیگر کتب قوانین کا ترجمہ جب اُردو زبان مین کیا گیا اور گورنمنٹ نے چند قابل بزرگون کو اس خدمت پر مامور کیا تو اُنھون نے تمام قانونی مصطلحات کے لیے جو الفاظ مناسب معلوم ہوے تراش کے قائم کر دیے۔ گو اُن الفاظ سے اُس سے پہلے کبھی اصطلاحون کا کام نہین لیا گیا تھا۔ اور پہلے پہل جب کام مین لائے گئے ہین بعض لوگون کو بھدے۔ گران۔ اور غیر مانوس معلوم ہوے ہونگے۔ مگر جیسے ہی وہ قانونی کتابین ملک مین پھیلین۔ عدالتون نے اُنکی طرف توجہ کی۔ وکلا اور اہل مقدمہ اُن سے کام لینے پر مجبور ہوے۔ وہ اصطلاحین بچے بچے کی زبان پر چڑھ گئین۔

اور اُن مین نہ کسی قسم کی گرانی تھی اور نہ کسی طرح کی نامانوسی۔ اور چند روز بعد وہی الفاظ قانون کی کتابون سے لیکے کتب لغت مین بھی درج کردیے گئے۔

لہذا یہ کمی یون نہین پوری ہوسکتی کہ ان اصطلاحات کی ایک کتاب لغت تصنیف کرکے شایع کردی جائے بلکہ انجمن اُردو یا دیگر حامی زبان انجمنون کا کام بجائے لغتون کے تصنیف کرانے کے یہ ہونا چاہیے کہ جن علوم و فنون کے اصطلاحات بنانا منظور ہون اُنھین کے متعلق جامع و مانع اور مختصر رسالے تصنیف کراکے شایع کیے جائین اور اُن مین اصطلاحات کا ترجمہ مناسب الفاظ مین کیا جائے۔

بعض حضرات کا خیال ہے کہ مصطلحات کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہین بلکہ عربی سے علوم قدیمہ کے جو پُرانے اصطلاحات اُردو مین لیے جاچکے ہین وہ تو وہی برقرار رکھے جائین اور علوم جدیدہ اور خاصۃً سائنس کے لیے نئے اُردو یا عربی اصطلاحات پیدا کرنے کے بجائے انگریزی مصطلحات بجنسہ اُردو مین نقل کیے جائین۔ لیکن اس سے نہ اُردو کوئی علمی زبان بن سکتی اور نہ اُردو لٹریچر اپنی کوئی وقعت قائم کرسکتا ہے۔

علم طب کے متعلق کون کتاب یا کون سا مسئلہ ہے جس کا ترجمہ فارسی یا اُردو مین نہین ہوگیا۔ بلکہ مفردات اور نیز قرابادینون کے لحاظ سے دیکھو تو فارسی و اُردو کی تو تصنیف کتابین زیادہ جامع اور جامع ہین۔ لیکن محض اسوجہ سے کہ طب کے تمام مصطلحات عربی کے ہین اس فن مین فارسی اُردو دونون عربی کی غلامی سے آزاد نہ ہوسکین۔ جو طبیب عربی زبان نہ جانتا ہو مستند اور باوقعت نہین مانا جاتا۔ حتیٰ کہ یہ خیال ہر شخص کے ذہن نشین ہے کہ بغیر عربی پڑھے طب آ ہی نہین سکتی۔

اسی طرح اگر آپ سائنس کے متعلق اصطلاحات کو انگریزی سے بجنسہ نقل کرلین گے قطع نظر اس کے کہ علوم سائنس اُردو دان طلبہ کے لیے بالکل غیر مانوس اور ناقابل فہم رہین گے محض اُردو مین سائنس کی تعلیم پانے والون کا علمی دنیا مین کوئی اعتبار نہ قائم ہوسکے گا۔ اور ہمیشہ یہی سمجھا جائے گا کہ بغیر انگریزی پڑھے سائنس آ ہی نہین سکتا۔

بہر تقدیر حامیان اُردو کو اگر اُردو سے کسی قسم کا اُنس ہے تو اُن کا فرض ہے

کہ اُردو مین سائنس کے فنون کا ترجمہ کرین اور مصطلحات کے مفہوم کو خوب سمجھ کے اُنکی جگہ مناسب الفاظ عام اس سے کہ وہ اُردو کے ہون یا فارسی کے یا عربی کے استعمال کرین - اگر اُن کتابون کو ذرا بھی مقبولیت حاصل ہوئی (اور ضرور حاصل ہوگی) تو ہم کو یقین ہے کہ اچھے خاصے اصطلاحات بن جائین گے اور اُردو چند ہی روز مین ایک علمی زبان بن جائے گی -

ایسے مصطلحات کے کام مین لاتے وقت اس بات کا لحاظ کرنے کی ضرورت نہین کہ وہ الفاظ خوبصورت - موزون اور پوری طرح ہم معنی ہین یا نہین کیونکہ ابتداے استعمال کے وقت ہر خوبصورت سے خوبصورت لفظ بھی اُس فن پر بھونڈا اور اُکھڑا ہوا معلوم ہوگا - اور یقین کرلو کہ یہ مصطلحات جس زبان مین قائم کیے گئے ہونگے پہلے پہل ایسے ہی بھونڈے اور غیر مانوس نظر آئے ہونگے - الفاظ و مصطلحات کو صرف استعمال مانوس اور خوبصورت بناتا ہے -

عذر گناہ بدتر از گناہ (جون ۱۹۴۱ء)

آزادی - کج خلقی کا نام نہین ہے - اور نخوت چاے علم ہی پر ہو بھی قابل تعریف نہین ہوسکتی - اگر کسی کی نسبت کوئی کلمہ خیر (وہ دھوکے ہی مین سہی) زبان سے نکل گیا ہو تو اول تو ہمارے نزدیک اُسکے واپس لینے کی کوئی ضرورت ہی نہین ہوسکتی اور اگر فرض کیجیے کہ واپس لینے کی ضرورت ہو بھی تو بڑی احتیاط سے کام لینے کی ضرورت ہے تاکہ کسی کی دلشکنی نہ ہونے پائے -

مارچ کے رسالہ "الندوہ" مین الہ آباد کے نئے اور اعلیٰ درجے کے رسالہ "ادیب" کی نسبت یہ الفاظ شایع ہوگئے تھے کہ "سالانہ مین الہ آباد دانشگاہ کے ادیب ظاہری شکل و صورت میں اس آب و رنگ کے ساتھ نکلا کہ تمام لوگ پکار اُٹھے کہ ع اس طرح کا جمال ہو ایسا شباب ہو" ادیب کی ظاہری حالت - اُسکی خوبصورتی، اور اُسکی تصویرون کے لحاظ سے یہ کوئی نامناسب الفاظ نہ تھے اور اسپر شبہہ ہونا کیسا لوگون کو یقین تھا کہ یہ الفاظ مولانا شبلی کے قلم سے نکلے ہین لیکن اصل مین مولانا کے نہ تھے - اور انکی جانب منسوب ہوجانے سے ان کے

معصومی کے دامن مین ایسا دھبا لگ گیا تھا جس کا دھویا جانا نہایت ضروری تھا چنانچہ اپریل کے الندوہ مین وہ دھبا دھویا گیا۔ دھل تو کیا سکتا تھا ہان یون کہنا چاہیے کہ اُسی دھبا پڑی ہوئی عبا کو مولوی عبدالسلام صاحب ندوی سب اڈیٹر الندوہ نے مولانا کے جسم اطہر سے اُتار کے خود پہن لیا۔ اور فرماتے ہین کہ "مولانا کی ذات اس ارفع ہے کہ اُن کے قلم سے عام رسالون کے متعلق ایسے مبالغہ آمیز الفاظ نکلین" اس خیال کے اظہار کے ساتھ عام رسالون پر عام حملہ کر دینے اور اپنے شرمناک تبختر کے الم نشرح کرنے پر بھی الندوہ کو چین نہ آیا اور یہ بھی نہ گوارا ہوا کہ اُس کا سب اڈیٹر بھی "ادیب" کی اتنی تعریف کرے۔ چنانچہ مولانا ندوی مولانا شبلی کی پاکدامنی کی شہادت دینے کے بعد اپنی سابقہ فیاضی کے ایک بڑی حد تک واپس لینے کی غرض سے فرماتے ہین "ہم نے بھی جو کچھ لکھا تھا اُس کا تعلق رسالہ کی مادی حالت سے تھا۔ مضامین کے لحاظ سے ہم اُردو کے کسی رسالہ کو وقیع نہین سمجھتے"

کیون حضرت؟ ادیب کی تو خیر یہ خطا تھی کہ آپ کے قلم سے اُسکی تعریف نکل گئی ع اس پہ بگڑے ہین کہ کوئی مجھے کیون یاد آیا۔ مگر اُردو کے اور سب رسالون نے کون سا قصور کیا تھا جو آپ سب پر مُنہ آ گئے؟

نادک نے اُسکے صید نہ چھوڑا زمانے مین تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے مین

اچھا صاحب ہم نے مانا کہ آپ اُردو کے کسی رسالہ کو وقیع نہین مانتے۔ لیکن الندوہ کو تو وقیع مانتے ہونگے یا اُسے بھی نہین؟ بیشک اُسے آپ کی نظر مین وقیع ہونا چاہیے۔ کیونکہ وہ وقیع نہ ہوگا تو اور رسالون کے غیر وقیع بنانے کے فتوے کی کیا وقعت رہے گی؟ اور ادیب کی طرف پیار کی نگاہون سے دیکھتے ہوئے آنا اور آنے کے بعد ٹھکرا دینا ناز معشوقانہ کے بجائے ایک مجنونانہ فعل تصور کیا جائیگا۔ لیکن سچ یہی ہے کہ جب اُردو کے سب رسالے بے وقعت ہوگئے تو اکیلے ایک الندوہ کے سر پر فضیلت کی پگڑی بندھی بھی رہی تو کیا۔ لہذا اورون کی پگڑی اگر مولانا الندوہ نے اُتاری تو اُن کی پگڑی ہم اُتارے لیتے ہین۔ اور دعوی کرتے ہین کہ الندوہ اُردو کے بدترین رسالون مین ہے۔ اور رسالون سے تو خیر دُنیوی حیثیت سے اسلامی پبلک

کو کچھ فائدہ بھی پہونچ جاتا ہے مگر الندوہ سوا اسکے کہ مسلمانون کے عقائد کو بگاڑے اور تقدس مآبی کی عبا پہن کے اعتزال کی تعلیم دے اسوقت تک کوئی اچھا کام نہین کر سکا۔

لٹریری دنیا مین آنے کے بعد ہر طرف سے تحسین و مرحبا کی آوازین کان مین آنے لگتی ہین۔ ایسی آوازین ان گذشتہ پچیس تیس سال مین اکثر ہمارے کانون مین بھی آتی رہی ہین۔ اور اپنی تعریف کے ہزارہا سرٹیفکٹ جو پبلک سے ملے ہین ہم بھی پیش کر سکتے ہین۔ مگر وہ لوگ قوم مین نہایت ہی بُرا اور ناپاک نمونہ ہین جو اُن تعریفون پر پھول کے سمجھنے لگتے ہین کہ "ہمچو من دیگرے نیست" افسوس عوام کی تو تھوڑی بہت اصلاح ہو بھی جاتی ہے مگر علماے کبر و نخوت اور خود پرستی کا مرض نہ جانا تھا نہ گیا

علم سے ہمارے نزدیک صرف اتنا ہی ہوتا ہے کہ اپنے عجز اور اپنی لاعلمی کی حد معلوم ہو جاتی ہے۔ لہذا ضرور ہے کہ علم علما مین انکسار پیدا کرے۔ کیونکہ اُن سے زیادہ کوئی اس بات کو نہین جان سکتا کہ فضول دعوے کس قدر بے بنیاد ہوا کرتے ہین۔ اس لیے جن علما میں تکبر و خود پرستی کا مادہ ہو وہ یقیناً نہایت ہی جاہل بلکہ جاہلون سے بدتر ہین۔

الندوہ مین ادیب کی تعریف مین جو چند الفاظ لکھے گئے تھے وہ خود پکار کے کہ رہے ہین کہ مولوی ندوہ صاحب نے صرف ادیب کی ظاہری صورت کی تعریف کی تھی۔ اور فضیلت مآبی کی سنت قدیم کے مطابق خالی صورت پر فریفتہ ہو گئے تھے۔ کیونکہ فرماتے ہین "انڈین پریس سے ادیب ظاہری شکل و صورت مین اس آب و رنگ کے ساتھ نکلا کہ تمام لوگ پکار اُٹھے ع اس طرح کا جمال ہو ایسا شباب ہو" ان الفاظ کو پڑھ کر کس کے دل مین اس بات کا ذرا بھی شبہہ ہو سکتا تھا کہ جناب قبلہ نے اُسکے مضامین کی تعریف فرمائی ہے۔ اور جب یہ پہلے ہی سے آشکارا تھا تو اس منطق کے معنی ہی کیا کہ "ہم نے جو کچھ لکھا تھا اُس کا تعلق رسالہ کی مادی حالت سے تھا۔ اس سے تو صاف ظاہر ہے کہ ادیب کی محبت سے باز دعوے دینے پر بھی مولانا الندوہ اپنے کو پاکدامن نہین ثابت کر سکے۔ کیونکہ ادیب کی

مادی یا دوسرے الفاظ مین یون کہیے کہ سفلی دلربائی کے اب بھی قائل ہین۔ پبلک کے دربار مین توبہ نامہ داخل کرکے مولانا درحقیقت اپنے پہلے ریویو کے کسی جزو کو بھی واپس نہین لے سکے۔ ہان اپنے تبحر کا اضافہ البتہ ہوگیا کہ "مولانا کی شان اس سے ارفع ہے اور الندوہ کی نظر مین اُردو کا کوئی رسالہ وقیع نہین" اس سے زیادہ صحیح نمونہ عذرگناہ بدتر ازگناہ کا نہین ہو سکتا۔

خلیفہ ہارون رشید نے ایکبار کہا تھا کہ یہ "عذرگناہ بدتر ازگناہ" کا مقولہ لغو ہے یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ گناہ کی عذرخواہی کی جائے تو وہ گناہ سے بھی بڑھ جائے؟ دربار کے شوخ جمع شاعر ابونواس نے عرض کیا کہ مین کسی وقت اس کی صحت کا یقین دلا دون گا۔ اسکے بعد شام کو ابونواس زنانی ڈیوڑھی کے پردے کے پاس چھپ کے کھڑا ہو رہا۔ اور جب خلیفہ محل مین جانے لگا تو دوڑ کے لپٹ گیا اور اُس کا منہ چوم لیا۔ خلیفہ گھبرا کے اور بہت طیش کھا کے کہا "این یہ کیا؟" ابونواس گھبرا کے بولا "حضور ہیں، مین سمجھا تھا زبیدہ خاتون (رشید کی خاص محل) ہین" یہ جواب سُنتے ہی رشید اور برافروختہ ہوا۔ اور ابونواس نے ہاتھ جوڑ کے کہا "حضور عذرگناہ بدتر ازگناہ اسی کو کہتے ہین"۔ اس بدتر ازگناہ معذرت کی عربی لٹریچر مین بڑی شہرت ہے مگر ہمارے خیال مین مولانا الندوہ کی یہ بدتر ازگناہ معذرت اس سے بھی بڑھی ہوئی ہے۔ وہان تو اکیلی زبیدہ خاتون پر حملہ ہوا تھا یہان ایک سرے سے سب ہی کی پگڑی اُتار لی گئی۔ مگر مولانا۔ ہم تو بے پگڑی کے بھی جی لین گے آپ اپنی پگڑی سنبھالیے۔

ناول

خوشتر آن باشد کہ سر دلبران گفتہ آید در حدیث دیگران

ہندوستان مین ناول نویسی ایک بالکل نئی چیز تھی۔ اور اُن نئی دلچسپ چیزون مین جنھین مغربی تہذیب نے ہماری زبان سے لاکے انٹروڈیوس کیا ہے۔ انگریزی معاشرت اور لٹریچر سے جتنی نئی چیزین ہمارے ملک مین آئین اُنکے قبول کرنے وقت ابتدا مین اپنی عادت کے موافق ہندوستانیون نے ناک بھون ضرور چڑھائی۔ مگر ناول ایک ایسی دلچسپ اور بامزہ چیز تھی کہ ابتدائی رو مین اسے

سب نے اسے ہنسی خوشی سے قبول کر لیا - اور کیونکر قبول نہ کرتے وہ چیز ہی ایسی تھی
مگر چند روز بعد جب دوسرے مذاق اور دیگر علوم و فنون کے مصنفون نے
دیکھا کہ ہماری تصانیف کی قدر مٹی جاتی ہے اور جو ہے کسی نہ کسی ناول کو ہاتھ مین
لیے ہوے ہے تو اُنھین ناولون کی کثرتِ اشاعت اور اپنی کتابون کی کساد بازاری
پر حسد معلوم ہوا - اور جب کوئی زور نہ چلا تو خواہ مخواہ ناول نویسون اور ناول کے
شایقین کو کوسنا شروع کر دیا - اور جس قسم کا لٹریری حربہ اُنکے ہاتھ مین آگیا اُسی سے
ناولون پر حملہ کرنے کو تیار ہو گئے - تاکہ اُنکی اشاعت کم ہو اور ملک مین جو اُنکا مذاق
بڑھتا جاتا ہے وہ گھٹے - چنانچہ جن حضرات کے سرون پر فضیلت کی پگڑی رکھی ہے
(جس کی وجہ سے وہ قوم کے حق مین ایک غیر قابل برداشت بار بن گئے ہین) اُنھون
نے فتوے دینے شروع کر دیے کہ ناول نہایت ہی مخرب اخلاق چیز ہین - اور جس
طرح ناسمجھ یونانیون نے تعلیماتِ سُقراط کی نسبت کہا تھا کہ وہ نوعمرون کے اخلاق
بگاڑتی ہین - اُسی طرح ہمارے ہندوستان کے یہ ناعاقبت اندیش ریفارمر ناولون
کو مخرب اخلاق بتاتے ہین - اور محض اس لیے کہ اُن مین حُسن و عشق کے افسانے
درج ہوتے ہین - اور اُن کے مطالعہ سے اگر براہِ راست نہین تو ضمناً پڑھنے والون
مین بد اخلاقی کے جذبات پیدا ہوتے ہین -

لیکن اگر بد اخلاقی کا یہی معیار ہے تو اُن بزرگون کے نزدیک سب سے پہلے
بد اخلاقی کی تعلیم قرآن مجید سے ہوتی ہوگی - جس مین حضرت یوسف اور عزیز مصر کی
بی بی کا قصہ عجیب دلکش الفاظ مین مذکور ہے - پھر اُسکے بعد بڑی مخرب اخلاق حدیث
و فقہ کی کتابون کو ہونا چاہیے جن کی کتاب الطہارت اور دیگر بحثون مین اُن شرمناک
باتون کو جائز کر لیا گیا ہے جو اگر یہی معیار قرار دیا جائے جو ہمارے ان فضیلت مآبون
اور ناسمجھ ریفارمرون نے قرار دے رکھا ہے تو کسی حال مین جائز نہین قرار دیجا سکتین -

سچ یہ ہے کہ حسد اور خود غرضی ہمیشہ لوگون کو گمراہ کرتی اور بُرون سے بُرون
کی آنکھون پر پٹی باندھ دیا کرتی ہے - ان سادہ لوح بزرگون کی سمجھ مین اتنا بھی
نہین آتا کہ ناولون مین تعلیم اخلاق کا وہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے جو قرآن مجید مین
اختیار کیا گیا تھا کہ واقعاتِ عالم کو دکھا کے اُنکے بُرے یا بھلے انجام کے متعلق علما کے

فتوؤن کی طرح حکم نہ لگایا جائے بلکہ اُنکے ہر قسم کے انجام کی تصویرین دکھادی جائین اور اُن کا مشاہدہ کرادیا جائے - اور یہی تعلیم اخلاق کا وہ طریقہ ہے جو ناولون مین اختیار کیا جاتا ہے -

یورپ مین جو ہر قسم کی اخلاقی - مذہبی اور نیز پولیٹکل اصلاح کا ذریعہ ناول قرار دیے گئے تو یہ کوئی بے عقلی کا کام نہین کیا گیا - اور نہ یورپ ایسا بے عقل اور ناعاقبت اندیش ہے کہ کسی فاش غلطی مین مبتلا ہو جائے - اصل یہ ہے کہ ناول سے زیادہ کوئی موثر پیرایہ کسی مسئلہ یا کسی تہذیب کے ذہن نشین کرنے اور لوگون کو پابند بنا دینے کا ہو سکتا ہی نہین - ناول کا اسلوب وہ شکر ہے جو ہر کڑوی دوا کے خوشگوار بنانے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے - طبیب اگر چاہتا ہے کہ مریض اُسکی مجوزہ دوا کو بے تکلف پی جائے اور وہ دوا ہزار بے مزہ ہو مگر مریض کو استفراغ نہ ہو تو سوا شکر اور مصری سے کام لینے کے وہ اور کوئی تدبیر نہین اختیار کر سکتا - اسی طرح جو معلم اخلاق یہ چاہتا ہو کہ لوگ اُسکے اصول اخلاق پر کاربند ہون تو اُسے سوا اسکے کہ ناولون کے اسلوب کو اختیار کرے اور کسی طرح کامیابی نہین ہو سکتی -

ناول چونکہ ایک دلچسپ مذاق اور سلجھے ہوے مذاق مین لکھے جاتے ہین اور اُن کا لٹریچر وہ ہوتا ہے جسے انگریزی مین لائٹ لٹریچر کہتے ہین - اسلیے اُنھین ادنیٰ و اعلیٰ - تھوڑی قابلیت رکھنے والا بھی - اور زیادہ لیاقت رکھنے والا بھی - یکسان دلچسپی کے ساتھ پڑھتے اور مزہ لیتے ہین - اور یہی سبب اُن کی اشاعت کے بڑھنے اور اُن کی طرف لوگون کے عام طور پر متوجہ ہو جانے کا ہوتا ہے - قابل اور صاحب علم لوگ بھی جس آسانی سے تفریح اور بیکاری کے اوقات مین بغیر اسکے کہ اُنکے دماغون پر کسی قسم کا بار پڑے ناولون کا مطالعہ کر سکتے ہین نہ کسی تاریخ کا کر سکتے ہین اور نہ کسی اخلاقی کتاب کا - اور اُنکی کثرت اشاعت اور عام دلکشی ہی اس بات کا اصلی سبب ہے کہ اُنکے ذریعہ سے ضمنی طور پر ہر قسم کی تعلیم دینے کو دیگر طریقون پر ترجیح دی گئی ہے -

یہ بزرگ اس مصلحت پر تو نظر نہین ڈالتے ہین اور خواہ مخواہ اس حسد مین جلے مرتے ہین کہ ہماری عالمانہ کتابون کو تو کوئی پوچھتا نہین اور یہ بازاری مذاق کی

کتابین بڑے شوق کے ساتھ لی اور پڑھی جاتی ہین - اس شرمناک جوش نے اُن کے پُرانے طرز عمل "لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ" کو تازہ کردیا - اور ریاکاری کی جو پُرانی عادت پڑی ہوئی ہے اُس مین ایک حد تک اور ترقی ہوگئی - یعنی جس طرح اور سب اخلاقی امور مین "چون بخلوت می روند آن کار دیگر می کنند" کی شان فضیلت مآبی نمایان ہوا کرتی ہے ناولون کے معاملہ مین بھی ظاہر ہونے لگی - یعنی ہوس پرستی کے ذاتی شوق مین مبتلا ہوکے - اورون سے چھپاکے - اور کمرے کے دروازے بند کرکے خود تو ناولون کو بڑے لطف سے اور مزے لے لے کے پڑھا کرتے ہین - مگر باہر نکلتے ہی لوگون کو تعلیم دی جاتی ہے کہ "خبردار ناول نہ پڑھنا - پڑھنا اور غارت ہوے" -

اسی سلسلے مین ہم یہ بھی بتا دینا چاہتے ہین کہ ناولون نے اُردو دان پبلک کو اس وقت تک کس قدر فائدہ پہونچایا ہے - گو ابھی تک ایسے عمدہ اور اعلیٰ درجے کے ناول اُردو مین بہت کم موجود ہین جو انگریزی کے اعلیٰ ناولون کا مقابلہ کرسکین - مگر اس بے مایگی پر بھی موجودہ ناول ہمین اسلوب زندگی کے جتنے نمونے دکھا چکے ہین گذشتہ صدہا اور ہزارہا سال کا لٹریچر نہین دکھا سکا تھا - اور آج کل کے معیار تعلیم کے اعتبار سے یہی سب سے بڑی تعلیم ہے - اسکے علاوہ تاریخ کا مذاق ملک مین ناولون نے پھیلایا ہے - موجودہ سررشتۂ تعلیم مین اگرچہ تاریخ داخل نصاب کردی گئی ہے - مگر اول تو صرف تعلیم یافتہ گروہ اور طلبہ تک محدود ہے - دوسرے ہندوستان اور انگلستان کی تاریخ کے علاوہ اور کسی حصۂ ملک کی تاریخ سے سررشتۂ تعلیم کو بہت کم علاقہ ہے - ناولون نے اکثر مختلف اقوام و ممالک کی تاریخ کو ایسے دلچسپ عنوان سے شایع کیا کہ معمولی قابلیت کے لوگ حتیٰ کہ عورتین تک تاریخ کو ایک نہایت دلچسپ فن خیال کرنے لگین - مگر افسوس کہ اُردو مین جن حضرات نے تاریخین لکھی ہین ایسی بے مزہ اور بے لطف زبان مین اور کچھ ایسے بھونڈے عنوان سے لکھی ہین کہ لوگون کے دلون مین تاریخی ناول پڑھ کے تاریخ کا جو شوق پیدا ہوتا ہے وہ تاریخون کو پڑھ کے جاتا رہتا ہے - انگریزی مین اول تو عموماً تاریخین نہایت ہی اعلیٰ درجے کے دلکش رنگ عبارت مین لکھی جاتی ہین - اور اگر بالفرض وہ بھی کسی کو بے مزہ معلوم ہون تو "اسٹوری آف دی نیشن سیریز" کا ایک سلسلہ تاریخ

مرتب ہوگیا ہے جس مین کوشش کی گئی ہے کہ تاریخ مین پورا پورا وہی لطف پیدا کردیا جائے جو ناولون مین ہوتا ہے۔ بخلاف اسکے ہمارے اُردو زبان کے مصنفان تاریخ اگر انشا پردازی کی طرف توجہ کرتے ہین تو پُرانے مذاق کی عبارت آرائی کے خیال مین اپنے مذاق کے متناسب لفظون اور فقرون کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کردیا کرتے ہین جن مین لفاظی بہت ہوتی ہے اور مطلب بہت کم۔ بلکہ بعض جگہ نادر نمونہ تاریخ اور اگر اُنھین تحقیق و تنقید کی طرف توجہ ہوتی ہے تو واقعات اور مواد تاریخ کا ایک خشک و بے مزہ ذخیرہ محض نقل کی حیثیت سے جمع کردیتے ہین جس کی ترتیب ناقص ہوتی ہے اور واقعات کی نتیجہ خیزی کے متعلق نہایت بے سلیقگی ظاہر ہوتی ہے۔ حالانکہ جس طرح طبیب ایک نسخہ تجویز کرتے وقت مختلف اجزا کو اس خوبی سے ترکیب دیتا ہے کہ اُن سے ایک نیا۔ موثر۔ اور نفع بخش مزاج پیدا ہو۔ بعینہٖ یہی کام آجکل ایک مورخ کا ہونا چاہیے کہ واقعات کو وہ محض طب روایات کی حیثیت سے جمع کرکے صرف اس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی مین نہ کردے۔ بلکہ اُنکی نئی ترکیب سے نیا رنگ اور نیا مزاج پیدا کرے۔ اور اُس کے تازہ منافع و فوائد سے لوگون کو فائدہ پہونچائے۔ اور اس سے ہمارے تمام مورخ بے بہرہ ہین۔ اور یہی سبب ہے کہ ناولون کے ذریعہ سے ہم تاریخون کا جو مذاق ملک مین پیدا کرتے ہین وہ ان بزرگون کی تاریخین پڑھ کے بالکل تشریف لے جاتا ہے۔

آج کل اُردو پبلک کی یہ حالت ہورہی ہے کہ ہر طرف سے لوگ تاریخون کو مانگ رہے ہین۔ مصنفین کو خطوط لکھ لکھ کے دریافت کرتے ہین کہ کوئی اچھی تاریخ بتائیے تاکہ ہم مختلف ممالک و اُمم کے حالات معلوم کرسکین۔ مگر جب اُنھین کوئی تاریخ بتائی جاتی ہے تو اُسے پڑھ کے اُنکی تسلی و تشفی نہین ہوتی۔ پیاس لگتی ہے مگر بجھتی نہین۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ناول نویسون نے اپنی خدمت پوری ادا کردی۔ کیونکہ یہ پیاس اُنھین کی لگائی ہوئی ہے۔ مگر افسوس کہ مورخ اپنا فرض منصبی بالکل نہین ادا کرسکے۔ اس لیے کہ وہ پیاس اُنکے بجھائے نہ بجھ سکی۔

یہ اُمید رکھنا کہ ناولون کے مذاق پر کوئی اور مذاق غالب آسکے گا بوس

محال ہے - چنانچہ اسی وجہ سے ناول ہر ملک اور ہر قوم مین دیگر قسم کی کتابون سے زیادہ شایع ہوتے ہین - ہان اگر تاریخ لکھنے والے اپنے فن کو اچھے سلیقے سے ترتیب دے سکین گے اور لوگون کی خواہش کے مطابق تاریخی تصانیف مرتب کر سکین گے تو بیشک یہ ہو سکے گا کہ مورخین کو اپنی کساد بازاری کی شکایت نہ باقی رہے - اور اُنکی کتابین بھی ہر گروہ اور ہر طبقہ مین دلچسپی کی نظر سے دیکھی جانے لگین - مگر یہ سمجھنا کہ خالی ناولون کے خلاف فتوے دیدینے اور ناول لکھنے یا پڑھنے والون کو کوس لینے سے کام نکل جائے گا - ایں خیال است و محال است و جنون -

عربی زبان اور اُسکی نحو و صرف

آج کل دنیا کی مشہور و متداول زبانون مین سے اکثر یا تو خالص آریہ قوم کی زبانین ہین یا آریون کی زبان سے نکلی ہین - مگر دنیا مین روز بروز ثابت ہوتا جاتا ہے کہ آریہ قوم کے عروج سے پہلے ساری مہذب دنیا مین بنی سام کا دور دورہ تھا - اور انھین کی زبان اطراف عالم پر چھائی ہوئی تھی -

اُنکی زبانین سُریانی - کلدانی - عبرانی - اور غالباً قبطی تھین - اور مشرق مین بابل نینوا کا زور و شور رہا اور مغرب میں فراعنۂ مصر کا - تو یہی سامی زبانین ساری دنیا کی تہذیب و تمدن کا مرکز بن گئین اور انھین کے علم و ہنر کے باغ سے آکے یونانیون نے خوشہ چینی کی -

مگر ان سلطنتون اور قوتون کے فنا ہوتے ہی آریہ قوم اور اُس کی زبان کا عروج شروع ہوا - اور بنی سام کی اور زبانین تو سب مٹ گئین یا مٹنے کے قریب ہین - اور اگر ہین بھی تو گمنام اور بے نشان - فقط ایک عربی زبان باقی ہے جو سب کی وارث ہے اور جس نے آریون کے غالب آنے کے بعد اُنکو مغلوب کیا - اور اُن سب پر اپنا سکہ جما دیا - یہی حضرت سلیمانؑ کے جاہ و جلال اور حضرت یوسفؑ کے حسن و جمال کو یاد دلاتی ہے - اور یہی بابل و اسیریا کے دربارون کی یادگار ہے - یہی ملک سبا اور تبابعۂ یمن کی ترقیون اور عالمگیریون کا افسانہ سُناتی ہے - اور یہی صابئین کے علم و فضل اور کمالات روحانی کی خبر دینے والی ہے - اس بحث سے بھی قطع نظر کرکے ہمارے

کہ یہ عبرانی سے نکلی ہے یا عبرانی اس سے - اور اس ذکر کو بھی جانے دیجیے کہ عبرانی زیادہ قدیم ہے یا عربی (جس میں کہ فاضل زمانہ جسٹس مولانا سید کرامت حسین صاحب جج ہائی کورٹ الہ آباد نے بہت کچھ بحث کی ہے) مگر یہی کیا کم ہے کہ جو اثر دنیا اور دنیا کی زبانوں پر عربی زبان نے ڈالا اور جیسا بقائے دوام عربی کو حاصل ہوگیا ہے نہ کسی اور سامک زبان کو نصیب ہوا تھا اور نہ کسی آرین زبان کو -

عربی کے مقابلہ کی زبانیں صرف سنسکرت - یونانی - اور لاطینی ہیں جو آرین اسٹاک کی زبانیں سمجھی جاتی ہیں - مگر وہ سب دوسری نوزائید زبانوں میں اپنے الفاظ پریشان چھوڑ کے دنیا سے رخصت ہوگئیں - سنسکرت کے اثر کا حلقہ سرحد چین سے لے کے ایران کی مغربی سرحد تک ہے - جس میں بیسیوں زبانیں ہیں - اور سب سنسکرت کی بیٹیاں ہیں - کیونکہ وہ ہر صوبہ کے اصلی باشندوں کی زبان اور سنسکرت کے امتزاج سے پیدا ہوئی ہیں -

ایران سے حدود شام تک بابل و نینوا کی قدیم سامک زبانوں کا حلقہ تھا اور وہاں سے آگے بڑھ کے انتہائی حدود مغرب تک یعنی مغربی حصۂ ایشیا اور سارے یورپ میں یونانی اور لاطینی زبانوں کا عمل دخل تھا - جہاں کے لوگوں کی اصلی زبانیں پر ان دونوں زبانوں نے حکومت کرکے نئی زبانیں مروج کیں - جو آج کل یورپ کی ترقی کے ساتھ اوج کمال پر پہونچ رہی ہیں - ان دونوں زبانوں نے جو آرین اسٹاک کی زبانیں تھیں بحیرۂ روم کے جنوبی سواحل پر اُتر کے افریقہ پر بھی اپنا اثر ڈالا جہاں کہ فراعنہ کی قدیم قبطی زبان کا اثر پڑا ہوا تھا -

غرض دنیا کی یہ حالت ہو رہی تھی کہ مشرق میں سنسکرت اور اُسکی سگی بہن پہلوی زبانیں اپنی نوعمر بیٹیاں چھوڑ کے مر چکی تھیں - بابل اور اسیریا کی زبانوں کا بھی چراغ گل ہو چکا تھا - جنوب میں فراعنہ کی زبان کا نام و نشان بھی نہیں باقی رہا تھا - مغرب میں یونانی اپنے مصنفوں کے ساتھ قبر میں دفن ہو چکی تھی - اور لاطینی دین عیسوی کی مقتدائی کا عصا ہاتھ میں لے کے بڑھاپے اور کمزوری کی گھڑیاں پوری کر رہی تھی کہ عربی اپنے وطن کے پہاڑوں اور بالو کے ٹیلوں سے نکل کے متمدن دنیا میں آئی اور چند روز میں اقوام عالم کے ساتھ السنۂ عالم پر بھی چھا گئی -

اسلام سے پیشتر عربی زبان جزیرہ نمائے عرب کی حدود کے اندر بند تھی۔ اگرچہ جنوبی عرب کی حمیری زبان جو عربی ہی کی ایک شاخ تھی کسی قدر متمدن زبان تھی اور قدیم الایام کے بڑے بڑے کارنامون اور حیرت انگیز ترقیون کی خبر دیتی تھی۔ یہان تک کہ اُسی کی برکت سے ارض حبشہ کی موجودہ زبان پیدا ہوئی ہے مگر شمالی عربی یعنی ارض حجاز کی لغت قریش نے یہان تک دینی و دنیوی عروج حاصل کیا کہ اُسے بھی مغلوب کرکے اپنا بنا لیا۔

نیز اسلام کے طلوع سے پہلے عربی زبان مین بہت سے اختلافات تھے بلکہ یون کہنا چاہیے کہ ہر بڑے قبیلے اور ہر حصۂ عرب کی زبان جداگانہ تھی۔ مگر یہ اختلافات صرف محاورات یا بعض حروف کے مخارج اور طرز ادا مین تھے یعنی یہ نہین کہا جا سکتا تھا کہ کوئی دوسری زبان عرب مین بولی جاتی تھی۔ یا اتنا فرق تھا کہ ایک صوبے کی زبان کو دوسرے صوبہ والے سمجھ نہ سکین۔ اس زبان مین فصاحت بھی تھی بلاغت بھی۔ مگر عالم کی نظر سے چھپی ہوئی۔ اپنی لسانی خوبیون کی قدر کرنے والے وہ خود آپ ہی تھے۔ دوسری قومین ہنوز تیار نہ تھین کہ اُنکی فصاحت اور جادو بیانی کی داد دے سکین۔ اُن دنون اظہار فصاحت کے میدان یا چند میلے اور بازار تھے جہان قبائل عرب تمدنی اغراض سے جمع ہو جاتے تھے۔ یا عرصہ ہائے کارزار تھے جہان وہ اپنی شجاعت و جوانمردی کا نغمہ خود ہی سناتے اور خود ہی سر دھن لیتے اور اپنی پُر اثر رجز خوانی سے اپنے رگ حمیت کو جوش مین لاتے۔ یا شاہان یمن و حیرہ و بلقاء کے دربار تھے جہان قصیدہ خوانی کرکے وہ کچھ دولت حاصل کر لیتے۔ یا کسی عزیز و قریب کے دوست کی لاش تھی جس پر کھڑے ہو کے مرثیہ خوانی کرتے۔ یہ وہ مقامات تھے جہان اُن کی نظمین سُنی جاتین۔ رہی نثر اُس مین اُنکے کمالات کبھی تو کسی کاہن یا کاہنہ کی گفتگو مین نظر آتے کبھی کسی اخلاقی حکیم کے پند و نصائح مین۔ اور کبھی کسی خطیب کے برجستہ خطبون مین۔

مگر یہ لٹریری خزانہ ابھی تک صرف دماغون اور حافظون مین محفوظ تھا۔ کیونکہ کوئی خط نہین ایجاد ہوا تھا۔ صرف ایک حمیری خط جنوبی عرب مین تھا۔ جس سے تصنیف و تالیف کا کام نہین لیا گیا۔ اس سے اگر مدد لی جاتی تھی تو صرف

خط و کتابت اور نامہ و پیام مین - قریش مین آنحضرت صلعم کی ولادت سے چند ہی روز پہلے ارض حیرہ یعنی ایران کے سرحدی صوبۂ عرب سے ایک رسم خط حاصل کیا گیا تھا جس کے جاننے والے چند گنتی کے اہل مکہ تھے - آپ کی تعلیم نبوت کے ساتھ ہی ساتھ اس خط کو فروغ ہوا جسکے دو ایک نمونے یورپ کے عجائب خانون مین موجود ہین اور اُنکے فوٹو جا بجا مل سکتے ہین - اس مین شک نہین کہ موجودہ عربی رسم خط کا نقش اولین وہی تھا - مگر اس قدر ناقص اور غیر مکمل کہ نہ نقطہ ہین اور نہ اعراب - اب قرآن نازل ہوا - اور اُسکے لکھنے اور نیز تعلیم و تلاوت کی لازمی ضرورت سے اِس رسم خط نے خود بخود ترقی کرنا شروع کی - ابتدائی فتوحات کے وقت جب عرب - ایران - شام - روم اور مصر وغیرہ کی فتوحات و ملک گیری مین مشغول تھے انھین سوائے اعلاء کلمۃ اللہ کی دُھن کے اور کسی بات کا خیال نہ تھا - رجز خوانی اور مرثیہ گوئی تو البتہ تھی باقی اور سب طرح کی نظمون کا بازار سرد تھا - ہان افسران فوج سے خط و کتابت کرنے کی ضرورت سے ایک خاص قسم کی سادی انشا پردازی ترقی کرنے لگی تھی جس کی فصاحت و بلاغت کا معیار صرف نظم قرآنی کا تتبع تھا -

فتوحات کے بعد ضرورت ہوئی کہ شرفائے عرب جو مدت دراز تک جہاد مین مصروف رہ کے رٹائر ہوے تھے اور صحرائے عرب کی تلخی و ترشی کی معاشرت سے ناآشنا ہو گئے تھے ایسے مقامات پر آباد کیے جائین جو نہ عرب سے باہر اور دور ہون - اور نہ دشت عرب کے اندر واقع ہون - اور جہاد و فوج کشی کی ضرورتین بھی اِس بات کی متقاضی تھین کہ نو مفتوح ممالک کی سرحدون پر عربون کی نو آبادیان قائم کر دی جائین تاکہ ضرورت کے اوقات مین بہت جلد اسلامی لشکر مرتب کر لیے جا سکین - اور وہ چند ہی منزلون کی مسافت طے کر کے رزمگاہ مین پہونچ جایا کرین - خصوصاً جب عرب خاندان بلاد دور و دراز مین جا جا کے آباد ہونے لگے تو اسکی ضرورت اور زیادہ محسوس ہوئی - اسی ضرورت سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے مین عراق کی سرحد پر کوفے اور بصرے کی نو آبادیان قائم ہوئین - جہان اُن تمام شرفائے عرب نے جو ایران سے لے کے سندھ اور ترکستان تک جوہر سپہ گری دکھا چکے تھے سکونت اختیار کی اور اپنے گھر بنا کے رہنے لگے - ایسی ہی عربی بستیان

دمشق اور اسکندریہ کے پاس بھی قائم ہوگئی تھین۔ مگر اطمینان سے بیٹھنے کا جیسا موقع کوفے اور بصرے والون کو ملا کہین کے عربون کو نہین ملا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ مشرق کی طرف کوئی ایسی سلطنت نہین باقی رہی تھی جو اسلامی سلطنت کے مقابل صف آرا ہونے کی جرأت کر سکتی۔ بخلاف اسکے دمشق روم کی مشرقی سلطنت کی سرحد پر تھا۔ جس سے چھ سات سو برس تک اسلامی سلطنتون سے لڑائیان ہوتی رہین اور اسکندریہ کے عربون کا رُخ افریقہ کی طرف تھا جہان روز نئے فتنے پیدا ہوتے تھے اور جدھر آبنائے جبرالٹر کا نالہ پھاندکے اُنھون نے گاتھک سلطنت کا خاتمہ کیا اور یورپ کے جنوب و مغربی حصے مین اپنی سلطنت قائم کرلی۔

عراق یعنی کوفہ و بصرہ کے عربون کی فارغ البالی کا ایک بڑا سبب حضرت علیؓ اور جناب معاویہؓ کی لڑائیان بھی ہوئین۔ کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زندگی مین کوفہ والون نے کبھی پورے جوش اور سچے دل سے آپ کا ساتھ نہین دیا۔ اور آپ کی شہادت کے بعد جب بنی اُمیہ کی سلطنت قائم ہوگئی تو اُنھون نے اُن لوگون کو فطرۃً بیوفا خیال کرکے یا یہ سمجھ کے کہ یہ لوگ ہمارے سچے دوست نہین ہوسکتے ان سے لشکرکشی اور معرکہ آرائی مین بہت کم کام لیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کوفہ اور بصرہ والون کو میدان جنگ کے مشغلون سے فراغت ہوتے ہی زبان عرب کے قواعد منضبط کرنے اور لٹریری مشاغل مین مصروف ہوجانے کا پورا موقع مل گیا۔ چنانچہ سب سے پہلے جو شہر عربیت کے مستند اسکول بنے یہی دونون شہر کوفہ اور بصرہ تھے جن پر مباحث نحوی و صرفی اور فصاحت و بلاغت کے مسائل مین آج تک استناد کیا جاتا ہے۔

سب کے پہلے ابوالاسود دوئلی نے علم نحو کی تدوین کی بنیاد ڈالی جو بصرے مین اقامت گزین تھے۔ ابوالاسود حضرت علیؓ رضی اللہ عنہ کے صحبت یافتہ، آپ کے شاگرد اور کبار تابعین مین تھے۔ حضرت علیؓ نے اُنکو زبان عرب کے چند قواعد کی تعلیم دی تھی۔ اُن قواعد کو ضروری اور قیمتی خیال کرکے ابوالاسود نے جناب امیر کی خدمت مین عرض کیا کہ "اصنع نحوا صنعتَ" نحو کے معنی مثل کے ہین۔ مطلب یہ کہ "اجازت ہو تو جیسے قواعد آپ نے بنائے ہین ویسے ہی مین بھی بناؤن"؟ حضرت علیؓ نے اجازت دی اور ابوالاسود نے چند اور قواعد بنائے اور اُسی لفظ نحو کی رعایت سے اُس کا نام نحو رکھدیا۔

ابو الاسود ابتداءً اُن قواعد کو لوگون سے چھپاتے اور قیمتی جواہرات کی طرح پوشیدہ رکھا کرتے تھے۔ یہان تک کہ زیاد نے جو ابو الاسود کی زباندانی سے واقف تھا اپنے عہد حکومت عراق مین اُنھین بُلا کے کہا "آپ کچھ ایسی باتین قلمبند کر دیجیے جن سے لوگون کو کتاب اللہ کی تعلیم مین مدد ملے۔ ابو الاسود نے صاف جواب دیا کہ "مجھے معاف رکھیے" اور اپنے گھر چلے آئے۔ لیکن اسکے چند ہی روز بعد دو ایسے واقعے پیش آئے کہ اُنھین اپنی ضد چھوڑنی پڑی۔ ایک مرتبہ یہ ہوا کہ کسی قاری قرآن کو تلاوت کرتے سُنا جو آیۂ کریمہ ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولہ" مین "رسولہ" کی جگہ "رسولہٖ" پڑھ گیا۔ آیت کا اصل مطلب تو یہ تھا کہ "خدا اور رسول مشرکون سے بری الذمہ ہین"۔ مگر اعراب کی اس غلطی سے یہ مطلب ہو گیا کہ "خدا مشرکون اور اپنے رسول سے بری الذمہ ہے"۔ سنتے ہی ابو الاسود کانپ گئے۔ اور کہا "مین یہ نہین سمجھا تھا کہ لوگون کی یہ حالت ہو گئی ہے"۔ دوسرا واقعہ یہ پیش آیا کہ سعد نام ایک فارسی الاصل شخص نومسلم نے ابو الاسود کے کسی سوال کے جواب مین ایک ایسا فقرہ کہا جس مین "اِن" کی خبر کو بجائے پیش کے زیر دے دیا۔ جس پر تمام گرد و پیش کے ہنس پڑے۔ اور ابو الاسود نے کہا "ان غلامون نے دین اسلام اختیار کیا اور ہمارے بھائی بن گئے ہین۔ بہتر ہوگا کہ ہم انھین زبان کی تعلیم دین"۔

اہل زبان و زباندان کا فرق اور زبان اُردو کا معیار

یہ سچ ہے کہ دہلی اور لکھنؤ کے بعض شعرا اور مدعیان زباندانی نے دوسرے شہرون کے شعرا اور انشا پردازون کے ساتھ اکثر بے رحمی کا سلوک کیا ہے۔ اور اِن لوگون کے اس قسم کے دعوے ہم بارہا سُن چکے ہین کہ ہمارے سوا کسی کو زبان آتی ہی نہین۔ اور غیر شہر والون کے کلام کو محض اِس بنا پر الگ ڈال دیتے دیکھا ہے کہ یہ اہل زبان کا کلام نہین۔ اب اُردو ترقی کر رہی ہے اور دہلی و لکھنؤ سے زیادہ شاعر اور ادیب دیگر بلاد و ممالک ہند مین پیدا ہوتے ہین۔ جو بڑی محنتون اور کوششون سے تیار ہوتے ہین۔ ایسے قابل لوگون کی محض بے پروائی سے یہ کہکر تحقیر اور سُبکی کر دینا کہ وہ اہل زبان نہین ہین انتہا درجے کی بے انصافی ہے۔

دنیا کی ہر ترقی یافتہ زبان مین جب وہ دور دور تک پھیلتی ہے بہت سے مختلف لغات (ڈایالکٹ) پیدا ہو جاتے ہین۔ مگر کسی زبان کے شعرا اور ادیبون نے اُن مختلف لغات کے ساتھ ایسا سلوک نہین کیا جیسا کہ اُردو کے شعراے اہل زبان کر رہے ہین۔ قرآن پاک کی تدوین کے وقت اگرچہ لغت قریش کو ترجیح دی گئی ہے مگر یہ کبھی کسی کی زبان سے نہین نکلا کہ یمنی۔ عراقی۔ شامی۔ مصری یا تونسی و مراکشی شاعرون کی زبان قابل لحاظ نہین۔

انگریزی مین بھی اگرچہ بہت سے لغات اور "ڈایالکٹ" پیدا ہو گئے ہین۔ اور جزائر برطانیہ والون کو اُس کے اہل زبان ہونے پر بہت کچھ فخر و ناز بھی ہے مگر یہ کبھی نہین دیکھا گیا کہ لندن کے سخت تنقید کرنے والے اخبارون یا وہان کے جادو بیان مضمون نگارون۔ اعلیٰ ادیبون۔ اور نازک خیال شاعرون نے امریکہ اور دیگر مقامات کے مصنفون اور شاعرون کی محض اس بنیاد پر تحقیر کی ہو کہ وہ اہل زبان نہین یا قابل استناد نہین ہین۔

اس نزاع کے دُور کرنے کے لیے پہلے اس بات کا تصفیہ کرنا چاہیے کہ "اہل زبان" کون لوگ ہین اور "زباندان" کا لفظ کن لوگون کی نسبت استعمال کیا جانا چاہیے۔ لوگون کی جو مادری زبان ہو اُسکے وہ اہل زبان ہین۔ مقامات اور ڈیالکٹ کے بدل جانے سے اُن کے اہل زبان ہونے مین فرق نہین آسکتا۔

ہندوستان کے جن حصون یا لوگون مین عورتون کی زبان اُردو ہو عام اس سے کہ وہ چاہے کیسی ہی بگڑی ہوئی اُردو ہو اُردو کے اہل زبان ہین۔ لہذا اُردو کے اہل زبان لکھنؤ کے حدود میونسپلٹی اور دہلی کی چار دیواری مین بند نہین بلکہ تمام اقطاع ہند مین پھیلے ہین۔ اور ہمین ہرگز یہ حق نہین ہین کہ اُنھین اُن کے اِس حق سے محروم کرین۔

زباندان کا لفظ بالکل اس سے متغائر ہے۔ کیونکہ بعض حیثیتون سے وہ خاص ہے اور بعض حیثیتون سے عام۔ "زباندان" ہر اُس شخص کو کہین گے جس نے کسی زبان کے لٹریچر اور شعر و سخن کی طرف توجہ کرکے اُس مین بصیرت حاصل کی ہو۔ اور اُس زبان مین علمی حیثیت سے ترقی کی ہو عام اس سے کہ وہ اہل زبان ہو یا نہ ہو۔ لہذا بہت سے

اہل زبان خاص دہلی اور لکھنؤ کے رہنے والے جہلا گو کہ بہت فصیح زبان بولتے ہون "زبان دان" نہین ہین - اور بہت سے وہ لوگ جن کی مادری زبان اُردو نہین ہے مگر اُنھون نے اُردو زبان مین ترقی کی ہے وہ صحیح معنون مین "زبان دان" کہے جانے کے مستحق ہین -

ہم سمجھتے ہین کہ "اہل زبان" اور "زبان دان" کے اِس مفہوم کے طے ہو جانے کے بعد ہمارے نو عمر جھگڑنے والون کا جھگڑا بہت کچھ طے ہو جائے گا -

لیکن اس کے مقابل ایک اور بات کا خیال رکھنے کی بھی ضرورت ہے - یہ خوب یاد رکھنا چاہیے کہ زبان محض ایک نقلی فن ہے - اُس کا استناد صرف سماع پر ہوتا ہے عقلی احتجاج سے اسے مطلقاً علاقہ نہین ہے - اور فلسفہ و منطق کے چون و چرا کو عالم لسان مین مطلقاً دخل نہین - کسی لفظ یا محاورہ کی صحت کے لیے سوا اسکے کہ اہلِ زبان یون نہین بولتے ہین اور اِن معنون مین استعمال کرتے ہین کوئی عقلی اور منطقی دلیل ہرگز نہین قائم کی جا سکتی -

لہذا ہر نقلی فن کے لیے لازمی ہے کہ کوئی خاص چیز محل استناد قرار دے لیجائے جیسے علوم نقلیۂ دینیہ مین قرآن و حدیث ہین - ورنہ قلمرو سخن مین بربادکن طوائف الملوکی پیدا ہو جانے سے زبان کے غارت ہو جانے کا اندیشہ ہے - الفاظ و محاورات کی صحت کے لیے سمع کو معیار کے مقرر کرنے کی لازمی ضرورت ہے - اور وہ حیثیت ہمارے خیال مین دہلی و لکھنؤ کی زبان نے حاصل کر لی جس سے انکار کرنا لٹری بغاوت ہے -

بہر تقدیر ہمارے نزدیک یہ فیصل شدہ امر ہے کہ اگر دہلی و لکھنؤ والے کسی اُردو بولنے والے گروہ کو اہل زبان ہونے کے حق سے محروم کرین تو ظلم ہے - اور اگر کوئی گروہ اِن شہرون کے معیار صحت ہونے سے انکار کرے تو باغی اور زبان کی قلمرو مین امن و امان کا دشمن ہے -

اُردو اور ہندی

یہ جھگڑا کسی طرح طے ہونے کو نہین آتا - اور اہل ملک کی جو حالت ہو رہی ہے اُسکے دیکھتے امید نہین کہ کبھی بھی طے ہو - اگر زمانہ کا یہی رنگ رہا اور ہندوستان مین

یہی میل و نہار ہے تو اس مین ذرا بھی شک نہین کہ ہندوستان مین نہ اُردو ہوگی نہ ہندی بلکہ سب کی مادری زبان انگریزی ہوگی مگر زندگی کی تھوڑی مدت جو باقی ہے اُس مین بھی ملک کے بیوقوف وکلا اُسے چین نہین لینے دیتے۔ اگر کسی گروہ کا یہ خیال ہو کہ وہ ہندوستان کی اس رفتار کو بدل دین گے یا برٹش گورنمنٹ کے سوا یہان اور کوئی حکومت ہوگی وہ بے وقوف اور عقل کا دشمن ہے۔ برٹش سطوت روز بروز بڑھے گی اور اُن تمام کوششون اور قوتون کو پامال کر ڈالے گی جو اُسکے خلاف ہین۔ اور دُنیا کے اُن تمام مقامات مین جہان جہان انگریزی حکومت ہے ایک متحد المذاق والاغراض قوم تیار ہوگی جس کی کاروباری اور معاشرتی زبان انگریزی ہوگی۔

اُردو ہو یا ہندوستان کی کوئی اور زبان یہ سب مٹنے والی چیزین ہین جو اپنی اپنی عمرین پوری کرکے صرف کتابون مین رہ جائین گی اور زبانون پر فقط انگریزی ہوگی۔ لہذا ضرورت ہے کہ انگریزی کو قوت کے ساتھ اُٹھایا اور شوق سے حاصل کیا جائے۔ اور ان زبانون کی جتنی عمر باقی ہو اُس مین اُنھین موقع دیا جائے کہ امن و امان کی زندگی بسر کرین۔ اور ایک دوسرے کے آزار کے درپے نہ ہون۔ مگر نہین۔ ہم اپنی بدمستی اور بے عقلی سے اُنکی اس چند روزہ زندگی کو بھی بے مزہ کیے دیتے ہین۔

اس سے انکار نہین کیا جا سکتا کہ اُردو زبان خود رو طور پر پیدا ہوئی۔ اور خود ہی بغیر کسی کوشش کے سارے ہندوستان پر چھا گئی۔ اور اسکو یہ حیثیت حاصل ہے کہ کسی غیر ملک کا آدمی ہندوستان مین آنے اور ہندوستان کے لوگون سے ملنے جلنے اور اُن سے گفتگو کرنے کے لیے جس زبان کو سیکھتا ہے وہ اُردو ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ اُردو کو مسلمانون سے کوئی خصوصیت نہین اس لیے کہ اسکی ترکیب اور اسکی پیدائش مین قطعاً دخل عربی یا فارسی کو ہو سکتا ہے اُس سے زیادہ بھاشا اور سنسکرت کو ہے دراصل یہ اُس سوسائٹی کی زبان ہے جو ہندو مسلمانون کے میل جول سے پیدا ہوئی۔ اور سچ پوچھو تو ہندو مسلمانون کے سابقہ اتحاد اور باہمی ربط و ضبط کی ایک یادگار ہے۔ مگر ہندوستان کی پھوٹ مشہور ہے۔ وہ اتحاد کا دشمن ہے۔ اور نہین چاہتا کہ دوستی و اتحاد کی کوئی یادگار بھی باقی رہے۔

مسلمانون نے حماقت سے روز بروز تسلیم کیا کہ یہ خاص ہماری زبان ہے۔ اور ہندوؤن نے

حماقت سے سمجھ لیا کہ یہ حقیقت مین ہماری زبان نہین - نتیجہ یہ ہوا کہ ان دونون گروہون کی باہمی عداوت و منافرت سے غریب اُردو عجب کشمکش مین پڑ گئی - ہندوون نے اس مالیخولیا مین مبتلا ہوکے کہ اُردو ہماری زبان نہین "ہندی زبان" کا ایک نیا لفظ اختیار کیا جو دراصل ایک اسم ہے جس کا کوئی مسمّٰی نہین - اس جھگڑے سے پہلے ہندی کا لفظ صرف کائتھی اور ایک خاص قسم کے رسم خط کے لیے استعمال کیا جاتا تھا - جو اکثر جاہل اور ان پڑھ دکان دارون مین مروج تھا - ہندی نام کی کوئی زبان ہندوستان مین نہ تھی - مگر قومی اور مذہبی سرگرمی کا جوش دکھانے کے لیے ایک "ہندی زبان" بنائی گئی جو کہ فی الاصل موجود نہ تھی - اور نہ اسوقت تک ہے -

لیکن جب ایک نام اختیار کیا گیا تو اُسکے لیے کوئی مفہوم مقرر کرنا ضروری تھا لہٰذا ایک نئی زبان کے پیدا کرنے کی کوشش کی جانے لگی - اور اسکے لیے ایک عجیب طریقہ اختیار کیا گیا - پڑھے لکھے لوگون کا دستور ہے کہ جس زبان کے لٹریچر کو حاصل کرتے ہین اُسکے اکثر الفاظ اپنی گفتگو مین شامل کر لیتے ہین جیسے کہ فی الحال انگریزی دانون کی زبانون پر کثرت سے انگریزی الفاظ ہوا کرتے ہین - چونکہ بیشتر فارسی تعلیم عام تھی اور پڑھنا لکھنا ہندوستان مین فارسی ہی پڑھنے کا نام تھا - اس لیے تمام تعلیم یافتہ لوگون کا قاعدہ تھا کہ اُردو مین روزبروز فارسی اور عربی کے الفاظ زیادہ شامل کرتے جاتے تھے - اگرچہ اب فارسی کی تعلیم موقوف ہو جانے سے اُردو مین نئے فارسی الفاظ کے آنے کا سدباب ہو گیا ہے مگر اُردو کے دشمنون کو اس پر اطمینان نہین ہوا - اور بلا لحاظ اسکے کہ زبانون پر کون لفظ چڑھے ہوے ہین اور بے پڑھے بچون اور عورتون تک کی زبان پر جاری ہین - یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ اُردو مین سے فارسی و عربی کے مانوس الفاظ سب نکال ڈالے جائین اور ان کی جگہ بھاشا اور سنسکرت کے الفاظ عام ازین کہ وہ بولے جاتے ہون یا نہ بولے جاتے ہون داخل کر دیے جائین - اس طریقہ سے ایک نئی زبان تصنیف کی گئی اور اُس کا نام "ہندی" قرار دیا گیا - جو دراصل نہ کسی ملک کی زبان ہے نہ کسی مذہب کی - نہ کسی قوم کی اور نہ کسی گروہ کی - مگر زور و شور سے دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ سارے ہندوستان کی زبان یہی ہے -

دنیا کے تمام ممالک کی طرح ممالک متحدہ مین بھی یہ نظر آئے گا کہ شہر والون کی زبان

پر جو عموماً فصیح و بلیغ اور لٹریری زبان ہوتی ہے اُن زبانوں کے الفاظ زیادہ ہیں جنکی تعلیم کے اثر سے زبان اُردو بنی تھی - کیونکہ چند روز پیشتر کیا معنی آج بھی اعلیٰ سوسائٹی کی زبان یہی ہے - اسکے مقابل دیہات میں ایک گنواری زبان مروج ہے جس میں الفاظ تو قریب قریب وہی ہیں مگر افعال کے اشتقاق کی صورت بدلی ہوئی ہے اور فارسی کے بعض حروف اپنے مخارج سے نہیں ادا ہوتے ہیں - مثلاً "آتے ہیں" "کھاتے ہیں" "جاتے ہیں" "سوتے ہیں" اور "آتے تھے" "جاتے تھے" "سوتے تھے" کے مقام پر وہ لوگ "آوت ہیں" "کھات ہیں" "جات ہیں" "سووت ہیں" اور "آوت ہتے" "جات ہتے" "سووت ہتے" بولتے ہیں - اور حرف خ - ذ - ض - ظ کو "جیم" "شین" کو "سین" غ کو "گاف" ق کو "کھے" اور ق کو "کاف" کی آوازوں سے ادا کرتے ہیں - بس اُردو اور اُس گنواری زبان میں یہی فرق ہے -

نئی ہندی کی مصنفوں نے اُس گنواری زبان کو بالکل نہیں اختیار کیا ہے کیونکہ ناگری خط کے اخبارات اور اُن کی تمام کتابوں میں جو زبان استعمال کی جاتی ہے اُس میں نہ دیہاتی افعال کے اوزان اختیار کیے گئے ہیں اور نہ مذکورۂ بالا حروف کے مخارج کا امتیاز دُور کیا گیا ہے - کیونکہ ناگری کا حرف "جا" نیچے ایک نقطہ دے کے ز - اور "چھا" نقطہ دے کے ف بنا دیے گئے ہیں - لہذا اس میں ذرا بھی شک و شبہ نہیں کہ جس زبان کو فی الحال ہندی کہا جاتا ہے وہ یہاں کی دیہاتی زبان نہیں ہے - بلکہ ایک تصنیف زبان ہے جو صرف لڑنے اور دعویٰ کرنے کے لیے ہے - کوئی ایسی زبان نہیں جو کہیں بولی بھی جاتی ہو -

فی الحال مردم شماری کے موقع پر ایک بڑی بھاری غلط فہمی یہ پیدا کرائی جاتی ہے کہ دیہات کی گنواری زبان کو ہندی بتایا جاتا ہے - اور شہر کی فصیح زبان کو اُردو - اور اسکے ذریعہ سے اس بات کے ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ ملک میں زیادہ تعداد ہندی بولنے والوں کی ہے - کیا دنیا میں کوئی اور زبان بھی ہے جس میں گنواروں اور دیہات کی خراب زبان بولنے والوں سے فصیح زبان بولنے والے پڑھے لکھوں کی تعداد زیادہ ہو ؟ اگر یہی اصول ہے تو انگریزی، فارسی، عربی اور میں کتابوں کہ دنیا کی ساری زبانوں کا لٹریچر دریا بُرد کر دینے کے قابل ہے - کیونکہ وہ چند خاص پڑھے لکھوں

شہر کی زبان ہے جن کی تعداد غلط اور گنواری زبان والون کے مقابل مین بہت ہی کم ہے۔
دیہات کی زبان اُردو کے سوا ہرگز کوئی اور زبان نہین ہے۔ مگر ہان ہر ملک اور ہر قوم کے دیہاتیون کی طرح وہ ایک خراب اور غیر فصیح زبان یا یون کہیے کہ بگڑی ہوئی اُردو ہے۔ چونکہ آج کل باہمی اختلافات اور تعصب نے لوگون کو سچائی اور حقیقت سے ہٹا دیا ہے لہذا یورپین حکام سے جو زبان کے مسئلے کو بخوبی نہین سمجھ سکتے۔ سمجھا بجھا کے ایسے احکام بھی جاری کرا دیے گئے ہین کہ دیہاتی زبان کو ہندی لکھا جائے۔ اور اُنھون نے بغیر اسکا اندازہ کیے کہ جس زبان کو ہندی کہا جاتا ہے اور جو ناگری کے اخبارون اور رسالون اور تحریرون مین برتی جاتی ہے وہ بھی دیہاتی زبان ہے یا نہین ایسے احکام بھی جاری کر دیے ہین لیکن ایسے غلط احکام کے جاری ہونے کے بعد مردم شماری کی رپورٹ کا ہرگز اعتبار باقی نہ رہیگا۔ اور ہرگز اس مردم شماری سے اس کا سچا اندازہ نہ ہو سکے گا کہ ملک مین کتنے اُردو اور کتنے ہندی بولنے والے ہین۔

یہی مسئلہ آج کل سررشتۂ تعلیم مین بھی چھڑا ہوا ہے۔ اور چونکہ اُسکے ارکان مین زیادہ تعداد اُن ہندوؤن کی ہے جو ہندی زبان کے حامی ہین۔ لہذا مشکل سے امید کی جا سکتی ہے کہ کوئی صحیح فیصلہ ہو سکے۔ ضرورت ہے کہ مسلمان اِس جانب فوراً توجہ کرین۔ ورنہ اگر اُردو زبان کے خلاف کوئی فیصلہ ہو گیا تو اُردو کی ترقی کے لیے گورنمنٹ اور اہل علم گذشتہ دو تین سو سال مین جو کچھ کوششین کی ہین سب بیکار ہو جائین گی۔ مسلم لیگ کو اس موقع پر اُٹھ کے یورپین حکام کی غلط فہمیون کو دُور کرنا چاہیے۔ اور چونکہ مسلم لیگ زبان اُردو کی ترقی کو منجملہ اپنے فرائض کے تسلیم کر چکی ہے لہذا اُسے اس موقع پر غفلت نہ کرنی چاہیے۔ اور اگر اُس نے کچھ نہ کیا تو پھر مسلمانون کو آیندہ مسلم لیگ سے کوئی تعلق باقی نہ رہے گا۔

خوشی کی بات ہے کہ "مسلم کانفرنس بدایون" نے اس جانب بڑی مستعدی سے توجہ شروع کی ہے۔ مسلمانون اور عموماً تمام اُردو کے حامیون کو کانفرنس مذکور کا پورا ساتھ دینا چاہیے۔ خاصتہً اُسے روپے سے فوری مدد دینے کی ضرورت ہے۔ تاکہ وہ اس کام مین ویسی ہی کوشش کر سکے جیسی کہ ایک ایسے اہم کام کے لیے ضروری ہے۔ مین ایک بار پھر یاد دلاتا ہون کہ یہ موقع مسلمانون کے غافل بیٹھنے کا نہین ہے۔ بہتر ہو کہ حامی قوم مسلمان

آنریری سکرٹری صاحب اُردو کانفرنس سے مراسلت کرکے "رسالۂ اُردو ہندی نمبر" منگوا کے دیکھیں اور امکانی اعانت و کوشش میں دریغ نہ فرمائیں۔

مصحف عثمانی

قرآن مجید کی نسبت لوگوں میں عموماً مشہور ہے کہ اسے حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جمع فرمایا ہے۔ اس معاملہ کے متعلق علما اور مورخین میں بہت کچھ اختلافات پڑے ہوے ہیں۔ خصوصاً شیعہ و سُنّی کے شرمناک جھگڑوں نے اسے اور زیادہ اُبھارا اور یہاں تک نوبت پہونچی کہ دشمنان اسلام علی الخصوص عیسائیوں کو قرآن پاک کی تحریف کے متعلق کچھ کہنے اور جھگڑنے کا موقع مل گیا۔

اس واقعہ کی اصلیت اِسی قدر ہے کہ عرب کے مختلف حصوں اور صوبوں میں مختلف لغات بولے جاتے تھے۔ یعنی زبان ایک ہی تھی مگر لہجے میں اور بعض حرفوں کے مخارج اور تلفظ میں فرق تھا۔ جس سے یہ خطرناک نتیجہ ظاہر ہوا کہ اُن صوبجات عرب میں لوگوں نے اپنے تلفظ ہی کے مطابق قرآن کو لکھنا بھی شروع کردیا۔ اسکی مثال آج کل کے اعتبار سے یوں سمجھیے کہ اکثر مقامات کے عرب حرف "ق" کا تلفظ گاف اور حرف "ث" کا "ت" کرتے ہیں۔ اب یہی لوگ اپنے لہجے اور تلفظ کے مطابق "ق" کی جگہ گاف اور "ث" کی جگہ "ت" لکھنے بھی لگیں گے تو خواہ مخواہ زبان کے بگڑ جانے اور قرآن میں اختلاف پڑ جانے کا اندیشہ ہوگا۔ اسی اندیشے سے محفوظ رکھنے کے لیے حضرت عثمانؓ نے یہ کارروائی کی کہ صحابہ میں سے جو جو بزرگ قرأتِ قرآن میں کمال رکھتے تھے اور جن کی قرأت پر بھروسا تھا اُن کو جمع کرکے خاص قریش کے لہجے اور تلفظ کے مطابق املا کو مدون کردیا۔ تاکہ پھر کوئی جھگڑا نہ باقی رہے۔ یا اس واقعہ کو آج کل کی زبان میں زیادہ صحیح طور پر یوں کہا جائے کہ حضرت ذی النورین نے قرآن مجید کا ایک مستند ایڈیشن دنیا کے سامنے پیش کردیا۔ اور عربوں کے اختلافات لغت سے الفاظ کے بگڑنے یا بدل جانے کے جو اندیشے تھے مٹا دیے۔ اسی اعتبار سے حضرت عثمانؓ جامع قرآن کہے جاتے ہیں ورنہ قرآن کی ترتیب و تہذیب تکمیل دین ہی کے ساتھ ہو چکی تھی۔ سورتوں میں آیات کی ترتیب۔ اور سورتوں کی باہمی ترتیب سب حضرت رسالتؐ کے سامنے کی باتیں ہیں۔ اِن کو ترتیب عثمانی سے کوئی علاقہ نہیں۔ اور

نہ کسی کو ایسی جرأت ہو سکتی تھی کہ آنحضرتؐ کی ترتیب میں کسی قسم کا دخل دے
تتبع روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے اپنے اس مستند ایڈیشن کے پانچ نسخے تیار کرائے تھے جن میں سے ایک مکہ معظمہ میں بھیجدیا۔ ایک بصرہ میں بھیجا۔ ایک کوفے روانہ کیا ایک شام (دمشق) میں۔ اور ایک اپنے پاس مدینۂ طیبہ میں رکھا۔

علامہ ابو القاسم بجیتی سبطی (جو اسی شہر سبطہ کے رہنے والے تھے جسکا ہمیں ہم اپنے ناول فتح اندلس میں دکھا چکے ہیں اور جہاں کے حاکم جو لین سے مل کے مسلمانوں نے اسپین کے فتح کرنے کا ارادہ کیا تھا) بیان کرتے ہیں کہ "شام والا قرآن (مصحف عثمانی) دمشق کی جامع بنی اُمیہ میں اُس کی محراب کے اندر رکھا ہوا ہے۔ جس کی میں نے ۶۵۰ھ میں خود اپنی آنکھوں سے زیارت کی۔ اور مکہ معظمہ والے قرآن کو میں نے قبۂ یہودیہ (ہم نہیں بتا سکتے کہ یہ قبہ کون اور کہاں تھا) میں دیکھا تھا"۔ اُن کے ایک صدی بعد ایک اور مصنف جن کا نام عبد الملک ہے فرماتے ہیں کہ "میں نے اُن دونوں قرآنوں کی اور نیز مدینہ والے مصحف عثمانی کی ۷۲۵ھ میں زیارت کی تھی"۔

ان میں سے ایک مصحف خدا جانے کیونکر ارض اندلس میں پہونچ گیا جو وہاں قرطبہ کی جامع مسجد میں ایک مدت تک ادب و تعظیم سے رکھا رہا۔ لوگ ذوق و شوق سے اسکی زیارت کرتے اور اُس سے فیض و برکت حاصل کرتے رہے۔ علامہ عبد الملک جنھوں نے ۷۳۵ھ میں مکہ اور مدینہ والے قرآنوں کو دیکھا تھا، فرماتے ہیں کہ "اندلس والے اور مدینہ والے قرآن کا خط ایک ہی تھا"۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں ایک ہی شخص کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے۔

بعض عوام یہ تصور کرتے ہیں کہ اِن قرآنوں کو حضرت عثمانؓ نے خاص اپنے دست مبارک سے لکھا تھا۔ مگر اسکی کوئی اصلیت نہیں۔ آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا کوئی قرآن نہ تھا۔ لیکن جس ہاتھ سے وہ لکھے گئے ہوں گے وہ یقیناً برکت کا ہاتھ تھا۔ کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ معزز ین صحابہ میں سے کسی بزرگ کے ہاتھ سے لکھے گئے ہوں گے۔ جن علمانے ان مصاحف عثمانی کی زیارت کی تھی وہی اپنے معائنہ اور مشاہدہ سے بیان کرتے ہیں کہ مدینہ والے قرآن کی پشت پر یہ عبارت لکھی تھی "یہ وہ (قرآن) ہے جس پر اصحاب رسول اللہ صلعم کی ایک جماعت نے اتفاق کیا۔ منجملہ اُنکے زید بن ثابت۔ عبد اللہ بن زبیر اور سعید بن عاص

ہین - اور اسی سلسلے مین اُن تمام صحابہ کے اسمائے گرامی لکھے ہوے ہین جنھین حضرت عثمانؓ نے اس اہم کام کے لیے جمع فرمایا تھا -

اہل اندلس کا اپنے قرآن کی نسبت یہ خیال بھی تھا کہ یہی وہ قرآن ہے جس پر شہید ہوتے وقت حضرت عثمانؓ کا خون گرا تھا - مگر اسکو علامہ مقری اپنی کتاب "نفح الطیب" مین (جس سے اخذ کرکے ہم یہ واقعات ناظرین دلگداز کے سامنے پیش کر رہے ہین) بعید از قیاس بتاتے ہیں اور فرماتے ہین کہ وہ ہوگا بھی تو شام والا قرآن ہوگا -

لیکن ہمارے نزدیک اگر اُس قرآن مین خون کے دھبے موجود ہون تو اندلس والون ہی کا خیال ٹھیک ہے - کیونکہ شام کا قرآن جس کی ۵۷۸ھ مین ابوالقاسم غنجبی نے زیارت کی تھی وہ ہوگا جسے حضرت عثمانؓ نے اپنی زندگی ہی مین ارسال فرمایا تھا اور جس پر آپ کا خون گرا وہ آپ کے کُرتے اور آپ کی بی بی نائلہ کی کٹی ہوئی انگلیون کے ساتھ دمشق مین آپ کے بعد بھیجا گیا ہوگا - اور غالباً وہ آپ کا خاص قرآن ہوگا جس مین آپ خود تلاوت فرمایا کرتے تھے - اور اہل مدینہ کی عام نفع رسانی کے لیے ایک دوسرا نسخہ ہوگا جو آپ کے بعد صدیون تک وہان موجود رہا - تاہم ہمین ابھی تک اسکا پتہ نہین چلا کہ اندلس مین وہ قرآن کس زمانے مین اور کیونکر پہونچا -

لیکن اس مین شک نہین کہ اہل اندلس اُسکی نہایت ہی قدر و منزلت اور تعظیم و تکریم کرتے تھے - یہان تک کہ اندلس کی سلطنت مین کمزوری پیدا ہوئی اور مراکش مین سلاطین موحدین کا دور شروع ہوا جنھون نے سارے اسپین کو مغلوب و مقہور کر دیا تھا -

اس خاندان کے بانی اور پہلے تاجدار ابو محمد عبدالمومن بن علی کو اس مستند اور متبرک نسخہ قرآن کے اپنے دار السلطنت مراکش مین لے جانے کا بیحد شوق تھا - اُسی کے وزیر عبدالمومن ابوبکر محمد بن عبدالملک بن طفیل کا بیان ہے کہ "اس قرآن کے اصلی صحیفہ عثمانی ہونے مین کسی کو شک نہ تھا" - چنانچہ خلفاے اندلس اور سلاطین اسپین نسلاً بعد نسل اُسکی حفاظت کرتے آئے تھے - بادشاہ عبدالمومن کو بڑی آرزو تھی کہ اُسے قرطبہ سے منتقل کرکے مراکش مین لے آئے - مگر محض اس خیال سے اس کی جرأت نہ کرتا تھا کہ مسلمانان قرطبہ کو اس کا بڑا ملال ہوگا - اور اُن کی دلشکنی کرنا اچھا نہین - مگر خدا نے خود ہی یہ بات قرطبہ والون کے دل مین ڈال دی اور وہ آپ ہی آمادہ ہوگئے کہ اُس دولت گران بہا کو عبدالمومن

کے حوالے کرکے حق کو حقدار کے پاس پہونچا دیں۔ چنانچہ قرطبہ کے دو رئیس زادے ابو سعید اور ابو سعید ۵۵۶ھ میں اُس قرآن مجید کو لے کے مراکش میں آئے جس کا استقبال وہاں بڑی دھوم دھام اور بڑے تزک و احتشام سے کیا گیا۔ بادشاہ عبدالمومن کو اس نعمت عظمیٰ کے ملنے کی بڑی خوشی ہوئی اور اُس نے اس مصحف کی حفاظت اور اُسکی زیارت کے لیے جو انتظام کیا حیرت انگیز ہے۔ چنانچہ اس کا مفصل حال ہم اسی مضمون میں آگے چل کے بیان کریں گے۔

عبدالمومن کے عہد سے اس ودیعت ربانی کے حامل سلاطین موحدین ہوئے جو علی العموم اُس کی بے انتہا قدر کرتے تھے۔ اور حصول برکت کے لیے سفروں اور لڑائیوں میں اُسے اپنے ساتھ لیجایا کرتے تھے۔ انھیں میں سے بادشاہ منصور نے اس قرآن مجید کی جلد پر سونے کے حرفوں میں چار شعر لکھوا دیے تھے جن میں سے آخری شعر یہ تھا۔

والبستہ الیاقوت والدر حلیۃً وغیرک قد رواہ من دم صاحبہ

(تو نے تو اُسے یاقوت اور موتیوں کا زیور پہنایا۔ اور دوسروں نے اسے خود اُن بزرگ (حضرت عثمانؓ) کے خون سے سیراب کیا جن کا یہ تھا)

انھیں موحدین میں سے محمد یعنی سعید علی بن مامون ۶۴۵ھ میں جب تلمسان کے سفر پر روانہ ہوا تو عادت کے موافق اس قرآن مجید کو اپنے ہمراہ لیتا گیا تھا۔ تلمسان کے قریب وہ اور اُس کا بیٹا ابراہیم دونوں لڑائی میں مارے گئے اور بدوی عربوں اور دیگر افریقی قبائل نے جہاں شاہی لشکرگاہ کی اور سب چیزیں لوٹیں اس مصحف عثمانی کو بھی لیگئے۔ اب چند روز تک یہ قرآن مجید گمنامی میں رہا۔ مگر بعض کہتے ہیں کہ "نہیں۔ شاہان تلمسان کے خزانہ میں تھا" یہاں تک کہ آخر ماہ رمضان ۷۳۷ھ میں بادشاہ ابوالحسن نے جو بنی مرین میں سے تھا تلمسان کو فتح کرکے یہ مصحف عثمانی اپنے قبضے میں کیا۔

اب بادشاہ ابوالحسن نے اسے ذریعہ برکت قرار دیا۔ اور یہود کے تابوت سکینہ کی طرح لڑائیوں اور جہاد کے سفروں میں اُسے ساتھ ساتھ لیے پھرتا تھا۔ اُس نے اتفاقاً پورچگل کے شہروں پر یورش کی جس میں وہ دشمنوں کے نرغہ میں پڑکے مارا گیا۔ اور یہ قرآن اُسکے دشمنوں کے ہاتھ لگا۔ اب کسی تاجر نے حسن تدبیر سے اُسکو اُن لوگوں سے حاصل کیا۔ اور ۷۴۹ھ میں پھر مراکش میں لاکے شہر فاس کے خزانے میں رکھ دیا۔

بس اس کے بعد ہم نہیں جانتے کہ وہ قرآن کہاں ہے۔ آیا وہ محترم نسخہ آج بھی

شہر فاس مین ہے یا نہین - فی الحال ایک قرآن مجید اور وہی خاص جس پر حضرت عثمان کا خون گرا تھا قسطنطنیہ مین دولت عثمانیہ کے قبضے مین بتایا جاتا ہے، ممکن ہے کہ یہ وہی قرآن ہو اور کسی ذریعہ سے سلاطین آل عثمان کے قبضے مین آگیا ہو -

لیکن ہمین ابھی اتنا بتانا باقی ہے کہ پہلے فرمانرواے موحدین عبدالمومن بن علی نے اس کی قدردانی و حفاظت کے لیے کیا انتظامات کیے تھے - اُسے اس قرآن کے ملتے ہی اِس بات کی فکر ہوئی کہ جیسا یہ معجزنما کلام ہے ویسی ہی اسکی رحل اور اسکے رکھنے کا تابوت (صندوق) بھی ہو - جن سے ایک طلسم اور معجزنمائی کی شان نمایان ہوتی ہو -

چنانچہ اِس غرض کے لیے اُس نے اپنے دارالسلطنت مراکش (جو اُن دنون ایک بڑا ترقی یافتہ اور متمدن شہر تھا) کے اور نیز اپنی قلمرو کے بلاد دور و دراز کے بڑے بڑے مہندسون - نقاشون - معمارون - نجارون - سادہ کارون نگینہ جڑنے والون اور صحافون غرض ہر قسم کے کاریگرون کو بُلا کے شہر مراکش مین جمع کیا - اور اُن کو حکم دیا کہ تم سب مل کے باہمی مشورے سے اس قرآن کی جلد بناؤ - اُس مین جواہرات جڑو - اور اُسکے لیے اعلیٰ درجے کا ایک جُزدان بناؤ - اور یہ سب چیزین ایسی ہون جو اعجوبۂ روزگار ہون - پھر اُس کے لیے ایک کرسی اور ایک رحل اور ایک ایسا تابوت تیار کرو جس مین اپنی ساری صناعی صرف کردو - اور ایسا کمال دکھاؤ کہ یہ سب چیزین ایک طلسم معلوم ہون اور اُن سے ایسے عجائبات ظاہر ہون جن کے اسباب نظر سے پوشیدہ رہین -

یہ ایک دینی کام تھا جس مین اجر و ثواب آخرت کے علاوہ بادشاہ کی خوشنودی بھی منظور تھی - کاریگرون نے جانین لڑادین - پہلے تو اُس کلام اللہ کے لیے سونے چاندی کی ایک مرصع کار جلد اس وضع کی بنائی گئی کہ اُس مین زیادہ ترکیبیں کی شان تھی - اندر باہر عجیب و غریب صنعتین رکھی گئی تھین - اور ہر جگہ ایسے نقش و نگار رکھے جن مین ہر مقام پر ایک نئی صنعت نظر آتی تھی - اُس پر رومی شیشے کی ایسی مینا کاری کی گئی تھی کہ اُس سے پہلے کبھی لوگون

نظر سے نہین گزری تھی اس جلد مین حیرت انگیز طریقے سے ہر مقام پر جوڑ تھے جو بند ہوتے وقت خوب بھڑ کے بیٹھ جاتے اور کھلتے وقت جدا ہو جاتے۔ اور ایسی خوش اسلوبی اور عمدہ ترتیب سے اُس جلد پر ہیرے۔ یاقوت۔ زمرد اور موتی جڑے گئے تھے کہ اُسکی آب و تاب پر نظر نہ جم سکتی۔ پھر اُسکے لیے سُندس و حریر کا ایک نہایت ہی پُر تکلف جُزدان تیار کیا گیا۔ اور اس مین بھی بہت ہی بیش بہا جواہرات کثرت سے ٹانکے گئے۔

اسکے بعد اُس قرآن مجید کے واسطے ایک آبنوس کی مرصع کار رحل بنائی گئی۔ اور اُس مین بھی اعلیٰ درجے کے نقش و نگار بنا کے جابجا جواہرات جڑے گئے۔ اس رحل کی وضع بھی نہایت خوشنما اور عجیب تھی۔ پھر ایک نہایت نازک، خوبصورت اور پُر تکلف کرسی بنائی گئی تاکہ اُس کرسی پر رحل اور قرآن پاک رکھا جائے۔ پھر ایک بڑا سا تابوت (صندوق) بنایا گیا تاکہ اُسکے اندر وہ کرسی اور رحل اور قرآن حفاظت کے ساتھ رکھے رہین۔ اور جب کہین لیجانا ہو تو اُس پورے تابوت کو اُٹھا کے لیجایا کرین۔ یہ تابوت شش پہل تھا۔ بہت بلند تھا اور نہایت خوشنما۔ اور اُسپر چارون طرف ایسے نقش و نگار بنائے گئے تھے کہ جو دیکھتا عش عش کر جاتا۔

مگر سب سے بڑا کمال یہ تھا کہ اس خیال سے کہ بغیر ہاتھ لگائے قرآن کی زیارت ہو جایا کرے اور حضرت جل و علا کے اس ارشاد کی کہ "لا یمسہٗ الا المطہرون" کی پوری تصدیق ہوتی رہے۔ اس تابوت۔ کرسی۔ اور رحل مین کچھ ایسی کلین لگائی گئی تھین اور اُنکی تکمیل مین ایسا کمال انجینیری صرف کیا گیا تھا کہ اُنھین دیکھ کے عقل دنگ رہ جاتی۔ اور قرآن مجید کی زیارت مین ایک معجز نمائی کا حیرت انگیز کرشمہ لوگون کو نظر آجاتا۔ جب کسی کو اُسکی زیارت کا شوق ہوتا تو اُس شش پہل تابوت کے ایک پہلو پر جو دو پٹ لگے ہوے تھے اُنکے بیچ ایک سوراخ مین ایک نازک سی خوبصورت کُنجی ڈال کے پھرائی جاتی۔ کُنجی کے پھرتے ہی آپ سے آپ دونون پٹ یکایک کھل کے اندر کی طرف مُڑ جاتے۔ وہ کرسی جس پر رحل تھی خود بخود تابوت سے باہر دوڑ آتی۔ اور

رحل مع قرآن بھی خود بخود حرکت کرکے اور اُس کرسی پر کھسک کے انتہائی سرے پر آجاتی - اور یہ سب حرکتین ایک ہی ساتھ صرف کُنجی کے پھیر لینے سے بغیر اسکے کہ کوئی ہاتھ لگائے ہوتین - اور قرآن مجید زیارت کرنے والون کے قریب آجاتا - پھر بعد زیارت جب اُسے احتیاط سے رکھ دینا منظور ہوتا تو کنجی اُسی سوراخ مین ڈال کے دوسری طرف پھرائی جاتی اور ساتھ ہی کرسی و رحل مع قرآن کے آپ سے آپ اندر ہوکے اپنی اپنی جگہ پر قائم ہو جاتے اور خود ہی تابوت کے پٹ بھی بند ہوکے مقفل ہو جاتے -

مسلمانون اور خصوصاً آج کل کے تعلیم یافتہ لوگون کو اُس زمانہ مین اور وہ بھی مراکو مین ایک ایسی صنعت کے پائے جانے کا مشکل سے یقین آئے گا - مگر یہ کُل باتین کتاب نفح الطیب کی جلد اول مین بوضاحت درج ہین جو کہ آج کل کی تصنیف نہین - اور کوئی وجہ نہین کہ اُسکے بیان کو جو مستند مورخین کے حوالہ سے ہے بے اصل تصور کیا جائے -

مگر ہان خود ہماری حالت ایسی ہو رہی ہے کہ ایسے کمالات کا اب ہمارے اگلے باکمال بزرگون کی جانب منسوب کیا جانا بھی اورون کو نہین خود ہمارے ہم قومون کو قابل حیرت نظر آتا ہے مگر سچ یہ ہے کہ ہمارے بزرگ ایسے نہ تھے جیسے کہ ہم ہین -

اردو لٹریچر اور محکمۂ قوانین

اُردو زبان خوش اقبالی مین بھی بدنصیب ہے - اُس کی تاریخ بتا رہی ہے کہ اُسکو جب کبھی ضرر پہونچا ہے خود اپنون اور اپنے مربیون سے پہونچا ہے -

ہر کس از دست غیر نالہ کند سعدی از دستِ خویشتن فریاد

جن ہندو اور مسلمانون کے امتزاج و اتحاد - میل جول اور باہمی ربط و سے وہ پیدا ہوئی اُنھین نے ابتدا ءً سوا ایک گھریلو زبان سمجھنے کے اُسے ہمیشہ علمی دربار سے محروم رکھا - اور اب بھی دیکھ لیجیے کہ وہی لوگ جو اسکو بولتے، اسے برتتے، اس مین مراسلت، نامہ و پیام اور تصنیف و تالیف کرتے

اور اس مین اخبار نکالتے ہین وہی اسکے دشمن ہین۔ اور جب پوچھو تو یہی کہتے ہین کہ ہمین اُردو سے کوئی تعلق نہین اور نہ یہ ہماری زبان ہے۔ سرکار برطانیہ جس نے اُسے علمی دربار مین پہونچایا سرکاری زبان بنایا۔ سلطنت کے قوانین اُس مین مدون کرائے۔ شہرون شہرون اور گانون گانون مین اسکی تعلیم کے مدرسے جاری کیے۔ اُسی کے بعض افسر اُردو کے خلاف ہین اور اُس کی ترقیون کو اچھی نگاہ سے نہین دیکھتے۔ اور اگر اس پر عنایت بھی کرتے ہین تو بدنصیبی سے وہی عنایت جو موجب مضرت بنجاتی ہے۔

سررشتۂ تعلیم مین چونکہ ہندو عنصر غالب ہے اس لیے اگر اور کچھ نہین بن پڑتا تو اسی بات کی کوشش کی جا رہی ہے کہ نصاب تعلیم کی کتابون کی زبان ہی بگاڑ کے غارت اور گنوارون کی زبان سے بھی بدتر کردی جائے۔ مگر اسکے علاوہ ایک اور حیثیت سے بھی اُردو بگاڑی جا رہی ہے۔ جو اس سے بھی زیادہ قابل لحاظ ہے۔ اور وہ حیثیت سررشتۂ ترجمۂ قوانین کی ہے۔

اُردو زبان کو ہندوستان کی دوسری زبانون پر مختلف حیثیتون سے ترجیح حاصل ہے۔ منجملہ اُن کے ایک یہ ہے کہ دیگر اقوام و السنہ سے جس قدر علم و فن ہندوستان کی لٹریری دنیا مین آتا ہے وہ زیادہ تر اُردو ہی مین ہوتا ہے۔ ہندوستان جسے بجاے خود ایک براعظم کہنا چاہیے اُسکی تقریباً نصف آبادی اُردو بولتی اور سمجھتی ہے جس کی وجہ سے دوسری زبانون سے جتنی کتابین یا چیزین ترجمہ ہوتی ہین اکثر اُردو ہی مین ہوتی ہین۔ اِن ترجمون کا سلسلہ ایک مدت دراز سے اُردو مین جاری ہے جن کی بدولت اُردو مین اتنا وسیع اور غیر محدود لٹریچر پیدا ہو گیا ہے کہ اُسے تکمیل کے ساتھ جمع کر لینا کسی بڑی لائبریری کے بھی امکان مین نہین ہے۔ بنگالی۔ مرہٹی۔ گجراتی۔ اور تلنگی زبانون مین بھی ترجمہ ہوے ہین۔ مگر اُردو کے مقابل بہت کم۔ اور اتنے ہین کہ اُنکی مجموعی تعداد اُردو ترجمون کے عُشر عشیر کو بھی نہین پہونچ سکتی۔ اور اس کی وجہ بھی ظاہر ہے۔ جہان تک خاص اُردو کی قلمرو ہے اُس مین اُن زبانون کو کوئی جانتا بھی نہین اور اُنکے خاص رقبے مین اُردو پوری طرح حکومت کر رہی ہے۔ بنگالی۔ گجراتی۔

مرہٹی اور تلنگی زبانون کے لٹریچر کو عظیم آباد سے پشاور تک کوئی جانتا بھی نہین مگر اُردو لٹریچر کی اشاعت جیسی لکھنؤ اور دہلی مین ہے اُسکے قریب ہی قریب کلکتہ۔ بمبئی۔ پونا۔ اور مدراس مین بھی ہو رہی ہے۔ اور اسی وجہ سے اُن زبانون کا دائرہ بہت ہی محدود ہے اور اُن مین ویسی علمی وسعت ہرگز نہین جیسی کہ اُردو مین ہے۔

دنیا کی تمام زبانون کو سب سے زیادہ علمی فائدہ ترجمون ہی کے ذریعہ سے حاصل ہوا کیا ہے۔ کیونکہ ترجمہ کی معرفت جب نئے مضامین اور نئے خیالات کسی زبان مین آتے ہین تو اپنے لیے نئے الفاظ محاورات اور مصطلحات بھی پیدا کرلیا کرتے ہین جن سے زبان کو روز بروز وسعت حاصل ہوتی جاتی ہے۔ ہندوستان مین مختلف زبان بولنے والی قومین اور مختلف مذاق و اعتقادات و خیالات کے لوگ موجود ہین جن کی وجہ سے یہان کوئی ایک قومی اور ملکی اکاڈیمی نہین قائم ہوسکتی جیسی کہ فرانس مین نظر آتی ہے۔ جہان ایک ہی زبان بولنے والون اور ایک ہی مذاق رکھنے والون کی متحدہ کوششین فرنچ اکاڈیمی کے ذریعہ سے فرانسیسی لٹریچر کو یوماً فیوماً ترقی دلاتی رہتی ہین۔

یہان سچ پوچھیے تو ایسی کسی اکاڈیمی کا قائم مقام صحیح معنون مین گورنمنٹ کا محکمہ ترجمۂ قوانین ہے۔ جس کے ذریعہ سے تمام قانون کے ترجمے برابر اُردو مین شایع ہوتے رہتے ہین۔ اور جو اپنی اشاعت کے ساتھ اُردو مین بہت سے نئے الفاظ نئے محاورے اور نئے مصطلحات پیدا کردیتے ہیں اور وہ شایع ہوتے ہی ہر ادنیٰ و اعلیٰ کی زبان پر جاری ہو جاتے ہین۔ جو کتابین گورنمنٹ کے ایما اور حکم سے اس محکمہ کے ذریعہ سے شایع ہوتی ہین۔ ان کو اشاعت کے ساتھ ہی جیسی مقبولیت اور تعمیم حاصل ہو جاتی ہے ویسی نہ کسی شاعر کے کلام کو نصیب ہوسکتی ہے اور نہ کسی ادیب کی عبارت کو۔ وہ ترجمے فوراً مستند تسلیم کرلیے جاتے ہین۔ عدالتون اور تمام حلقون مین برتنا شروع ہو جاتے ہین۔ فوراً اُن سے استناد کیا جانے لگتا ہے۔ اور اُن کا ہر ہر لفظ چاہے بُرا ہو یا بھلا یا محاورہ ہو یا بے محاورہ ایک ناخواندہ مہمان کی طرح زبان مین

زبردستی گھس پڑتا ہے۔

جہان تک مجھے تجربہ ہوا ہے ان قوانین کے ترجمون مین کثرت سے خلافِ محاورہ ترجمون کو مجبوراً قبول کرلیتے ہین - اور اُن پر حرف رکھنے کی جرأت نہین کرتے - جس کی وجہ سے ہمین یہ کہنے کا موقع حاصل ہے کہ خود گورنمنٹ کی مہربانی سے زبان بجاے سُدھرنے کے بگڑ رہی ہے - اور جس اکاڈیمی سے ہمین فائدہ پہونچنا چاہیے تھا اُس سے ہم ضرر اُٹھا رہے ہین

لوگ ان ترجمون کو عموماً قبول کرلیا کرتے ہین - اس سے یہ نہ خیال کرنا چاہیے کہ اُنھون نے ترجمون کو صحیح و بامحاورہ سمجھ کے قبول کرلیا - بلکہ اصل یہ ہے کہ ضرورت مجبور کرکے اُن سے تسلیم کراتی ہے - ورنہ اس کی کوئی وجہ نہین کہ ہم جن غلطیون کے ایک جاہل بچے کی زبان پر بھی متحمل نہین ہوسکتے اُنھین غلطیوں کو سرکاری قوانین میں دیکھ کے برداشت کرین اور اُنھین ٹھنڈے دل سے قبول کرلین - خلاف محاورہ الفاظ کے مقبول ہونے کا اِس سے زیادہ کیا ثبوت ہوگا کہ پینل کوڈ (تعزیرات ہند) کے ترجمہ نے صدہا غیرمانوس اور زبان پر گران گذرنے والے لفظون اور لغتون کو چند ہی روز مین بالکل مانوس بنا دیا - حالانکہ اُن کی جگہ زیادہ سلیس - خوبصورت اور بامحاورہ الفاظ استعمال کیے جا سکتے تھے -

خیر وہ تو ایک گذری ہوئی بات تھی جس کا اب کوئی علاج نہیں - مگر غضب تو یہ ہے کہ آج بھی جبکہ اُردو لٹریچر بہت ترقی کرگیا ہے - سرکاری قوانین کے ترجمون مین بے احتیاطی برتی جارہی ہے - اس مین شک نہین کہ ان ترجمون کا غلط اور خلاف محاورہ ہونا سخت اعتراض کے قابل ہے - یہ غلطیان کسی اور مصنف یا رسالہ سے ہوتین تو چندان قابل لحاظ نہ تھین - مگر چونکہ اُن ایسے سرکاری محکمہ سے ہوتی ہین جسکا ہر ہر لفظ پبلک کو مجبوراً تسلیم کرنا پڑتا ہے اس لیے کسی طرح قابل درگذر نہین - گورنمنٹ کا فرض ہے کہ اس محکمہ کی طرف خاص توجہ کرے - اور سوا لائق و مستند زبان دانون کے اور ایسے تعلیم یافتہ لوگون کی جن کی مادری زبان اُردو ہو اور کسی کے ہاتھ مین ایسی ذمہ داری کا کام

نہ دے - کیونکہ اگر یہی بے پروائی چند روز اور رہی تو یہ محکمہ بجائے نفع کے اُردو کو سخت ضرر پہونچا دے گا - اور اُس کی غفلت سے ہماری زبان بگڑ جائیگی -

فی الحال چونکہ صوبۂ بہار کے لائق و فائق بزرگ آنریبل مسٹر علی امام لا ممبر مقرر ہوے ہین جن مین نہایت اعلیٰ درجہ کا لٹریری ذوق بھی ہے لہذا اُنکی ذات سے ہمین کامل امید ہے کہ وہ اس جانب خاص توجہ فرمائین گے - اور سرکاری قوانین کے ترجمون کے متعلق ضروری اصلاح فرما کے وہ ہماری زبان اور ہمارے ملک پر خاص احسان فرمائین گے -

ہم مسلم لیگ اور ایجوکیشنل کانفرنس کے صیغۂ ترقی اُردو کو بھی اس اہم ذمہ داری کی طرف توجہ دلاتے ہین - امید ہے کہ اس بارۂ خاص میں وہ سرکار مین ہمارا پریزنٹیشن کرین گے - اُردو کانفرنس جس نے بیدار مغزی سے کام لینا شروع کیا ہے اُس کے لیے اِس جانب توجہ کرنے کا پورا موقع ہے - اور اگر اُس نے اِس شکایت کو رفع کرا دیا تو وہ اپنی زبان پر بہت بڑا احسان کریگی اور اُردو کو ایک ایسی مضرت سے بچا دے گی جس سے بچانے کی سخت ضرورت ہے -

ہمارا جدید ناول

ناول یوسف و نجمہ جو ایک مدت سے ناتمام و ناقص پڑا ہوا تھا، پورا ہو گیا - اور اس کا فیصلہ پبلک کے ہاتھ ہے کہ انجام کیسا ہوا ؟ اور اُسکی حالت کیا حالت رہی ؟ جہان تک ہم سمجھتے ہین ناظرین نے اس انجام کو پسند کیا ہوگا - اور جو کچھ اس مین ہوا وہ اُنکے مذاق اور اُنکی خواہشون کے موافق ہو گا -

نئے ناول کے متعلق ہم کچھ زمانے تک متردد رہے کہ کس تاریخ اور کس عہد کو اختیار کریں - بعض حضرات کی خواہش تھی کہ غدر کا زمانہ اختیار کیا جائے - اور اُس وقت کی مصیبتوں کی تصویر دکھائی جائے - بعض احباب کی رائے ہوئی کہ ہندوستان ہی کی پُرانی تاریخ مین سے کوئی زمانہ منتخب کر لیا جائے - دو ایک دوستون نے پھر یورپ کی سیر کرنی چاہی - اور فرمایا کہ دولت عثمانیہ کی تاریخ

مین سے ایک اچھا اور دلچسپ پلاٹ اخذ کر لیا جائے۔ لیکن ہم نے جہان تک غور کیا ان مین سے کسی مشورے پر عمل کرنے کے لیے ہم ابھی تیار نہ تھے۔

نئے تعلیم یافتہ گروہ کا خیال ہے کہ ہماری موجودہ زندگی اور ابنائے وطن کی مروجہ معاشرت پر ناول لکھے جانے چاہییں۔ جیسا انگریزی مین ہو رہا ہے۔ مگر ہمارے خیال مین یہ اُنکی ناتجربہ کاری ہے۔ بیشک انگلستان اور ممالک یورپ مین اکثر ناول ایسے ہی ہوتے ہین اور وہان وہی عنوان دلچسپ رہتا ہے۔ مگر ہندوستان کی پبلک مین جہان تک میرا تجربہ ہے یہ عنوان بالکل دلچسپ نہین ہو سکتا۔ افسانون مین انسان اپنی زندگی کے اعلیٰ اور کامیابی کے واقعات کو ڈھونڈھتا ہے۔ اور ناکامی و ٹریجڈی بھی پسند آتی ہے تو اُسی عہد کی جبکہ اپنے حالات مین کامیابی و مقصدوری کی صورتین نظر آیا کرتی تھین۔ جس طرح ہر انسان اپنے جوانی کے واقعات کو زیادہ پسند کرتا اور مزے لے لے کے کہتا اور سنتا ہے اُسی طرح قومین بھی اپنے عروج و کمال اور اوج و اقبال کے واقعات کو زیادہ پسندیدہ خیال کیا کرتی ہین۔

یورپ والون کو دنیا کی ساری عمر مین اپنا یہی موجودہ دَور کامیابی و کامرانی اور ترقی و عروج کا دَور نظر آتا ہے۔ اور اسی لیے وہ اپنی گذشتہ زندگی کے عوض موجودہ زندگی کو زیادہ پسند کرتے اور قومی عمر کے اسی حصہ پر فخر و ناز رکھتے ہین۔ ایسی حالت مین اگر اُن کے ناول موجودہ سوسائٹی کے واقعات سے لبریز ہوتے ہین تو کوئی تعجب کی بات نہین۔ بلکہ بالکل جا سے ہے۔ بخلاف اُنکے ہم اہل ہند ہندو ہوں یا مسلمان بلکہ مین کہون گا کہ جاپان والون کے سوا سارے اہل ایشیا، اس مین عرب ہون یا ترک، ایرانی ہون یا ہندی یقین کر رہے ہین کہ ہمارے اوج و عروج کا زمانہ گذر گیا۔ اور فی الحال ہم ایک نکبت و پستی کی زندگی مین مبتلا ہین۔ پھر ایسی حالت مین ہم پوچھتے ہین کہ انھین اپنی موجودہ زندگی مین لطف آئے گا یا اوج و اقبال کی زندگی مین؟

اور ہماری اس ذلت و پستی کی زندگی مین رکھا ہی کیا ہے جس مین ہمین یا کسی کو مزہ آئے گا؟ اولوالعزمی و بلند حوصلگی ہم مین نہ ہے اور نہ ہو سکتی ہے۔

بڑے اہم معاملات ملکی و قومی نہ ہم کر سکتے ہین اور نہ ہمارے ہاتھ مین ہین۔ تعلیم و قابلیت ہم مین نہایت کم درجے پر ہے۔ ہماری عورتین جاہل اور نادان ہین۔ اور سوا پستیِ خیال کے اُن سے نہ کوئی علمی کام ہو سکتا ہے اور نہ کوئی بڑا اہم مُلکی کام۔ شریف گھرانون مین ہمارے یہان عشق ناجائز ہے۔ عقد سے پہلے مرد و عورت مین کوئی رابطہ نہین قائم ہو سکتا۔ اور ہو تو ناجائز ہے۔ سچ یہ ہے کہ ہم مین سوسائٹی ہی نہین جس پر یورپ کے ناولون کی بنیاد قائم ہوتی ہے۔

رہیں چند معمولی باتیں۔ پیدا ہونا۔ کھیل کود کے بڑا ہونا۔ کچھ دنون اُستاد کے سامنے بیٹھ کے محض بے نتیجہ اپنا اور اُس کا بھیجا خالی کرنا۔ شادی کرنا نہین بلکہ دوسرون کے ہاتھون شادی کا ہو جانا۔ اور چند دنون تک روٹی کی فکر مین مبتلا رہ کے اور زمانہ کی سختی و سُستی برداشت کر کے مرجانا ہماری موجودہ زندگی کا خلاصہ ہے۔ اس مین اور ایک جانور کی زندگی مین بہت ہی تھوڑا فرق ہے اور ہم نہین سمجھ سکتے کہ ان واقعات مین کسی کو کیا لطف آئے گا؟

موجودہ سوسائٹی کے شوق کی برکت سے اُردو مین ایسے بھی ناول لکھے گئے ہین۔ جن مین کبھی کوئی شریف زادی کسی اور کے گھر مین ڈولی سے اُتروا دی گئی ہے۔ کبھی کسی نے کسی مہ جبین بہو بیٹی کو کھڑکی سے جھانکتے یا گاڑی کی جھلملیون سے آنکھین ملاتے دیکھ لیا ہے اور عاشق ہو گیا ہے۔ پھر اُس کے گھر سے نکالنے کی کوشش کی ہے۔ اور آخر اُسے خراب کیا ہے۔

ایسے ناولون کی نسبت ہم نہین جانتے کہ وہ سوسائٹی کی تصویرین ہین یا اُن کے ذریعہ سے سوسائٹی اور زیادہ بدنام و رسوا کی گئی ہے۔ اُن مین اخلاق کا سبق دیا گیا ہے یا بد اخلاقی سکھائی گئی ہے۔

سچ یہ ہے کہ ہماری زندگی اس قابل ہی نہین کہ ناول کے صفحون پر لائی جائے اور جو کچھ اس سوسائٹی مین ہے اگر دکھایا جائے گا اُس سے سوا اسکے کہ ہم اپنی ذلت و تباہی کو عالم آشکارا کر دین اور کچھ نہ ہوگا۔ ان کو پڑھ کر غیر ہم پر ہنسین گے اور ہم اُن سے جو سبق حاصل کرین گے وہ ہمین اور ذلیل و پست کرے گا۔

اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ موجودہ مذاق پبلک کو پسند بھی نہین آسکتا

کیونکہ اُسی اصول کے مطابق جو ہم اوپر بیان کر آئے ہین ہمارے ہم وطنون اور ہم قومون کو اپنی قومی زندگی کے اُسی حصہ کے واقعات مین مزہ آسکتا ہے جو کامیابی و عروج کا زمانہ تھا۔ اور نصیحت و عبرت کے لیے بھی ہم اُنھین اُنکے اوج و عروج کے کارنامے دکھائین تو شاید وہ زیادہ متنبہ ہون گے۔

ہندوستان کے لیے اہل یورپ کے مذاق کے ناول نہیں چاہیے۔ بلکہ "رومانس" چاہیے جن مین اُنھین کے کسی اگلے ہموطن یا ہم مذہب کی اعلیٰ کارگزاریاں دکھائی گئی ہون اور جن کے ذریعہ سے اُنھین اپنا اگلا علم و فضل اور اوج و عروج یاد دلایا گیا ہو۔

ہم نے بھی دو ایک ناول موجودہ سوسائٹی دکھانے کی کوشش مین لکھ کے شایع کیے تھے۔ مگر پبلک کو اُن مین ہرگز اتنا مزہ نہین آیا جتنا کہ ملک العزیز ورجنا۔ فتح اندلس۔ ایام عرب۔ اور فردوس برین وغیرہ وغیرہ مین آیا۔ اور اسی خیال سے ہم ہمیشہ ناول کے لیے اگلے عہد کا کوئی واقعہ ڈھونڈھ لیا کرتے ہین۔ اور اس مین موجودہ لٹریچر کے موافق کچھ مشرقیت ہوتی ہے اور کچھ مغربیت۔ حتی الامکان دلچسپی پیدا کر دیا کرتے ہین۔ اور ہمین اب یقین ہو گیا ہے کہ جس طرح ہمارا موجودہ لٹریچر مغربی و مشرقی انشا پردازی کا مجموعہ ہے اسی طرح ہمارے ناولون کو بھی ایسا ہی ہونا چاہیے کہ اُن مین کچھ ایشیائیت ہو اور کچھ یوروپیت۔ نہ وہ بالکل ایسی بے سروپا کہانیان ہون اور نہ انگلش گھرون کی تصویر دکھانے والے ناول۔

فی الحال ہم نے کوئی خیالی پلاٹ نہین بنایا۔ بلکہ ایک ایسے عاشق عرب کا قصہ ناول کے پیرایہ مین لکھنا شروع کر دیا ہے جس کے نام سے ہندوستان کے لوگ تو بہت کم واقف ہین مگر عرب کے لٹریچر مین اُس کی حد سے زیادہ زیادہ شہرت ہے۔ عشاق عرب مین سے مجنون عامری اور اُس کی معشوقہ لیلیٰ کا نام فارسی اور اُردو نظم کا عنصر اعظم بن گیا۔ مگر قیس بن ذریح عذری اور اُسکی معشوقہ لبنیٰ کے حالات سے لوگ بالکل ناواقف ہین۔ حالانکہ عرب مین ان دونون ناموں کو لیلیٰ مجنون کے ناموں سے کم شہرت نہین حاصل ہے۔

قیس بن ذریح کا کلام عربی لٹریچر مین کثرت سے موجود ہے۔ اس کے واقعات مورخین نے تفصیل کے ساتھ بیان کیے ہین۔ اور شعرا نے اُس کے سوز عشق سے اپنے عاشقانہ کلام مین گرمی پیدا کی ہے۔ اس کا زمانہ صحابۂ کرام کا درمیانی زمانہ ہے۔ حضرت عثمان ذی النورین اور حضرت علی مرتضیٰ کی شہادتون کو اُس نے دیکھا نہین تو سُنا تھا۔ اور اسلام کے اُس ابتدائی عہد پُر فتن مین تھا جبکہ حضرت رب العزت نے خیر القرون کے برگزیدہ لوگون کو آزمایش کی مصیبت مین مبتلا کر دیا تھا۔ لیکن اپنے عشق کے جوش سے اُس نے اُس عہد کے جھگڑون کی طرف توجہ نہین کی اور لبنیٰ کی یاد مین رویا کیا۔ اس کو سب سے بڑی فضیلت و شرافت یہ حاصل تھی کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کا رضاعی بھائی تھا۔

ممکن تھا کہ اس موقع پر ہم اُسکے مختصر حالات بھی بیان کر دیتے لیکن نہین۔ اس سے ہمارا ناول بے مزہ ہو جائے گا۔ اور واقعات کے معلوم کرنے کا جو شوق دلون مین پیدا ہوا کرتا ہے سرد پڑ جائے گا۔ لیکن اتنا اطمینان دلاتے ہین کہ اس ناول مین جو واقعات بیان کیے جائین گے مجموعی طور پر سچے اور مطابق واقعہ ہون گے۔ ہان ناول کی ضرورت سے تفصیلی صحبتون اور اور صحبت کی باتون مین تصرف اور اضافہ کرنے سے مجبوری ہے۔ کیونکہ بغیر اسکے نہ ناول ناول ہو سکتا ہے اور نہ قصے مین مزہ آ سکتا ہے۔

ہمارا لٹریچر

اُردو زبان کی تاریخ پر عمدہ طور پر غور ہو چکا۔ اور اُس کی اگرچہ اُسی زمانے مین بنا پڑ گئی جبکہ مسلمانون کا قدم پہلے پہل ہندوستان مین آیا۔ مگر اس بات کو اکثرون نے تسلیم کر لیا ہے کہ زبان اُردو کے ایک متمائز صورت اختیار کرنے کی تاریخ نسل تیمور کے پانچوین تاجدار ہندشاہجہان کے عہد سے شروع ہوتی ہے حسب قاعدۂ فطرت اُردو چونکہ ابتداءً صرف اخلاقی صحبتون اور بخ کی

دلچسپیون مین مزے دکھا رہی تھی۔ لہذا عموماً ابتدائی شعرائے اُردو یا اُردو کے بچپن کے قدردانون نے علمی اہم ضرورتون مین اس گھریلو زبان سے کچھ کام نہین لیا۔

یہ ظاہر ہے کہ ادھر دو تین صدی پہلے تک کا زمانہ اسلام کا آخری دَور تھا۔ ایسے لوگ نہین رہے تھے جو کسی بچے کے تیور دیکھتے ہی اُسکے ہونہار ہونے یا نہ ہونے کا اندازہ کر لیتے۔ اور اسی غلطی نے عرصے تک اُردو کو کسی قسم کی معتدبہ وقعت نہ حاصل کرنے دی۔ اور کیونکر ہوتا۔ تقدیر نے تو یہ نیکنامی نا ستحان مغرب کی قسمت مین لکھ دی تھی۔ بس یہی ہوا۔ برٹش حکومت نے اُردو کو عدالت کی کرسی تک نہین پہونچایا۔ بلکہ یون کہنا چاہیے کہ خاک سے اُٹھایا اور آسمان پر پہونچا دیا۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ قبل اسکے کہ انگریز اس زبان مین اپنا بابرکت ہاتھ لگائین اُردو کی کیا حالت تھی؟ کیونکہ انگریزون نے اُردو کی قدر و منزلت بڑھانے مین چاہے جس قدر مبالغہ کیا ہو۔ مگر اس مین شک نہین کہ مسلمان اپنی تنہا کوششون سے اس زبان کو بہت مضبوط اور شایستہ بنا چکے تھے۔ انگریزون کو مسلمانون کے ہاتھ سے یہ زبان نفس ایک زبان ہونے کی حیثیت سے پوری اور کمال کے درجے پر پہونچی ہوئی ملی۔ لہذا ظلم ہوگا اگر اُردو کی اصلیت اور ترقی پر بحث کرتے وقت مسلمانون کی کوششین قدردانی کی نظر سے نہ دیکھی جائین۔

ظاہر ہے کہ اُردو کا پہلا وطن دہلی ہے۔ اور ترقی کی دنیا مین دہلی کی جو رفتار تھی وہی رفتار زبان اُردو کی رہی۔ شاہجہان اور عالمگیر کے زمانے البتہ ترقی کے زمانے تھے۔ مگر اُن دنون گویا اُردو کا عالم ہیولانیت تھا۔ شایستہ اور لائق صحبتون مین کوئی اُردو کی بات بھی نہ پوچھتا تھا۔ ہان بعد کے دَور اپنی ہمت اور طاقت کے موافق اُردو کی قدر کرتے رہے۔ اگرچہ طوائف الملوکی اور بے انتظامیون نے دہلی کو اس قابل ہی نہین رکھا تھا کہ وہ اُردو کے ایسے ایک آزاد طبع اور فارغ البالی چاہنے والے بچے کی پرورش کر سکے۔ مگر باوجود اس ناقابل ہونے کے اہل دہلی سے اُردو کی ترقی مین جو جو کوششین ظاہر ہوئین

قابل تحسین ہین - مگر افسوس ان کوششون کی بھی دہلی کبھی قدر نہ کر سکی - دہلی مین جتنے نامور اور معجز بیان شعرا ہوے - زمانے نے اُن کا قدم بھی وہان نہ جمنے دیا - میر - سودا - انشا - یہ لوگ ایسے نہ تھے کہ اگر دہلی مین ذرا بھی صلاحیت ہوتی تو انھین اپنی شہر پناہ سے بھی نکلنے نہ دیتی - سودا جنھین وطن سے بڑی محبت تھی - اور اُن کے ابتدائی تیور کہہ رہے تھے کہ دلی چھوڑ کر کہین نہ جائین گے - مگر وہان کی نا قدردانیون سے آخر اُنکے استقلال مین بھی فرق آگیا - ان تمام باتون سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اُردو کو صرف وطن ہونے کے سبب سے دلی کے ساتھ ایک قسم کا اُنس تھا - ورنہ دلی والون میں اسکی ترقی کے متعلق کوئی صلاحیت نہ تھی - اگر بعض پچھلے شاہان دہلی شعراے اُردو کی قدردانی کی طرف متوجہ بھی ہوے تو اُسوقت زمانہ اُنکے خلاف تھا - اپنی حیثیت سے اُنھون نے بہت کیا - مگر اصل مین پوچھیے تو کچھ نہ تھا - خلاصہ یہ کہ اُردو کو جہان تک تعلق دلی سے رہا وہ فلسفیانہ طور پر باعث تنزل ہو سکتا ہے - نہ باعثِ ترقی - کیونکہ خود دہلی کی حالت رو بہ تنزل تھی -

یہی سرد مہری اور دلی کی یہ بے استطاعتی دیکھ کے اُردو کو بھی آخر دلی چھوڑنی ہی پڑی - لکھنؤ کا دربار اگلے شاہان دہلی کے مقابلے مین چاہے کتنا ہی چھوٹا ہو مگر اُس زمانے کے شاہان دہلی کے درباروں سے بدرجہا بڑھا ہوا تھا - زمانہ تصدیق کر رہا تھا کہ جو دلی سے جاتا ہے لکھنؤ مین ہاتھون ہاتھ لیا جاتا ہے - کمالون کی قدر ہوتی ہے اور طبع آزمائیون کی داد دی جاتی ہے - اُردو کے وہ تمام لائق اور سخن سنج شعرا جن کی گود مین اُردو پرورش پا رہی تھی اپنے ہونہار بچے کو بغل مین دبائے ہوے لکھنؤ آئے - جہان اُنکے استقبال کے شوق مین ہر امیر و غریب کی آنکھین بچھ گئین - لکھنؤ پہونچ کے اس بچے نے آنکھ کھولی - دیکھا تو دلی کے خلاف جہان تجارت پیشہ لوگون کو اپنے لین دین سے اسکی طرف متوجہ ہونے کی مہلت نہ تھی - یہان کی تمام صحبتین اطمینان اور فراغت سے طبع آزمائی مین مصروف ہین - فی الحقیقت ایک ایسی زبان کے لیے جو ترقی کرنا چاہتی ہو - یہ صحبتین نہایت عمدہ مربی ہو سکتی تھین - اُردو

کو سبھون نے قدر و منزلت سے قبول کیا - اور اس بچے نے کچھ اس فصاحت و بلاغت سے اپنے ساتھ تمام شہر کی زبان کھول دی کہ گویا یہی بچہ لکھنؤ کے ہر ہر گھر مین بلبل ہزار داستان کی طرح چہک اُٹھا -

اب یہ دیکھنا ہے کہ لکھنؤ کی اُن دنون کیا حالت تھی - اور باعتبار ترقی اسکی کیا رفتار تھی - لکھنؤ اگر ترقی نہ کرتا تھا تو تنزل بھی نہین کر رہا تھا - اُسکا دربار ایک حالت پر ٹھہرا ہوا تھا - یہان کے وزراء کے نائب بھی ایسے حوصلے اور ایسی مقدرت رکھتے تھے کہ خود پچھلے شاہان دہلی بھی اُن کی حوصلہ مندیون کا مقابلہ نہین کر سکتے تھے - جو ماہوار رقم بادشاہ دہلی کو ملتی تھی وہ یہان کی بہت سی چھوٹی چھوٹی سرکارون کا خرچ تھا - لکھنؤ کو جو یک بیک زوال ہوگیا اُسکی وجہ لکھنؤ کا تنزل نہ تھا - بلکہ یہان کے بادشاہون کی غفلتین اور طفلانہ حرکتین یا انگریزی قوت کا یک بیک بڑھ جانا تھا - الغرض صاف ظاہر ہے کہ شعر و سخن کی قدردانی اور اُردو کی تربیت مین دہلی لکھنؤ کا ہرگز مقابلہ نہ کر سکتی تھی - لہذا اُردو اگرچہ دلی مین پیدا ہوئی - مگر اُس کی ترقی - اُسکا نشو و نما - جتنی باتین ہین سب لکھنؤ مین ہوئین - اُردو پر دہلی کے جسقدر احسان ثابت کیے جائین - مگر لکھنؤ کے احسانات اُن سے بڑھے ہی تسلیم کرنا پڑین گے -

یہ تو نفس زبان اُردو کی بحیثیت زبان تاریخ تھی - باقی رہے خیالات جو اس زبان کے ذریعہ سے ظاہر کیے گئے ہین - اس مین شک نہین کہ دہلی والے عموماً قدیم سے دلی جذبات کے اُبھارنے اور ہیجر کا سمان دکھانے کی طرف متوجہ رہے - اور تھوڑے بہت اب بھی ہین - بخلاف لکھنؤ والون کے جو ہمیشہ سے بلند پروازی اور مضمون آفرینی کی طرف جاتے ہین - اس محل پر ہم دہلی کے رنگ کو لکھنؤ کے خیالی معرکہ آرائیوں پر ترجیح دیتے ہین - اور ہم پر کیا منحصر ہے انگریزی جو جو ترقی کرتی جائے گی دلی والون کا رنگ ہر دلعزیز ہوتا جائے گا انگریزی تعلیم سے شکسپیر اور گولڈ اسمتھ کے پُر درد رنگ سے دلون کو ایک خاص قسم کا لگاؤ ہو جاتا ہے - اور انسان اُسی قسم کا رنگ ہر جگہ ڈھونڈنے لگتا ہے - اُردو کی دنیا مین ایسے شخص کو صرف دلی والون کے شاعرون مین اپنے

مذاق کی کچھ پھیکی پھیکی باتین بھی نظر آجاتی ہین - مگر لکھنؤ والون کی نازکخیالیون مین اُسکو ایسی بات بھی نہین نظر آتی - اور اسی سبب سے دلی کی شاعری لکھنؤ کی شاعری کو اب کسی قدر زک دینے لگی ہے - لیکن اول تو اس سے دلی والون کی زبان کو ترجیح کا کوئی موقع نہین مل سکتا - دوسرے جو خیال اب مین ظاہر کرتا ہون اُس سے ہر صاحب انصاف تسلیم کرلے گا کہ یہ امر بھی لکھنؤ والون کے لیے ایک ایسی حجت ہے جس کی بنا پر وہ اپنی زبان کی خوبیون کا سب سے اعتراف کرالین -

شاعری کا قاعدہ ہے کہ فطرتی طور پر ہر زبان مین خود بخود پیدا ہوجاتی ہے - شاعری جس زبان مین پیدا ہوتی ہے اُس زبان کے علمی اور مضبوط زبان ہونے کا انتظار نہین دیکھتی - مگر ہر زبان کی ابتدائی حالت اور اُس زبان کے بولنے والون کا مذاق چونکہ سیدھا سادہ ہوتا ہے اس وجہ سے اسکے پہلے شعرا اُنھین چیزون اور اُنھین خیالات سے کام لیتے ہین جو بالکل سامنے کے پیش پا اُفتادہ ہین - اور قدرتی طور پر بے ارادہ اُنکے کلام سے نیچر کی جھلکیان نظر آنے لگتی ہین - مگر وہ زبان جو جو علوم و فنون اور قواعد و ضوابط کی دنیا مین قدم رکھتی جاتی ہے شعرا اور زبان دانون کا مذاق بھی بدلتا جاتا ہے - جن لوگون نے عربی کے پہلے اور پچھلے کارنامے دیکھے ہون گے اُنھین اس خیال کے تسلیم کرلینے مین ذرا عذر نہ ہوگا - جاہلیت کے کلام مثلاً سبعۂ معلقہ اور دیوان حماسہ کے مرثیون کے سامنے دیوان متنبی یا دیگر مولدین کے کلام کو لاکے رکھیے تو معلوم ہو کہ پچھلے شعرا صرف علوم کی چاشنی پاکے کہان سے کہان جا پڑے ہین - یہ بات کچھ عربی ہی پر منحصر نہین - دنیا کی تمام زبانون کی ابتدائی اور انتہائی حالت کا جب اندازہ کیجیے گا صاف معلوم ہوجائے گا کہ علوم نے بے تکلف نیچرل مذاق کو تدریجاً کس قدر بدل دیا ہے - ہان انگریزی زبان کی شاعری اس سے مستثنےٰ ہے - کیونکہ انگریزی جو جو ترقی کرتی گئی وہ وہ اُس کا نیچرل مذاق اور نکھرتا گیا - اور انگریزی شعرا روز بروز زیادہ جلا دیتے گئے - اس کی وجہ یہ تھی کہ انگریزون نے شاعری کی ماہیت پر غور کرکے فیصلہ کرلیا تھا کہ شاعری صرف

انسان کے دل پر اثر ڈالنے اور واقعے کی تصویر دکھا دینے کا نام ہے - اسی خیال نے نہ اُنھین علم کے عالیشان چو منزلون پر چڑھنے دیا اور نہ فنون کی پیچیدہ بھول بھلیون مین قدم رکھنے دیا - مگر اُردو شعرا نے شاعری کا کوئی مسلم الثبوت اصول نہین قرار دیا تھا - لہذا اُردو انگریزی کی طرح ترقی السنہ کے عام قاعدے سے نکل نہین سکتی تھی -

یہ قاعدہ کلیہ بیان کرکے ہم صاف صاف کہتے ہین کہ اُردو جب تک دہلی مین رہی - بچہ تھی - اُسکے شعرا اپنی ٹوٹی پھوٹی بچون کی سی زبان مین بچون ہی کے سیدھے سادے خیالات ظاہر کرتے تھے - مگر لکھنؤ مین آنے کے بعد اُردو نے ترقی کی علمی اور اخلاقی دنیا مین قدم رکھا - یہان اُس کی تدریجی ترقی اور اصلاح کے ساتھ شعرا کے خیالات مین بھی حسب قاعدہ بلند پروازی اور نازک خیالی پیدا ہوگئی - قطع نظر اسکے جن لوگون نے انگریزی علم عروض اور قواعد شعر و سخن کو غور سے دیکھا ہے وہ بخوبی سمجھ سکتے ہین کہ اُردو نظم مین جس قدر سختی کی گئی ہے اُسی قدر انگریزی مین سہولت سے کام لیا گیا ہے - اُردو شاعری مین صدہا قیدین اور ہزارہا قسم کی پابندیان ہین اور ترقی کرتی جاتی ہے - بخلاف اسکے انگریزی مین بہت کم قیدون کا لحاظ رکھا گیا ہے - اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ باوجود اس ترقی کے اب تک انگریزی مین قافیہ کی ضرورت نہین - اور اُردو مین جبتک قافیہ کی پابندی نہ ہو شعر ہی نہین ہوسکتا - اُردو مین غزل اس قدر سخت چیز ہے جس کی نظیر انگریزی کیا معنی عربی مین بھی نہین مل سکتی - اب غزل کی قیود کا لحاظ کرکے اُردو کے مقابل مین انگریزی نظم کو دیکھیے تو کس قدر آسانی معلوم ہوتی ہے - ہمارے مشہور نیچرل مذاق کے مجدد جناب حالی انگریزی رنگ کی طرف جھکے تو مجبوراً اُنھون نے اپنے آپ کو عموماً نظم اُردو کی قیود سے آزاد کرلیا - یہ کون کہہ سکتا ہے کہ حالی اصول شعر سے واقف نہین - مگر اصل یہ ہے کہ ان مجبوریون نے اُنھین قدیم شاعری کی تقلید سے الگ کردیا -

نفس زبان کے متعلق ہم نے جو لکھنؤ والون کے حق مین فیصلہ کردیا ہے اس دھوکے مین وہ یہ نہ سمجھ لین کہ اُن کا کلام قابل نکتہ چینی ہی نہین - اپنے خیالات

کی نسبت انکو دہلی کے شعرا سے سبق لینا چاہیے - لکھنؤ والے کچھ ایسے زلف و کاکل اور بے مزہ بلند پروازیون مین پڑ گئے ہین کہ اُنکی شاعری روز بروز بیکار اور مضحول ہوتی جاتی ہے - اگرچہ اس زمانے مین کچھ لوگ ایسے پیدا ہوگئے ہین جن کو میر اور مومن کے پُر درد مذاق کی طرف توجہ ہے - مگر عام شعرائے لکھنؤ ابھی اپنے اُسی رنگ پر ہین - اگرچہ زبان کے اعتبار سے لکھنؤ کو بیشک اپنے حریف دہلی والون پر ترجیح ہے مگر اُن کے پھیکے مذاق نے ایسی خرابیان پیدا کر دین کہ آج لکھنؤ والون کے دیوان عام نگاہون مین بے مزہ ہوتے جاتے ہیں اور دہلی والون کا کلام ایک بیتابی کے اثر کے ساتھ ہر شخص کو مزا دے جاتا ہے - مگر اس سے یہ نتیجہ نکالنا ظلم ہوگا کہ دہلی والون نے نفس زبان کے لحاظ سے کچھ کیا ہی نہین - اگرچہ زبان اُردو کو آخر زمانے مین لکھنؤ سے خاص تعلق ہوگیا تھا - لیکن دہلی مین ابھی اسکا چرچا باقی تھا - مومن - غالب - اور ذوق ایسے شعرا ہین جنھون نے ترقی زبان اُردو مین بہت کوششین کین - اُن کا کلام آج لکھنؤ اور دہلی دونون شہرون کے اُستادان زبان کے نزدیک قبولیت کی سند پا چکا ہے - ان لوگون کا کلام دیکھنے سے لوگ بخوبی سمجھ سکتے ہین کہ مومن خان تو دہلی کے قدیم رنگ پر جا رہے تھے - انکی طبع آزمائیون نے زبان کو اُسی حالت پر رکھا - مگر درد اور سوز و گداز پیدا کرنے کی حیثیت سے سچ پوچھیے تو اپنے وقت کے گولڈ سمتھ تھے - جو بیتابیان اور عشق کی پُر جوش اُمنگین اُنکے کلام مین نظر آتی ہین - اور کسی کے کلام مین ممکن نہین - غالب کی طبیعت مین ایجاد اور جدت پسندی کا مادہ بہت تھا - علاوہ برین فارسی کی قدیم مذاق کی طرف وہ بڑے ذوق و شوق سے متوجہ تھے - دری بلکہ ژند کی زبان کی طرف وہ موجودہ فارسی کو کھینچے لیے جاتے تھے - اور چونکہ اُس زبان مین نیچر اور قدرت کے محسوس منظرون کی طرف زیادہ توجہ کی گئی ہے - اس لیے اُن مین دو باتین کمال کی پیدا ہوگئین - طبیعت کی اصلی جدت پسندی نے مضمون آفرینی پیدا کی اور قدیم زبان ژند کے ذوق نے نیچرل خیالات پیدا کر دیے - اگرچہ فارسی کی طرف زیادہ متوجہ رہنے سے اُنکی اُردو شاعری مین تھوڑا سا

نقص پیدا ہوگیا یعنی فارسی بندشون مین اعتدال سے بڑھ گئے۔ لیکن جو مذاق اور جو خیالات اُنھون نے اُردو مین پیدا کیے اُس مین اپنا جھنڈا گاڑ دیا۔ اور لکھنو والون کے عام رنگ سے علیحدہ ہوکر جس خوبصورتی سے غالب نے مضمون آفرینی کے ساتھ نیچرل مذاق کو نباہا ہے وہ اُنھین کا حصہ تھا۔ اور اُس پر دہلی والے جس قدر ناز کرین زیبا ہے۔ باقی رہے ذوق۔ صرف ذوق ایک شخص ہین جو لکھنؤ والون کی طرح ترقی کی عام رفتار مین پڑکے دھوکا کھا گئے۔ جو رنگ شعرائے لکھنؤ نے اختیار کیا تھا وہی رنگ ذوق نے دلی کے آخر عہد مین اختیار کیا۔ ان مین اور شعرائے لکھنؤ مین کوئی فرق نہ تھا۔ اگر تھا تو اُسی قدر جسقدر ہر شاعر مین اپنے خاص طبعی جذبات کے لحاظ سے اور دوسرے شاعر مین ہوتا ہے۔ خود لکھنؤ کے شعرا مین باہم ایسا ہی فرق نکل آئے گا جیسا کہ ذوق مین اور لکھنؤ کے کسی شاعر مین ہو۔ مگر زمانے کی رفتار ترقی کے ساتھ شاعری کے مذاق کے بدلنے کا جو ہم نے دعوے کیا ہے اُس کا اس سے زیادہ کیا ثبوت ہوگا کہ ذوق جو نیچر کے رنگ کو چھوڑ کے مضمون آفرینی اور بلند پروازی کی طرف جھکے تو دلی والون نے بھی اُن کی قدر کل شعرائے دہلی سے زیادہ کی۔ آج دلی کی زیادہ آبادی ذوق کو اُستاد مان رہی ہے اور بیچارے غالب و مومن کا نام لینے والے کم ہین۔ بس یہی تین شعرا ہین جنھین دہلی کا سرمایۂ ناز کہنا چاہیے۔ اور گذشتہ شعرا اگرچہ اُردو پر اُن کا احسان سب سے زیادہ ہے۔ مگر اُن کو لکھنؤ اور دہلی دونون مقامون سے برابر کا تعلق تھا۔ اور اگر وہ دہلی کے لیے ذریعہ فخر ہین تو ہون۔ لکھنؤ کو اُن دنون اہل زبان ہونے کا دعوے نہ تھا۔ دہلی کی طرح لکھنؤ بھی اُنکے عہد مین انھین پر ناز کر رہا تھا۔

اُردو شاعری اور اُردو زبان کی یہ سچی تاریخ تھی۔ اور اس سے صاف ثابت ہوگیا کہ دہلی کو اُردو سے وطن ہونے کا اور لکھنؤ کو مقام نشو و نما و تربیت اور ذریعۂ ترقی ہونے کا تعلق ہے۔ دہلی والون کو لکھنؤ کا احسان ماننا چاہیے تھا کہ جو ہونہار بچہ اُن کے شہر مین پیدا ہوا تھا اُس کی وہ ذرا تربیت نہ کر سکتے تھے۔ لکھنؤ کے رؤسا اور بادشاہون نے اُسے اپنی گود مین اُٹھا لیا اور پوری ترقی دلا دی۔ مگر کیا

اسکے اکثر دیکھا گیا کہ حضرات دہلی اپنی تحریرون اور تصنیفون کے اندر... لکھنؤ پر حملے کر جایا کرتے ہین - اگرچہ لکھنؤ کے شعرا جو ہمارے سرمایۂ ناز ہین - انکو ان رکیک حملون کی ذرا پروا نہین ہوتی - مگر کچھ نہ کچھ لکھنا ضرور چاہیے تاکہ پبلک کو اصلی حالات بخوبی معلوم ہو جائین -

لکھنؤ پر سب سے زیادہ عنایت جناب مولوی محمد حسین صاحب آزاد نے کی - اُنکی کتاب آبحیات بتا رہی ہے کہ اگر اُن کا بس چلتا تو وہ لکھنؤ کے مٹا دینے مین کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھتے - شعرا کی سوانحعمری لکھتے وقت اُنھین یہ کس نے صلاح دی تھی کہ ناسخ و آتش کے حالات بھی لکھین - شاید صرف یہ غرض ہوگی کہ ابتدا سے آخر تک جتنے شعراے اُردو ہوے ہین سب دلی کے تھے - صرف یہ دو شخص البتہ لکھنؤ کے ہین - مگر اُس مجمع کے آگے ان دو کا کیا شمار - اس دھوکے مین شاید کوئی ناواقف آگیا ہو تو آگیا ہو - ورنہ جاننے والے جانتے ہین کہ لکھنؤ مین ناسخ و آتش کے علاوہ بہت سے شعرا ہین جن کی وقعت ناسخ و آتش سے کسی طرح کم نہ تھی - بلکہ وہ زیادہ وقعت رکھتے تھے - خواجہ وزیر و وزیر - میر وزیر علی صبا - رند - رشک - اسیر یہ سب لوگ ایسے تھے جن پر لکھنؤ کی شاعری کا دار و مدار ہے - اُن کے دیوانون کو دیکھ کے انسان ناسخ و آتش کو بھی بھول جاتا ہے - ہم یہ کہنا تو گستاخی سمجھتے ہین کہ ہمارے حضرت آزاد نے ان لوگون کا کلام نہین دیکھا - مگر اُنکے حسن نیت کے ہم البتہ بہت بڑے معتقد ہو گئے - مثنوی کے اعتبار سے جو ناموری اور قبول عام قلق اور حکیم نواب مرزا شوق اور مصنف گلزار نسیم کو نصیب ہوئی اُس پر بہتون کو رشک ہے - جناب آزاد نے لکھنؤ والون کے ساتھ جو سلوک کیا تھا اُس کا نعم البدل اُنھین یہ ملا کہ دہلی مین آج اُنکو کوئی نہین مانتا - چاہے اپنے گھر بیٹھے ادعاے اُستادی کیا کرین - مگر وہ دل شکستہ نہ ہون ہم اُنکے حسن عبارت کی داد دیتے ہین - اور لطف یہ کہ ہمارے جناب مولانا محمد حسین صاحب آزاد دہلوی نے اُردو کی پوری تاریخ لکھی اور ہر عہد کے تغیرات پر غور فرمایا - مگر اس کا خیال نہ کیا کہ سودا اور میر جس وقت دلی چھوڑ کے لکھنؤ آئے ہین اُسکے بعد سے دلی کو ترقی کا کوئی موقع نہ ملا - حالانکہ لکھنؤ ترقی کر رہا تھا - جس سے

لکھنؤ کی خوبیِ زبان کا عقلی نتیجہ نکلتا ہے۔

میرے نزدیک اب یہ امر بہ وضاحت ثابت ہو گیا کہ باعتبار زبان لکھنؤ کو دِلّی پر اور باعتبار مذاق و خیال دلی کو لکھنؤ پر ترجیح ہے۔ زمانہ اب دُور دور کے مقامات کو ملا رہا ہے۔ لکھنؤ والوں کی باتیں روز دِلی والے اور دِلّی والوں کی پُر درد غزل خوانیاں لکھنؤ والے سُن لیا کرتے ہیں۔ ایسے وقت میں مناسب ہے کہ دلّی اور لکھنؤ والوں کی باہمی بحثیں اُٹھا رکھی جائیں اور دونوں مقاموں کے لوگ یوں اپنی مادری زبان کی اعانت پر کمر باندھیں کہ جس کو جس امر میں ترجیح ہو اُس سے دوسرا سبق لے۔ اگر لکھنؤ والوں کی زبان اچھی ہے تو دہلی والے اُن سے سیکھیں اور اگر دہلی والوں کا رنگ دلچسپ اور موثر ہے تو لکھنؤ والے اُنکی شاگردی اپنا فخر سمجھ کے اختیار کریں اور اپنے مذاق سخن کی اصلاح کریں۔

ہم نے یہ اپنی رائے ظاہر کر دی۔ ورنہ ہم کو نہ دہلی سے تعلق ہے اور نہ لکھنؤ سے۔ ہم سے جیسی عبارت بن پڑتی ہے لکھ لیتے ہیں۔ اس میں بھی کسی بات کا دعوےٰ نہیں۔ ملک میں ایک سے ایک بڑھ کر لکھنے والا پڑا ہے۔ مگر پھر بھی اتنا کہتے ہیں کہ جو لوگ اُردو کے اہل کمال ہیں اُن کے نزدیک ہماری وقعت کچھ اُن لوگوں سے زیادہ ہی ہو گی جو خود بخود پکارتے پھرتے ہیں کہ ہم سے بڑھ کے لکھنے والا کوئی دنیا بھر میں نہیں۔

تمت بالخیر

فہرست مطبوعات ایس عبدالرشید اینڈ برادرز

تاجران کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

تصنیفات خان احمد حسین خان

صاحب چیف ایڈیٹر شباب اردو لاہور

سیرۃ احمدی حضور سرور عالم کے حالات سیرت کے بعد مانی گئی ہے۔ قیمت قسم اعلیٰ (۳ روپے) قیمت عشر دوم دو روپے ... (عہ)

حسرت قیمت ...	عہ	گیتی آرا قیمت	۱۲ر
شمع سحر ...	۱۲ر	گلچین ...	۱۲ر
سرخ حرف ...	۱۲ر	مکافات عمل ...	۱۲ر
دو سرا واحرت سر ...	۹ر	ابلیس و جمیلہ ...	۱۲ر
پری ناز ...	۱۲ر	بزاہ قیمت ...	عہ
وہ عورت جس نے کر کے دکھایا قیمت			۱۲ر
نقیر بیگم قیمت ...	عہ	سوز قیمت ...	عہ
آب حیات ...	۱۲ر	آہ ...	عہ
جانزیب صہیبین ...	۹ر	آئینہ روزگار ...	عہ
پارۂ دل ...	۱۲ر	درد ...	عہ
کوہ شملہ ...	۸ر	سادھو کی کرتوت	۸ر

مولانا محمد عبدالحلیم صاحب شرر لکھنوی کے

وہ مضامین جو دلچسپ دلکش اور بے نظیر ہیں

مضامین شرر یعنی عاشقانہ و شاعرانہ حصہ اول (عہ)
حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت ..... (عہ)
تاریخی و جغرافی مضامین حصہ اول قیمت ... (عہ)
حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت .. (عہ)
سیر رجال مشہور اکابر کے حالات قیمت (۳ روپے)
نامور خاتونوں کے سوانح عمری قیمت حصہ اول
ایک روپیہ دس آنے (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ)
جلد دلگداز سنہ ۱۸۸۷ء قیمت صرف ..... (عہ)
جلد دلگداز سنہ ۱۸۸۹ء قیمت صرف ..... (عہ)

تصنیفات شہ سدرشن صاحب

صبح وطن قیمت	عہ	نیکال بیتی حصہ اول	عہ
بے گناہ مجرم ...	عہ	" " حصہ دوم	۱۲ر
عورت کی محبت	عہ	من کی موج ...	۱۲ر
وجے سنگھ ...	عہ	سدا بہار کے پھول	۱۲ر

نہایت عجیب و غریب متفرق لاثانی قابل دید نادر کتابیں

مختصر تاریخ اسلامی مسلمان لڑکوں خاصکر لڑکیوں کے لئے اپنے آباؤ اجداد کی اسلامی تاریخ کا بنیادی پتھر قیمت حصہ اول حصہ دوم ۹ر حصہ سوم ۱۰ر حصہ چہارم (عہ) +

سیرۃ النعمان مصنفہ علامہ شبلی نعمانی رح مرحوم جیسی یہ کتاب علامہ مرحوم نے اعلیٰ درجہ کی تصنیف فرمائی ہے۔ اور کروڑوں حنفی مذہب مسلمانوں کو امام اعظم اور ان کے نامور اور ممتاز شاگردوں کے حالات اور مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ ویسی نہ رہی تھی کیونکہ مختلف مطابع نے چھاپ کر ایسی ردی کر دی تھی کہ دیکھ کر دماغ پریشان ہوتا تھا۔ ہم نے اس کی نہایت عقریزی سے صحت کی اور اس پر حاشیہ بھی تحریر کئے۔ اور دو قسم کے کاغذ پر چھپوائی۔ قسم اول دو روپے (عہ) قسم دوم ..... (عہ)

بیاض آزاد مشاہیر شعرائے ہند کے کلام کا انتخاب لاجواب (مسلم آنا مرحوم کا کیا ہوا) نہایت خوشخط شعر تر چھے لکھے ہوئے جلی قلم معلوم ہوتا ہے کہ شنگرف سے لکھی ہوئی۔ کتاب سامنے رکھی ہے۔ مولانا کا فوٹو بھی شامل ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ..... (عہ)

مستقبل اسلام ..	۵ر	تصویر عبرت ...	۱۲ر
اسیفو یا مہدی ...	۶ر	ذکر فتح اندلس ...	۱۲ر
حسنیہ	۶ر	یوسف پاشا ...	عہ

سمرنا کا چاند مصنفہ مصور غم مولانا راشد الخیری دہلوی۔ اس کتاب کی مقبولیت اس سے ظاہر ہو سکتی ہے کہ پہلی بار چھپتے ہی اتنی جلد ختم ہوئی۔ کہ چھ ماہ کے اندر اندر دوسری مرتبہ طبع کرانے کی دقت اٹھانی پڑی۔ اب پھر تھوڑی سی جلدیں ہیں جلد طلب فرمائیے قیمت ..... (عہ)

ملنے کا پتہ:- ایس عبدالرشید اینڈ برادرز تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

گیلانی پریس لاہور میں باہتمام بابو نظام الدین پرنٹر طبع چھپا